یہ ضرور نہین ہے کہ ایکبارگی پانچون وقت کا وظیفہ پڑھے بلکہ جسوقت کا ہو سکے اختیار کرے اور اگر ایک ہفتے مین مطلب نہ ہووے تو پھر شروع کرے اور بعد نماز فریضہ کے پڑھنا چاہیے **وقت فجر** کے ایکہزار بار بروز یکشنبہ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بروز دوشنبہ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ بروز سہ شنبہ یَا مَالِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ بروز چہارشنبہ یَا عَلِیُّ یَا عَظِیْمُ بروز پنجشنبہ یَا کَبِیْرُ یَا مُتَعَالُ بروز جمعہ یَا کَافِیْ یَا غَنِیُّ بروز شنبہ یَا فَتَّاحُ یَا رَزَّاقُ **وقت ظہر** کے ایکہزار بار بروز یکشنبہ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِیْثُ بروز دوشنبہ درود بروز سہ شنبہ لاحول بروز چہارشنبہ استغفار بروز پنجشنبہ توحید بروز جمعہ کلمہ تمجید بروز شنبہ کلمہ طیب **وقت عصر** کے ایک سو بار بروز جمعہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظَّالِمِیْنَ بروز شنبہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْمَلِکُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ بروز یکشنبہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْعَزِیْزُ الْجَلِیْلُ یَا عَزِیْزُ یَا جَلِیْلُ بروز دوشنبہ درود بروز سہ شنبہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ خَالِصًا وَّمُخْلِصًا۔ بروز چہارشنبہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ خَالِقُ کُلِّ شَیْءٍ وَّهُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ وَّکِیْلٌ بروز پنجشنبہ کلمہ تمجید **وقت مغرب** اسماے غیر منقوطہ نہایت مجرب و مؤثر ہین بروز شنبہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْمَلِکُ السَّلَامُ الْمُصَوِّرُ ایک سو بار بروز یکشنبہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْمَلِکُ الْحَکَمُ الْعَدْلُ ایک سو دس بار بروز دوشنبہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْوَاسِعُ الْوَدُوْدُ ایک سو بیس بار بروز سہ شنبہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْوَاحِدُ الْاَحَدُ ایک سو تیس بار بروز چہارشنبہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْمَلِکُ الصَّمَدُ الْاَوَّلُ ایک سو بار بروز پنجشنبہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْمَلِکُ الْمَالِکُ ایک سو پچاس بار بروز جمعہ کلمہ طیب ایک ساٹھ بار **وقت عشا** بعد فرض قبل سنت خواہ قبل وتر کے پڑھنا چاہیے ایکہزار اور ایک بار بروز جمعہ وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَی اللّٰہِ ط اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌۢ بِالْعِبَادِ بروز شنبہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظَّالِمِیْنَ بروز یکشنبہ اَلَا اِلَی اللّٰہِ تَصِیْرُ الْاُمُوْرُ بروز دوشنبہ وَاللّٰہُ غَالِبٌ عَلٰی اَمْرِہٖ بروز سہ شنبہ وَاللّٰہُ الْمُسْتَعَانُ

عَلٰی مَا تَصِفُوْنَ بروز چہارشنبہ لَا یُجَلِّیْهَا لِوَقْتِهَآ اِلَّا هُوَ بروز پنجشنبہ اِنَّمَآ اَشْكُوْا
بَثِّیْ وَحُزْنِیْٓ اِلَی اللّٰهِ ایضاً سراج الاولیا سلطان المشائخ حضرت شیخ نظام الدین
قدس اللہ سرہ العزیز نے فرمایا کہ بعد نماز صبح سوبار پڑھے اگر سرعت اجابت کی چاہے تو
ہزار بار پڑھے بروز جمعہ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ بروز پنجشنبہ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ بروز یکشنبہ یَا وَاحِدُ
یَا اَحَدُ بروز دوشنبہ یَا صَمَدُ یَا فَرْدُ بروز سہ شنبہ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بروز چہارشنبہ یَا
حَنَّانُ یَا مَنَّانُ بروز پنجشنبہ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ **ہیچ بیان صلوٰۃ الاوّا**
کے جو شخص جس مطلب کے واسطے پڑھے خداوند کریم اوسکا مطلب عطا فرمادے امام زاہد
احمد نے فرمایا کہ مین نے سیکھا اس نماز کو حضرت خضر علیہ السلام سے اور پڑھا اوسکو پس
پایا خدا کو اور طلب کیا خدا سے خدا کو اور حضرت بوبکر عیاضی نے لطلب مال کے پڑھا پس پایا
کثیر اور حضرت ابوقاسم نے لطلب علم اور حکمت کے پڑھا پس پایا اوسکو ترکیب یہ ہے قبل نماز
صبح کے دو رکعت پڑھے پہلی مین سات بار سورہ فاتحہ اور ایکبار سورہ کافرون دوسری
مین سات بار فاتحہ اور بار اخلاص اور بعد سلام کے دس بار تمجید اور دس بار یَا غِیَاثَ
الْمُسْتَغِیْثِیْنَ اَغِثْنَا **صلوٰۃ الاسرار** حضرت غوث الثقلین سید محی الدین جیلانی سے
اور حضرت شہاب الدین سہروردی سے منقول ہے کہ بعد نماز مغرب کے تنہائی کے مقام مین
دو رکعت پڑھے اس نیت سے نَوَیْتُ اَنْ اُصَلِّیَ لِلّٰهِ تَعَالٰی رَکْعَتَیْنِ صَلٰوۃَ الْاَسْرَارِ
تَقَرُّبًا اِلَی اللّٰهِ تَعَالٰی وَانْقِطَاعًا عَنِ الْغَیْرِ مُتَوَجِّهًا اِلٰی جِهَةِ الْکَعْبَةِ الشَّرِیْفَةِ
اَللّٰهُ اَکْبَرُ اول رکعت مین سورہ والضحیٰ واللیل گیارہ بار دوسری مین الم نشرح
گیارہ بار اور بعد سلام کے سجدے مین سوبار کہے ضعیفے بردر قوی پھر کلہ راست مصلے پر رکھکر
سوبار کہے نیازمندے بردر نیازے پھر کلہ چپ رکھکر سوبار کہے حاجتمندے بردر حاجت روائے
اوسکے بعد گوشہ مصلے کو پلٹ کر سوبار کہے نگردم باز تا نکنی حاجتم روا اور یہی کہتا ہوا گیارہ
قدم بطرف قبلے کے چلے پھر سجدے مین جاکر اپنا مطلب عرض کرے پھر دعا خداوند تعالیٰ قبول

فرماویگا صلوۃ فاطمہ باسناد معتبر منقول ہو کہ جب کسی حاجت کے واسطے نہایت اضطرار ہو وے دو رکعت پڑھے اِس ترکیب سے نَوَیْتُ اَنْ اُسَبِّحَ تَسْبِیْحَ فَاطِمَۃَ الزَّھْرَاءِ بِنْتَ حَضْرَتَ خُدَیْجَۃِ الْکُبْرٰی لِنَدَابَۃٍ وَقُرْبَۃٍ اِلَی اللہِ تَعَالیٰ مُتَوَجِّھًا اِلیٰ جِھَۃِ الْکَعْبَۃِ الشَّرِیْفَۃِ اَللہُ اَکْبَرُ ہر رکعت مین تین تین بار اخلاص اور بعد سلام کے تین بار اللہ اکبر کہے اور تینتیس ۳۳ بار سبحان اللہ اور تینتیس ۳۳ بار الحمد للہ اور چونتیس ۳۴ بار اللہ اکبر پڑھے ازان بعد سجدے مین سو بار کہے یَا مَوْلَایَ وَمَوْلیٰ فَاطِمَۃَ اَغِثْنِیْ بعدہٗ کلّہ راست سجدے پر رکھکر پھر کلّہ چپ رکھکر سو بار یہی کہے بعدہ ہاتھ اوٹھاکر حاجت طلب کرے بالیقین حاجت برآوے **بیان صلوٰۃ آنحضرت** کے حضرت امام نجم الدین نے حسب تعلیم مہتر خضر علیہ السلام کے واسطے قضاے ہر حاجت کے یہ نماز بیان فرمائی ہے کہ شب جمعہ کو دو رکعت نماز پڑھے اوّل مین کافرون دوسری اخلاص دس دس بار اور بعد سلام کے سجدے مین دس دس بار درود اور کلمہ تمجید اور رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّفِی الْاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ اور یَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ اَغِثْنَا پڑھے اور ایک ایک حاجت بیان کرکے ہزار بار یَا رَبِّ کہکر سر اوٹھاوے خداے تعالیٰ اجابہ حاجت برلاوے **نماز قضاے حاجت** جناب قاضی عبدالکریم قدس سرہ نگرامی کا ارشاد ہو کہ شب جمعہ کو یا شب دوشنبہ کو بعد عشا کے چار رکعت بیک سلام پڑھے اور نیت مین لفظ نماز قضاے حاجت کہے اور رکعت اوّل مین لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ فَاسْتَجَبْنَا لَہٗ وَنَجَّیْنٰہُ مِنَ الْغَمِّ وَکَذٰلِکَ نُنْجِی الْمُؤْمِنِیْنَ دوسری مین وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْٓ اِلَی اللہِ اِنَّ اللہَ بَصِیْرٌۢ بِالْعِبَادِ تیسری مین حَسْبِیَ اللہُ نِعْمَ الْوَکِیْلُ نِعْمَ الْمَوْلیٰ وَنِعْمَ النَّصِیْرُ چوتھی مین رَبِّ اِنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ اور بعد سلام کے رَبِّ اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ سو سو بار پڑھے **ایضًا** بروز جمعہ چار رکعت بیک سلام پڑھے اول مین دس بار فاتحہ اور ایکبار سورۂ انا انزلناہ دوسری مین بیس بار فاتحہ

اور تین بار اخلاص تیسری مین تیس بار فاتحہ اور ایک بار فلق چوتھی مین چالیس بار فاتحہ
اور ایکبار سورۂ ناس اور بعد سلام کے ہاتھ اوٹھا کر اپنے مطلب کی دعا کرے ایضاً از بس
مجرب اور آزمودہ ہی کہ شب جمعہ نصف شب کے گذرنے پر چار رکعت نماز بدو سلام پڑھے اور ہر
رکعت مین پانچ بار سورۂ اذا جاء اور بعد سلام اخیر کے سجدے مین سو بار پڑھے یَا آمِنُ لَا یَحْتَاجُ
اِلَی الْبَیَانِ وَالتَّفْسِیْرِ ایضاً دن کو خواہ رات کو چار رکعت پڑھے ہر رکعت مین آیۃ
الکرسی پانچ بار اور اخلاص پچیس بار بعد سلام کے ایکہزار چار سو بار یَا وَھَّابُ پڑھکر سو بار
درود پڑھے اور حاجت طلب کرے **پنجم بیان ادعیہ** کے حضرت خواجہ اویس قرنی قدس
سرہ سے ارشاد ہی کہ سات روز ہر نماز پنجگانہ کے بعد ایکسو بار اس دعا کو پڑھا کرے خداوند کریم
بیشک حاجت برلاوے یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا اللہُ یَا فَرْدُ یَا وِتْرُ یَا رَحِیْمُ یَا وَارِثُ یَا
وَاحِدُ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ ایضاً حضرت
امام ضحاک سے ارشاد ہے کہ روز جمعہ عروج ماہ سے ستر بار اس آیت کو پڑھکر دعا کرے قبول
ہووے رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّکَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ اور بعد حصول مطلب کے شیرینی پر امام
موصوف کا فاتحہ پڑھے ایضاً اکثر بزرگون سے کتب معتبرہ مین منقول ہے کہ بعد نماز صبح
کے تین بار اس دعا کو پڑھکر ہاتھ اوٹھا کر دعا کیا کرے مقبول ہووے بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
اَللّٰھُمَّ بِحَقِّ الْعَرْشِ وَمَنْ عَلَاہُ وَبِحَقِّ الْوَحْیِ وَمَنْ اَوْحَاہُ وَبِحَقِّ النَّبِیِّ وَ
مَنْ اَنْبَاہُ وَبِحَقِّ الْبَیْتِ وَمَنْ بَنَاہُ یَا سَامِعَ کُلِّ صَوْتٍ وَیَا جَامِعَ کُلِّ فَوْتٍ
یَا بَارِئَ النُّفُوْسِ بَعْدَ الْمَوْتِ صَلَّی اللہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاَھْلِ بَیْتِہٖ وَاَتْبَاعِہٖ
وَجَمِیْعِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ فِیْ مَشَارِقِ الْاَرْضِ وَمَغَارِبِھَا اَسْئَلُکَ
فَرَجًا مِّنْ عِنْدِکَ عَاجِلَۃً بِشَھَادَۃِ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللہُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُکَ
وَرَسُوْلُکَ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَذُرِّیَّتِہِ الطَّیِّبِیْنَ الطَّاھِرِیْنَ وَسَلَّمَ
تَسْلِیْمًا کَثِیْرًا ایضاً قبل نماز وتر کے روبقبلہ سربرہنہ بیٹھکر ایکسو بار اَللّٰھُمَّ صَلِّ

عَلٰی مُحَمَّدٍ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ اور سات سو اٹھاسی بار بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پھر سو بار
وہی درود پڑھکر پھر اللہ اکبر اکیہ ا ہزار سو بار یَا وَھَّابُ پڑھے پھر بیٹھکر ایک ہزار بار یَا رَبّ
پڑھے چالیس روز تک جس مطلب کو پڑھے بر آوے **ایضا** بعد نماز مغرب کے دس بار آیت قدّشتہ
پڑھکر دعا کرے حاجت بر آوے ایک ہفتہ مین والا ناغہ کرکے پھر شروع کرے **ایضا** عمل عزیمہ
جس مطلب کے واسطے سات روز عمل کرے ضرور مطلب بر آوے یعنے اس دعا کو کاغذ پر لکھکر
آب روان مین ڈال دیا کرے اور اگر ایسا مقام میسر آوے کہ پانی طرف قبلے کے جاری ہو
تو نہایت خوب ہے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ
بِسْمِ اللّٰہِ الْمَلِکِ الْحَقِّ الْمُبِیْنِ مِنْ عَبْدِہِ الذَّلِیْلِ اِلٰی رَبِّ الْجَلِیْلِ رَبِّ اَنِّیْ مَسَّنِیَ
الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ۞ **ایضا** شیخ الاسلام فرید الحق والدین قدس اللہ
سرہ العزیز کہتے ہین کہ روضۂ امام حسن خیبانی پر مین نے لکھا دیکھا اور ایک روایت مین امام
جعفر صادق رضی اللہ عنہ کی محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے آیا ہے کہ جس کسی کو کوئی مہم یا
کوئی غم یا کوئی کام بزرگ کہ قابل اصلاح کے نہو آگے آوے بعد نماز صبح کی گزاری سو بار کہے
لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ یَا قَدِیْمُ یَا قَیُّوْمُ یَا فَرْدُ یَا وِتْرُ یَا اَحَدُ
یَا صَمَدُ پس جو حاجت اُسکی روا نہو اوپر راوی کے لعنت کرے نعوذ باللہ منہا بعد ازان
اسی جگہہ فرمایا کہ بوقت درماندگی کے ان نامون کو ہزار کہے وہ مہم بالقطع ساتھ قبولیت کے ہوپنچے
وہ یہ ہے اَنْتَ ہُوَ الْمُعِیْنُ وَبِہٖ دَلِیْلٌ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ ۞ **ایضا**
جو کوئی کام مشکل ساتھ تیرے ہوپنچے اور عاجز ہووے جنگل مین اوپر بستر پاک کے سورۂ
والشمس و سورۂ واللیل ہر ایک کو سات مرتبہ پڑھے اور کہے اَللّٰہُمَّ اجْعَلْ لِّیْ فَرَجًا مِّنْ اَمْرِیْ
البتہ شب اول یا شب دوم یا ساتوین شب جواب آئندہ مین پاوے اور تجکو خبر کرے خلاص تیرا
کیا ہے دیا اس بیماری کا علاج کیا ہو بہت محبوسان اور درماندگان نے اسکا تجربہ کیا ہے اور
وقت پڑھنے اور سونے کے چاہیے کہ کوئی عورت نزدیک نہ ہو اور اگر عورت بلاوے جواب نہ دے

حال مردہ و زندہ و بسبب زحمت وہاں مدفون کا اِس حال سے معلوم ہو اور آیۃ والشمس و اخلاص سورہ
سترہ بار پڑھے اور جامہ پاک پہنے اور مستقبل قبلہ پہلوے راست پر سووے کہ دیکھے شب اول
دوم وسوم و پنجم یا ہفتم کو اگر نہ دیکھے پس اسکو نقصان پہونچا ہو وضو مین یا قرأت مین جامہ
مین اور پیغمبر علیہ السلام نے فرمایا اگر غمگین و اندوہگین ہو اوس غم سے خوشی پاوے اور
اگر وام پر پڑھے دام اوسکا ادا ہو اور اگر سلطان جابر سے ڈرے تو اوسکے خوف سے نڈر
ہووے اور ابو عثمان نے کہا یہ حدیث غریب ہے مجرب اور نافع بفرمان خدای عز و جل
یہ ہے اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ مَنْ لَّا یُوَارِیْ عَنْهُ دَاجٍ وَلَا سَمَاءٌ ذَاتُ اَبْرَاجٍ اَللّٰهُمَّ
اَلسِّرُّ عِنْدَكَ عَلَانِیَةٌ وَالْعَلَانِیَةُ وَعِنْدَكَ شَهَادَةٌ وَالظُّلْمَةُ نُوْرٌ وَكُلُّ
شَیْءٍ عِنْدَكَ بِمِقْدَارٍ اَعْطِیْ الصِّحَّةَ فِیْ بَدَنِیْ وَالنُّوْرَ فِیْ بَصَرِیْ وَالْیَقِیْنَ فِیْ
قَلْبِیْ وَالْاِخْلَاصَ فِیْ عَمَلِیْ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ
وَصَلَّی اللّٰهُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَجْمَعِیْنَ ہ اور خبر مین آیا ہے کہ جسکو کوئی غم اور کوئی
رنج پیش آوے بعد وتر پہلے اوس ہے کہ سات کسی کے بات نکرے پچاس مرتبہ والضحیٰ
پڑھے **ایضاً** خواجہ امام زاہد فخر پایا س شیخ الاسلام برہان الدین رحمہما اللہ واسطے عیادت
خواجہ بکر عماری رحمہ اللہ کے گئے حدیث روایت کی کہ جس کسی کو کوئی ھم درپیش آوے گوش
راست مین بانگ نماز کہے اور گوش چپ اوسکے مین اقامت کہے خدای عز و جل اوس ھم کو
کفایت کرے اور جو حاجت و مراد کہ رکھتا ہو جلد بر آوے جو کوئی قل ہو اللہ احد کو اکہزار اور
ایک مرتبہ پڑھے فوراً وہ ھم بر آوے مجرب ہے اور ہر بیمار و صاحب درد و علتی پر کہ کوئی دوا
اوسکو کارگر نہین ہوتی ہے اور یا حادث ہوا ہو اور دارو اوسکی نہ جانے تو قل یا ایہا الکافرون
کو اکہزار اور ایکمرتبہ پڑھے اُسی وقت صحت پاوے بفرمان خدای عز و جل منقول ہے شیخ الاسلام
نظام الدین رحمہ اللہ سے کہ بعد از نماز چاشت سورۂ یٰسین تین مرتبہ پڑھے اور دعا کرے پس
حاجت مانگے روا ہو بفرمان خدا ے عز و جل **ایضاً** امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے

لکھا ہے سورۂ انفال کو لکھنے اور حاکم کے پاس جاوے حاکم اوسپر رعایت کرے اور مہم اسکی
ساتھ کفایت کے ہو اور اگر چہ حق کسی کا اوسپر ہو اوسکو دفع کرے اور جو کوئی سورۂ برأت کو
لکھے اور خریطہ میں پیچیدہ کرکے اپنے پاس رکھے اگر قصد کرے اوپر کوئی قوم کے واسطے ترویج
یا کوئی کام کے کام اوسکا تمام ہو اور بات اوسکی قبول کرے اور اگر درمیان قوم واسطے اصلاح
کے جاوے صلاح اوسکی قبول کریں اور جانبین دشمنی کو برطرف کریں اگر درمیان دو لشکر
کے جاوے تمام متفرق ہوں اور درمیان قتال نہووے اور اگر آب پاک میں دھو کر پیوے
اور آگے ہر بادشاہ کسی جبار کے جاوے نرم ہو بفرمان خداے عزوجل اور اگر بہ نیت حفظ
قرآن کے دھو کر پیوے حافظ ہو اور اگر کوئی عورت بہ نیت فرزند کے دھو کر پیوے فرزند
روزی ہو اور جو کوئی سورۂ قیامت کو ہمیشہ پڑھے اور خداے تعالی سے حفظ قرآن کا چاہے
خداے تعالے عزاسمہ حفظ نصیب کرے اور جو کوئی اس سورہ کو لکھکر اپنے پاس رکھے اگر مرد کہ اسکو
عورت نہو یا عورت کہ اوسکا خاوند نہو حق تعالی اونکو جوڑا نصیب کرے اگر مریض ہو شفا
پاوے اور اگر فقیر ہو غنی ہو جاوے اور اگر کسیکو کوئی کام میں نقصان ہو کہ نہیں جانتا ہے
اور وہ کام اوس سبب سے سیدھا نہیں آتا ہے اور اوسمیں اختلال ہو اور برکت نہو یہ پڑھے وَلَا
تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ إِلَىٰ مَا مَتَّعْنَا بِهِ أَزْوَاجًا مِّنْهُمْ زَهْرَةَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا
لِنَفْتِنَهُمْ فِيهِ وَرِزْقُ رَبِّكَ خَيْرٌ وَّأَبْقٰى وَأْمُرْ أَهْلَكَ بِالصَّلٰوةِ وَاصْطَبِرْ
عَلَيْهَا لَا نَسْأَلُكَ رِزْقًا نَحْنُ نَرْزُقُكَ وَالْعَاقِبَةُ لِلتَّقْوٰى **دیگر قضاے حاجت**
اگر کسی شخص کو کچھ حاجت ہو وہ بارہ سو دفعہ بارہ دن تک اس دعا کو پڑھے تو حق تعالی اسکی
حاجت روا کرتا ہے وہ دعا یہ ہے یَا بَدِيعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَيْرِ يَا بَدِيعُ **دیگر دعا واسطے
قضاے حاجت کے** اگر پیش ہو تجکو کوئی حاجت یا تیرا کوئی سفر کو گیا ہو اور چاہتا ہو
کہ وہ مطلب یاب ہو کر سلامت آوے یا کوئی بیمار ہو اور چاہتا ہو کہ شفا دیوے اللہ اوسکو پس پڑھ
تو سورۂ فاتحہ کو اکتالیس بار درمیان سنت اور فرض فجر **دیگر دعا واسطے حاجات مشکلہ کے**

اگر ہو تجکو کچھ حاجت مشکل پس حاجت برآنے کے واسطے پڑھے چار رکعت پہلی رکعت مین بعد الحمد کے لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَنَجَّیْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ وَکَذٰلِكَ نُنْجِی الْمُؤْمِنِیْنَ سو بار پڑھے اور دوسری رکعت مین بعد الحمد کے رَبِّ اِنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ سو بار پڑھے اور تیسری رکعت مین بعد الحمد کے وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْٓ اِلَی اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ بَصِیْرٌۢ بِالْعِبَادِ سو بار پڑھے اور چوتھی رکعت مین بعد الحمد کے قَالُوْا حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ سو بار پڑھے اور پھر سلام پھیر کر پڑھے رَبِّ اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ سو بار پڑھے اور امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ یہ چارون آیتین اسم اعظم ہین کہ جنکے وسیلے سے جو سوال کرے سو پاوے اور واسطے غناے قلبی کے بہت مفید ہے **دیگر ترکیب آیہ کریمہ کی** اور شاہ ولی اللہ نے فرمایا ہے کہ جو عمل حصولِ ہر مطلب مین جلالی ہو یا جمالی اوسکو اسم اعظم شمار کیا چاہیے وہ یہ آیت ہے لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ اور فرمایا رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ دعا ذوالنون علیہ السلام کی ہے کہ مچھلی کے پیٹ مین پڑھی تھی جو مسلمان جس مطلب کے واسطے اس آیت سے دعا کریگا قبول ہوگی دعا اوسکی اور یہ دعا نہایت مجرب ہے اور کمال سریع الاثر ہے جس امر مین اس آیت سے دعا کرے اور مکے کے مشایخ بھی اسکے سریع التاثیر اور عدم تخلف پر اجماع اور اتفاق رکھتے ہین **دیگر واسطے رجوعات و فتوحات کے** اور واسطے رجوعات کے یہ اسم بھی نہایت مفید ہو کہ بعد نماز عشا کے ایکہزار ایکسو اکتالیس بار ہمیشہ پڑھ لیا کرے اگر اتنا نہو سکے تو سات بار ضرور ہے پڑھ لے وہ یہ ہے یَا بُدُّوْحُ تُبُدِّحُ تَبَدُّ حَتَّ مِنَ الْبُدُّوْحِ فِی الْبُدُّوْحِ بُدُّوْحَكَ یَا بُدُّوْحُ اور بعضے آدمی یہ کہتے ہین کہ بدوح نام کسی جن کا ہے یہ بات غلط ہے اور یہ نام خدا کا ہے مگر یہ لفظ توریتی ہے اور معنے اسکے یہ ہین کہ اللہ بہت تعریف والا ہے بلا نہایت اسکین بہت ہے اور جو کوئی اس اسم کو ہمیشہ پڑھے تو بہت فائدہ عظیم حاصل ہووے

دیگر ترکیب آیہ کریمہ کی

واسطے رجوعات و فتوحات کے

اگر پہلے زکوٰۃ اسکی دیجاوے یعنے سات ہزار بار ہمیشہ وقت رات کے چالیس روز تک پڑھے اور گوشت ماہی و بکری اور گاؤ اور گوشت اور جانوروں وغیرہ سے اور لہسن اور پیاز اور ہینگ سے پرہیز کرے اور جو طبیعت چاہے کھاوے **دیگر واسطے نگہبانی بچے کے** جو کوئی اس دعا کو لکھکر بچے کے گلے مین باندھے اللہ تعالےٰ اوسکی نگہبانی کریگا بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّةِ اللّٰهِ مِنْ شَرِّ كُلِّ شَيْطَانٍ وَهَامَّةٍ وَعَيْنٍ لَامَّةٍ تَحَصَّنْتُ بِحِصْنِ اَلْفِ اَلْفِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ اور معنی اسکے یہ ہین کہ مین پناہ مین آیا ہر شیطان اور کاٹنے والے کیڑے اور نظر لگانے والی آنکھ کی شر سے مین نے پناہ پکڑی لاکھ لاکھ **دیگر ترکیب چہل کاف کے پڑھنے کی** اور طریق چہل کاف کے پڑھنے کا یہ ہے کہ اول شب جمعہ کی یعنی جو جمعہ مہینے مین پہلے آوے غسل کرے اور بعد غسل کے دوگانہ نفل کا گزارے بعد اوسکے گیارہ گیارہ بار اول وآخر درود شریف پڑھے اور ایکہزار اور ایکبار ایک جلسہ مین دعاے مذکور پڑھے مگر ایک ہزار ایکبار چالیس روز تک یعنی ایک چلہ اسی طرح سے کرے مگر اول جب شروع کرے شب توچندے جمعے کی ہو چالیس روز تک اسی طرح غسل کرے اور بطور ترکیب مذکورہ کے پڑھتا جاوے وہ یہ ہے كَفَاكَ رَبُّكَ كَمْ يَكْفِيْكَ وَاكِفَةً كِفْكَافُهَا كَكَمِيْنًا كَانَ مِنْ كَلَكَ تَكَرُّ كَرًّا كَكَرِّ الْكَرِّ فِيْ كَبَدِيْ تَحْكِيْ مُشَكْشَكَةً كَكَلَكِ الْكُلْكُا كَفَاكَ مَا بِيْ كَفَاكَ الْكَانَ كُرَّتَهٗ يَا كَوْكَبًا كَانَ تَحْكِيْ كَوْكَبَ الْفَلَكَا بعد ایک چلہ کے اکتالیس بار روزمرہ بعد نماز مغرب یا عشا یا بعد فجر کی نماز کے ضرور پڑھے اگر اتنا نہو سکے تو سات بار یا گیارہ بار ضرور پڑھلیوے واسطے تسخیر کے بہت مجرب ہے اور واسطے برآنے حاجات دینی و دنیوی کے یہ اسم ذات کمال سریع التاثیر ہے دیگر واسطے برآنے حاجاتِ

جو کوئی واسطے برآنے حاجات دینی و دنیوی کے اسکو پڑھے گا کل حاجات دینی و دنیوی برآوینگی آور منقول ہے حضرات سلف رحمہم اللہ سے کہ جو کوئی اسکو پڑھے گا کل حاجات دینی و دنیوی برآوینگی یعنے اول آٹھ دفعہ سورۂ الحمد اور سو بار درود شریف اور او ناسی دفعہ الم نشرح آخر تک اور ہزار بار سورۂ قل ہو اللہ اور پھر آٹھ بار الحمد اور پھر درود شریف سو بار کہ اسکو ختم خواجگان بھی کہتے ہین اور بعد درود کے یَا قَاضِیَ الْحَاجَاتِ سو بار یَا کَافِیَ الْمُهِمَّاتِ سو بار یَا شَافِیَ الْاَمْرَاضِ سو بار یَا دَافِعَ الْبَلِیَّاتِ سو بار یَا حَلَّ الْمُشْکِلَاتِ سو بار یَا دَافِعَ الدَّرَجَاتِ سو بار ان اسمون کو پڑھنا بھی آیا ہو مگر اوپر بادام کے پڑھے یا اوپر تسبیح کے پڑھے

دیگر خاصیت الحمد کی

جو ارادہ کرے کہ حق تعالیٰ تیری مراد بر لاوے تو سورۂ فاتحہ کو اسطور پڑھ کہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے میم کو الحمد کے لام کے ساتھ ملا وے یعنی بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ آخر تک اسی طرح پڑھے اور شروع کرے یکشنبہ کے دن سے اور پڑھے اوسکو فجر کی سنت اور فرض کے درمیان مین اول روز ستر بار دوسرے دن ساٹھ بار تیسرے دن پچاس بار چوتھے دن چالیس بار اسی طرح ہر روز دس دس کم کرتا جاوے یہان تک کہ ہفتے دن دس بار پڑھے تین ہفتے نہین گذرینگے کہ خدا ے تعالیٰ اوسکی مراد پوری کرے گا اگرچہ مراد اوسکی پہاڑ کے برابر ہوگی ؛

دیگر استخارہ

جب چاہے تو کہ اپنے خواب مین وہ حال دیکھے کہ جس مین تیری بھلائی ہو اوس بھلی سے کہ جس مین تو مبتلا ہے تو وضو کرکے پاک کپڑے پہن اور خوشبو مل اور جانب قطب و قبلہ کے داہنی کروٹ پر لیٹ اور سورۂ والشمس کو سات بار اور سورۂ واللیل کو سات بار اور سورۂ

قل ہو اللہ کو سات بار پڑھکر یون کہے ہاتھ اوٹھا کر کہ خداوند مجکو میرے خواب مین ایسا
انوار دکھادے اور میری اس حالت مین کشادگی اور نکاسی کردے اور میرے خواب مین وہ
چیز دکھاوے کہ جس سے اپنی دعا قبول ہو جانے کو دریافت کر جاؤن اوسی رات کو وہ چیز
خواب مین دیکھیگا جسکو تو چاہتا ہے اور اگر اوس روز نظر نہ آوے تو دوسری رات کو یا تک
کہ سات رات تک کرے سات رات نگذرینگی کہ مقصد تیرا تیری خواب مین معلوم ہوجاویگا اور یہ استخارہ
تجربہ کار ہے **باب دوم** دریافت کرنے ثبوت یقین اور کشف حجاب نور ایمان اور دور ہونے
شک اور نیک عقیدہ اور روزی ہونے پاکیزگی سورۃ الفاتحہ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ الرَّحْمٰنِ
الرَّحِیْمِ الی آخرہ حکیم نے کہا لکھ سورۂ فاتحہ کو برتن پاک مین ساتھ پانی پاک کے اور دھو
اوسکو پاک پانی سے اور پلا اوسکو جسکے دل مین شک اور لرزہ ہو جاتا ہے اور یقین ثابت
ہو بکرم اللہ تعالی اور رکوع سورۂ آل عمران مین فرمایا اللہ تعالی نے اَلصَّابِرِیْنَ
وَالصَّادِقِیْنَ وَالْقَانِتِیْنَ وَالْمُنْفِقِیْنَ وَالْمُسْتَغْفِرِیْنَ بِالْاَسْحَارِ شَھِدَ اللّٰہُ
اَنَّہٗ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ وَالْمَلٰٓئِکَۃُ وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًا بِالْقِسْطِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ
الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ ہ اِنَّ الدِّیْنَ عِنْدَ اللّٰہِ الْاِسْلَامُ ہ وَمَا اخْتَلَفَ الَّذِیْنَ اُوْتُوا
الْکِتَابَ اِلَّا مِنْ بَعْدِ مَا جَآءَھُمُ الْعِلْمُ بَغْیًا بَیْنَھُمْ وَمَنْ یَّکْفُرْ بِاٰیَاتِ اللّٰہِ
فَاِنَّ اللّٰہَ سَرِیْعُ الْحِسَابِ ہ حکیم نے کہا کہ یہ آیات دور کرتی ہین شک اور انکار کو دل سے
اور اثر دین خلوص نیت اور نیک عقیدہ اور دین خالص کو اور سختی ہاے خوشی اور کشادگی
حاصل ہو چاہیے کہ ان آیات کو سات مرتبہ پڑھے اوپر آب افشک کہ برگ سبزے نکلا ہو
اور ملاوے اوس مین شکر اور چار روز متواتر نہار بمقدار چار مثقال پیوے بعد اوسکے انجیر
سفید یا شھد و نان سپید غذا کرے بکرم اللہ تعالی مطلب حاصل ہوا اور رکوع سورۃ النساء
مین فرمایا اللہ تعالی نے یٰٓاَیُّھَا النَّاسُ قَدْ جَآءَکُمُ الرَّسُوْلُ بِالْحَقِّ مِنْ رَّبِّکُمْ
فَاٰمِنُوْا خَیْرًا لَّکُمْ وَاِنْ تَکْفُرُوْا فَاِنَّ لِلّٰہِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَکَانَ اللّٰہُ عَلِیْمًا حَکِیْمًا

باب دوم دریافت ثبوت یقین اور کشف حجاب نور ایمان اور دور ہونے شک اور نیک عقیدہ اور روزی

يَا اَهْلَ الْكِتٰبِ لَا تَغْلُوْا فِيْ دِيْنِكُمْ وَلَا تَقُوْلُوْا عَلَى اللّٰهِ اِلَّا الْحَقَّ اِنَّمَا الْمَسِيْحُ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ وَكَلِمَتُهٗ اَلْقٰهَا اِلٰى مَرْيَمَ وَرُوْحٌ مِّنْهُ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ وَلَا تَقُوْلُوْا ثَلٰثَةٌ اِنْتَهُوْا خَيْرًا لَّكُمْ اِنَّمَا اللّٰهُ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ سُبْحٰنَهٗ اَنْ يَّكُوْنَ لَهٗ وَلَدٌ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ٥ حکیم نے کہا خاصیت ان آیات کی دل سے سختی دور کرنے والی ہے اور ایمان کی قوی کرنے والی جس کسی کے دل مین شک اور حجاب ہو یا حادثہ ہو کوئی چیز رسوم اہل کتاب یعنی یہود اور نصاریٰ یا اونکے دین سے پس تین روزے رکھے اول ان روزی کا روز یکشنبہ یا دوشنبہ ہو اور طعام کے ساتھ افطار کرے بعدہٗ شب پنجشنبہ کو بعد نماز عشا کے بارہ رکعت پڑھے بعد ازان سلام پھیرے اور تسبیح کہے یعنے سبحان اللہ والحمد للہ دس مرتبہ اور درود کہے اوپر حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے دس مرتبہ استغفار اوپر مومنان اور مومنات اور اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم اٹھارہ مرتبہ کہے اور پڑھے اور خدائے تعالےٰ سے ہدایت اور ارشاد چاہے اور لکھے ان آیات کو کاغذ مین اور دھووے برسات کے پانی سے اور نگاہ رکھے برتنِ پاک مین اور جو کوئی پیوے اوسکو وقت صبح روز جمعہ پہلے طلوع آفتاب سے تو دور ہووے سختی اسکے دل سے اور قوی ہو ایمان اور شک و گمان و ناشروعات دل سے دور ہو بکرم اللہ تعالیٰ واسطے دور کرنے زیاد شک کے دل سے اور حاصل کرنے خلوص عمل سورۃ الغاشیۃ فرمایا اللہ تعالےٰ نے هَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ الْغَاشِيَةِ الخ حکیم نے کہا کہ جو کوئی لوح بناوے لکڑی اثل یعنے بھروا ہ سے لیکن لوحِ مسطح اور ہموار ہو اور تین روز شروع ماہ سے روزہ رکھے روز چہارم آیاتِ مذکورہ کو تا آخر سورہ ساتھ مشک و زعفران کے لکھے اور زبان سے چاٹے تین روز یہ عمل کرے اور اسکے دل سے شک و ریا جاتا رہے اور خالص ہو عملہا بکرم اللہ تعالیٰ واسطے روزی ہونے پاکیزگی و زہد و قناعت و صبر کے سورۂ مائدہ رکوع سوم و چہارم مین فرمایا اللہ تعالیٰ

وَلِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَیْنَهُمَا وَاِلَیْهِ الْمَصِیْرُ یَااَهْلَ الْکِتٰبِ قَدْ جَآءَکُمْ رَسُوْلُنَا یُبَیِّنُ لَکُمْ عَلٰی فَتْرَةٍ مِّنَ الرُّسُلِ اَنْ تَقُوْلُوْا مَا جَآءَنَا مِنْ بَشِیْرٍ وَّلَا نَذِیْرٍ فَقَدْ جَآءَکُمْ بَشِیْرٌ وَّنَذِیْرٌ وَاللّٰهُ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ اور فرمایا اللہ تعالےٰ نے وَاِذْ قَالَ مُوْسٰی لِقَوْمِهٖ یٰقَوْمِ اذْکُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَیْکُمْ اِذْ جَعَلَ فِیْکُمْ اَنْبِیَآءَ وَجَعَلَکُمْ مُّلُوْکًا وَّاٰتٰکُمْ مَّا لَمْ یُؤْتِ اَحَدًا مِّنَ الْعٰلَمِیْنَ ۝ یٰقَوْمِ ادْخُلُوا الْاَرْضَ الْمُقَدَّسَةَ الَّتِیْ کَتَبَ اللّٰهُ لَکُمْ وَلَا تَرْتَدُّوْا عَلٰٓی اَدْبَارِکُمْ فَتَنْقَلِبُوْا خٰسِرِیْنَ ۝ حکیم نے کہا خاصیت آیات مذکور کی آخر تک جو کوئی لکھے آیات مذکورہ کو کفِ ہاتھ سیدھی اپنی مین پہلے طلوع آفتاب سے اور چاٹے اوسکو نہار سات روز متواتر کرے نصیب ہو اوسکو پارسائی اور قناعت اور صبر اور زہد اور رحمت اوپر جمیع مسلمانون کے الضا واسطے کشفِ حجاب دل کے سورۃ التحریم رکوع دوم مین فرمایا اللہ تعالےٰ نے یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا تُوْبُوْٓا اِلَی اللّٰهِ تَوْبَةً نَّصُوْحًا عَسٰی رَبُّکُمْ اَنْ یُّکَفِّرَ عَنْکُمْ سَیِّاٰتِکُمْ وَیُدْخِلَکُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ یَوْمَ لَا یُخْزِی اللّٰهُ النَّبِیَّ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ نُوْرُهُمْ یَسْعٰی بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَبِاَیْمَانِهِمْ یَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا وَاغْفِرْ لَنَا اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۝ حکیم نے کہا کہ خاصیت اِن آیات کی کشفِ حجاب دل کا ہے اور ظاہر ہونے حقیقت اور جو کچھ اوپر اوسکے خبر کرے ناموس اور مردمی کی مشغول ہے ساتھ پروردگار کے اور روایت قطب اور روایت ابدال سے ہے واسطے ظہورِ حقیقت اشیا کے کوئی چیز پہونچاوے اور طریق عمل اِن آیات کا یہ ہے کہ آیات مذکورہ کو چینی کے برتن مین مشک و زعفران و گلاب خالص سے لکھے اور دھووے اور شکر لال اوسمین ڈالے اور شربت کرے اور چالیس دن روزہ رکھے اور اس شربت سے افطار کرے اور چالیس مرتبہ آیت مذکورہ کو پڑھے اور چیز ذی روح کھاوے پس متصرف ہووے اوپر حقیقت

اشیا کے اور تبلاوے اوس چیز کو جو اوس سے مناسب ہے اور کشف حجاب کا دل سے دور
ہوا اور یہ عمل وتدبیر خاص اپنے واسطے کرے دوسرے کے واسطے پرہیز رکھے اور اوسمین
بھید بڑا ہے سورۂ اعراف رکوع چہارم مین فرمایا اللہ تعالیٰ نے یا بنی آدم قد
انزلنا علیکم لباسا یواری سوآتکم وریشا ولباس التقوی ذلک
خیر ط ذلک من آیات اللہ لعلہم یذکرون ؁ حکیم نے کہا کہ خاصیت ان آیات
کی یہ ہے کہ جو کوئی چاہے توبہ اور اطاعت خدائے تعالیٰ کی پس لکھے پیراہن نئے مین بروز
پنجشنبہ اور زیادہ ہونے ماہ یعنے بارھوین و تیرھوین کو اور جامہ نو کو پہنکر دو رکعت نماز
شکرانہ کی گزارے اور آیت مذکورہ کو پیالہ آبگینہ مین روغن زیتون یا روغن چنبیلی سے لکھے
اور گلاب کے پانی سے دھووے اور چرب کرے اوسمین بدن اور منھ اپنا بعدہ ان آیات
کو اوپر برگ زیتون یا اوپر پارۂ نور کے لکھے اور جیب پیراہن مین رکھے فرمانبرداری
خدائے تعالیٰ مین ہووے روز بروز ہووے اوسکو پاکیزگی اور پارسائی دیگر سورۃ
المؤمنون رکوع اول مین فرمایا اللہ تعالیٰ نے قد افلح المؤمنون الذین ہم
فی صلاتہم خاشعون ہ والذین ہم عن اللغو معرضون والذین ہم
للزکوۃ فاعلون ہ والذین ہم لفروجہم حافظون الا علی ازواجہم
او ما ملکت ایمانہم فانہم غیر ملومین ہ فمن ابتغی وراء ذلک
فاولئک ہم العادون والذین ہم لاماناتہم وعہدہم راعون
والذین ہم علی صلواتہم یحافظون اولئک ہم الوارثون الذین
یرثون الفردوس ہم فیہا خالدون ؁ حکیم نے کہا کہ خاصیت ان آیات
کی قوی ہونے ایمان کی اور دل مین ثبوت ہونا نور یقین کا اور ہونا اوپر اخلاص وطاعت
خدائے تعالیٰ کے جو کوئی چاہے پس لکھے آیات مذکورہ کو اوپر کوزہ موز داین کہ اول
میوہ اوس درخت مین آیا ہو چاہیے کہ اول دن پنجشنبہ کو روزہ رکھے اور غسل کرے

سورۃ المؤمنون واسطے قوی ہونے اخلاص و دل کے ۱۲

اور ساتھ آب زعفران و قرنفل کے لکھے اور اگر و عنبر خالص کے ساتھ لکھا دے بعدہ اوس
سوز کو اندر آب افشک مقدار سی مثقال کے ڈالے اور کتابت اوسی مین دہووے جو کوئی
اِس پانی کو روز جمعہ وقت گزرنے نماز کے سات گھونٹ پیوے اوسکو حاصل ہو قوت
ایمان اور ثبوت نور یقین اور کوشش اور پر اخلاص اور طاعت پروردگار کے بکرم اللہ
تعالیٰ ایضاً واسطے ثبوت یقین کے سیپارہ تبارک مین فرمایا اللہ تعالیٰ نے هَلْ اَتٰی
عَلَی الْاِنْسَانِ حِیْنٌ مِّنَ الدَّهْرِ الخ حکیم نے کہا جو کوئی بہت پڑھے سورہ مذکور
کو بعد ہر نماز کے ثابت ہووے یقین اوسکے دل پر اور جاری ہو زبان اوسکی ساتھ حکمت
اور قدرت اللہ تعالےٰ کے ایضاً اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِیْنًا لِّیَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ
مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْۢبِكَ وَمَا تَاَخَّرَ وَیُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَیْكَ وَیَهْدِیَكَ
صِرَاطًا مُّسْتَقِیْمًا وَّیَنْصُرَكَ اللّٰهُ نَصْرًا عَزِیْزًا اسکو ہر روز پڑھا کرے
ہر مطلب کو مفید ہے دیگر واسطے آسانی سوال جواب کے قبر مین
پیغمبر صلعم نے فرمایا کہ گور سے بہشت تک ایک لاکھ سوال جواب ہے جو کوئی اس دعا کو
پڑھے خداے عزوجل جواب و سوال اپنا آسان کرے دعا یہ ہے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ
الرَّحِیْمِ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لِیْ فِی الْمَوْتِ وَفِیْمَا بَعْدَ الْمَوْتِ اَللّٰهُمَّ هَوِّنْ
عَلَیْنَا سَكَرَاتِ الْمَوْتِ یَا خَالِقَ الْحَیٰوةِ وَالْمَوْتِ سَامِعَ كُلِّ مَوْتٍ بِفَضْلِكَ
وَبِكَرَمِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ نقل حضرت موسیٰ سے جس وقت کہ کوہ طور پر تشریف
فرماتے تھے شیطان کو دیکھا شیطان نے کہا یا نبی اللہ مین اہل بہشت سے ہون حضرت
موسیٰ تعجب مین رہے جو مکان مناجات پر پہونچے کہا خداوندا تو آگاہ ہے کہ شیطان نے
کیا کہا خطاب پہونچا کہ موسیٰ وہ چند کلمے اپنے دل مین رکھتا ہے کہ تمام خلائق ساتھ
اوس کلمات کے مجکو چاہیے سب کو بخشون مین اور وقت کا ران کلمات کو اوسکے دل
سے بھلاؤن مین دعا یہ ہے یَا اَوَّلَ الْاَوَّلِیْنَ وَیَا اٰخِرَ الْاٰخِرِیْنَ وَیَا خَالِقَ السَّمٰوٰتِ

واسطے ثبوت یقین کے

واسطے مراد

واسطے سوال و جواب آسانی قبر مین

دعا و ارادہ مغفرت کی سکر شیطان

س ۱۲

وَالْاَرْضِینَ رَبِّ لَاتَذَرْنِی فَرْدًا وَّاَنْتَ خَیْرُ الْوَارِثِیْنَ لَآاِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ
سُبْحَانَكَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظَّالِمِیْنَ رَبِّ اغْفِرْ لِیْ وَارْحَمْنِیْ وَاهْدِنِیْ
رَبِّ اغْفِرْ لِیْ وَتَجَاوَزْ عَمَّا تَعْلَمُ اِنَّكَ اَنْتَ الْاَعَزُّ وَالْاَجَلُّ الْاَکْرَمُ وَ
اَنْتَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِیْنَ ۔ **نوعدیگر** ایک روز حضرت محمد مصطفی صلعم مسجد مدینہ مین بیٹھے
تھے کہ ابلیس علیہ اللعنۃ گزرا پیغمبر صلعم کو دیکھا پھر آیا اور پا بوسی حضرت کے ہوا پیغمبر صلعم
نے فرمایا کہ تو راہ مارتا ہر فردا ے قیامت کو کیا جواب دیگا ابلیس لعین نے عرض کیا کہ یا
رسول اللہ ایک دعا رکھتا ہون مین اوسکو پڑھونگا مین اور با فرزندان اپنے کے بہشت مین
جاؤنگا مین حضرت محمد نے فرمایا کہ پڑھ اوسنے کہا کہ نہین پڑھون کہ تو سیکھ لے اور اپنی امتان
کو سکھاوے کہ وہ سب بہشت مین داخل ہون یہ کہکر ابلیس لعین چلا گیا ادہر حضرت متفکر ہوئے کہ
حضرت جبرئیل اوسیوقت وہ دعا کہ جسکا ذکر ابلیس لعین نے کیا تھا بخط سبز لکھکر آگے حضرت
صلعم کے لائے اور قصہ دعا کا کہا کہ ابلیس راست کہتا ہے مگر پیشتر اوسکے کہ وہ مرے چالیس
روز پہلے اِس دعا کو وہ فراموش کریگا دعاے معظم و مکرم یہ ہے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
اَللّٰهُمَّ یَا اَجْوَدَ الْاَجْوَدِیْنَ وَیَا اَکْرَمَ الْاَکْرَمِیْنَ وَیَا خَالِقَ السَّمٰوَاتِ
وَالْاَرْضِیْنَ رَبِّ لَاتَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَیْرُ الْوَارِثِیْنَ صَلَّی اللّٰهُ عَلٰی خَیْرِ
خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ [1] **نماز بین العشائین**
جس کو اوابین کہتے ہین نصیر الدین محمود رحمہ اللہ سے مذکور ہے کہ پڑھے سوقت
بیس رکعت نماز ہر رکعت مین اخلاص تین تین بار اور بعد فراغ کے سو بار درود اور سو بار
استغفار پڑھے قبر اوسکی روشن اور فراخ ہووے اور برابر ہر رکعت کے دروازے بہشت کی کشادہ
ہووین اور ہر دروازے سے سو نور اوسکی قبر مین آوین **نوعدیگر** روایت ہو کہ بعد مغرب
کے پڑھے دو رکعت بہ نیت اوابین ہر رکعت مین بعد فاتحہ آیۃ الکرسی تا العظیم ایک سو بار
اور ایک بار شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَالْمَلٰٓئِکَةُ وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًا بِالْقِسْطِ

[1] واسطے روشنی اور فراخی قبر کے ۱۲

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ○ اِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْاِسْلَامُ اور بار بار اخلاص
ایک ایک بار معوذتین اور حشر مین اوا ب جو ایک دروازہ بہشت کا ہے درخواست کریگا
خدا تعالے سے کہ جنھون نے میرے تمام کی نماز پڑھی ہے اونکو مجھ مین داخل کر تو عجل
کریگا خداوند کریم درخواست اوسکی دیگر روایت ہے کہ ایک روز نبوت و رسالت پناہ صلی اللہ
علیہ وآلہ وسلم مسجد پاک مین بیٹھے تھے شیطان بھی اوسی جگہ کھڑا تھا جب حضرت نے اوس
ملعون کو دیکھا تو حضرت نے پوچھا کہ اے بدبخت ملعون تو اسجگہ کسواسطے کھڑا ہے ابلیس لعین نے
کہا کہ اے سرور کائنات مین بدبخت نہین ہون بلکہ نیکبخت ہون اللہ تعالی سب سے پہلے
مجکو جنت مین داخل کریگا حضرت نے پوچھا تیری بخشش ہونیکا کیا باعث ہے اوس ملعون نے
جواب دیا کہ مجکو ایک دعا گنجینہ اسرار الٰہی سے یاد ہے اوس دعا کے سبب بخشا جاؤنگا تب
حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم بہت متحیر ہوئے اوسی وقت حضرت جبرئیل علیہ السلام
حضرت کے پاس تشریف لائے اور فرمایا ختم الانبیا علیہ السلام یہ شیطان راست کہتا ہے کہ اس
دعا کا پڑھنے والا ضرور بخشا جاویگا اور یہ دعا اوس سے سیکھ لیجیے پہلے موت سے اور اللہ
تعالے نے وحی بھیجی حضرت کو کہ اے حبیب میرے یہ شیطان امید رکھتا ہے اپنی بخشش
کی اس دعا کی برکت سے مگر جب یہ مریگا اسکی زبان سے اس دعا کو بھلا دونگا اور دوزخ
مین داخل کردونگا ہان اگر آپ اپنی امت کیواسطے اس دعا کو اوس سے یاد کرلیں اور بعضون
نے یون روایت کی ہے کہ حضرت جبرئیل علیہ السلام نے یہ دعا حضرت کو سکھائی کہ آپکی امت
اس دعا کو پڑھا کرین اس دعا کی برکت سے آگ دوزخ کی اللہ تعالی حرام کردیگا تمھاری
امت کے اوپر وہ دعا یہ ہے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ اَللّٰهُمَّ يَا اِلٰهَ الْبَشَرِ وَيَا عَظِيْمَ
الْخَطَرِ وَيَا سَرِيْعَ الظَّفَرِ وَيَا مَعْرُوْفَ الْاَثَرِ يَا عَزِيْزَ الْمَنِّ يَا وَاسِعَ الْمَغْفِرَةِ وَيَا كَاشِفَ
الْغَمِّ وَيَا فَارِجَ الْهَمِّ وَيَا مَالِكَ يَوْمِ الدِّيْنِ وَبِحَقِّ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ
نَسْتَعِيْنُ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ دیگر مجھکو یہ دعا ولایتی مولوی نورالدین عالم باعمل سے

نقش یہ ہے اگر تیری رونق افروز تھے ہونی ہے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَللّٰهُمَّ
صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَعَلَى الْمَلَكَيْنِ مُنْكَرًا وَّنَكِيْرًا وَصَلِّ عَلٰى جِبْرِيْلَ وَمِيْكَائِيْلَ
وَاِسْرَافِيْلَ وَعِزْرَائِيْلَ وَصَلِّ عَلٰى كِرَامًا كَاتِبِيْنَ يَعْلَمُوْنَ مَا تَفْعَلُوْنَ
سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ
وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

از ینجا ترجمہ اسماء

وَمَنْ قَرَءَ هٰذِهِ الصَّلٰوةَ مَرَّةً وَاحِدَةً غَفَرَ اللّٰهُ تَعَالٰى الْوَالِدَيْنِ وَجَمِيْعَ
اَقْرِبَاءِ وَاُسْتَاذَانِ وَحِفْظِ الْاِيْمَانِ وَمَنْ قَرَءَ مَرَّتَيْنِ غَفَرَ اللّٰهُ تَعَالٰى جَمِيْعَ
اُمَّةِ جَمِيْعِ نَبِيِّهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ بِشَرْطِ بَقَاءِ الْاِيْمَانِ

باب سوم خواب مین دیکھنا جمال حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم کا اور ورد واسطے حاجات کا فرمایا اللہ تعالے نے یَا اَیُّهَا الْمُزَّمِّلُ قُمِ اللَّیْلَ الخ حکیم نے کہا جو کوئی خواب مین جمال حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھنا چاہے لازم کہ تا شروع عادت اور حسد اور کبر و ریا و منافشت دل سے دور کرے شب جمعہ اول شروع ماہ سے غسل کرے اور بعد نماز عشا کے بارہ رکعت نماز پڑھے اور ہر رکعت مین بعد فاتحہ کے سورہ مزمل پڑھے اور بعد پھیرنے سلام کے ہزار مرتبہ درود اوپر حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم کے پڑھکر خواب کرے پس دیکھے خواب مین جمال آنحضرت صلعم کا اور جواب دیوین جو کچھ پوچھے اگر نیت اور قصد نیک ہو **ایضاً** حکیم نے کہا کہ جو کوئی سورہ مزمل کو ہمیشہ پڑھے تو خدا ے تعالیٰ اوپر اوسکے اسباب دنیاوی اور کارہاے نیک دین کے فراخ کرے اور واسطے برآنے حاجت کے فرمایا اللہ تعالیٰ نے یَا اَیُّهَا الْمُدَّثِّرُ قُمْ فَاَنْذِرْ الخ حکیم نے کہا جو کوئی نصف شب جمعہ کو بعد نماز تہجد کے چار رکعت پڑھے اور ہر رکعت مین بعد فاتحہ کی سورہ مدثر

باب سوم خواب مین دیکھنا جمال حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم کا اور ورد واسطے حاجات ۱۲

تین مرتبہ پڑھے بعد ازان سلام بھیجے اور بعدہ سو مرتبہ اوپر حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم کے سلام کہے اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا نَبِیَّ اللّٰہِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اور خدائے تعالےٰ سے اپنی حاجت طلب کرے اللہ تعالیٰ اپنی فضل وکرم سے حاجت اور سوال کو قبول کرے اِنَّہٗ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ واسطے برآمد حاجت کے فرمایا اللہ تعالےٰ نے اِنَّآ اَنْزَلْنٰہُ فِیْ لَیْلَۃٍ مُّبٰرَکَۃٍ اِنَّا کُنَّا مُنْذِرِیْنَ فِیْھَا یُفْرَقُ کُلُّ اَمْرٍ حَکِیْمٍ ۝ اَمْرًا مِّنْ عِنْدِنَا ط اِنَّا کُنَّا مُرْسِلِیْنَ ط رَحْمَۃً مِّنْ رَّبِّکَ اِنَّہٗ ھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۝ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَیْنَھُمَا اِنْ کُنْتُمْ مُّوْقِنِیْنَ ۝ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ یُحْیٖ وَیُمِیْتُ رَبُّکُمْ وَرَبُّ اٰبَآئِکُمُ الْاَوَّلِیْنَ حکیم نے کہا جو کوئی شروع ماہ شعبان مین شب اول یا شب چہار دہم یا پانزدہم کو واسطے برآمد حاجات کے تین مرتبہ آیات مذکورہ کو پڑھکر سو مرتبہ درود اوپر محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم کے بھیجے اور جو حاجت ہو خدائے تعالےٰ سے طلب کرے جلد تر قبول ہو اور یہ عمل پرہیزگاری کے ساتھ کرے اور بلا سبب کسی کے نقصان کا ساعی نہو اِنَّہٗ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ واسطے برآمد حاجات کے فرمایا اللہ تعالیٰ نے سَبَّحَ لِلّٰہِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اِلیٰ قَوْلِہٖ عَلِیْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ اور آخر سورۂ حشر مین فرمایا اللہ تعالیٰ نے ھُوَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الیٰ آخر السورۃ حکیم نے کہا جو کوئی حاجت رکھے چاہیے کہ بعد غسل کے وضو کرے اور جامہ تو یا شوئیدہ پہنے اور روزہ رکھے اور بعد گزارنے نماز کے روبقبلہ بیٹھکر سو مرتبہ درود اوپر پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کے بھیجے اور سو مرتبہ استغفار کہے بعد ازان دو رکعت نماز ادا کرے رکعت اول مین بعد فاتحہ کے اول سورۂ حدید تا قولہٗ تعالیٰ عَلِیْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ اور رکعت دوم مین بعد فاتحہ کے سورۂ حشر آخر تک پڑھے پھر تشہد پڑھے اور دس مرتبہ اوپر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سلام کہے اور دس مرتبہ استغفار کہکر یہ دعا پڑھے یَا مَنْ کَفَانَا وَلَا کَذَا الحمد

غنی یا من ہو بیدہ مفاتیح الامور و ہو علی کل شیء قدیر
یا من یاس بالعسیر ... ایضا علیہ تیسیر یا مسبب کل
مسبب بالقدرۃ الظاہرۃ والعظمۃ القاہرۃ ... واسطے براید
حاجات کے فرمایا اللہ تعالی نے انا اعطیناک الکوثر فصل لربک
وانحر ان شانئک ہو الابتر حکیم نے کہا جو کوئی شب پنجشنبہ کو وقت آدھی
رات کے وضو کرکے بارہ رکعت نماز گزارے ہر رکعت مین بعد فاتحہ کے دس دس مرتبہ یہ
سورۃ پڑھے اور بعد فاتحہ کے جب یہ سورہ ہر رکعت مین پڑھ چکے پھر استغفار کہکر رکوع و
سجدہ کرے اور بعد فارغ ہونے نماز سے سجدہ کرے اور جو حاجت غنا و علم و مال و زیادتی صحت
و قوت سے رکھتا ہو خدا و تعالی سے التجا کرے پس خدائے تعالی اپنے فضل و کرم سے اوسکی
حاجت روا کریگا اور اسباب مین عجائب و اسرار بہت ہین دیگر درود واسطے حصول
زیارت حضرت پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کے خواب مین اللہم
صل علی سیدنا محمد و علی آل سیدنا محمد کما تحب و ترضی یہ درود
شریف میان غیاث الدین خان صاحب قبلہ و کعبہ مرشد کامل فقیر سے واسطے زیارت
آنحضرت صلعم بوقت عزم سفر حج بمقام بھرتپور عنایت ہوا تھا کہ بہ برکت اس درود شریف کے
اس عاصی کو زیارت آنحضرت صلعم کی اندر خواب کے مجکو نصیب ہوئی مجکو میرے مرشد نے اجازت
اسکی فرمائی اور مین کل مسلمانون کو اسکی اجازت دیتا ہون بیچ ذکر اشغال زیارت
صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمایا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جس نے دیکھا مجھے ایمان کے
ساتھ حرام ہوئی اوسپر دوزخ اور جسنے دیکھا مجھے خواب مین گویا دیکھا بیداری مین اسواسطے
کہ شیطان نہین بن سکتا صورت میری امام عمر بن حفص کو محمد بن عبد اللہ تمیم نے وقت
وفات اپنی کے یہ نماز سکھلائی اور فرمایا کہ مین نزدیک خانہ کعبے کے خضر سے سیکھی تھی کہ
بعد نماز مغرب کے نماز عشا تک نماز نفل پڑھا کرے ہر رکعت مین تین تین بار اخلاص

اور بعد فراغ نماز عشا کے دو رکعت پڑھے ہر رکعت مین سات بار اخلاص اور بعد سلام کے سات بار درود اور سات بار کلمہ تمجید اوسکے بعد ہاتھ اوٹھاکر یہ دعا پڑھے یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ یَا رَحْمٰنَ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ وَرَحِیْمَهُمَا یَا اِلٰهَ الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ یَا رَبِّ یَا رَبِّ یَا رَبِّ یَا رَبِّ یَا اللّٰهُ یَا اللّٰهُ یَا اللّٰهُ پھر پاک جگہ مین داہنے پہلو پر روبقبلہ درود پڑھتے سو رہے بفضل خدا زیارت نصیب ہووے ایضاً رات کو یہ دعا تین بار پڑھ کر سووے زیارت میسر ہووے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَللّٰهُمَّ رَبَّ الْحَلَالِ وَالْحَرَامِ وَرَبَّ الرُّکْنِ وَالْمَقَامِ وَرَبَّ الْمَشْعَرِ الْحَرَامِ بِحَقِّ کَلَامِكَ الَّذِیْ اَنْزَلْتَهٗ فِیْ شَهْرِ رَمَضَانَ بَلِّغْ رُوْحَ مُحَمَّدٍ عَلَیْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ مِنِّیْ تَحِیَّةً وَّسَلَامًا یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ یَا اَکْرَمَ الْاَکْرَمِیْنَ وَیَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ایضاً دو رکعت بعد عشا کے پڑھے اور بعد سلام کے سو بار درود پڑھے

واسطے زیارت قبر والدین کے

فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جو کوئی زیارت کرے اپنے مان باپ کی یا ایک کی اون دونون مین سے ہر ہفتے مین پھر پڑھے اونکی قبر کے پاس یٰسین تین دفعہ بخشتا ہے اللہ تعالے گناہ اونکے بقدر شمار ہر حرف کے اوس سے اور پڑھے یٰسین کو سات مرتبہ اور بخشے اپنے والدین کو پس زیارت ہوگی مان باپ کی خواب مین **نماز رضاء الوالدین** کتاب کیمیاے سعادت کی فصل بر الوالدین مین امام محمد غزالی علیہ الرحمۃ نے تحریر فرمایا ہے کہ دو رکعت نماز نفل پڑھکر ثواب اوسکا والدین کو بخشا کرے اور خلاصۃ الاوراد شاہ حسام الحق مین اوسکی ترکیب یہ لکھی ہے کہ نیت دو رکعت نماز کی بلفظ نفل رضاء الوالدین کے کرے اور ہر رکعت مین آیۃ الکرسی تا لفظ العلی العظیم ایکبار اور سورۂ اخلاص تین بار پڑھے دونون سلام کے ہاتھ اوٹھاکر یہ دعا پڑھے اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ صَلَّیْتُ هٰذِهِ الصَّلٰوةَ قَدْ جَعَلْتُ ثَوَابَهَا لِوَالِدَیَّ یَا عَلِیْمُ یَا قَدِیْرُ اغْفِرْ لِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَارْضِهِمَا مِنِّیْ اِنَّكَ عَلٰی کُلِّ

شَیْءٍ قَدِیْرٌ واسطے حافظہ رہنے کے اور اگر کسی کا ذہن کم ہو اور کوئی چیز یاد نہیں رہتی ہو تو واسطے حافظہ کے بھی پڑھنا اسکا بہت مجرب ہے کہ چار رکعت نماز نفل پڑھے شب جمعہ میں کہ پہلی رکعت میں بعد الحمد کے پڑھے یٰسین ایکبار اسی طرح سے دوسری رکعت میں اور اسیطرح سے تیسری رکعت میں اور اسیطرح سے چوتھی رکعت میں اور سلام پھیرے اور دعا مانگے ذہن کشادہ ہو ویگا انشاءاللہ تعالیٰ اور ایک خاصیت اس سورۂ شریف کی یہ ہے کہ جسکا کچھ اسباب یا اور کوئی چیز چوری ہو جاوے اور اُسکو یہ گمان ہو کہ فلانے آدمی نے چیز چورائی ہے پس چور کے پہچاننے کے واسطے دو شخص آمنے سامنے بیٹھیں اور بدہنی کو انکے درمیان میں تھامے رہیں اور کلمے کی دونوں اونگلیوں پر اوٹھائے رہیں اور جسپر چوری تہمت ہو اوسکا نام کاغذ پر لکھکر بدھنی کی ٹونٹی میں رکھے اور سورۂ یٰسین کو سن المکرمین تک پڑھے سو اگر وہی شخص چور ہے گا تو بدھنی گھوم جاویگی اور اگر نہ گھومے اوسکا نام مٹا کر دوسرے کا نام لکھو پس اسیطرح ہر شخص کا نام لکھے یہاں تک کہ لوٹا گھوم جاویگا مگر کتابوں میں ہے کہ جو شخص یہ عمل کرے یا ایسا کوئی اور عمل کرکے چور پر مطلع ہو تو اوسپر واجب ہے کہ اوسکے چور اننے پر یقین نکرے اور اوسکو بدنام بھی نکرے بلکہ قرآن کی پیروی کرے کہ یہ عمل ہے اتباع قرآن کا ایک طریقہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے سورۂ بنی اسرائیل میں فرمایا ہے کہ مت پیچھے پڑو اوس چیز کے جسکا تمکو یقین نہیں مقرر کان اور آنکھ اور دل ہر ایک کا سوال کیا جاویگا دیگر اور جو شخص پڑھے اس سورۂ یٰسین کو مبین در مبین پڑھے وقت رات کے بعد نماز عشا کے تین بار اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار اور پڑھے ہمیشہ کہ کبھی ترک نکرے اگر بیماری میں قضا ہو جاوے تو قضا کرے پس اللہ تعالیٰ اوسکو غیب سے روزی پہونچاویگا کہ کسی کو معلوم نہوگا کہ کہاں سے کھاتا ہے اور سب آدمی تابعدار اور فرمانبردار اور مطیع ہو وینگے اور فتوحات بدرجہ کمال ہوینگی مگر اس طرح سے پڑھے کہ جب سورۂ یٰسین کو اول مبین تک پڑھ چکے پھر اول سے شروع کرے جب دوسرے مبین پر پہونچے پھر اول سے شروع کرے جب تیسرے مبین پر پہونچے پھر اول سے شروع

خاصیت سورۂ یٰسین کی واسطے حافظہ رہنے کے

خاصیت سورۂ یٰسین کا واسطے روزی اور مطیع ہونے کے

کرے جب چوتھی مبین پر پہونچے پھر اول سے شروع کرے جب پانچوین مبین پر پہونچے پھر اول سے
شروع کرے جب چھٹی مبین پر پہونچے پھر اول سے شروع کرے جب ساتوین مبین پر پہونچے آخر
تک پڑھے اسی طرح اس سورۂ شریف کو پڑھے پھر دیکھیگا کہ کیا کچھ لطف اور فرحت حاصل ہوتا
ہے اس مین خاصیت اس سورۂ شریف کی بہت ہین مگر مختصر کر کے بہت لکھی گئی فوائد و فضیلت
درود شریف جاننا چاہیے کہ فوائد درود کے بہت ہین مگر جو احادیث صحیح اور روایات
معتبرہ سے ثابت ہوتا ہے اسجگہ تھوڑا سا بیان کیا چاہیے تاکہ فائدہ حاصل ہووے سو عمدہ
فائدہ یہ ہے کہ اگر کوئی ایک دفعہ حضرت پر درود بھیجے تو خدا تعالیٰ اور فرشتے اوسکے
اوپر دس دفعہ درود بھیجتے ہین اور دس درجہ اوسکے بلند ہوتے ہین اور دس نیکیان اوسکے
واسطے لکھی جاتی ہین اور دس بدیان اوسکی محو ہو جاتی ہین اور دعا اوسکی قبول ہوتی ہے اور
شفاعت حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی اوسپر واجب ہو جاتی ہے اور قیامت کو حضرت صلعم کے پاس
جگہ ملیگی اور جنت مین حضرت کے پاس رہیگا اور سختی کے وقت حضرت اوسکے کام آوینگے
اور پڑھنا درود کا دنیا مین سب حاجتون کو روا کرتا ہے اور اوسکے پڑھنے سے مغفرت گناہون
کی ہوتی ہے اور پڑھنا اوسکا قائم مقام صدقہ کے ہو جاتا ہے اور ہر سختی اوسکی برکت سے
دور ہو جاتی ہے اور اوسکے پڑھنے سے بیمار کو شفا ہو جاتی ہے اور اسکے پڑھنے سے دشمن پر
فتح ہوتی ہے اور رضائے الٰہی حاصل ہوتی ہے اور اسکے پڑھنے سے محبت اللہ اور رسول
کی دل مین پیدا ہوتی ہے اور ملائکہ ہر وقت درود پڑھنے والے پر رحمت بھیجا کرتے ہین
اور صفائی قلب کی حاصل ہوتی ہے اور مال اور گھر مین برکت ہوتی ہے اور درود پڑھنے
والے کی کئی پشت مین برکت کا ظہور ہوئے جاتا ہے اور سکرات موت سے اوسکو نجات
ہوتی ہے اور ہول قیامت سے امن مین رہیگا اور اوسکے پڑھنے والے کو دنیا مین نجات
دیجیے اور اوسکی برکت سے بھولا ہوا خواب یاد آ جاتا ہے اور فقر دور ہو جاتا ہے اور پڑھنے والا
اسکا بخیل نہین کہلاتا ہے اور جس مجلس مین درود پڑھا جاتا ہے تو تمام اہل مجلس کو رحمت ندا کی

[illegible] کی ۱۲

ڈھانک لیتی ہے اور اوسکے پڑھنے والے کے واسطے پل صراط پر نور سب سے زیادہ ہوتا ہو
اور اوسکے پڑھنے والے کے پل صراط پر قدم ٹھہر جاوینگے اور طرفۃ العین مین اوسپر سے
گزر جاویگا اور حضرت کی مجلس مین نام اوسکا لیا جاتا ہو اور اوسکے پڑھنے والے کو حضرت
محبت ہو جاتی ہو اور اوسکے پڑھنے کو حضرت کی زیارت خواب مین میسر ہوتی ہو اور روز
قیامت کے مصافحہ بھی حضرت کا اوسکو نصیب ہوگا اور فرشتے بھی قیامت کے دن اوس سے
مصافحہ کرینگے اور مرحبا کہین گے اور فرشتے درود کو چاندی اور سونے کے قلم سے دفتر پر
لکھتے ہین اور پھر اوسکے واسطے حق تعالے سے بہت نیکی چاہتے ہین اور بہت مغفرت طلب کرتے
ہین اور حضرت کے پاس اوسکا درود پہونچاتے ہین اسی طرح سے کہ فلان فلان شخص نے آپکو
سلام کہا ہے اور اگر کوئی قبر مبارک پر جاکر سلام کرے تو حضرت بھی اوسپر سلام کرتے ہین
اور حضرت کا سلام اگر کسی پر ہو جاوے تو لاکھ کرامات سے اپنے حق مین بہتر سمجھے اور خاصیت
درود کی یہ ہو کہ اسکے پڑھنے والے کے گناہ تین دن تک نہین لکھتے ہین اسواسطے کہ شاید
یہ توبہ کرے تو گناہ نیست ہو جاوین اور اوسکی برکت سے عرش کے سایے مین کھڑا کیا جاویگا
اور قیامت کے اسکے پڑھنے والے کی ترازو بھاری ہو جاویگی اور پیاس سے اوسکو اوس
دن امن ہوگا اور حضرت نے بعضے بزرگون کا خواب مین منھ بھی چوم لیا ہے یعنے بوسہ لیا بسبب
اسکے کہ وہ لوگ درود بہت پڑھا کرتے تھے اور جسکے کان مین شور اور غل رہتا ہو تو اوسکو چاہئے
کہ درود بہت پڑھا کرے اور بعد اسکے یعنے درود کے یہ کلمے کہے ذکر اللہ بخیر من ذکرنی
ودیگر بعد از تلاوت قرآن اس دعا کو پڑھے اگر سہو یا غلطی ہوئی ہو پڑھنے اعراب سے
خداوند تعالی بخشے عذاب نکرے اس دعا کی برکت سے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَللّٰهُمَّ
مَا كَانَ مِنَّا فِيْ تِلَاوَةِ الْقُرْاٰنِ مِنْ خَطَاءٍ اَوْ سَهْوٍ اَوْ نُقْصَانٍ اٰيَةٍ اَوْ تَرْكِ
مَدٍّ اَوْ تَشْدِيْدٍ اَوْ تَحْرِيْفِ كَلِمَةٍ فَاغْفِرْ لَنَا يَا اللّٰهُ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ قُرْاٰنَ لَنَا قَرِيْنًا
وَفِي الْقَبْرِ مُؤْنِسًا وَفِي الصِّرَاطِ جَوَازًا وَفِي الْقِيَامَةِ شَفِيْعًا وَفِي الْمِيْزَانِ ثَقِيْلًا

وَمِنَ النَّارِ رِجَابًا وَفِی الْجَنَّةِ رَفِیقًا وَصَلَّی اللّٰهُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ
اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ اِلٰهِی لَئِنْ اخطات جهل فربما رجوتدی
حتی قیل ما هو دیگر اگر کوئی یا لطیف اللطیف لطیف یہ اسم اس طریق پڑھے ہر ہفتے تین شب
احیا لاوے یعنی اول شب چہارشنبہ اور شب پنجشنبہ و شب جمعہ طریق یہ ہے شب اول دوگانہ
محمد مصطفے صلے اللہ علیہ وسلم کا گزارے اول رکعت مین بعد فاتحہ کے والضحیٰ اور رکعت دوم
مین فاتحہ والم نشرح بعدہ سلام دیوے بیٹھکر اپنے آگے خط قبر محمد مصطفے صلی اللہ علیہ وسلم
کا کھینچے بعدہ توجہ اوپر اوس خط کے کرے عین حضور محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم کو جانے
و یا لطیف ہزار بار پڑھے بعدہ چھ سو چالیس بار پڑھے اللطیف بعدہ چھ سو ساٹھ بار لطیف پڑھے
بعدہ جو احوال کہ ہو آگے قبر محمد مصطفے صلی اللہ علیہ وسلم کے عرض کرے اور اپنے اوپر تشفیع
لاوے اوس وقت مراقبہ کرے اور یہ اسم کہے اَللّٰهُ حاضری اَللّٰهُ ناظری اَللّٰهُ یعنی ساعة
دو ساعة پس جو کچھ مقصد رکھے مراقبہ مین دیکھے یا خواب مین دیکھے اور بعد چند روز گردا کے
یہ طریق باطن کا اوسکو ایسا روشن ہو کہ تمام معائنہ مراقبہ مین دیکھے اور اس طریق کو مکاشفہ
روح کہتے ہین اور معائنہ جسکو یہ ظاہر ہوا احوال مردمان کا تمام خدائے تعالیٰ اوسکو معلوم
کرے بحرمت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم کے دیگر دعائے ابوالہم نقل ہے کہ جو کوئی
ان شکل کو لکھکر اپنے پاس رکھے کوئی آسیب اوسپر نہ پہونچے اور نہ کوئی حربہ اوسپر کارگر
ہو دعا یہ ہے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَلَا یَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ
فَاللّٰهُ خَیْرٌ حَافِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ لَهٗ مُعَقِّبَاتٌ مِّنْۢ بَیْنِ یَدَیْهِ وَمِنْ
خَلْفِهٖ یَحْفَظُوْنَهٗ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ اِنَّ رَبِّیْ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ حَفِیْظٌ اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ
وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ وَحَفِظْنٰهَا مِنْ كُلِّ شَیْطٰنٍ رَّجِیْمٍ وَحِفْظًا مِّنْ كُلِّ شَیْطٰنٍ
مَّارِدٍ اِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَیْهَا حَافِظٌ اِنَّ بَطْشَ رَبِّكَ لَشَدِیْدٌ اِنَّهٗ هُوَ یُبْدِئُ
وَیُعِیْدُ هَلْ اَتٰىكَ حَدِیْثُ الْجُنُوْدِ فِرْعَوْنَ وَثَمُوْدَ بَلِ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا

فِي تَكْذِيبٍ وَّاللّٰهُ مِنْ وَّرَائِهِمْ مُّحِيطٌ ۝ بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِيدٌ ۝ فِي لَوْحٍ مَّحْفُوظٍ ۝ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ ۝ **دیگر دعاے جامع الکلام** روایت ہے حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ آنحضرت نے فرمایا کہ ہر چیز کا ایک سر ہے اور سر اس دعا کا ہے حضرت امیر المومنین علی ابن ابی طالب نے اس دعا کا نام جامع الکلام رکھا یعنی جو کچھ مقصود ہر کلام اس دعا سے حاصل ہے اور امام حسین علیہ السلام نے فرمایا کہ تمام دعوات و رحمت اس دعا مین لکھی ہے اور فواص اس دعا کا بہت ہے اور فضیلت بیشمار جو کوئی مومن ہر اس دعا کو پڑھے اور ورد اپنا کرے تخصیص در حالت ماندگی و پریشانی و قصد ادا کرنے اور تمام حاجتون کے یہ دعا ہے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ اَللّٰهُمَّ اَحْمَدُكَ عَلٰى كُلِّ نِعْمَةٍ وَّاَسْتَغْفِرُكَ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ وَّاَسْئَلُكَ مِنْ كُلِّ خَيْرٍ وَّاَسْتَعِيذُ بِكَ مِنْ كُلِّ شَرٍّ وَّبَلَاءٍ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيمِ **دیگر دعا جامہ نو پہنے کی** جس وقت کہ جامہ نیا پہنے اس دعا کو پڑھے اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ ثَوْبَ يُمْنٍ وَّبَرَكَةٍ اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِي بِهٖ شُكْرَ نِعْمَتِكَ وَحُسْنَ عِبَادَتِكَ وَالْعَمَلَ بِطَاعَتِكَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي رَزَقَنِي مَا اَسْتُرُ بِهٖ عَوْرَتِي وَاَتَجَمَّلُ بِهٖ فِي النَّاسِ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ ۳ ایکنوبت نصف شب گزرے بعد پڑھے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيمِ وَتَوَكَّلْتُ عَلَى الْحَيِّ الْقَيُّومِ **دیگر دعا عمامہ مین رکھنے کیواسطے** حضرت امیر المومنین علی علیہ السلام سے منقول ہے کہ جو کوئی اِس دُعا کو اپنے عمامہ مین نگاہ رکھے نظر حکام و سلاطین و خلائق مین عزیز و مکرم و محترم ہو اور شر اعدا و سلطان اور تمام بلیات سے محفوظ رہے دعا یہ ہے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ يَا هُوَ يَا مَنْ هُوَ هُوَ يَا مَنْ لَيْسَ هُوَ اِلَّا هُوَ يَا حَيُّ يَا قَيُّومُ يَا حَيُّ لَا يَمُوتُ يَا حَيُّ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّكُنْ اَلْخُذَلَانِ دُرْعًا حَصِينًا وَّحِصْنًا مَّنِيعًا يَا رَبَّ الْعَالَمِينَ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَجْمَعِينَ ۝ ۱۱۱۵ ااکمیہ ۱۱۱۱ ھو یا بُدُّوحُ یا یُدَّوحُ یا بُدُّوحُ

دعا واسطے جامع الکلام در واسطے حاجت روائی کے

دعا جامہ نو پہننے کی

دعا واسطے رکھنے عمامہ مین واسطے عزیز و مکرم رہنے کے بیچ حکام کے

دیگر واسطے برآنے حاجات کے اگر چاہے تو کہ حاجت تیری خلائق سے نکلے اور درمیان خلق ساتھ عظمت او ہیبت کے ہے تو یہ حروف ات لکھکر اپنے پاس رکھ او قدرت حق تعالیٰ مشاہدہ کر حجما کلملحلیے سح مر ۵۵۵ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْمَلِكُ الْحَقُّ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَكَفٰى سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ دَعَا لَيْسَ وَرَاءَ اللّٰهِ مُنْتَهٰى

دیگر دعاے بزرگوار شیخ قدرت اللہ سے منقول ہے مستحب ہر اس دعا کو بعد نماز عصر روز جمعہ اور ہرچند کہ نماز عصر کی نزدیکتر ہو افضل ہے ابو جعفر علیہ السلام سے روایت ہے کہ جو کوئی اس دعا کو بعد نماز عصر کے پڑھے حق سبحانہ وتعالیٰ واسطے اوسکے سو ہزار نیکی لکھے اور سو ہزار گناہ اُسکے محو کرے اور سو ہزار حاجت روائی اوسکی کرے اور سو ہزار درجہ اوسکے واسطے بلند کرے دعا یہ ہے اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ اِلٰى الْاَوْصِيَاءِ الْمَرْضِيِّيْنَ بِاَفْضَلِ صَلَوٰتِكَ وَبَارِكْ عَلَيْهِمْ بِاَفْضَلِ بَرَكَاتِكَ وَعَلَيْهِمُ السَّلَامُ وَعَلٰى اَزْوَاجِهِمْ وَاَجْسَادِهِمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ

دیگر واسطے برآنے حاجات کے واسطے جس مطلب او حاجت کے چاہے مداومت کرے بہت مجرب ہے نَجَاتَ مِنْكَ سَيِّدِ الْكَرِيْمِ خَلَصْنَا بِحَقِّ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

دیگر واسطے حصول مرادات وحاجات کے ابی جعفر علیہ السلام سے منقول ہے کہ جو کوئی ثلث ثانی ماہ رمضان تخصیص شب نوزدہم کو مصحف لیوے اور رکھوے اور کہے اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِكِتَابِكَ الْمُنْزَلِ وَمَا فِيْهِ اِسْمُكَ الْاَعْظَمُ الْاَكْبَرُ وَاَسْمَاءُكَ الْحُسْنٰى وَمَا يُخَافُ وَيُرْجٰى اَنْ تَجْعَلَنِیْ مِنْ عُتَقَاۤئِكَ مِنَ النَّارِ جو مراد کہ چاہے حاصل ہومینہ

دیگر دعاے عظیم القدر روایت ہے عمرو بن شعیب سے کہ اوس نے جد اپنے سے روایت کیا کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جبرئیل علیہ السلام میرے پاس آئے مسرور او فرحناک اور کہا السلام علیک یا محمد کہا مین نے وعلیک السلام یا جبرئیل علیہ السلام پس کہا حق سبحانہ تعالیٰ نے ہدیہ واسطے تیرے بھیجا ہے مین نے کہا یا جبرئیل

دعا واسطے برآنے حاجات

دعا واسطے بلند ہونے درجات

دعا واسطے برآنے حاجات

دعا واسطے حصول مرادات وحاجات

دعاے عظیم القدر

وہ ہدیہ کونسا ہے کہا کہ چند کلمات عرش سے کہ حق تعالے نے تجکو بہاتہ اوسکے اکرام فرمایا اور کرامت کیا مین نے کہا وہ کلمات کون سے ہین کہا یہ ہین یَا مَنْ اَظْهَرَ الْجَمِيْلَ وَ سَتَرَ الْقَبِيْحَ يَا مَنْ لَّمْ يُؤَاخِذْ بِالْجَرِيْرَةِ وَلَمْ يَهْتِكِ السِّتْرَ يَا عَظِيْمَ الْعَفْوِ يَا حَسَنَ التَّجَاوُزِ يَا وَاسِعَ الْمَغْفِرَةِ يَا بَاسِطَ الْيَدَيْنِ بِالرَّحْمَةِ يَا صَاحِبَ كُلِّ نَجْوٰى وَمُنْتَهٰى كُلِّ شَكْوٰى يَا كَرِيْمَ الصَّفْحِ يَا عَظِيْمَ الْمَنِّ يَا مُبْتَدِئًا بِالنِّعَمِ قَبْلَ اسْتِحْقَاقِهَا يَا رَبَّنَا وَيَا سَيِّدَنَا وَيَا مَوْلَانَا وَيَا غَايَةَ رَغْبَتِنَا اَسْئَلُكَ يَا اَللّٰهُ اَنْ لَّا تُشَوِّهَ خَلْقِيْ بِالنَّارِ وَاَنْ تَغْفِرَ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ وَ اَنْ تُعْطِيَنِيْ حَوَائِجَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهِ الطَّيِّبِيْنَ ٭ پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے جبریل ثواب ان کلمات کا کیا ہے کہا یا رسول اللہ اگر ملائکہ سات طبق آسمانی اور زمین کے جمع ہون اور ہر ایک وصف اوسکے ثواب کا کرین روز قیامت تک ہزار جزو ثواب ہ ایک جزو کا بیان نکر سکین پس بندہ کہے یَا مَنْ اَظْهَرَ الْجَمِيْلَ وَسَتَرَ الْقَبِيْحَ حق سبحانہ تعالیٰ گناہان اوسکے استر کرے اور رحمت بھیجے اوسپر دنیا و آخرت مین اور جو کہے یَا مَنْ لَّمْ يُؤَاخِذْ بِالْجَرِيْرَةِ وَلَمْ يَهْتِكِ السِّتْرَ حق تعالیٰ روز قیامت مین حساب و سکا نکرے اور پردہ رکھے جسوقت کہ وہ پھارا جاوے اور جو کہے یَا عَظِيْمَ الْعَفْوِ حق تعالیٰ تمام گناہ اوسکے اگرچہ کف دریا کے برابر ہون بخشے اور جو کہے یَا حَسَنَ التَّجَاوُزِ حق تعالیٰ شر اوسکے سے درگذر ہے یہانتک کہ چوری و شرب و خمر وغیرہ کبائر سے اور جو کہے یَا وَاسِعَ الْمَغْفِرَةِ حق سبحانہ تعالیٰ ستر دروازے رحمت کے اوسکے واسطے کھولے کہ وہ خدا کی رحمت مین غرق ہو اور ایسا غرق رحمت الٰہی ہو جبتک دنیا سے باہر جاوے اور جو کہے یَا بَاسِطَ الْيَدَيْنِ بِالرَّحْمَةِ حق تعالیٰ ساتھ ہاتھ احسان اپنی رحمت اپنی کو اوسپر بچھاوے اور جو کہے یَا صَاحِبَ كُلِّ نَجْوٰى وَمُنْتَهٰى كُلِّ شَكْوٰى حق تعالیٰ ثواب ہر مصیبت زدہ و ہر بیماری و ہر ضرر یافتہ اور ہر غریب اور ہر فقیر و ہر صاحب

مصیبتی کا قیامت روز قیامت کرامت فرماوے اور جو کہے یَا کَرِیْمَ الصَّفْحِ حق تعالیٰ کرامت تمام انبیاؤ نکی اوسکو عطا فرماوی اور جو کوئی کہے یَا مُبْتَدِئًا بِالنِّعَمِ قَبْلَ اِسْتِحْقَاقِهَا حق تعالیٰ فرزند یوی اوسکو جیسا شکر نعمت اوسکی کا کیا اور جو کہے یَا رَبَّنَا وَیَا سَیِّدَنَا حق تعالیٰ فرماتا ہی کہ ای فرشتو میرے گواہ رہو مین نے بخشا اوسکو اور اجر دیا مین نے اوسکو بعدد اتنی کہ پیدا کی مین نے بہشت و دوزخ و ہفت آسمان و ہفت زمین اور بعدد آفتاب و ماہ و ستارگان و قطرہای باران و انواع خلقان و بعدد کوہہا و سنگہا وغیرہ و بعدد عرش و کرسی اور جو کہے یَا مَوْلَانَا حق سبحانہ تعالیٰ دل اوسکا ایمان سے بھرے اور جو کہے یَا غَایَةَ رَغْبَتِنَا حق تعالیٰ عطا فرماوے رغبت اپنی مثل رغبت تمام خلائق کے اور جو کہے اَسْئَلُكَ بِاللّٰهِ اَنْ لَا تُشَوِّهَ خَلْقِیْ بِالنَّارِ جبار عالم کہے کہ بندہ میرا مجھ سے طلب آزادی کی کرتا ہے دوزخ سے ای فرشتے میرے تم گواہ رہو کہ مین نے آزاد کیا آگ دوزخ سے اوسکو مع باپ و مان و برادر و مہمایہ اوسکی کو شفاعت دی مین نے پس ای محمدیہ متقیون کو تعلیم کر اور منافقون کو مت کر ہیچ بیان اور اد آمرزش گناہون کے روایت ہے کہ بعد نماز پنجگانہ کے اور اگر نہ ہو سکے تو صرف نماز صبح کے بعد تینتیس بار سُبْحَانَ اللّٰهِ تینتیس بار اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ چونتیس بار اَللّٰهُ اَکْبَرُ پڑھکر ایکبار کلمۂ توحید پڑھے خدائے تعالیٰ جملہ گناہان اوسکے بخشے اگرچہ ریگ بیابان و برگ درختان اور کف دریا سے زیادہ ہون ایضًا حضرت ابابکر صدیق سے مروی ہے نماز کفارہ گناہون کی چار رکعت بیک سلام پڑھے تین تین بار پہلی رکعت مین سبح اسم دوسری مین الم نشرح تیسری مین انا انزلنا چوتھی مین اخلاص اور بعد سلام کے سجدے مین کہے اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْعَوَّادُ اِلَی الْمَغْفِرَةِ وَاَنَا الْعَوَّادُ اِلَی الْمَعَاصِیْ فَاِنْ لَمْ تَعْصِمْنِیْ لَا اَعُوْدَنَّ مَرَّةً بَعْدَ مَرَّةٍ لَا تَعُقْهَا اَللّٰهُمَّ اِلَّا اَنْتَ ایضًا حضرت معروف کرخی نے فرمایا کہ ہر روز تین بار کسی نماز کے پیچھے دعا کرے اَللّٰهُمَّ اَصْلِحْ اُمَّةَ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَللّٰهُمَّ ارْحَمْ اُمَّةَ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ اُمَّةَ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

اَللّٰھُمَّ سَلِّمْ اُمَّۃَ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَللّٰھُمَّ فَرِّجْ عَنْ اُمَّۃِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ
عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بخشے جائیں گناہ اگرچہ بے انتہا ہوں **ایضاً** بعد ہر نماز کے ہاتھ اٹھا کر یہ
پڑھنا موجب مغفرت کا ہے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ
الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الْمَلِکِ الْحَقِّ الْمُبِیْنِ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ الْمَغْفِرَۃَ اَنْتَ الْغَفَّارُ
بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ۞ **ایضاً** ارشاد حضرت قاضی عبدالکریم بگرامی قدس اللہ
سرہ سے ہے کہ بعد نماز ہر فریضے کے ہاتھ اوٹھا کر پڑھنا موجب مغفرت و مفاد دارین کا
ہے اَللّٰھُمَّ احْفَظْنَا مِنْ جَمِیْعِ الْعِلَّۃِ فِی الْغُرْبَۃِ وَالْمَذِلَّۃِ عِنْدَ الشَّیْبَۃِ وَالتَّس
عِنْدَ الْخَاتِمَۃِ وَالْفَضِیْحَۃِ فِی الْعَاقِبَۃِ بِحَقِّ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ

بیان تسبیح فاطمہؓ من جناب حضرت فاطمۃ الزہرا سے ارشاد ہے کہ اس تسبیح کے
پڑھنے سے گناہ بخشے جاتے ہیں اور ثواب عظیم ہوگا بعد نماز پنجگانہ کے سو سو بار پڑھے
وقت صبح کے لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْمَلِکُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ لَیْسَ کَمِثْلِہٖ شَیْءٌ وَّھُوَ السَّمِیْعُ
الْعَلِیْمُ ۞ وقت ظہر کے درود وقت عصر کے استغفار وقت مغرب کے کلمہ طیب وقت عشا کے
کلمہ تمجید نوع دیگر بعد ہر نماز پنجگانہ کے تینتیس بار سُبْحَانَ اللّٰہِ اور اسی قدر اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ
اور چونتیس بار اَللّٰہُ اَکْبَرُ سو بار سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ وَسُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ
وَبِحَمْدِہٖ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّاَتُوْبُ اِلَیْہِ **بیچ ذکر محبت خدائے
عزوجل کے** اکثر عاشقان خدا سے منقول ہے اَللّٰھُمَّ قَلِّبْ قَلْبِیْ اِلٰی مَا تُحِبُّ
وَتَرْضٰی کثرت سے پڑھنا موجب رجوع قلب الی اللہ ہو **ایضاً** اَللّٰھُمَّ حَرِّقْ قَلْبِیْ
بِنَارِ عِشْقِکَ وَارْزُقْنِیْ اِزْدِیَادَ مُحَبَّتِکَ حَتّٰی لَا یَبْقٰی شَیْءٌ غَیْرُکَ موجب
فرط محبت کا ہے **ایضاً** اکثر کہنا اَللّٰہُ حَاضِرِیْ اَللّٰہُ نَاظِرِیْ اَللّٰہُ شَاھِدِیْ
اَللّٰہُ مَعِیْ **ایضاً** بعد ہر نماز پنجگانہ کے ایک بار پڑھنا لَقَدْ جَآءَکُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِکُمْ
عَزِیْزٌ عَلَیْہِ مَا عَنِتُّمْ حَرِیْصٌ عَلَیْکُمْ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ ۞ فَاِنْ

توکلوا فقل حسبی اللہ لا الہ الا ھو علیہ توکلت و ھو رب العرش
العظیم ۝ **باب چہارم** دریافت کرنے احوال غائب و کارہای آیندہ و مشتبہ کا اور
دریافت احوال اہل و عیال کا اور پہونچنا ساتھ کیمیا کے **واسطے دریافت کرنے**
احوال غائب اور جو کچھ حاملہ کے شکم مین ہی فرمایا اللہ تعالیٰ نے یعلم ما
تحمل کل انثیٰ و ما تغیض الارحام و ما تزداد و کل شیء عندہ بمقدار
عالم الغیب و الشہادۃ الکبیر المتعال ۝ حکیم نے کہا جو چاہی کہ احوال غائب یا جگہ دفینہ
یا شکم حاملہ او صحت بیماری یا موت کا معلوم کرے لازم کہ بروز دوشنبہ غسل کرکے روزہ رکھی
اور شب سہ شنبہ کو بھی غسل کری اور بروز سہ شنبہ وقت صبح پہلے طلوع ہونے آفتاب سی آیات مذکور
کو جامہ سبز مین ساتھ گلاب و زعفران کے لکھی اور عود و عنبر کا دھوان دیکر معطر کری اور کسی خیمہ مین اوسکو
پیچیدہ کرے تاکہ نظر آفتاب و آدمی کی اوسپر نہ پڑی شب چہار شنبہ کو بعد نماز عشا کے سووی اور
کہی یا عالم خفیات الامور یا من ھو علیٰ کل شیء قدیر ۝ اطلعنی علیٰ ما اریدہ
انک علیٰ کل شیء قدیر ۝ بعدہ ذکر خداوند تعالیٰ کا کرے اور رقعہ پیچیدہ زیر بالین رکھی
اور سو رہی اور خواب مین کسی کو دیکھی کہ اوسکی حاجت پر اوسکو آگاہ کرے اور اگر حاجت نہ بر آوی
تو بروز پنجشنبہ پھر روزہ رکھے اور شب جمعہ کو بعد غسل کے دعا پڑھے اور سووے کہ خواب
مین اوسکی حاجت پر اوسکو خبردار کرے **واسطے دریافت کرنے اور سکھانے**
حقیقت کیمیا کے سورہ رعد رکوع سوم مین فرمایا اللہ تعالیٰ نے انزل من
السماء ماء فسالت اودیۃ بقدرھا فاحتمل السیل زبدا رابیا و مما
یوقدون علیہ فی النار ابتغاء حلیۃ او متاع زبد مثلہ کذلک یضرب
الحق و الباطل فاما الزبد فیذھب جفاء و اما ما ینفع الناس فیمکث فی
الارض کذلک یضرب اللہ الامثال للذین استجابوا لربھم الحسنیٰ
والذین لم یستجیبوا لہ لو ان لھم ما فی الارض جمیعا و مثلہ معہ لافتدوا

بِهٖ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ سُوْٓءُ الْحِسَابِ وَمَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ط وَبِئْسَ الْمِهَادُ ط حکیم نے کہا
خاصیت ان آیات کی یہ ہے کہ جو کوئی علم صنعت کیمیا کا سیکھا چاہے تو آیات مذکورہ کو مدت
چالیس روز و چالیس شب اسی مرتبہ پڑھ کر سویا کرے یَا مُظْهِرَ الْعَجَائِبِ وَمُعَلِّمَ الْاِ
نْسَانِ مَا لَمْ يَعْلَمْ وَمُعِيْنَ الْبَائِسِ الْفَقِيْرِ دَلِيْلَ الْحَائِرِيْنَ بِمَشِيَّتِهٖ وَهُوَ عَلٰى
كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ه اَسْاَلُكَ عَلٰى مَا عِنْدَكَ وَمَا عَقَدْتُ عَلَيْهِ ضَمِيْرِيْ خواب
مین یا بیداری مین اوسکو غیب سے آگاہ کیا جاوے اور جو اوسکے نصیب مین نہو تو منع کیا جاوے
وَاللّٰهُ يُؤْتِي الْحِكْمَةَ لِمَنْ يَّشَاۗءُ اِنَّهٗ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ **واسطے دریافت
کرنے احوال اہل و عیال کے** فرمایا اللہ تعالٰے نے يٰبُنَيَّ اِنَّهَآ اِنْ تَكُ
مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ فَتَكُنْ فِيْ صَخْرَةٍ اَوْ فِي السَّمٰوٰتِ اَوْ فِي الْاَرْضِ يَاْتِ
بِهَا اللّٰهُ اِنَّ اللّٰهَ لَطِيْفٌ خَبِيْرٌ ط حکیم نے کہا جو پوشیدہ ہو اہل و عیال اور فرزند کا اور اونسے
جدا ہووے تو چاہیے کہ ان آیات کو اوپر کاغذ مہرہ دار کے شب جمعہ اول ماہ شعبان مین
لکھکر زیر سر اپنے رکھے بعد گزارنے نماز فریضہ اور نفل کے اور وقت رکھنے کے یہ پڑھے سُبْحَانَ
مَنْ لَا يَخْفٰى عَلَيْهِ خَافِيَةٌ سُبْحَانَ مَنْ لَا يَظْهَرُ قُدْرَتُهٗ سُبْحَانَ مَنْ بِيَدِهٖ
الْقُلُوْبُ وَالْاَفْوَاهُ فَلَا يَنْطِقُ اِلَّا بِاَمْرِهٖ جو کچھ پوشیدہ ہے خواب مین اوسپر ظاہر
ہووے مثل بیداری کے وَاللّٰهُ قَادِرٌ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ مُّحِيْطٌ ط **واسطے ظاہر ہونے
علم کیمیا کے جو آدمی کی نظر سے پوشیدہ ہے** قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ
تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَاۗءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَاۗءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَاۗءُ وَتُذِلُّ
مَنْ تَشَاۗءُ بِيَدِكَ الْخَيْرُ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ه تُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ
وَتُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ وَتُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَ
تَرْزُقُ مَنْ تَشَاۗءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ه حکیم نے کہا جو کوئی ان آیات مذکورہ کو بعد ادائے نماز
ہر فریضہ و نفل اور بعد سونے کے پڑھے فراخی رزق اور کشادگی ہو اور زیادتی ہو قسمت اوسکی

واسطے دریافت کرنے احوال اہل و عیال کے ۱۲

واسطے ظاہر ہونے علم کیمیا کے جو آدمی کی نظر سے پوشیدہ ہے ۱۲

جو کوئی پہونچنا چاہے ساتھ علم کیمیا یا اوس علم کے جو نظر مردمان سے پوشیدہ ہے پس غسل کرے اور چالیس روز متواتر روزہ رکھے اور پر لقمۂ حلال کے افطار کرے اور ہر شب کو وقت سونے کے سورۂ والشمس و سورۂ والضحیٰ سات سات مرتبہ پڑھکر بعدہ یہ کہے اَللّٰهُمَّ اِنِّیۡ اَسْئَلُكَ بِقُدْرَتِكَ وَاِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ وَاَسْتَجِیْرُكَ بِكُلِّ شَیْءٍ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ یَا وِتْرُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ اَسْئَلُكَ عَلٰی اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّصَحْبِهٖ وَاَنْ تُیَسِّرَ لِیَ الْعِلْمَ الَّذِیْ سَتَرْتَهٗ عَنْ كَثِیْرٍ مِّنْ خَلْقِكَ وَاَغْنِنِیْ عَنْ مَّنْ سِوَاكَ فَاِنَّكَ مَالِكُ الْمُلْكِ وَبِیَدِكَ مَقَالِیْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاَنْتَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ پس یہ عمل مراد کا مسخر ہووے جو کچھ خواب میں یا بیداری میں طلب کرے کیمیا اوسکو ملے اور اگر اوسکے نصیب میں نہو تو منع ہو ویگا اور اوسکا اللہ تعالیٰ نے دل غنی کیا ہے رزقنا اللہ تعالیٰ وللمومنین جو کچھ پوشیدہ اوسکے دریافت کرنے کے واسطے فرمایا اللہ تعالیٰ نے وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَیْبِ لَا یَعْلَمُهَاۤ اِلَّا هُوَ وَیَعْلَمُ مَا فِی الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَمَا تَسْقُطُ مِنْ وَّرَقَةٍ اِلَّا یَعْلَمُهَا وَلَا حَبَّةٍ فِیْ ظُلُمٰتِ الْاَرْضِ وَلَا رَطْبٍ وَّلَا یَابِسٍ اِلَّا فِیْ كِتٰبٍ مُّبِیْنٍ ۝ وَهُوَ الَّذِیْ یَتَوَفّٰىكُمْ بِالَّیْلِ وَیَعْلَمُ مَا جَرَحْتُمْ بِالنَّهَارِ ثُمَّ یَبْعَثُكُمْ فِیْهِ لِیُقْضٰۤی اَجَلٌ مُّسَمًّی ثُمَّ اِلَیْهِ مَرْجِعُكُمْ ثُمَّ یُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝ وَهُوَ الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهٖ وَیُرْسِلُ عَلَیْكُمْ حَفَظَةً ؕ حَتّٰۤی اِذَا جَآءَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ تَوَفَّتْهُ رُسُلُنَا وَهُمْ لَا یُفَرِّطُوْنَ ۝ ثُمَّ رُدُّوْۤا اِلَی اللّٰهِ مَوْلٰىهُمُ الْحَقِّ ؕ اَلَا لَهُ الْحُكْمُ وَهُوَ اَسْرَعُ الْحٰسِبِیْنَ ۝ حکیم نے کہا کہ خاصیت اِن آیات کی بہت ہیں جو کوئی آیات مذکورہ کو اوپر ٹکڑے جامۂ کتان یا اوپر ٹکڑے جامۂ سبز تحفہ کے لکھکر زیر سر اپنے رکھے اور خدائے تعالےٰ سے التجا کرے تاکہ پوشیدہ اوسکے اوپر ظاہر ہو وے اور برکت آیات معظم سے فیضیاب ہو اور جو کوئی آیات مذکورہ کو باوضو لکھکر اوپر اپنے بازو دست راست پہ باندھے

سمرا ہر اسرار عجیبہ اور حکایات غریبہ اوسکو معلوم ہو وَاللّٰہُ یُؤْتِی الْحِکْمَۃَ لِمَنْ یَّشَاءُ
واسطے دریافت کرنے سوال کے خواب مین فرمایا اللہ تعالیٰ نے وَلَوْ
شَاءَ اللّٰہُ لَجَمَعَہُمْ عَلَی الْہُدٰی فَلَا تَکُوْنَنَّ مِنَ الْجَاہِلِیْنَ اِنَّمَا یَسْتَجِیْبُ
الَّذِیْنَ یَسْمَعُوْنَ وَالْمَوْتٰی یَبْعَثُہُمُ اللّٰہُ ثُمَّ اِلَیْہِ یُرْجَعُوْنَ وَقَالُوْا لَوْلَا
نُزِّلَ عَلَیْہِ اٰیَۃٌ مِّنْ رَّبِّہٖ قُلْ اِنَّ اللّٰہَ قَادِرٌ عَلٰی اَنْ یُّنَزِّلَ اٰیَۃً وَّلٰکِنَّ
اَکْثَرَہُمْ لَا یَعْلَمُوْنَ ط حکیم نے کہا جو کوئی چالیس روز روزہ رکھے اور افطار کرے نان
جو درم حلال سے اور نمک سنگ اور سبزی کے ساتھ کھاوے اور ہر شب کو وقت خواب
تمام سورۂ انعام تین تبہ پڑھے جب ان آیات پر پہونچے تین مرتبہ تکرار کرے اور شب چہلم مین
چالیس مرتبہ درود پڑھے تو خدای تعالیٰ خواب مین سوال اوسکا دکھلا وے اور پوچھے اوس سے
مشکل ہیدا ہوئی کے واسطے دریافت حال غائب کے خواب مین فرمایا اللہ تعالیٰ
نے وَالضُّحٰی وَاللَّیْلِ اِذَا سَجٰی مَا وَدَّعَکَ رَبُّکَ وَمَا قَلٰی الخ حکیم نے کہا جسپر
پوشیدہ ہو کوئی کام اور انجام کار اوسکا نہ جانتا ہو بعد پڑھنے نماز عشا کے پہلوی راست
جانب قبلہ کے سووے اور سورۂ والضحیٰ والم نشرح اور بروایت دوسری والضحیٰ اور واللیل
سات مرتبہ پڑھکر یہ دعا سات دفعہ پڑھے اَللّٰہُمَّ اجْعَلْنِیْ مِنْ اَمْرِیْ فَرَجًا فَفَرَجًا پسر
آوے آیندہ خواب مین شب اول یا شب دوم یا شب سوم اور ظاہر ہوا وسکے اور کشایش اور تمیز
بہت اسرار مین اِنَّہٗ ہُوَ اللَّطِیْفُ الْخَبِیْرُ ہ دیگر واسطے سفر کے شگون ہ

چون مسافر شوی بجلوه گری	انکه گویم به هشت روز خوری	روز دوشنبه اگر خوری ماهی
زود یابی هر انچه می خواهی	برگ تنبول روز یکشنبه	گر خوری باشد و مبارک نه
ور دوشنبه گر آئینه بینے	روی دولت هر آئینه بینی	روز سشنبه گر خوری کشنیز
در سفر حاصلت شود همه چیز	چارشنبه اگر خوری جعفرات	یابی از کلفت زمانه نجات
پنجشنبه خوری چو قند سیاه	دست خود دراز نی بدولت و جاه	روز جمعه هر انچه خواهی خور

واسطے دریافت کرنے سوال کے خواب مین ۱۱

واسطے دریافت احوال غائب کے خواب مین ۱۲

شگون واسطے سفر کے ۱۳

بسلامت روی و باز آئی	اگر کنی این همہ ز دانائے	دامن خویش کن ز دولت پر

اَلْعِلْمُ تَبْلِغُ شَرَفَ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ اَلْعِلْمُ تَبْلِغُ الْمَمْلُوْکَ اِلَی الْمُلُوْکِ

اساڑھ ہی فوزادو تھن مم بن مسدین	جیٹھ اردی بہشت برکھ بہی نخر	فروردی بیساکھ بیگھ جانئے
شہریور ہی کنوار سو کنیان جانئے	بھادون امرداد سنگھ این گنیے	ساون تیر سی بوند کرے یہ مین
پوس ابار بست ہین کیون سہیے	ابان اگھن ماہ برجھک ہی ہے	کاتک مہر سنر پکام سب ہل ہے
چیت اسفندار ہین آمی سا جیے	پھاگن کنبھ او دول سو بہمن سا جئے	ماہ کہ دی نار باد بن کیون رہیے

عمل سفر کے جب چلنے پر مستعد ہووے چار رکعت نفل پڑھے اوّل مین کافرون دوسری مین اخلاص تیسری مین فلق چوتھی مین ناس بعد سلام کے آیتہ الکرسی ایک ایک مرتبہ شش جہت یعنے آگے پیچھے داہین باہین اوپر نیچے اور ایک مرتبہ اپنے اوپر دم کرے اور چالیس قدم چل کر کھڑا ہو جاوے تین مرتبہ سورۂ اخلاص اور ایک مرتبہ اذا جاء پڑھکر روانہ ہو جاوے ایضا قبل روانگی سفر کے دو رکعت نماز نفل پڑھے ہر رکعت مین بعد فاتحہ کے تین بار آیتہ الکرسی اور بعد سلام کے قل یا ایہا الکافرون اور سورۂ اخلاص اور سورۂ فلق اور سورۂ ناس اور سورۂ فاتحہ پڑھے اس طور پر کہ اول آخر ہر سورہ کے بسم اللہ پڑھے پھر التجا بخدا کرے اور کہے کہ یا الٰہی مین تجکو اپنے سب عیال و اطفال و درخانہ و مال و عزت و آبرو تیرے سونپی اور تیرے سپرد کیے تو حافظ حقیقی ہے تو مالک الملک ہر مجھے اور میرے گھر والون کو اور میری سب شی کو بطفیل اپنے حبیب پاک کے تمام آفات و بلیات سے محفوظ رکھنا آمین یا رب العالمین ؁ احوال جانے سفر کا بیچ دنون نیک و بد کے کہ حضرت پیغمبر محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت امیر المومنین علی کرم اللہ وجہہ کو وصیت فرمائی تھی اول ماہ عمر کو کوتاہ کرتا ہے دوم ماہ مین حاجت بر آوے سوم ماہ کو جاوے تو نقصان بدن ہووے چوتھی تاریخ کو جاوے اسباب زیادہ ہو پانچوین تاریخ کو جاوے غم سے خلاصی پاوے

چھٹی تاریخ جاوے تو افلاس سے خلاص ہو ساتوین تاریخ کو جاوے اچھا ہو آٹھوین
تاریخ کو جاوے بیمار ہو نوین تاریخ کو جاوے مال زیادہ ہو دسوین تاریخ کو جاوے تو غم و
اندوہ لاوے گیارھوین تاریخ کو جاوے تو اندوہ سے پاک ہو بارھوین تاریخ کو تو کوئی
غیرا وسکے اوپر بزرگ ہو تیرھوین تاریخ کو جاوے دشمنی لاوے چودھوین تاریخ کو جاوے
خوشحال ہو پندرھوین تاریخ کو جاوے تو مراد حاصل ہو سولھوین تاریخ کو غمگین ہووے
سترھوین تاریخ کو جاوے برا ہووے اٹھارھوین تاریخ کو جاوے بہبودی حاصل کرے اونیسوین ماہ
کو جاوے تو انگر ہو بیسوین تاریخ کو جاوے غم سے خلاصی پاوے اکیسوین تاریخ کو جاوے مفلس ہو
بائیسوین تاریخ کو جاوے مراد پاوے تیئسوین تاریخ کو جاوے بہتری حاصل ہووے چوبیسوین
تاریخ کو جاوے اچھا ہو پچیسوین تاریخ کو جاوے افلاس سے خلاصی پاوے چھبیسوین تاریخ
کو جاوے غم سے خلاص ہو ستائیسوین تاریخ کو جاوے بہتر ہووے اٹھائیسوین تاریخ کو جاوے
اچھا ہو انتیسوین تاریخ کو جاوے حاجت برآوے تیسوین تاریخ کچھ حکم نرکھے **ایضاً** حضرت
امیرالمومنین علی کرم اللہ وجہہ سے بابت دنون منحوس کے قول ہے کہ ہر مہینے مین دو تاریخین
ہین اونسے پرہیز کرے شہر **محرم** چوتھی و پانچوین شہر **صفر** پہلی و تیسری شہر **ربیع الاول**
دسوین و بیسوین شہر **ربیع الثانی** پہلی و اٹھارھوین شہر **جمادی الاول** آٹھوین و
گیارھوین شہر **جمادی الثانی** پہلی و چوتھی شہر **رجب** تیرھوین و چودھوین شہر
شعبان معظم چوتھی و تیسوین شہر **رمضان** نوین و بیسوین شہر **شوال** چھٹی و ساتوین
شہر **ذیقعدہ** دوسری و پانچوین شہر **ذی الحجہ** چھٹی و ساتوین لیکن بسبب ولادت حضرت
شاہ ولایت امیرالمومنین علی کرم اللہ وجہہ کے تاریخ تیرھوین ماہ رجب المرجب کی بہتر ہے فقط

فالنامہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَللّٰھُمَّ اِنِّی تَوَکَّلْتُ عَلَیْکَ وَتَفَأَّلْتُ بِکِتَابِکَ
فَاَرِنِی مَا ھُوَ الْمَکْتُوْمُ فِی سِرِّکَ الْمَکْنُوْنِ فِی غَیْبِکَ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْحَقُّ اَنْزِلْ

عَلَی الْحَقِّ بِحَقِّ مُحَمَّدِ الْحَقِّ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ۝ اور دس بار درود پڑھے بہ نذر سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم اوسوقت فال مصحف کھولے ہاتھ سیدھے سے ساتھ اونگلی شہادت کے اور ہاتھ چپ سے بند کرے اور نیت نیک کرے پس سات ورق شمار کرکے سات سطر شمار کرے کہ ہر سطر اوسی حرف سے ہو کار برآری ہو مسلمان شک نلاوے تحقیق جانے جو الف آوے اَلَا اِنَّ اَوْلِیَاءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَیْهِمْ وَلَا هُمْ یَحْزَنُوْنَ ط جان اے صاحب فال کہ اندوہ و رنج سے آزاد ہو تو چند روز غمگین ہوکر ساتھ اس فال مبارک کے خوشی ہووے تو جو ہاتھ شاخ خشک پر رکھیگا برکت اس فال سے سبز یا میوہ روزی ہو واگر ب آوے بشیرا ونذیرا وداعیا الی اللہ باذنہ وسراجا منیرا ط جان اے صاحب فال خدائے تعالی تجکو نعمت ہمیشہ کی دیوے اور خوشی کرے تو جو اپنے مقصد کو پہونچے ایک دعوت دے تو واگر ت آوے تاللّٰہِ لَقَدْ اَرْسَلْنَا اِلٰی اُمَمٍ مِّنْ قَبْلِكَ جان اے صاحب فال چند روز توبہ و استغفار کر تو سلامت رہے تو واگر ث آوے ثِیَابُ سُنْدُسٍ خُضْرٌ وَّاِسْتَبْرَقٌ ط جان اے صاحب فال اندوہ و غم سے چھوٹا تو او نعمت ہمیشگی کے ساتھ تیرے پہونچی اور دشمن پر فتحیاب ہووے تو واگر ج آوے جَهَنَّمَ وَبِئْسَ الْقَرَارُ ط جان اے صاحب فال پند گیر و صبر کن و اس کام کے گرد مت پھر اور اوپر قرار خود کے رہ تو خوش ہو تو اور جو غائب گیا ہے تحقیق خبر پاوے تو واگر ح آوے دوست سے منفعت دیکھے اور کاموں مین فتح و نصرت پاوے اور جس کام کی نیت رکھے نیکی دیکھے واگر خ آوے جان اے صاحب فال نیت بند کرے صدقہ دے خوف رجا سے ہو واگر د آوے صاحب دولت و پر مشورت ہو کبھی انکار کرے کہ دولت پاوے بغیر مشورت کام نکرے واگر ذ آوے دشمن اوسکے گمراہ ہون اگرچہ گناہ مین ہون واگر ر آوے اوسکا کام گرامی و بزرگ ہو اور عاقبت بخیر ہوپچے مگر صدقہ دینا چاہیے واگر ز آوے سزاوار و منعم ہو اور جو کام کرے نیک آوے واگر س آوے سلام علیک جان کہ کام ساتھ سعادت اور خوشدلی کے ہو اور جو نیت کہ کرے بر آوے واگر ش آوے دشمن اوسکے ساتھ مکر کرین صدقہ

دنیا چاہیے واگر س آوی صبر کرنا چاہیے تو بہتر ہو اور اوس کام سے توبہ کر اور صدقہ دی اگر ض آوے کتابت دوستون سے منفعت دیکھے اور اقرباے کام اوسکا ہو واگر ط آوی زاہد متقی ہو اور دنیا و آخرت مین نیکنام ہو واگر ظ آوی مطلوب ساتھ مقصد کے پہونچی انشاء اللہ تعالیٰ واگر ع آوے مخاطرہ ہو صدقہ دے و نماز و دُعا مین مشغول ہو واگر غ آوے کام پوشیدہ ظاہر ہو واگر ف آوے پریشانی جمع ہو لیکن آخر کو خوشی دیکھے واگر ق آوے قبول و مقبول ہو اور کام نیک ہو واگر گ آوے خصومت پیدا ہو اور کام تردد مین پڑے اور اگر وہ کام کری صدقہ دیوی واگر ل آوے نیکی دیکھے اور جمیع خیرات مین ہو اور کام اوسکا اچھا ہو واگر م آوے ملازمت سے خالی نہو اور کچھ ملامت اور رنج اوٹھاوی صدقہ دیوے تو کام خلل مین نہ پڑے واگر ن آوے کام نیک بلند ہو اور عزت کی زیادتی ہو اور جسکی نیت رکھی ہو واہ ہو واگر و آوے مشقت سے بے نیاز ہو اور ساتھ نعمت کے ہو اور اوسکے دشمنون کو اللہ تعالیٰ مقہور کرے اور دشمن اوسکے ہلاکت مین پڑین واگر ہ آوی کام اوسکا مشوش ہو لیکن سہل ہو صدقہ دیوے تو کام جلد نکلے واگر لا آوے خیر و صلاح ہونیکی دیکھے اور تمام کامون مین خیر ہو اور فائدہ پہونچے واگر ی آوے خبر غائب ساتھ اوسکے پہونچے چاہیے اعتماد ہو شک نہ لاوے کہ ایک ایک حرف مین بھید واسطہ رہے ہرگز نقصان تیرا نکرے وہ کام ساتھ مقصد کے پہونچے دیگر فائدہ پھڑکنے اعضاے بدن کا جاننا چاہیے کہ اس ترکیب کو سکندر رومی علیہ الرحمۃ و صاحب خبر اور حکماے فارس یعنی ارسطاطالیس و لقمان حکیم ہر تینون نے جمع ہو کر اخبارات و اختلاجات نام کیا اور تمام اکابران دولت نے تجربہ کیا ہے اور ایسا کہتے ہین کہ ہارون الرشید خلیفہ بغداد نے ہرگز اس نسخہ کو اپنے سے جدا نکیا اور مدام سفر و حضر مین اپنے پاس رکھا اگر سر پھڑکے درمیان خلق کے عزیز ہو بلکہ بادشاہ ہو جو قابل بادشاہت نہو ساتھ بزرگی کے پہونچے اور اگر گرد سر پھڑکے جو چیز کہ کسی سے چاہے پاوے اور درمیان خلق کے عزیز ہو اور محترم ہووے اگر نیم سر پھڑکے جانب چپ سے شادی اور نکون

[illegible] پھڑکنے اعضاے بدن ۱۲

دیکھے اگر تمام سر پھڑکے اوپر کسی قوم کے مہتر ہو اگر پیشانی پھڑکے تو سفر کرے اور ساتھ منفعت
بہت کے مراجعت کرے اور بمراد اپنے گھر کو واپس آوے اگر پیشانی بجانب راست
پھڑکے شادی اور برخورداری دیکھے اور اگر ابروی چپ پھڑکے خلق سے بے نیاز ہو اور
توانگر ہو اگر دو ابرو کے درمیان ایکبار پھڑکے اندک کوئی غم پہنچے اگر چشم راست
پھڑکے جو مراد کہ دل میں رکھتا ہو پاوے اگر چشم بجانب چپ پھڑکے مرادات کو نہایت خوب ہو
اگر اندرون چشم راست کی پھڑکے بدخوئی ہووے اگر اندرون چشم چپ کے پھڑکے مراد کو پہونچے اگر
دنبالہ چشم راست کا پھڑکے کشادگی ہووے جو کچھ کہ دیا تھا ہو اگر دنبالہ چشم چپ کا پھڑکے
جو مراد کہ رکھتا ہو پاوے اگر پلک زیرین چشم راست کی پھڑکے کشادگی کار پیدا ہو اگر پلک زیر چشم
کی پھڑکے وہ چیز دیکھے کہ کبھی نہ دیکھی ہو اگر قرۂ چشم راست کی پھڑکے تو خوش ہو اگر قرۂ چشم چپ
کی پھڑکے تو غمگین ہو اگر گوشہ چشم راست کا پھڑکے بھلی دیکھے اگر گوشہ چشم چپ کا پھڑکے جو کچھ
کہ فراموش کیا ہو یاد آوے اگر رخسارہ راست پھڑکے ایسا کام بن آوے کہ جسمین شرمگین ہووے
اگر رخسارہ چپ پھڑکے ایسا کام کرے کہ پشیمان ہو اگر دونوں رخسارہ ایکبارگی پھڑکین بے
نیاز و تونگر ہو اگر ناک پھڑکے بیزاری دیکھے اگر ناک طرف راست کی پھڑکے تو خصومت
و جنگ کرے اور اگر ناک طرف چپ کی پھڑکے غمگین ہووے اگر استخوان بینی پھڑکے مہتر
و نامور ہووے اگر جانب چپ کا پھڑکے نالان ہو اگر سوراخ ناک طرف راست کا پھڑکے
شادمان ہو اگر سوراخ ناک طرف چپ کا پھڑکے نالان ہووے اگر منھ پھڑکے خوشی
اوسکو پہونچے اگر گوشہ منھ جانب راست کا پھڑکے اندوہگین ہو اگر گوشہ منھ طرف
چپ کا پھڑکے مال غیب سے اوسکو پہونچے اگر لب اوپر کا پھڑکے ساتھ کسی کے خصومت
کرے لیکن دشمن مقہور ہووے اگر لب زیرین پھڑکے کوئی دوست یا کوئی غائب ملے یا کوئی
مال سے پاوے اگر دونوں لب ایکبار پھڑکین کوئی دوست اوسکا نیکی کرکے ساتھ یاد کرے
اگر زبان پھڑکے کوئی درد اوسکی جان پر پڑے اور اوسکو زیان کہین یا کسی دوست سے

ملاقات کرے اگر زنخدان پھڑکے کوئی دوست یاد کرے اگر گردن جانب راست
کی پھڑکے جو کچھ چاہتا ہو اوسکو پاوے اگر گردن جانب چپ کی پھڑکے کوئی عورت کرے
یا مال پاوے اگر تمام گردن پھڑکے حق سبحانہ و تعالیٰ سے عافیت پاوے اگر گوش راست
پھڑکے بادشاہ ہو یا مہتر قوم کا ہو اگر گوش چپ پھڑکے میراث سے مال پاوے اگر دونون
گوش ایکبار پھڑکین کسی سے خصومت پیدا کرے اگر کتف راست پھڑکے جس کام کو کہ شروع
کرے نہایت خوب ہو اگر کتف چپ پھڑکے نیکی پاوے اور کسی دوست سے ملاقات ہو اگر دونو
کتف ایکبار پھڑکین مراد پاوے اگر شانہ راست پھڑکے غمگین ہو اگر شانہ چپ پھڑکے
خدائے تعالیٰ فرزند دیوے اگر بازوی چپ پھڑکے دشمنون کے ساتھ جنگ کرے لیکن مظفر
و منصور ہو اگر بازوی راست پھڑکے مال سے کچھ ہاتھ آوے اگر ساعد راست پھڑکے نیک
بہا اوسکو ملے اگر ساعد چپ پھڑکے ترس سے بخوف ہو اگر دونون ساعد ایکبار پھڑکین منفعت
کسی سے پاوے اگر دست راست پھڑکے ساتھ کسی کے دوستی کرے اگر دست چپ پھڑکے
بزرگی و مہتری پاوے اگر کف دست راست پھڑکے کچھ روپیہ یا کوئی چیز اوسکے ہاتھ آوے اگر
کف دست چپ پھڑکے حشمت عظیم پاوے اگر دونون کف دست ایکبار پھڑکین علت غمناکی سے
باہر آوے اگر انگشت نر دست راست کا پھڑکے جو حاجت کہ ہو کوئی مہتر اوسکو دوستی مین قبول
کرے اگر انگشت بچہ پھڑکے اوسکو دشنام دین اور ناسزا سنے اگر انگشت دستا پھڑکے رہگذری
پاوے اگر خنصر پھڑکے راہ سے کچھ اوسکو ملے اگر انگشت بنصر پھڑکے غم کھانا ہو اگر انگشت
نر دست چپ کا پھڑکے وہ آدمی سرداری کرے اگر انگشت چہارم پھڑکے خدائے تعالیٰ اسکی
جو کچھ طلب کرے وہ پاوے اگر انگشت خرد پھڑکے نالان ہو مگر نیک ہو اگر بغل چپ
پھڑکے خوشی اوسکو دکھلائی دے اگر پشت پھڑکے کوئی مہتر اوسکے کام مین مدد کرے اگر
نیم پشت جانب راست پھڑکے رنج عظیم اوسکو پہونچے اگر نیم پشت جانب چپ کی پھڑکے
اوسکے فرزند پیدا ہو اگر میانہ پشت پھڑکے وہ کام کیا ہو جلد خوش ہو اگر پہلوی راست

پھڑکے تو کچھ کہ چاہتا ہو پاوے مگر سفر کرے اور بسلامت پھر آوے اگر پہلوے چپ پھڑکے
غم سے نڈر رہووے اگر سرین راست پھڑکے شادمان ہو اگر تہیگاہ چپ پھڑکے روزی
و رزق زیادہ ہو اگر سینہ راست پھڑکے کچھ اوسکے ہاتھ سے جاوے اگر سینہ چپ پھڑکے
ایسا کام کرے کہ تونگر ہو اگر **تمام سینہ** ایکبار پھڑکے ساتھ گناہ کے غمناک ہو اگر **پستان**
راست پھڑکے زبردست آدمیون کا ہو اگر **پستان** چپ پھڑکے غضب کو اندوہ کے ساتھ خواب
کرے اگر **شکم** پھڑکے نکوئی اور شادی دیکھے اور بعضے کہتے ہین کہ اندوہ دیکھے اگر **ناف**
پھڑکے ایک نعمت بے اندازہ پاوے اگر **زیر ناف** پھڑکے تونگری صاحب دولت سے پاوے اگر
ران راست پھڑکے نہایت نکوئی پاوے اگر ران چپ پھڑکے کوئی عزیز یا کوئی دوست
اوسکو پھڑے اگر **دونون ران** ایکبار پھڑکین آدمیون کی آنکھ مین بزرگ ہو اگر **بیرون ران**
راست پھڑکے بہتری پاوے اگر **بیرون ران** چپ پھڑکے اوس آدمی کو کوئی چیز ملے اگر
اندرون ران راست کے پھڑکے غم سے فارغ ہووے اگر **اندرون ران** چپ کے پھڑکے
غمناک ہو اگر **زانوی** راست پھڑکے غمی ہووے لیکن شاد ہو اگر **زانوی** چپ پھڑکے
دشمن اوسکا ہلاک ہووے اگر **دونون زانون** ایکبار پھڑکین تونگر ہو اگر **ساق** پاؤن
راست پھڑکے کفایت و نیکوئی دیکھے اگر **ساق** پاؤن چپ کا پھڑکے محنت او مصیبت دشمنون سے
شادمان ہووے اگر **شتالنگ** پاؤن راست کا پھڑکے نالان ہو اگر **شتالنگ** چپ کا
پھڑکے بخیل ہو اگر **پاشنہ** پانو راست کا پھڑکے غم سے باہر آوے اگر **پاشنہ** پانو چپ کا
پھڑکے سفر مین جاوے اور محنت نہایت کھینچے اگر **پائی** راست پھڑکے دل اوسکا کسی چیز کے
ساتھ مشغول ہو اگر **پاؤن** چپ پھڑکے سفر ساتھ مراد دل کے کرے اگر **انگشت نر پائی**
راست کا پھڑکے سفر سے کوئی پھر کر آوے اگر **انگشت دوم** پھڑکے رونیوالا ہو اگر **انگشت**
میانہ پھڑکے غم و اندوہ مین پڑے اگر **انگشت چہارم** پھڑکے کسی سے تھوڑا خطرناک ہو
اگر **انگشت کوچک** پھڑکے جو چیز کہ طلب رکھتا ہو پاوے اگر **انگشت نر پائی** چپ کا پھڑکے ساتھ کسی چیز

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لوجع الضرس یلاق صاحبه هذا الشکل بالمسمار فی اول الطاء ویضرب ثمانا فان سکن والا حولها الی الطاء الثانی وهکذا مجرب انه یسکن فی الثالث ومجرب نافع جدا ان شاء الله تعالی والا لمنه نضرب به تکون حد یدا وفی حال الضرب یکون متوجها الی القبلة طب طاب طط بطط یطب طط

شگون عطسہ بعد از زوال کے معکوس لیوے

خواص آواز زاغ

صبح سے تا شام کسی وقت اگر زاغ بفاصلہ تین گز کے بولے اور اوسکا خواص دریافت کرنا منظور ہو

تو اوٹھکر اپنا سایہ بشمار برابر دونون پیرونسے ناپے جسقدر سایہ شمار کیا جاوے تیرہ عدد اوس مین اور شامل کرکے سات پر طرح دے بقیہ اعداد کو نقشۂ ذیل سے دیکھکر خواص معلوم کرے اگر بیس گز سے زیادہ فاصلہ پر کوا بولے تو اوس کا کچھ اعتبار نہین

نقش اعداد	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	
خواص	+	مہمان وارد ہو	کسی طرف سے خوشخبری آوے	[illegible]	[illegible]	+	[illegible]	خواص مُرغ

اگر بے ہنگام رات کو مُرغ بولے تو خواص اوسکا ذیل سے دیکھو اور جو مُرغ اکثر پہر رات کے بعد آواز دیتا ہے تو وہ غیر معتبر ہے

وقت	شب یکشنبہ	شب دوشنبہ	شب سہ شنبہ	شب چہارشنبہ	شب پنجشنبہ	شب جمعہ	شب شنبہ
خواص	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

خواص ہالۂ آفتاب و ماہتاب اگر حلقہ گرد آفتاب یا ماہتاب کے اول پہر مین نمایان ہو تو امراض سے آدمیون کو تکلیف پہونچے بلکہ اکثر مر جائین اور دوسرے پہر مین نمایان ہو تو بارش بے وقت پر ہو اور تیسرے پہر مین ہو تو قلت بارش سے زراعت مین نقصان ہو اور چوتھے پہر مین ہو تو آثار عزل و نصب حاکم وقت کے نمایان ہو اگر رنگ ہالہ سفیدی مائل زیادہ ہو تو امید بارش بخوبی ہو و زیادتی رنگ زرد و سُرخ علامت فتور و نقصان ہو و زیادتی رنگ سیاہ علامت مرگ خلائق و زیان ہو پس جب تک کہ دوبارہ ہالہ نہ ظاہر ہو یہی خواص رہینگے اور خواص ہالۂ آفتاب و ماہتاب

دونون کا یکسان سمجھنا چاہیے خواص قوس قزح اگر سبزی قوس مین زیادہ ہو تو آثار ارزانی اور سرخی زیادہ ہو تو گرانی اگر نیلاہٹ و زردی زیادہ ہو تو علامت بیماری خلایق کی ہے خواص زلزلہ اگر چھ بجے شام سے بارہ بجے تک کسیوقت زلزلہ پیدا ہو رات کو تو اندر سال کے کہ ماہ بیساکھ کی سنکرانت سے شروع ہوتا ہے غلہ ارزان ہے اور عورتین بیمار ہو کر زیادہ مرین اور اگر بارہ بجے رات سے چھ بجے تک زلزلہ ہو تو غلہ اوس سال مین گران مگر چانول ارزان رہین اور لڑکے بہت مرین اگر چھ بجے صبح سے نو بجے تک زلزلہ آوے تو اوس سال مین نہایت قحط نمایان ہو اور خلق اللہ آوارہ و پریشان رہے اگر نو بجے دن سے بارہ بجے تک زلزلہ آوے تو اندر اوس سال کے غلہ بہت پیدا ہو مگر گائے و بیل و بکری زیادہ مرین اور اگر بارہ بجے دن سے تا غروب آفتاب زلزلہ آوے تو اوس سال مین ہر ایک چیز ارزان رہے مگر باہم فساد و تکرار برپا رہے خواص روشن ہونے و گرنے گل چراغ مین بقید ماہ واضح ہو کہ اکثر اوقات چراغ سے گل کرتے ہین اور روشنی چراغ کی پژمردہ ہو کر یکایک روشن ہوتی ہے خواص دونون کے موافق ہر ماہ کے جداگانہ مطابق عقیدہ اہل ہنود کی نقشہ ذیل مین لکھی جاتی ہین نقشہ

چیت	پھاگن	ماگھ	پوس	اگہن	کاتک	کنوار	بھادون	ساون	اساڑھ	جیٹھ	بیساکھ	نام ماہ
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	خواص روشن ہونے چراغ
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	خواص گرنے گل چراغ

خواص عطسہ واضح ہو کہ مابین مباحثہ کرنے و خیرات بانٹنے و سونے و بیٹھنے و کھانے و کپڑا پہننے کے چھینک ہو یا داہنی طرف یا جانب پشت کے چھینک ہووے تو اوسکا ثمرہ بہتر ہے علاوہ اگر کسی کو باعث زکام یا ناک مین تیلی رکھنے سے چھینک آوے تو اوسکا خواص کچھ نہین ہے اور اگر بروقت روانگی یا قصد کسی کام کے آواز چھینک کی سنائی دے تو خواص اوسکا نقشہ ذیل سے دیکھ لے اگر ناقص ہو تو تھوڑی دیر کے بعد وہ کام کرے یا روانہ ہو اگر اچھا ہو تو اوسیوقت جاوے نقشہ خواص عطسہ

یوم	پورب	ایسان	اوتر	بائب	پچھم	نیرت	دکھن	اگنی کون
جمعہ	مقصد برآری ہو	مال مین نفع ہو	اغراض کام ہو	نقصان ہو	رنج ہو	کام بخوبی انجام ہو	دوست کی خوشی حاصل ہو	کچھ نقصان ہو
شنبہ	فکر ہو	فائدہ ہو	دوست سے ملاقات ہو	تکلیف ہو	نقصان ہو	مردہ نظر آوے	مطلب بر آوے	رنج پیدا ہو
یکشنبہ	نقصان ہو	دوست سے ملاقات ہو	فکر ہو	نقصان	رنج ہو	تکلیف	حصول مقصد	ملال
دوشنبہ	فائدہ ہو	نقصان	ملاقات دوست	حصول مقصد	رنج ہو	مقصد ہو	رنج حاصل ہو	فائدہ ہو
سہ شنبہ	دشمن سے مقابلہ ہو	دوست سے ملاقات ہو	کام انجام ہو	نقصان	ایضاً	فائدہ	خوف	فائدہ ہو
چہارشنبہ	خوشی	ملاقات دوست	حصول مقصد	نقصان	خوف	رنج	خوشی	حصول مطلب
پنجشنبہ	دوست سے نفاق ہو	منفعت	خوشی	نقصان	رنج	خوشی	تکلیف	ملاقات دوست

خواص خالہاے جسمی کے بیان مین جس کسی کے درمیان سر کے تل ہو تو بہت سفید ہو ہر جگہ اوسکی خاطر ہو اگر ابرو پر تل ہو سفر دور و دراز اُٹھاوے اور اگر درمیان ہر دو ابرو کے ہو تو عورت خوبصورت ملے اگر آہین زیر لب کے ہو وہ شخص نہایت بخیل ہو اگر لب بالا پر ہو تو بات اوسکی بالا رہے اگر گوشۂ دہن خواہ ٹھوڑی پر تل ہو تو علامت دولتمندی کی ہے اگر درمیان پشت کے ہو تو علامت سفر دوام کی ہے لیکن آسودہ حال رہے اگر بطور حمائل گردن مین تل ہو تو وہ شخص ضرور تلوار یا چھری سے زخمی ہو اگر درمیان گلو و شکم کے تل ہون تو ہمیشہ آسودہ حال رہے اگر مقام دل پہ تل ہو تو وہ آدمی ہمیشہ ہمراہ دوستون کے خوشنود رہے اگر کف دست یا پشت دست پر تل ہو تو علامت فراخ دستی کی ہے اگر مقام نشستگاہ یا عضو تناسل پر تل ہو تو علامت زیادتی شہوت و طلب مباشرت مستورات شکیلہ کا ہے **خواص گرنے چھپکلی کا** واضح ہو کہ اگر کسی شخص پر چھپکلی گر پڑے یا بدن پر چڑھ جاوے تو اوسی وقت غسل کر کے کپڑے بدل ڈالے اور خواص اوسکا علماے ہنود نے بحسب تتھاے ہندی جداگانہ مقرر کیا ہے اگر نحوست معلوم ہو تو ایک چھپکلی چاندی کی بنوا کر برہمن کو دیدے

تعبیر نامہ خواب ۞ یہ رسالہ جو دوسرا ہے عیان + اسمین تعبیر خواب کا ہی بیان
ہین جو تعبیر جدولون مین تمام ؛ اسکا تعبیر یوسفی ہی نام -

ردیف الف

خواب انوار خدا دیکھنا + تعبیر خواب مومنون کو فرحت ہو نصیب جنت ہو غم سے آزادی
ہو نہایت شادی ہو انبیا کو دیکھنا سرداری پاے یا دفینہ کہین کا ہاتھ آئے اصحاب کبار
کو دیکھنا برکت حاصل ہو بڑے دینداروں مین شامل ہو ائمہ معصومین علیہم السلام کو
دیکھنا دنیا مین دولت یار ہو عاقبت مین بیڑا پار ہو اولیا اور ابدال کو دیکھنا دلیل
اقبال ہی موجب یادوتی نیکی افعال ہی ابر محیط آسمان پر دیکھنا بلائے سخت نازل ہو رنج و حزن و پریشانی
حاصل ہو ابر آسمان پر دیکھنا بادشاہ یا حاکم مہربان ہو یا حکیم یا عالم فیض رسان ہو ایلچی یا
اخروٹ پانا سوداگری مین نفع کثیر پائے یا کوئی گماشتہ یا شریک اچھا ہاتھ آئے اذان
بیوقت دینا ظلم اور جفا کا پیشہ کرے اور ہر ایک پر اندیشہ کرے اندھی کو دیکھنا ایماندار بے
ایمان ہو جائے مگر جلد اپنے کیے پر پشیمان ہو جاے اپنے تئین اندھا دیکھنا نیک کامون سے
چشم پوشی رہے بہ کامون سے ہم آغوشی رہے اندھیارا دیکھنا حاکم وقت پر آفت آئے یا
غم فرزند اٹھائے ازار یا ازاربند دیکھنا عورت نئی سے شادی ہو غم سے آزادی حاصل
ہو اشرفی پانا فرزند ارجمند ہو یا نفع تجارت سے بہرہ مند ہو اونچی جگہ پر چڑھنا رتبہ بلند
ہو نہایت خرسند ہو اناج خشک کھانا مفلسی مین مبتلا ہو رنج کا سامنا ہو انار شیرین
پانا معشوق سے شربت وصال پائے یا مریض ہو تندرست ہو جاے انار ترش کھانا دوستون
سے ترشروئی حاصل ہو نیکی برائی شامل ہو انار کا درخت دیکھنا بے نوکر ہو نوکری ہو بے
یا جورو بار لائے انجیر کھانا مال حلال سے مالا مال ہو حاصل دولت لازوال ہو انجیر
کا پتہ دیکھنا باعث پریشانی ہے اندیشہ کی نشانی ہے آواز خوش سننا اگر داہنی جانب
سے سنے قرآن شریف حفظ یاد کرے اگر بائین جانب سے سنے علم موسیقی سے دل شاد کرے

آگ جلاکے کچھ پکانا نفع بے حساب ہو فضول خرچ سے اجتناب ہو آگ کھاتا
مال حرام کھائے مگر نہایت پریشانی اوٹھائے انگشتری پہنے ہوئے دیکھنا کسی معشوق
سے ہم آغوشی ہو نہایت گرمجوشی ہو اونچی جگہ سے اوترنا عہدہ بڑا جاتا رہے غم اور غصہ
کھاتا رہے انگشتری سے نگینہ گرا ہوا دیکھنا حکومت سے خالی ہو رنج و وبال جانی ہو
آسمان دیکھنا مرتبہ بلند ہو یا فرزند ارجمند ہو آب باری دیکھنا کسی بڑے کام میں
پیش ہو معینہ پیش ہو آب شور دیکھنا جلد رنج میں مبتلا ہو قید فرنگ کا سامنا ہو انگور
کا عرق کھاتا اگر متقی ہو شرابی ہو جائے نہایت خرابی ہو جائے اولا کھانا موجب
حیرانی ہے باعث پریشانی ہے آندھی دیکھنا ملال پیش ہو سفر در پیش ہو آلو بخارا کھاتے
ہوئے دیکھنا مرض میں مبتلا ہو کلفت کا سامنا ہو آب مکدر دیکھنا غم و اندیشہ
لاحق ہو مبتلائے فکر و عوائق ہو آب مصفا دیکھنا صحبت بزرگ سے فائدہ مند ہو و فتنہ
و فساد بند ہو اپنے تئیں قتل کرتے دیکھنا درازی عمر کی دلیل ہے صحت ہو اگر علیل ہے
انسان کا گوشت کھانا مال حرام کھائے پریشانی اوٹھائے ارگن باجا سننا افسر فوج
ہو نہایت اوج ہو اسپ سے گرتے ہوئے دیکھنا عہدہ سے معزول ہو نہایت ملول ہو اشتر
پر سوار ہونا سفر حج پیش آئے نعمت بیش پائے آم کھانا اولاد حاصل ہو اگر مفلس ہو تونگر
میں شامل ہو آلت کٹا دیکھنا کسی محل کے توسل ہو شباب تمول ہو

ردیف باے

بزرگان دین کو دیکھنا خیر و برکت کی دلیل ہے امید عنایت رب جلیل ہے بادشاہ کو عنایت
کرتے ہوئے دیکھنا دولت و نعمت پائے عزت و توقیر بڑھ جائے بادشاہ کو
غیر مشہور جگہ دیکھنا اوسی جگہ آفت آئے زراعت برباد ہو جائے بادام کھانا یا
دیکھنا دولت سے مسرور ہو کلفت دور ہو باغ کو دیکھنا اگر سبز دیکھے موجب دولت ہے
اگر خشک دیکھے باعث کلفت ہے بازو کٹا دیکھنا بھائی یا عزیز کا رنج اوٹھائے ملال و غم

پیش آئے بال سر کے کٹے دیکھنا قرضدار ہو قرض ادا ہو جائے یا سفر حج پیش آئے بال
اپنے سفید دیکھنا دلیل زیادتی عمر و حرمت ہے وسبب ازدیاد خیر و برکت ہے بادشاہ کو غصہ
مین دیکھنا غم و اندیشہ کی نشانی ہے قسمت کی سرگردانی ہے بالون کو چھوٹا ہوا
ہمرہ دیکھنا توانگر کو نقصان مال ہے مفلس کو جان کا وبال ہے بھینس دیکھنا
کوئی رائے سخت نازل ہو رنج و مصیبت شامل ہو بندر و بلی کا بچہ مارنا بیماری کی علامت
ہے کم عمری کی دلالت ہے برف گرتے دیکھنا اگر موسم ہے زیادتی مال و اقبال ہے اور
اگر موسم غیر ہے سبب رنج و ملال ہے بایان و طبلہ دیکھنا گرم مین شادی ہو غم سے
آزادی ہو بیضہ مرغ دیکھنا فرزند ارجمند ہو در رنج بند ہو بردہ بیچتے دیکھنا افلاس کی
نشانی ہے موجب رنج و حیرانی ہے باران رحمت برسنا غلہ کی ارزانی ہے خدا کی مہربانی
ہے بردہ خرید نا حاصل مراد ہو فکر دور ہو گو کہ رنجور ہو بچھو کا دیکھنا آپکو قرض کی نشانی ہے
باعث حیرانی ہے بچھونا زمین پر بچھانا عمر دراز ہو در راحت باز ہو بانسری بجانا سبب
پریشانی ہے اندیشہ کی نشانی ہے برج دیکھنا خوف و آفت پیش ہو رنج و مصیبت پیش ہو
بھتیجے دیکھنا آپکو اگر فقیر ہے تو اتمام ہو جائے اگر توانگر ہے پریشانی اوٹھائے برنج دیکھنا
یا کھانا رنج دور ہو مسرور موفور ہو بیل فربہ دیکھنا موجب ارزانی غلہ ہے اور اگر برعکس
ہے سبب گرانی غلہ ہے بیمار آپکو دیکھنا عبادت مین خلل ہے رنج برمحل ہے بہرہ
آپکو دیکھنا علم دین مین نقصان ہو کمال حیران و پشیمان ہو بھیڑیا دیکھنا بادشاہ ظالم
حاکم ہو بلبل دیکھنا حاکم سے نفع کی دلیل ہے مگر قلیل ہے بالائی کھانا کہین سے بالائی
مال پائے مگر جلد بلال سامنے آئے باز دیکھنا دشمن کو صید کرے گو وہ بہت کید کرے

ردیف بای فارسی

پلفراط دیکھنا نیک کامون کی طرف طبیعت مائل ہو اور دولت دنیوی سے استغنائی کامل ہو
پانون گرمین پر مارنا مصیبت مین مبتلا ہو رنج کا سامنا ہو پانون دیکھنا سفر پیش ہے

رنج بیش ہو یا رہ ہاتھ مین دیکھنا روپیہ کثیر ہاتھ آئے مگر جلد صرف ہو جائے پائخانہ پھرنا
حصول علم سے خالی ہو مگر ملازم زمرہ عالی ہو پہنچہ کا دیکھنا تنگدستی و حیرانی ہو نہایت پریشانی
ہو پہلو دیکھنا عورت خوبصورت ہاتھ آئے نہایت مسرت و راحت پائے پان کھانا ہمجنسون مین
سرخرو رہے نہایت باآبرو رہے پیسہ پڑا پانا غم کی نشانی ہے نہایت حیرانی ہو پری یا
پرستان دیکھنا حصول علم عرفان ہو یا وصول بزم سلطان ہو پیشاب خون کا کرنا پیٹ
مین لڑکا مرجائے یا عارضہ سخت پائے مگر تدبیر سے اچھا ہو جائے پیپ بدن سے جاری دیکھنا
مفلس کو فرحت ہو دولتمند کو کلفت مریض کو صحت ہو پیاسا آپکو دیکھنا خسر من پڑھے
نیک کامون مین خلل پڑے پھپھولا ہاتھ مین دیکھنا روپیہ بہت پائے یا دُرِ شہوار ہاتھ آئے
پنجرا دیکھنا قید مین مبتلا ہو رنج کا سامنا ہو پھول دیکھنا کسی گلرو عاشق ہو مبتلائے فعل
فاسق ہو پستان دیکھنا عورت ملے یا اولاد ہو دولت سے دل شاد ہو پوری کھانا غیب
سے کھانے نعمت اچھی چکھنے مین آئے پروانہ دیکھنا روبکاری حاکم مین مبتلا ہو پریشانی
کا سامنا ہو پیوندی بیر کھانا فرزند دلبند ہو یا رتبہ بلند ہو پنیر کھانا رنج ہو مصیبت
مین مبتلا ہو پریشانی سوا ہو پہننے کا کپڑا پرانا دیکھنا افلاس شامل ہو تردد حصول ہو
پنیر کیتے دیکھنا بدکامون مین مشہور ہو نہایت مغرور ہو

ردیف تاے

توپ دیکھنا دشمن پر غالب آئے دنیا مین نیکنامی پائے تیر نشانہ پر مارنا امید بر آئے
احمقون مین عزت پائے تیتر دیکھنا دلیل اقبال ہے موجب زیادتی اموال ہے تبر دیکھنا
مریض شفا پائے تندرست ہو بیمار ہو جائے تابوت اپنا دیکھنا موجب زیادتی زندگانی
ہے سبب ازدیاد کامرانی ہے تبسم کرنا رنج پیش آئے غم بیش پائے تار کھینچنا سبب
پریشانی ہے موجب حیرانی ہے تعویذ پانا آسیب سے آسیب پائے مگر بعد عرصہ کے اچھا
ہو جائے تکیہ پانا بزرگی پائے بزرگون مین شامل ہو تل چبانا چوری مین مبتلا ہو گیا

کا سامنا ہو تنور دیکھنا دلیلِ نعمت ہے ترقی دولت ہے تاج دیکھنا یا پانا اگر کسی بزرگ سے پائے تارک الدنیا ہو جائے و اگر بادشاہ سے پائے حکومت ہاتھ آئے تخت و بناو یا تخت پر بیٹھنا حاکم ہو یا بادشاہ ہو راحت خاطر خواہ ہو تنور بجانا عہدہ بلٹن کا پائے یا سامان شادی کا پیش آئے تھوک منھ سے سننا دلیل نحست ہی سبب بت ہو

ردیف تای ہندی

ٹڈی دیکھنا لشکر کی سرداری پائے تنخواہ بیش ہاتھ آئے ٹنڈیان کسی اپنی دیکھنا پھر کھلیجا تا گناہون سے استغفار کرے خدا اوسکا بیڑا پار کرے توڑا گلے مین پہننا نیک کامون سے اجتناب کرے آرایش دنیا بے حساب کرے ٹھلیا دیکھنا بیوی اچھی پائے یا خدمتگار اچھا ہاتھ آئے ٹٹو پر سوار ہونا سفر تجارت پیش آئے مگر نفع بیش پائے

ردیف ثای مثلثہ

ثور دیکھنا کشتکاری کی نشانی ہے یا پریشانی آنی ہے ثریا دیکھنا مملکت و ملک ہاتھ آئے انجم سیاہ ہو خلق کی پناہ ہو ثمر خام دیکھنا خام تحصیل کملائی جس کام کو شروع کرے وہ ناتمام رہجائے

ردیف جیم تازی

جنگل ہرا دیکھنا رنج دفع ہو مسرت کا سامنا ہو اور جو خشک دیکھے تو بالعکس سمجھے جنازہ دیکھنا حاصل صحت و مسرت ہو افزونی دولت و حشمت ہو جراحت بدن مین دیکھنا فرزند خوش نصیب پیدا ہو یا کسی معشوق پر شیدا ہو جھنڈا سرخ دیکھنا خوشی حاصل ہو مسرت شامل ہو جھنڈا زرد دیکھنا عارضہ سخت مین ماندہ ہو بیمار حد سے زیادہ ہو جہاد کرنا دنیا و عقبیٰ مین وقار ہو عاقبت مین بیڑا پار ہو جھنڈا نیلا دیکھنا عمر دراز ہو راحت بازہ ہو جہاز دیکھنا سفر پیش آئے مفارقت عزیز و خویش پائے جوتا تنگ پہننا جورو جنگ کرے نہایت تنگ کرے جونک دیکھنا عارضہ مین مبتلا ہو رنج و تعب کا سامنا ہو جھنڈا سفید دیکھنا بڑے ایماندارو مین شامل ہو درجہ ابرارون کا حاصل ہو جھنڈا سبز دیکھنا

سفر بھوت سفر پیش آئے مگر جان سلامت لائے جھنڈا سیاہ دیکھنا سردار لشکر گرفتار ہو
نہایت جفاکار ہو جون دیکھنا ضعیف و حقیر ہو ہر ایک کی آنکھ مین بے توقیر ہو

ردیف جیم فارسی

چاند دیکھنا بادشاہ یا عالم یا حکیم ہو یا بزرگ و عاقل و فہیم ہو چاند گہن دیکھنا حاکم وقت پر
آفت سخت آئے یا غلہ گران ہو جائے چاندنی چھٹکی دیکھنا فراخی نعمت ہو کشادگی معیشت
ہو چتر دیکھنا حکومت و ریاست پائے دولت بعید ہاتھ آئے چراغ روشن دیکھنا عمر بڑی
ہو اولاد ہو یا شادی کرے یا بیوی ملے گھر آباد ہو چھال کسی درخت کی کھانا فلاکت
مین مبتلا ہو ہلاکت کا سامنا ہو چپاتی گلاتے دیکھنا مال مشقت سے ہاتھ آئے لیکن صرف
نہ کر سکے برباد ہو جائے چادر دیکھنا عورت خوش اسلوب ملے نہایت مرغوب چغد کو اڑتے
دیکھنا بلا اور غم سے رہائی پائے غم مبدل بشادی ہو جائے چوہا دیکھنا عورت بدصورت
و بدسیرت پائے رنج و غم اوٹھائے چھینکنا جس مطلب مین شک ہو وہ بےشک ہو چوگھٹ
چومتے آپکو دیکھنا زن مرید ہو فاسق شدید

ردیف حای حطی

حرم تعریف دیکھنا خداوند کریم کی طرف سے عفو تقصیر ہو چشمون مین توقیر ہو دنیا مین راحت
پائے عاقبت بخیر ہو جائے حمام مین جانا اور غسل کرنا حاصل صحت ہو دور مصیبت ہو حقہ
پینا مرض سے نجات ہو دور آفات ہو معشوق ہمکلام ہو اخراج مرام ہو حمام کی بنا
ڈالنا عورت سے ہمبستر ہو دشمن جلکر خاکستر ہو حیض سے پاک ہوکر غسل کرنا مغفرت
کی دلیل ہے صحت ہو اگر علیل ہے حور دیکھنا جنت نصیب ہو دعا مستجاب ہو حق تعالی
کو حساب کرتے دیکھنا گناہ معاف ہو صاحب داد و انصاف ہو حوض دیکھنا خیر و
برکت کی علامت ہے فرزند کی بشارت ہے حمام کو برا اور بے آب دیکھنا عورت
خراب ملے نہایت ناصواب ملے حکم عورت کا ماننا فعل زنا مین مبتلا ہو رسوائی کا سامنا ہو

حلال کرنا جانور کا کارِ خیر زیادہ ہو حاکم وقت سے فائدہ ہو علوا کھانا علم اکتساب کرے اہل اجتناب کرے

ردیف خائی معجمہ

خانہ باغ مین آپکو دیکھنا مرض سقیم سے افاقہ پائے اگر مریض ہو تیج ہو جائے خانہ تار یک مین تنہا ہونا بیماری سے گور جھانکے یا افلاس سے خاک پھانکے ختنہ کرتے دیکھنا فسق و فجور سے محفوظ رہے ردیہ اور نعمت سے محظوظ رہے خچر کا گوشت کھانا عورت چھنال کا مال پائے مگر حرام مین صرف ہو جائے خچر غیر پر سوار ہوتے دیکھنا مالک مجر کی عورت سے خیانت کرے ہر ایک کی شماتت کرے خصیہ دیکھنا قوت زیادہ ہو سواری ملے اگر پیادہ ہو خوشہ پانا سفر کرے یا کیسۂ دُر پائے یا کنیز دوشیزہ ہاتھ آئے خر پر سوار دیکھنا آپکو رسوائی کی نشانی ہے پشیمانی پیش آنی ہے خربزہ کھانا دولت چندے ہاتھ آئے مگر جلد زوال پائے خرما تازہ دیکھنا زیارت حرمین نصیب ہو جو دعا کرے مستجاب ہووے

ردیف دال مہملہ

دانت اپنا گرتے دیکھنا عمر دراز ہو در راحت باز ہو دانت آپسے اوکھاڑنا بیٹے کو نامہ عاق دے یا جورو کو طلاق دے دانت سونے اور چاندی کا دیکھنا بیماری کی علامت ہے باعث فلاکت ہے صدقہ دے کہ بھلا ہو یعنے رد بلا ہو دانت سیاہ یا لکڑی یا موم کا دیکھنا آثار ہلاکت ہے باعث مصیبت ہے صدقہ دینا ضرور ہے اگر رد بلا منظور ہے درس دینا اگر فقہ و علم ادب و حدیث ہے دولت دنیوی پائے اگر حکمت و منطق و انگریزی ہے دولت دنیا سے مالا مال ہو جائے درخت میوہ دار دیکھنا دلیل برخورداری ہے و بے ثمر دیکھنا دلیل خواری ہے درخت پھولون کا دیکھنا روپیہ بیشمار پائے معشوق نو بہار ہاتھ آئے درخت پر چڑھتے آپکو دیکھنا مرتبہ بلند پائے یا حاکم سے فائدہ اٹھائے دروازہ عالیشان دیکھنا عورت نیک پائے یا کوئی سرکار بڑھی ہاتھ آئے دریا سے پار ہونا تحصیل علم سے فراغت ہو رنج مبدل براحت ہو دمدمہ یا دھس بنانا بلند ہمت ہو صاحب عزت

عورت ہو دریا مین آپکو ڈوبتے دیکھنا نیک کامون سے کنارہ کرے برے کامون مین
جا پڑے دوات دیکھنا روسیاہی حاصل ہو شرمساری شامل ہو صدقہ دے کہ رد بلا ہو خوشی
حد سے سوا ہے دھوان دیکھنا فتنہ و فساد اوٹھے دوستون مین غبار ہو ہر ایک کی نظر مین
نہایت بے اعتبار ہو دودھ عورت کا پینا اگر منکوحہ ہے تو الفت بڑھائے اور اگر غیر منکوحہ
ہو فائدہ پہونچائے دیو دیکھے اگر خوش رو ہو بلند مرتبہ پائے علم معرفت بڑھ جائے اور اگر
بدشکل دیکھے رنج اوٹھائے صدمہ پر صدمہ پائے دختر پیدا ہوتے دیکھے اگر عورت دیکھے
بسیر ہو اور اگر مرد دیکھے دختر ہو دہی دیکھے سفر پیش آئے مگر تندرست خدا گھر پہونچا دے
دوزخ کے عذاب مین گرفتار اپنے تئین دیکھنا جورو بد عورت بدسیرت ملے تنگ
کرے نہایت بہ تنگ کرے دیوانہ کو دیکھنا فکر مین مبتلا ہو آفت کا سامنا ہو دوزخ
مین آپکو دیکھنا سفر بصعوبت سقر پیش آئے مگر بعد مدت دراز گھر پھرے جان بچ جائے
دُلدُل دیکھنا زیارت حضرت امام حسین نصیب ہو دعا مستجاب ہو یا کربلائے جائے زائر کہلائے
دَلدَل دیکھنا مال سے مالامال ہو ترقی دولت واقبال ہو دل دیکھنا اہل دلون مین
شمار ہو یا بہ تدبیر متلاشی درم و دینار ہو دودھاون جانورون پینا جو حلال ہین
روزی حلال پائے اور اگر بالعکس اوسکے ہے عورت بدکار سے ملال پائے دلال دیکھنا
رہنما پائے گناہون سے توبہ کرائے دوشالہ پانا امیر سے عزت پائے یا زن مالدار ہاتھ آئے

ردیف دال ہندی

ڈاڑھی اپنی سیاہ دیکھنا اقبال جوان رہے دولت سے شادمان ہو ڈاڑھی نوچی
دیکھنا بیوی سے جوتی بیزار ہو نہایت بیزار ہو ڈف بجانا عورت کی ہترائی کی زمین ہو
اور مرد کو رسوائی قلیل ہے ڈول دیکھنا اگر خالی دیکھے ڈانواں ڈول رہے گھر اوسکا
ڈول کی طرح خستہ حال رہے اگر بھرا دیکھے روپے سے بھر رہے ہر ایک بھلا کہے ڈاڑھی لمبی دیکھنا
تونگر کو زیادتی مال ہو مفلس کو ترقی اہل وعیال بجائے مال ہو ڈاڑھی کے بال جھڑتے دیکھے

دیکھنا ندامت و پشیمانی لاحق ہو رنج و مصیبت لاحق ہو ڈاڑھی خضاب کرتے دیکھنا
آرائش دنیا کی نشانی ہے انجام مین حیرانی پیش آنی ہے

ردیف ذال معجمہ

ذبح کرنا حلال جانور کا حاکم سے نفع ہو تکلیف رفع ہو ذاکر یعنی مرثیہ خوان کو
پڑھتے دیکھنا سبب دفع ملال ہے غم حسین ع غم ہے جسکا کھانا حلال ہے ذکر خدا کرتے دیکھنا
اگر مسجد مین دیکھے عابد ہو پہلے گو فاسد ہو اگر لب دریا دیکھے مرشد کامل پائے دریائے وحدت مین نہائے

ردیف رای مہملہ

روزہ رکھنا صالح ہونے کی نشانی ہے دولت و حکومت ہاتھ آنی ہے رسی دیکھنا راہ دین
ہاتھ آئے خلقت راہ راست تبلائے روزینہ مقرر ہو نابی نوکر ہو نوکر ہو جائے اگر نوکر
ہو ترقی مدارج پائے رسی کو ل دینا سفر پیش ہو رنج و مصیبت پیش ہو راہ طے کرنا آرزوئی
دل بر آئے کار مشکل حل ہو جائے رکابی دیکھنا خدمتگار معقول ملے نعمت بے اندازہ پائے
یا ترک مذہب کرے رکابی مذہب کہلائے رس دیکھنا دلیس کامرانی ہے باعث شادمانی
ہے روشنی دیکھنا رہنما اچھا ملے ترک راہ ضلالت کی نشانی ہے مال کار شادمانی ہے
روش دیکھنا دوستون سے فائدہ اوٹھائے دولت دینا ہاتھ آئے رات کا دیکھنا گردش زمانہ
صدمہ اوٹھاتے ساری قلعی کھلجائے رونا خوشی کی نشانی ہے یہ گنہ سے توبہ کرے شمول العد
کی مہربانی ہے راب دیکھنا پریشانی اوٹھائے صدمہ پر صدمہ پائے رن دیکھنا مشکل
پیش آئے دل گھبرائے مگر جلد حل ہو جائے رشوت لینا خلق مین بدنام ہو بدنامی طشت
از بام ہو رنجک اوڑتے دیکھنا توپخانے مین ملازم ہونے کی دلیل ہے یا پریشانی
پیش آئے مگر قلیل ہے راکھ دیکھنا راحت کی نشانی ہے مگر قدرے پشیمانی ہے روئی
دیکھنا تجارت کرتے مین نفع پائے بد کلامی ہر ایک سے کرے پنبہ دہن کہلائے رنج
دفع ہونا دفع مرض کی نشانی ہے اللہ کی مہربانی ہے رفو کرنا خلائق کا پردہ پوش ہے

مکروہات زمانے سے سبکدوش ہو روباہ دیکھنا مکاری کی علامت ہی پیش آنی ضلالت سے
صدقہ دے رد بلا ہے ورنہ مصیبت کا سامنا ہے ران دیکھنا عورت ملے شادی ہو پریشانی
دور ہو خانہ آبادی ہو وزن دیکھنا معشوق عیار ملے محبوبہ مکار ملے رخسارہ دیکھنا
اگر حسین ہو قدر و جاہ بڑھ جائے وگرنہ معشوق اچھا پائے رائی دیکھنا مصیبت مین مبتلا ہو
لاچاری سوا ہو روغن دیکھنا اگر سیاہ ہو سفر سے صحیح و سلامت پھرے کسی بلا مین نہ گھرے
اور اگر زرد ہے مبتلاے رنج و درد ہے ریختہ دیکھنا کالی بلا نازل ہو رنج و تعب حاصل ہو

ردیف زای معجمہ

زکوٰۃ دینا تجارت مین نفع ہو فکر و تردد دفع ہو زمرم پینا زہد و تقوی کی نشانی ہی فکر و
تردد سے نجات ہاتھ آتی ہے زاہد کو دیکھنا دین کے کامون مین قوت ہو نیک کرکار مین
شہرت ہو زبان سے لعاب گرتے ہوئے دیکھنا مرض کی نشانی ہی صعوبت پیش آتی
ہی زینہ پر چڑھنا رتبہ بلند ہونے کی نشانی ہے ترقی کی بشارت ہی زراعت دیکھنا
رزق مین برکت ہو اگر مفلس ہو حاصل ثروت ہو زلف بنانا عشق مین مبتلا ہو فراق کا
سامنا ہو رنج و فرقت اوٹھائے مجنون کہلائے زنجیر دیکھنا محاسبہ مین مبتلا ہو پریشانی
کا سامنا ہو زہرہ دیکھنا حور و شمائل پر دل مائل ہو ہر وقت فکر لاطائل ہو غم فرقت
اوٹھائے نوبت جنون کی آئے زنجیر ہاتھ مین دیکھنا گناہ مین آلودہ ہو مصیبت مین اندوہ
ہو زمین پر بنا ڈالنا ایسی رفعت حاصل ہو کہ دنیا مین نام ہو یا تولد فرزند نیک انجام
ہو زنبور دیکھنا دشمن سے مقابلہ ہو باہم مقاتلہ ہو زمین کھدی مین آپکو گاڑتے
دیکھنا سفر پیش ہو یا موت آئے رنج و تعب بہت اوٹھائے زمین کھود کر پانی
پینا بمشقت روزی پائے رات و دن غم و غصہ کھائے زنار دیکھنا کافر سے نفع
ہو پریشانی دفع ہو زہر کھانا غم و غصہ کھائے پریشانی اوٹھائے زمین کا زلزلہ دیکھنا
کوئی غنیم اوس ملک پر چڑھائی کرے حاکم وقت سے لڑائی کرے زندہ کو مردہ دیکھنا

جسکو دیکھے اوسکی ترقی حیات ہو دور آفات ہو

ردیف سین مہملہ

سر اپنا بڑا دیکھنا سرداری لشکر کی پائے فتوح غیب سے ہاتھ آئے سانپ اپنی گود میں دیکھنا لڑکا ہوذی ہو تکلیف پہونچائے پامال ہوذی کاٹے تو امیر ہو جائے سانپ کو پکڑتے دیکھنا دشمن پر حملہ آور ہو نہایت فضل داور ہو سانپ سے بات چیت سننا دشمن سے نفع ہو تردد و ملال دفع ہو ستارہ ٹوٹتے دیکھنا غم فرزند اوٹھائے یا مال چوری جائے سور دیکھنا نوکری کافر کی کرے فسق و فجور مین مبتلا رہے سانپ کا گوشت کھانا مال دشمن سے پائے مگر بیجا صرف ہو جائے سر اپنا کٹا دیکھنا عہدہ سرداری کا جاتا رہے غم و غصہ کھاتا رہے ستارہ روشن دیکھنا ترقی اقبال ہے حصول دولت لازوال ہے سرسون دیکھنا نفع تجارت مین کثیر ہو عنایت رب قدیر ہو سر مین تیل خوشبودار یا غیر خوشبودار ڈالنا اگر حسب انداز سے زیب و زینت کی علامت ہے اور اگر اندازہ سے زیادہ ہے اندیشۂ علالت ہے سولی دیکھنا ظلم حاکم مین گرفتار ہو یا ایسا بیمار ہو کہ نہ طاقت رفتار ہو نہ قوت گفتار ہو سر کسی جانور کا کھانا احمق سے منفعت ہو نہایت بلندی رفعت ہو سر کے بال کٹے دیکھنا قرض سے ادا ہو گنج عسرت سے رہا ہو سر اپنا ننگا دیکھنا نقصان مال اوٹھائے یا فریادی آگے حاکم کے جائے سرمہ لگانا پیروِ شریعت ہونے کی علامت ہے مژدۂ غیبی کی بشارت ہے ساگ دیکھنا افلاس کمال ہو اہل و عیال سے ملال ہو

ردیف شین معجمہ

شمشیر دیکھنا ملک ہاتھ آئے یا سفر کرے عورت ساتھ لائے شملہ ہنپنا بے نوکر ہو نوکر ہو جائے یا مال سے توانگر ہو جائے شربت پینا گناہ سے توبہ کرے مرید ہونے کی نشانی ہے یا شربت وصل معشوق پیئے کہ باعث شادمانی و کامرانی ہے شہد دیکھنا یا دکھانا چاشنی ایمان سے بہرہ پائے مریض ہو صحیح ہو جائے شراب پینا عیش دنیا مین مبتلا ہو غفلت کا

سامنا ہو شیطان کو بصورت زن دیکھنا کاروبار مین غفلت کرے صحبت عورتون مین رات دن رہے شکر دیکھنا حلاوت ایمان کی چاشنی پائے بڑا دیندار کہلائے شام دیکھنا غم فرزند اوٹھائے صدمہ پر صدمہ پائے شطرنج کھیلنا معاملات سلطنت مین خوض کرنے کی ضرورت ہے مشقت سے حاصل راحت ہے شیر دیکھنا در راحت باز رہے حاکم کا ہمراز رہے شعلہ آتش دیکھنا محاسبہ شاہی مین گرفتار رہے نہایت خوار ہو شتر بے مہار دیکھنا بدکاری مین بیباک ہو آخر کو غمناک ہو شوربا کھانا صحت کی علامت ہی علامت صحت ہے شیشہ دیکھنا صدمہ پہونچے دل چور ہو نہایت رنجور ہو شیرازہ باندھنا پرورش اہل و عیال کرے جمع مال و منال کرے شیطان کو اپنا فرمانبردار دیکھنا دولت حرام کی پائے دنیا مین بدنام ہو جاوے شکار کھیلنا بادشاہ کی مصاحبت پائے یا حکومت کہین کی ہاتھ آئے شمع دیکھنا سردار لشکر ہو یا ہادی و رہبر ہو

ردیف صاد مہملہ

صندل دیکھنا شادی ہو خانہ آبادی ہو یا نکوئی مین مشہور نزدیک و دور ہو صدقہ دیکھنا اگر دے بلا سے نجات پائے اگر لے دریوزہ گری مین مبتلا ہو جائے صابون دیکھنا صفائی قلب حاصل ہو اگر مریض ہو صحت کامل ہو صراحی دیکھنا عشرت سے معمور رہے دولت دنیوی سے مسرور رہے صراف کو دیکھنا برے بھلے کے پہچاننے مین شناخت حاصل ہو درست معاملگی مین کامل ہو صاحب مال کی صحبت مین جانا امید دلی برآنے کی نشانی ہے سبب حصول کامرانی ہے صحرا دیکھنا سفر دور و دراز پیش آئے یا مجنون ہو جائے صندوق دیکھنا غلام یا کنیز خیرخواہ پائے بہت عیش و آرام اوس سے اوٹھائے صیاد دیکھنا مکر و حیلہ اختیار کرے راہ بد تبلائے یا وکالت کرے مختار کہلائے صومعہ دیکھنا رہنما کہلائے راہ اچھی آدمیون کو تبلائے +

ردیف ضاد معجمہ

ضمانت کرنا جسکی ضمانت کرے اوس سے نفع پائے بہت فائدہ اوٹھائے

ضیافت کھانا جسکے یہان کھائے وہ ذائقہ فریب چکھائے ضیافت کھلانا سخی مشہور ہونے کی نشانی ہے موجب بہجت کامرانی ہے

ردیف طای مہملہ

طہارت کرنا بیمار کو صحت ہو محتاج کو فلاحت ہو طواف کرنا گناہ سے استغفار کرے متعلقونکا غمخوار رہے طاؤس دیکھنا عورت نازنین پائے معشوق اچھا ہاتھ آئے طاش دیکھنا فراغت کی علامت ہے امیر ہونے کی دلالت ہے طوفان دیکھنا نقصان مال ہو یا صرف اہل وعیال وبال ہو طوطی دیکھنا صلاح و فلاح کی نشانی ہے قسمت مین بدی شادمانی ہے طپنچہ مارنا جسکو مارے اوس سے نفع پاوے یا دشمنی اوس سے بڑھ جائے طرہ دیکھنا علم کی دولت پائے یا سردار قبیلہ ہو جلئے طویلہ بڑا دیکھنا کثرت اہل وعیال ہو ترقی مال ومنال ہو اور اگر بالعکس دیکھے بالعکس اوسکے سمجھے طلسم دیکھنا عجائبات علم کی سیر کرے یا سیاہی مین قدم دھرے +

ردیف ظای معجمہ

ظالم کو دیکھنا برے کام کی پاش مین مبتلا ہو غم کا سامنا ہو ظلم کرنا بدنام مشہور ہو صعوبت مین گرفتار و رنجور ہو +

ردیف عین مہملہ

عورت کو اپنی طرف مائل دیکھنا افلاس مشغول ہو تردد حصول ہو عرق بدن سے ٹپکنا اگر ماندہ ہو صحت پائے یا کوئی کار بد کرنے مین ندامت اوٹھائے عمارت دیکھنا ویسی امارت ہے سبب فلاحت ہے عناب دیکھنا مرض سے صحت پائے معشوق یاقوت لب ہاتھ آئے عمامہ باندھنا امامت کرے امام کہلائے نفع عوام سے اوٹھائے عطر لگانا دنیا مین حرمت ہو عورت پاکیزہ سے صحبت ہو عطار دیکھنا اہل قلم مین ملازم ہو یا سفر کا عازم ہو عندلیب دیکھنا علم شعر وسخن مین مشہور ہو حاصل سرور موفور ہو

عصا دیکھنا غلام یا ملازم اچھا پائے نفع اوس سے اوٹھائے

ردیف غین معجمہ

غیلہ دیکھنا سفر پیش ہو رنج بیش ہو دوستون مین ملال ہو سخ کمال ہو غبارہ دیکھنا عیش و عشرت کی نشانی ہے موجب سربلندی و کامرانی ہے غوطہ لگانا فکر اور اندیشے سے نجات پائے دور آفات ہو جائے غسل کرنا بیماری سے صحت ہو جائے یا سفر کر کے گھر کو واپس آئے غسلخانہ دیکھنا موت کی نشانی ہے راہ سفر آخرت پیش آنی ہے غوری دیکھنا نعمت غیر مترقبہ پائے طعام لذیذ کھانے مین آئے غربال دیکھنا فکر اہل و عیال مین مبتلا ہو ملال کا سامنا ہو غرفہ دیکھنا عشق مین مبتلا ہو فراق کا سامنا ہو غول جانورون کا دیکھنا حکومت و سرداری کی دلیل ہے سمجھے اگر عقیل ہی غالب آپکو دشمن پر دیکھنا نفس امارہ پر غالب ہو دولت دینوی کا طالب ہو ✤✤

ردیف فای

فرشتگان مقرب کو دیکھنا مرتبہ بلند ہو خلق اوس سے مستمند ہو فرشتون کو جوق جوق دیکھنا چوری سے مال کا نقصان ہو نہایت حیران و پریشان ہو فرشتون کے ساتھ آپکو اوڑتے دیکھنا درجہ شہادت کا پائے پریشانی دنیا سے نجات ملجائے فاختہ دیکھنا فقیری کی نشانی ہے باعث سرگردانی ہے فانوس کو روشن دیکھنا علم دینوی سے بہرہ یاب ہو بد افعالی سے اجتناب ہو فیروزہ دیکھنا دشمن پر فتحمند ہو اگر بے اولاد ہو فرزند ارجمند ہو فوارہ دیکھنا دل کو سرور ہو رنج کافور ہو خزانہ غیب سے پائے امیر کہلائے فصد کھلوانا مرض سے صحت پائے بیمار ایسے تندرست ہو جائے فربہ جانور پانا احمق سے نفع پائے پریشانی دفع ہو جائے فالودہ پینا مریض ہو صحت پائے مفلس ہو متمول ہو جائے

ردیف قاف

قرآن شریف لکھنا روزی اکل حلال سے پائے بڑا متقی و پرہیزگار کہلائے قرآن شریف

پڑھنا نیک کام کرنے کی دلیل ہے بہ عنایت رب جلیل ہے قسم کھانا روزی کم ہو
بہت غم ہو قسم کھلوانا خیانت مایہ ہو شماتت ہمسایہ ہو قبا پہننا دولت زیادہ ہونے کی
علامت ہے شادی دوسری کرنیکی بشارت ہے قافلہ دیکھنا سوداگری مین نفع بیش ہو سفر
حج کا پیش ہو قدم رسول دیکھنا زیارت کعبۂ معظمہ و مدینۂ منورّہ سے فیضیاب ہو دعا مستجاب
ہو قصّاب دیکھنا ظلم ظالم مین گرفتار ہو نہ طاقت رفتار ہو نہ حالت گفتار ہو قربانی
کرنا قرض دنیوی سے نجات ہو ترقی حیات ہو دور آفات ہو قبر دیکھنا ترقی عمر کی دلیل ہے
اور اگر مریض ہے عمر اوسکی قلیل ہے قلمدان پانا عہدہ وزارت پاوے نامی امیر کہلاوے قوس
و قزح دیکھنا غلہ کی ارزانی ہو اللہ کی مہربانی ہو قلم دیکھنا فن خوشنویسی مین شہرۂ آفاق ہو
قد اپنا کوتاہ دیکھنا فتنۂ عالم مشہور ہو تکلیف دہی خلائق مین بدنام نزدیک و دور ہو قے
کرنا مرض سے صحیح ہونے کی علامت ہے تندرست ہونے کی دلالت ہے قرنا بجانا فتنہ و
فساد مین مبتلا ہو رنج والم کا سامنا ہو قلعہ دیکھنا دشمن سے نجات ہو دور آفات ہو قرنفل
دیکھنا علم حکمت سیکھنے کی نشانی ہے یا رنج و زحمت پیش آنی ہے قفل کھولنا امید بر آنی کی نشانی
ہے اور بند کرنا باعث حیرانی ہے قینچی دیکھنا دوست سے ملال ہو دولت کا زوال ہو قمقمہ
دیکھنا عیش و عشرت کی دلیل ہے مگر زندگی قلیل ہے

ردیف کاف

کعبۂ شریف کا طواف کرنا خدمت والدین کی کرنے کی اشارت ہے حصول سعادت
دارین کی بشارت ہے کرتا پہننا علم اور فضل سے حصول اکتساب کرے جہل سے اجتناب
کرے کمل اوڑھنا فسق و فجور کی دلالت ہے مال مردم خوری کی علامت ہے کوئلا دیکھنا
زیادتی عصیان کی نشانی ہے انجام مین بدنامی اور نشانی ہے کوہ قاف کی سیر کرنا
وارث سلطنت ہو ہفت اقلیم کی بادشاہت ہو کوا دیکھنا اگر بولتا دیکھے عزیز مسافرت
سے واپس آئے اور اگر خاموش دیکھے رنج اوٹھائے کرم شب تاب دیکھنا قسم جواہر

بڑا پائے عورت اچھی ہاتھ آئے کمرکھ کھانا دوستون سے ترش روئی ہو محبوبہ ہی بدخوئی ہو گرم
کھانا محط کی نشانی ہے پریشانی پیش آتی ہے کمر باندھنا سفر دور و دراز پیش آئے مگر دولت
بشیار لائے کلاہ لمبی پہننا پلٹن مین ملازم ہو جائے اور اگر ملازم ہو تو عہدہ سرداری پائے
کوڑیان دیکھنا تکلیف معیشت پیش آتی ہے صعوبت و مصیبت اوٹھانی پڑے گی کیچڑ مین
گرنا یا پھنسنا قرضداری کی نشانی ہی صعوبت مین مبتلا ہو خرابی آتی ہی گھریا دیکھنا تکلیف
رسان خلائق ہو محتاج نانِ شبینہ مع علائق ہو کسم کا کھیت دیکھنا ہشتمو نمین سرخرو ہو اولاد
دختر نیکخو ہو کرم کلہ دیکھنا دستر خوان کشادہ ہو ہر ایک کو فائدہ ہو کوزہ دیکھنا عورت پاکیزہ
پائی رات دن بڑے مزے اڑائے کافور دیکھنا روپیہ بہت پائے عارضہ لقوہ کا اوٹھائے کھچڑی
کھانا مرض کی علامت ہو بیماری کی شکایت ہو کمند دیکھنا عشق مین کسی معشوقہ بدخو کے گرفتار
ہو دنیا مین بے اعتبار ہو کرن پھول دیکھنا ترقی مال کی دلالت ہے زیور بنوانے کی علامت ہے
کشتی دیکھنا رنج و اندوہ دور ہو حاصل سفر ہو سفر کی علامت ہے روپیہ پانی کی بشارت
ہے کشتی کو ڈوبتے یا خشکی مین آتے دیکھنا سخت مصیبت مین گرفتار ہو نہ کوئی یار
ہو نہ مددگار ہو کباب کھانا ماندگی رفع ہو تکلیف و رنج دفع ہو کشتی پار ہوتے
دیکھنا غنچہ آرزو کھلجائے مراد دلی ملجائے کنول جلانا خلائق کو نادم کرے طالب استعانت
خدا دایم کرے کپڑا دھوتے دیکھنا گناہ سے پاک ہو کبھی نہ غمناک ہو کائی گھٹتے دیکھنا
دشمن پر خروج کرے اللہ اوسکا عروج کرے کرن آفتاب کی دیکھنا بادشاہ دمساز ہو زر را
باز ہو کفن پہننا مہم سخت پیش آتی ہے مگر آخر کو حصول کامرانی ہے کھان دیکھنا عورت کو
زائدہ ہو مرد کو غم زیادہ ہو کشتی کرنا مشقت کی نشانی ہی قسمت مین مصیبت و سرگردانی ہی گیہون
مین کمی نابرنج کا ظہور ہو تکبیر و نخوت دور ہو کباب بھوننا نوقنگی رنج و مصیبت کی دلیل ہی سمجھو اگر عقیل ہو

ردیف کاف فارسی

گھوڑا دیکھنا حکومت و ریاست پائے عہدہ بڑا ہو جائے گدھا دیکھنا سفاہت مین مشہور ہو

مثل شیطان مغرور ہو گولر یا گولر کا پھول دیکھنا دولت و نعمت زیادہ ہو تجارت مین فائدہ ہو گھانس دیکھنا سرسبزی کی نشانی ہے سبب حصول کامرانی ہے گوہ ہاتھ مین لیتے دیکھنا دولت حرام پائے صرف بیجا ہو جائے گورخر کا شکار کرنا سرکار شاہی مین پیش ہو محسن اقربا و خویش ہو یا دشمن پر غلبہ پائے یا اوس سے فائدہ اوٹھائے گھی کا کپّا دیکھنا چرب زبانی مشہور ہو اگر تجارت کرے نفع ضرور ہو گرجنا بادل کا دیکھنا غضب شاہی مین گرفتار ہو نہایت تباہ و خوار ہو گدھے کا گوشت کھانا مال احمق کا غصب کرے اوسکے پاداش مین غضب پڑے گلاب دیکھنا معشوق گلبدن پائے یا کام نیک کرے خلق مین اچھا کہلائے گدھے کا دودھ پینا تجارت مین نفع ہو تردد و بیماری دفع ہو گونگا دیکھنا آپکو افلاس کی نشانی ہے پریشانی پیش آنی ہے گاجر کھانا قوتِ باہ زیادہ ہو ممسک سے فائدہ ہو گورستان دیکھنا عبرت و پریشانی کی دلیل ہے یا ایسے شخص کی نوکری ملے جس کا محصل قلیل ہے گوز مارنا ہمچشمون مین ذلیل ہو صحت پائے اگر علیل ہو گریہ دیکھنا خلق کی ایذا رسانی کا ہر لحظہ خیال ہے مگر عمل مین لانا محال ہے گھر زمین پر بناوے تولد فرزند ہو یا دختر ارجمند ہو یا کوئی کتاب تصنیف کرے سبب قیام نام ہو مشہور خاص و عام ہو گوبر دیکھنا حاکم یا سردار سے نفع ہونے کی دلیل ہے مگر اندکے و قلیل ہے گھر سونیکا دیکھنا دشمن سے لاف لگے گھر مین آگ لگے گدھے پر آپکو دیکھنا اگر منھ طرف مغرب کے ہو سفر حج کرے اور اگر طرف اور اوتر اور دکھن کے ہو برے افعال کرے تشہیر ہو یا جی مشہور ہو گھر جواہر کا دیکھنا علم اور فضل سے مالا مال ہو حاصل دولت لازوال ہو گرم پانی پینا عارضہ تپ مین ماندہ ہو بینگو جو شاندہ ہو گھر مین غیر کے داخل ہونا جسکے گھر مین داخل ہو اوسکی عورت سے خیانت کرے خلق اوسکی شماتت کرے گدھی پر سے اوترنا سفاہت دور ہو دولتمند ضرور ہو +

ردیف لام

لوح دیکھنا اگر لکھی دیکھے حالات آیندہ سے مطلع ہو جاوے اور اگر سادی دیکھی سادہ لوح کہلائے

لباس سیاہ پہننا کثرت معصیت مین گرفتار ہو نہایت ذلیل وخوار ہو یا غم فرزند اوٹھائے جان پر بن جائے نعل دیکھنا فرزند ارجمند کی بشارت ہے یا عورت حسینہ ملنے کی اشارت لونگ چڑے کھانا مردم بازاری سے ہم صحبت رہنے کی دلیل ہے مگر منفعت بہت قلیل ہو کہین دیا خریدنا کسی امیر کے یہان کار ذلیل مین ملازم ہونے کی بشارت ہو غیب سے یہی اشارت ہو لومڑی دیکھنا عورت مکارہ ملے جان تنگ کرے رات دن جنگ کرے لگام دینا عورت کو مطیع کرے اللہ اوسکا مرتبہ رفیع کرے لباس سفید پہننا گناہون سے پاک رہو مگر فکر دنیا سے غمناک رہو لیزم ہلانا عورت سے نہایت نفرت ہو قوت مین نہایت شہرت ہو لباس سُرخ پہننا کار زار پیش ہو مہم در پیش ہو لوہا دیکھنا دشمن سخت سے مقابلہ ہو باہم مجادلہ ہو روزی مشقت سے پائے رات دن غم وغصہ کھائے لباس زرد پہننا مرض یرقان مین گرفتار رہو نہ طاقت رفتار ہو نہ یارائے گفتار رہو لباس دھانی پہننا مقدس ہونیکی بشارت ہو کار خیر کرنے کی اشارت ہے لباس نیلا پہننا حج سے فیضیاب ہو دعا مستجاب ہو لباس گیروا پہننا تہمت دنیا مین پھنسے یا قید فرنگ مین رہو +

ردیف میم

مینھ بکثرت برسنا رحمت ایزدی نازل ہو فضل خداوندی شامل ہو مہر دیکھنا سلطنت کہین کی پائے حکومت ہاتھ آئے مسجد دیکھنا دلیل خیر وبرکت ہو سبب دفع شر وآفت ہے منفضج پیتے دیکھنا اگر بیمار ہو صحت پائے اگر صحیح ہو تندرستی سے لذت اوٹھائے مسواک کرنا راست گوئی کی عادت ہو نیکوکاری کی خصلت ہو منارہ دیکھنا حاکم کا ہمراز ہو درِ راحت باز ہو مسہری دیکھنا عمر کم ہے موت جلد آنے کی نشانی ہے گناہ سے توبہ کرے درپۂ پشیمانی ہو مکھی دیکھنا مرض جراحت مین مبتلا ہو تکلیف کا سامنا ہو منبر پر چڑھنا رتبہ بلند ہو یا کوئی رشتہ دار دولتمند ہو مردے کو آتے اپنے پاس دیکھنا مقیم سفر کرے مسافر گھر آئے محبوس خلاصی پائے بیمار تندرست ہو جائے موزہ اوتارنا جورو کو طلاق دے یا بیٹے کو

نالۂ عاشق دے ہو لگا دیکھنا معشوق سُرخ لب پائے رات دن عزے اوڑائے میخ دیوا
مین گاڑنا نوکری استحکام سے ہاتھہ آئے مالک کے دل مین جگہ کرے انعام پائے مرغ کو
اذان دیتے دیکھنا ذی کمالون کی معدومی وخواری ہے بے کمالون کی گرم بازاری
ہے موتی پرونا فن انشا مین طاق ہو شہرۂ آفاق ہو موتی کی لڑی دیکھنا حافظ قرآن
ہو ہر ایک اوسکا ثنا خوان ہو مکتب خانہ دیکھنا حاکم کی خدمت مین پیش ہو معینہ بنین ہو
مرغابی کو دیکھنا حاکم سے فائدہ مند ہو نہایت خرسند ہو +

ردیف نون

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھنا مراد دینی ودنیوی ہاتھہ آئے بخیر انجام ہو [illegible]
پڑھنا گناہ معاف ہو صاحب اوصاف ہو ناخن تراشنا قرض دور ہو [illegible]
ہونا کی بڑی دیکھنا شہوت زیادہ ہو عورت بدکار سے فائدہ ہو [illegible]
یا پائے حکومت ہاتھہ آئے ناک کٹی دیکھنا افلاس کی نشانی ہے ذلت [illegible]
دیکھنا رنج دور ہو حاصل سرور ہو اور جو خود ناچے عورت [illegible]
شور کرے ناک سے خون بہتے دیکھنا مال مشقت سے پائے مگر جلد محتاج [illegible]
دیکھنا افسر فوج ہو نہایت اوج موج ہو ناریل دیکھنا شادی ہو غم سے آزاد [illegible] ہو یا تولد
فرزند ارجمند ہو نہایت خرسند ہو نرگس دیکھنا معشوق عاشق مزاج ملے غنچۂ مہر والفت کھلے
دیکھنا کسی بڑی سرکار مین پیش ہو دریا دل کہلائے خلائق کو راحت پہونچائے نارنج دیکھنا
ماندہ ہونے کی علامت ہے [illegible]
پائے اگر شاخ نیم پائے آتشک نکل آئے +

ردیف واو

ولایتی انار دیکھنا مریض ہو تندرست ہو جائے تندرست ہو ماندگی [illegible]
حاکم کی طرف سے [illegible]

کام سے چشم پوشی کرے نیک کام سے ہم آغوشی کرے وضو کرنا خلق کو نصیحت کرے
بدکارون کو نصیحت کرے وضو کرنا راست کرداری کی دلیل ہے نہایت غفار رب جلیل ہے

ردیف ہای ہوز

ہرن دیکھنا دختر نیک اختر پیدا ہو یا کسی معشوقہ پر دل شیدا ہو ہوا آندھی دیکھنا جہان دیکھے اوس سرزمین پر آفت آئے وہان کے باشندون کی شامت آئے ہدیہ بھیجنا اونکی طرف ازدیاد محبت ہو نہایت الفت ہو ہدیہ دیکھنا حاکم رحم دل کا ملازم ہو یا سفر آخرت کا عازم ہو ہار پہننا شادی ہو غم سے آزادی ہو ہنڈولا دیکھنا زن مہربان پائے عیش کا سامان بہم ہو جائے ہنسنا غم کی دلیل ہے مگر قلیل ہے ہاتھی دیکھنا بلائے سخت نازل ہو اگر تجارت کرتا ہو نفع قلیل حاصل ہو ہوا پر آپکو اوڑتے دیکھنا فن وکالت مین طاق ہو جائے شہرۂ آفاق ہو جائے

ردیف یای تحتانیہ

ید بیضا دیکھنا ہاتھ کشادہ ہو دولت زیادہ ہو یا یوپانا عورت چالاک ملے نہایت بیباک ملے یاسمین پانا عورت خوبصورت ملنے کی بشارت ہے غم دور ہونے کی اشارت ہے یخ یعنی برف گرتے ہوئے دیکھنا آفت سخت نازل ہو دولت بیوی زائل ہو یاقوت پانا مال و دولت پانے کی نشانی ہے سبب حصول کامرانی ہے۔

تعبیرنامہ حقیقی تمام شد

ناظرین کو واضح ہو کہ [illegible] ثواب اور [illegible] تعبیر خواب سبقی ہے اس سے خواب کا جواب معلوم کرین

دربیان جاننے علم قیافہ کے کہ اوسکو علم فراست بھی کہتے ہین

ظاہر ہو کہ علم قیافہ کا علم بزرگ ہے کیونکہ اس علم کے جاننے والے ترت دیکھتے چہرے کے اوپر خصلات رذیلہ اور شمائل نیک بنی آدم کے مطلع اور خبردار ہوتے ہین پس اگر قابل یا امین ہو تو اوسکے ساتھ صحبت قبول کرین اور معاملات کرین اور نہین تو اون سے پرہیز کرین اور اونکی شر سے بچے رہین

حکایت

کہتے ہین کہ ایک نے حکیمون سلف سے صحبت مردمان آدم صورت اور وحوش سیرت سے کنارہ کرکے پہاڑ پر مسکن قبول کیا تھا اور ایک کو مصوران مانی رقم سے اوپر دروازے کے تعین کیا تھا کہ جو کوئی آدمی قصد ملاقات حکیم کا کرتا تھا پہلے مصور تصویر اوسکی کھینچکر پاس حکیم کے بھیجتا حکیم ازروی علم قیافہ اوس تصویر پر نظر کرتا جو قابل صحبت جانتا تو اوسکو اپنے پاس بلواتا ورنہ دروازے ہی سے رخصت کر دیتا ایک روز ایک آدمی حکیم کی ملاقات کے واسطے آیا مصور نے حسب معمول تصویر اوسکی کھینچکر حکیم کے پاس بھیجی حکیم نے موافق قیافہ اوپر ذمیمہ اخلاق اوسکی کے مطلع ہوکر اندر آنے کی اجازت ندی اور اوسکے رخصت کر دینے کی اشارت فرمائی اوس آدمی نے حکیم کو پیام بھیجا کہ میری شبیہہ کے دیکھنے سے جو کچھ ذمائم اخلاق میرا دریافت کیا تو سب درست اور بجا ہے لیکن ساتھ ریاضت سخت اور محنتون شاقہ کے تمام اخلاق ذمیمہ مین نے ترک کر دئے ہین کچھ اندیشہ نقصان کا مجھ سے اپنے دل مین مت رکھہ اور شرف حضوری اپنی کے مشرف فرما اوس وقت حکیم نے اوس کو اپنے پاس بلایا اور اپنی صحبت مین قبول کیا پس فائدہ اس علم کا اوسکے ساتھ نہایت سرایت کرتا ہے اول جو کوئی اپنے عیبون پر مطلع ہو چاہیے کہ اوسکے چھوڑ دینے کو ہمت پکڑے کہ شر اور بری باتون سے پاک ہو دوسرے جو شخص کہ اوپر عیبون غیر کے آگاہ ہو آپ کو اوسکے شر سے بچاوے

حکایت

کہتے ہین کہ امام برحق امام جعفر صادق علیہ السلام کو اتفاق سفر کا پڑا ایک روز نزدیک سواد شہر کے ایک آدمی نے با لباس فاخرہ سر راہ امام کے آکر بتواضع تمام سلام کیا اور نام مقام و مسکن پوچھا جب امام کے نام سے آگاہ ہوا رکاب آنحضرت کو بوسہ دیا اور کمال ارادت اور اعتقاد سے ہاتھ اوپر قدم اوس جناب کے رکھا اور مہمان ہونے کے واسطے تکلیف دی حضرت امام نے بہت عذر کئے مگر اوسنے زیادہ تر اصرار کیا آنجناب اگرچہ ازروی قیافہ اوسکے عیبون پر مطلع ہوئے لیکن اوپر عجز و انکسار اور تواضع ظاہر اوسکی کے خیال کرکے اوس دعوت قبول

فرمائی وہ جوان آپ کے گھوڑے کی فتراک پکڑکے شہر مین آیا اور حضرت کو اپنے مکان پر اتارا اور مہمانداری کے شرائط بجالانے مشغول ہوا اور تمام اسباب آرام کا موجود کیا صبح کو آنجناب نے رخصت چاہی اوس نے عرض کی کہ نسبت طالع میرے کہ امام وقت واولاد رسول علیہ السلام نے اپنے قدم سے مجکو مشرف فرمایا اور ساتھ روشنی قدم کے میرا گھر روشن فرمایا افسوس ہے کہ کچھ روز آپکی خدمت بجا نہ لاؤن مین اور خدمت سراپا برکت سے فیض پانے والا نہ ہوون مین القصہ اوس نے بہت عجز والحاح کیا حضرت چار و ناچار پاس خاطر اوسکا ضرور پڑا اسی طرح آنجناب ہر روز قصد راہ کا فرماتے اور وہ تضرع وزاری واسطے توقف کے مبالغہ کرتا حاصل بعد دو ہفتے کے آنجناب نے ارادہ منزل مقصود کا مضبوط فرمایا جسوقت آنجناب قصد سواری کا رکھتے تھے اوس فریب صفت نے ایک کاغذ جیب سے نکال کر آنجناب کے ہاتھ مین دیا اور وہ کاغذ حساب اخراجات مہمانی آنجناب کا لکھا تھا آنحضرت نے جو فرد حساب کو ملاحظہ فرمایا قیمت تمام اسباب دیراق و گھوڑے اپنے کی پائی آنجناب نے تھوڑی دیر تامل فرماکر تمام پونجی اپنی بعوض زر نقد کہ موجود رکھتے تھے ساتھ اوسکے تسلیم کر پیادہ اور عریان اپنے دیار کو لوٹنا فرمایا کہتے ہین کہ اوس آدمی نے ساتھ آنحضرت کے ایسا معاملہ کیا آنکھین ازرق اور چھوٹی اندر کو دھنسی ہوئی رکھتا تھا اور ایسی آنکھون والا دلیل مکر و حیلہ اور چوری اور بدبختی اور بے شرمی والی کی ہے

بیان علم قیافہ

فلاسفۂ ارجمند اور حکماے دانشمند نے جوارح اور اعضاے انسانی کو واسطے دریافت خلق پسندیدہ اور صفات نکوہیدہ کے مقرر کیا ہے اور تجربہ سے دریافت کیا کہ ہر عضو اعضای ظاہر انسانی سے دلیل ہے ساتھ صفات بعون اور معانی اور واسطے مصداق اس علم کے حدیث شریف ناطق ہے کُلُّ طَوِیْلٍ اَحْمَقُ اِلَّا عُمَرُ وَکُلُّ قَصِیْرٍ فِتْنَۃٌ اِلَّا عَلِیٌّ نقل ہے کہ ایک شخص چراغ کی روشنی مین کتاب کے پڑھنے مین مشغول تھا کتاب مین لکھا دیکھا کہ بہت لمبی داڑھی دلیل حماقت کی ہے اوس نے بموا اپنی داڑھی پر غور کیا تو اندازے سے زیادہ دراز پائی اوسی وقت

اپنی داڑھی کو مٹھی میں مضبوط پکڑا اور آگے چراغ کے اس امید پر رکھا کہ جو زیادہ ہو جلجاوے بقدر اعتدال باقی رہ جاوے پس جسوقت کہ شعلہ چراغ کا داڑھی میں پہونچا سب ایکبارگی جل گئی اور اثر اسکا ہاتھ میں آیا اور یہ دلیل حماقت اور نادانی ہو سکتی تھی رباعی ای کردہ بحث جہان را سبب علوم

معلوم نشد بتو علوم مکتوم ہر روی کہ بارگشت دیدار کہ تو عمر گردد بتواند علم قی در نظم

علامات سر

سر بڑا اور گول اور برابر اور تمام سر پر بال جمے ہوئے دلیل عقل و دانی سمجھ و عقلمندی اور ہمت اور سخاوت کی ہے اور سر چھوٹا اور ناہموار اور کم بال دلیل حماقت و جہالت و غباوت و بلادت کی ہے

علامات پیشانی

پیشانی چوڑی بے چین و شکن خصومت و بدنفسی و لاف و گزاف و غرور و تکبر کی ہے اور پیشانی متوسط بلندی و فراخی کہ اوس پر چین و شکن ہو نشان صدق و محبت و عقل و تدبیر و بختمندی کی ہے اور پیشانی تنگ دلیل بیحیائی و نادانی و چین عسرت و فلاکت و ذلیل ہونیکی ہے اور چین درمیان دونوں بھوؤں کے اور پیشانی طرف سر کے ساتھ حرارت ناک کے دلیل غصہ اور بدنصیبی اور خودبینی کی ہے اور بعضوں نے کہا ہے کہ خطوط چین پیشانی دلیل اوپر مشرف ہونیکے اگر ایک ہے پیشانی جو ایک خط ہو دلیل ہے ساتھ عمر دس برس کے اور جو دو ہوں بیس برس اور جو تین ہوں

تیس برس اور اسی طرح پر قیاس کرنا چاہیے۔

علامات ابرو

بھوویں بہت بڑی و لمبی اور کھچی ہوئیں پر موسے نشان بدخوئی و تندخوئی اور فکر و حسرت و غم و جہالت و خودپسندی کی ہے اور بھوویں ملی ہوئیں دلیل [illegible] مہربانی اور مردوں کو رغبت جو طرف عورتوں کے اور عورتوں کو طرف مردوں کے ہے اور بھوویں متوسط درازی و لانبی اور سیاہ نشان فہم اور دیانت اور سخاوت اور لطافت مزاج کا ہے اور ابرو کا جو ناک کی طرف سے باریک ہو تو دلیل خصومت اور فتنہ انگیزی کی ہے اور جو اونچی ہو بالا الٹا ہو اور

اور درازی بالون کی دلیل ہمت وشجاعت وتندخوئی وعربدہ جوئی کی ہے۔

علامات چشم

چشم سیاہ وبزرگ دلیل سستی وکاہلی کی ہے اور آنکھ چھوٹی دلیل سبکساری وکم فہمی اور آنکھ متوسط نشان وفا اور حیا کا اور آنکھ گھسی ہوئی اندر کی طرف نشان تکبر اور بدی اور خیانت اور بدطینتی کا اور آنکھ اوٹھی ہوئی اور اونچی از روی دلیل بےحیائی وبخل کی اور آنکھ [illegible] دلیل مکر وحیلہ وچوری وسرخی آنکھ بڑی بے علت دلیل درازی عمر وشجاعت اور چشم ازرق بدترین آنکھوں کی ہے دلیل بخل وبےحیائی وبےعقلی ہے شعر چشم ازرق موی سگون رنگ زرد + اینچنین کس با کسی نیکی نہ کرد اور آنکھ نیلی وچھوٹی ولرزان دلیل مکر وحیلہ وشہوت [illegible] کی ہے اور آنکھ گول نشان نحوست اور آنکھ مائل بدرازی علامت نیکبختی ومبارکی کی ہے اور آنکھ متوسط بیچ بزرگی وکوچکی وسرخی وسیاہی ودور درازی علامت اخلاق جمیلہ وعادات فرخندہ کی ہے اور [illegible] سفیدی [illegible] نشان شہوت کا ہے

علامات گوش

[illegible] نشان [illegible] وقوت حافظہ وطول عمر وتندخوئی [illegible] وقت اور کان چھوٹا نشان جہالت ونادانی کا اور متوسط نشان عقل ودانائی ونیک بختی کا ہے اور کان پر گوشت دلیل دولت کی ہے

علامات ناک

ناک باریک نشان سبکی وعفت عقل اور ناک کا پہن یا فراخی سوراخ دلیل بہت شہوت اور غضبناکی اور ناک ٹیڑھی نشان نفاق وشرارت اور ناک لمبی اور بڑی اور نوک سی خمدار مانند چونچ طوطی کی دلیل دولت وبخت [illegible] اور ناک متوسط بیچ بلندی وپستی وفراخی وتنگی کی دلیل صحت باطن کی اور ناک کم پست نشان افلاس وتنگدستی کا ہے

علامات لب

[illegible] دلیل [illegible] وغلاظت طبیعت وکینہ وری کی اور لب باریک نشان فہم اور لطافت طبیعت کا اور سرخی [illegible] نشان [illegible] کا اور [illegible] اور سفیدی [illegible] دلیل مرض کی

علامات دہن

دہن کشادہ دلیل شجاعت اور دہن تنگ دہن دلیل خوف وہراس اور عورتوں میں تو فراخی دہن کی علامت بہت خواہش مباشرت کی ہے

علامات دندان

دندانہائے بہت بڑے و نزدیک دلیل شرارت کی اور بہت چھوٹے اور متفرق دلیل ضعف بدن اور دندان ٹیڑھے اور ناہموار دلیل مکر وحیلہ وخیانت کی اور دندانہائے متفرق وہموار ومتوسط بیچ بزرگی و کوچکی کے نشان نیکبختی و عدالت و امانت کا اور تعداد دانتوں کی تیس ۳۰ سے بتیس تک نشان دولت و فراغت کا اور کمتر تیس ۳۰ سے علامت افلاس و فلاکت کی۔

علامات کام وزبان

کام وزبان سرخ دلیل نیک بختی و نیکی کی اور سیاہ وزرد علامت نحوست و بدخوئی کی ہے۔

علامات زنخ

ٹھوڑی باریک دلیل مبارک خوئی اور زنخ پرگوشت دلیل جہل وتکبر اور زنخ متوسط دلیل عقل و ہنر کی

علامات گردن

گردن کوتاہ دلیل مکر وخیانت اور گردن دراز باریک دلیل جبن و حماقت اور گردن لمبی دلیل صدق وعدل و تدبیر کی اور گردن میں جو ایک خط ہو دلیل درازی عمر کی ہے اور دو دلیل ہنرمندی کی اور تین علامت سخاوت کی

علامات چہرہ

چہرہ پرگوشت دلیل کاہلی ونسیان اور جہالت او سخت مزاجی کی اور خشک و کم گوشت علامت خبث باطن او معتدل دلیل نیک خوئی اور زردی رنگ منہ نشان بدی اور مرض باطن کا

علامات داڑھی

داڑھی گوشہ دلیل زیرکی و دانائی اور داڑھی گرہ وقار و تمکین کی اور داڑھی بہت دراز دلیل حماقت و نادانی کی اور داڑھی پر موے نشان بلادت و غباوت۔

علامات شکم

لاغری کتفین دلیل قبح سیرت اور پہناوری کتف نشان حماقت اور کتفین پرموے نشان بے دولتی اور کتف صاف ومتوسط دلیل عقل و دولتمندی سعادت ولطف فراخی۔

علامات بغل وبازو

بازوی دراز وبغل پرگوشت نشان نیکبختی وفراخی رزق کا اور بازوی خورد وبغل خشک علامت بددولتی کی ہے

علامات سینہ

سینہ چوڑا اور پرگوشت نشان نیکبختی کا اور سینہ تنگ اور خالی علامت نحوست وبدبختی کی ہے۔

علامات پستان

دونوں پستان بڑے دلیل دولت داولاد کی ہے اور ایک پستان خرد اور ایک بڑی علامت نحوست اور بدبختی کی ہے

علامات شکم

بڑا پیٹ دلیل حماقت اور پیٹ متوسط نشان اچھی عقل اور صفائی عقل ور تیزی ہوش کی ہے اور جسکے پیٹ پر ایک خط ہو موت اوس آدمی کی تلوار سے ہو اور جسکے پیٹ پر دو خط ہوں وہ عورتوں کی صحبت سے خوش رہے اور دو تین خط اوپر شکم کے ہونے سے نشان عقل وعلم وہوشیاری چار پانچ خط تک اور جو کوئی آثر خط کا نہ ہو صاحبِ اقبال ہو اور ناف بڑی اور گول نشان دولت اور سخاوت کا ہے

علامات پشت

پشت پہن دلیل قوت غضب وتکبر کی ہے اور ٹیڑھی پیٹھ بداخلاقی کی اور پیٹھ دراز نشان نحوست اور پیٹھ متوسط دلیل سعادت ونیک بختی کی ہے

علامات رنگ

رنگ سرخ آتشین دلیل زود رنجی اور کام مین جلدی کرنا اور رنگ سبز دلیل بدی باطن اور رنگ سرخ وسفید دلیل اخلاق مبارک اور رنگ سرخ مائل بسیاہی دلیل بداخلاقی اور رنگ گندمی دلیل خوش اخلاقی اور عقل ودانائی اور ادراک اور نیکبختی کی ہے

علامات نرمی بدن

نرمی بدن دلیل قوت فہم اور لطافت طبیعت کی ہے اور سختی بدن دلیل قوت بدن اور بزرگی طبیعت اور ضعف فہم اور پوست نرم وباریک نشان فرخندگی اور نیکیون کا ہی۔

علامات موئی

موے سخت دلیل شجاعت و استقلال کی اور بال بہت نرم علامت ڈرپنے کی اور متوسط سخت و نرم مین دلیل خوبیون ظاہری و باطنی کی اور بہت موٹے بال اور چھاتی اور پیٹ کے دلیل کمینہ پن کی اور تھوڑے ہونے دلیل لطافت اور دانائی کی اور بال بیرنگ دلیل حماقت اور بال میگون نشان شجاعت و صحت دماغ اور بال متوسط سیاہی و سختی و نرمی دلیل عقل و اعتدال فراج آور جس کسی کے ایک مسام سے ایک بال اوگے نشان دولت کا ہی اور دو دو اوگین دلیل ہنرمندی کی اور جو تین اوگین صاحب عبادت ہو اور چار علامت افلاس اور فرومائگی ہی اور بال باریک دلیل بیماری کی اور کک نشان اچھے پن کا ہے۔

علامات آواز

آواز بڑی اور اونچی دلیل بہادری اور آواز باریک نرم دلیل اخلاق نیک اور آواز غنہ نشان تکبر اور غرور کی ہی اور آواز ناخوش دلیل حماقت و بدنیتی کی اور بات کہنا ساتھ آہستگی و نرمی کے دلیل عقل و دانائی کی ہی اور جلدی بات کہنا دلیل بدخلقی اور ہاتھ ہلا کر بات کہنا نشان دانائی اور عقلمندی کا ہی

علامات خندہ

ہنسی قہقہہ کے ساتھ دلیل سفاہت اور بیحیائی کی ہی اور تبسم دلیل حیا اور وقار اور تمکین اور خوش اخلاقی کا ہی

علامات قد

قد طویل دلیل احمقی اور قد قصیر دلیل فتنہ انگیزی اور قد دوتا دلیل کینہ و عداوت اور قد میانہ دلیل حکمت اور دانائی اور برابر اوصاف باطنی اور حکیمون نے کہا ہے کہ قد اچھا وہ ہی کہ اونکیمون سے صاحب قد ایک سو بیس انگل ہو اور اس مقدار سے جسقدر کہ کم ہو برا ہی

علامات رفتار

جسکی چال تیزی کی ہو وہ بزرگون کو بدی سے یاد کرے اور جو کوئی چلنے مین کمر اور کفش ہلاوے دلیل علت ابنہ کی ہے اور تیز تند چلنا علامت قہر و غضب اور جہالت اور باہستگی چلنا دلیل اندوہناکی کی ہے اور رفتار متوسط تیزی و آہستگی کے ساتھ دلیل نیکیون ظاہری و باطنی کی ہے اور وقت چلنے کے پانون روزے اور بیچ آنا دلیل بدبختی اور قدم لمبا رکھنا دلیل جہالت اور حماقت کی ہے۔

علامات کفدست

ہتھیلی ہاتھ کی پرگوشت دلیل دولت اور رنگ لال دلیل خوبی اور پاکیزگی طبیعت اور زردی دلیل فسق و فجور اور سفید و سیاہ دلیل بدبختی کی اور خطوط بہت اور تھوڑے کفدست کے دونون زبون ہین اور بدرجہ اوسط نشان سعادت بخت بندی کا ہے۔

علامات انگشتان

اونگلیان لمبی دلیل طول عمری کی اور باریک و نرم دلیل نیکبختی کی اور سطبر اور ٹیڑھی و سخت دلیل بدبختی کی اور جو اونگلیون کے ملانے مین سوراخ دکھائی دیوین دلیل بیدولتی اور فضول خرچی کی ہے اور جو سوراخ ظاہر نہو دلیل دولت کی ہے۔

علامات ناخن

ناخنہاے سُرخ رنگ دلیل علم و عقل و دانائی فراخ دستی کی ہے اور رنگ زرد و سیاہ علامت پریشانی اور افلاس و بدبختی کی ہے

علامات ذکر

ذکر ٹیڑھا نشان فسق و فجور کا ہے اور ذکر راست علامت صلاح و راستی کی ہے اور جو اوپر ذکر کے رگین بہت نمودار ہون دلیل عسرت و افلاس کی۔

علامات خصیہ

ایک خصیہ بڑا اور ایک چھوٹا علامت غلبۂ شہوت کی ہے اور رغبت صحبت عورتون کی ہو اور اگر

خصیہ داہنی طرف کا چھوٹا ہو تو اوس آدمی کے نطفے سے لڑکے بہت ہون اور بائین طرف کا
چھوٹا ہو لڑکیان زیادہ ہون اور بعضے نے لکھا ہو کہ فوطہ چھوٹا نشان دولت کا ہو اور بڑا علامت فسق و فجور کا ہو

علامات ران و ساق

ران گوشت سے بھری ہوئی دلیل عیش و عشرت کی عورتون کے ساتھ اور سختی ران یا قلت بالون
کی نشان دولتمندی کا ہو اور جسکی پنڈلی پر بال لمبے ہون اکثر پیادہ جاوے اور تنگدست
ہو اور پنڈلی بہت لمبی دلیل تکبر کی اور دشمنی اور بہت چھوٹی نشان افلاس و معتدل و درازی
و کوتاہی و سطبری و باریکی دلیل شجاعت و سخاوت و نیک بختی و نیک طینتی کی ہے—

علامات کعب

ٹخنہ پر گوشت دلیل آسودگی اور ٹخنے کے اوپر بالون کا ہونا قلت اولاد کی ہو اور جسکا
ایک ٹخنہ بڑا اور ایک چھوٹا ہو وہ آدمی اکثر قید خانہ مین رہے اور ٹخنہ چھوٹا اور گول
نشان دولت کا ہو اور ٹخنہ اونچا اور ٹیڑھا نشان مصیبت و افلاس کا ہو—

علامات پاشنہ

ایڑی خورد اور ملایم نشان دولتمندی کا ہو اور بڑی اور ٹیڑھی علامت مصیبت کی اور جسکی
ایڑی پر گوشت ہو اور وقت چلنے کے بہن ہو وہ چور ہو

علامات پشت پا

پشت پانون اونچے و کم بال علامت نیکبختی اور سعادت اور فرخندگی کی ہو

علامات کف پا

کف پا زرد و سیاہ دلیل قلت اولاد و فسق و فجور کی ہے اور کف پاے خالی کے خطوط سے
دلیل ہے کہ اگر پیادہ چلے اور کف پاے لال و نرم نشان عقل و دولت کا ہے اور نشان بد دیر
دا قوس بیچ کف پا کے دلیل دولت اور حشمت کی ہے اور کف پاے پر گڈھا اگر بہتر پانون
سیدھی طرف سے بہت اور بائین پانونکی طرف سے دلیل ہو کہ ہمیشہ سواری گھوڑیکی نوکری ہو

علامات انگشتان پای

اونگلیان پاؤن کی لمبی اور باریک نشان تیز فہمی کا ہے اور کوتاہ وسطبر گی دلیل کند فہمی کی ہی اور اونگلیان نزدیک باہم ملی ہوئین دلیل نیکی اور خوبی کی ہاہی اور متفرق اور پریشان نشان زبونی کا ہی اور جو اونگلی کہ اونگوٹھے کے پاس ہی اگر انگوٹھے سے لمبی ہو نشان نیکبختی و اقبال و مال کا ہی اور عورتین بہت کرے اور عورتین اوسکی اوسکے روبرو رہین اور اگر اونگلی مذکور چھوٹی ہو آپ عورت کے روبرو رہے اور جو تمام اونگلیان پاؤن کی چھوٹی ہون دلیل بد اصلی اور بد طینتی کی ہی اور جس کسیکا نر انگشت بہت عریض اور پہن ہو وہ بہت ملکون اور شہرونین پھرے اور ناخنہاے پیلے اور سیاہ دلیل عیب اور سرخ و صاف دلیل ہنر کی اور صاحب دانا اور عقلمند کو چاہیے کہ جس شخص مین کہ علامات خسیسہ زیادہ ہون اور علامات نیک کمتر اعتبار اوپر خصائس کے کرے اور جس شخص مین علامات حسنہ زیادہ ہون اور علامات ردیہ کمتر اوپر اوسکے واژھی کی دلالت پکڑے اور جو دونون برابر ہو تو اکثر ایسا آدمی معتدل الاحوال ہو واللہ اعلم بالصواب

باب پنجم دیکھنے اشخاص روحانی کے اور مخاطب ہونا اونکا اور حاضر لانا اور جلد اجابت جنات کی **واسطے مخاطب ہونے کے** سورۃ الفاتحہ مین فرمایا اللہ تعالےٰ نے اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ آہ حکیم نے کہا جو کوئی سورۂ فاتحہ کو مشک اور زعفران سے پیالہ آبگینہ مین لکھے اور دھووے آب روان سے کہ کانون دوم مطابق ماہ انگریزی جنوری ہندی پھاگن ناریخ بھمن مین بسا ہو اور کانون ثانی ماہ رومی ہے تقویم سے معلوم ہو سکتا ہے کہ کون سے ماہ عربی مین ہوگا اور اس آب سے پیے اور سرمہ اصفہانی اور سرمہ سفیدا اور ... کے ساتھ اوسکے ... مرغ سفید کہ جسکے سر پر دو تاج ہون اور پھر اوس مین ملاوے تلخہ کالیان سیاہ کا اور یہ سرمہ آنکھونین لگاوے شخص روحانی کو مجسم دیکھے اور اوسکے ساتھ گفتگو کرے اور جو کچھ چاہیے بعون اللہ تعالیٰ اوسپر کامیاب ہووے اور فرمایا اللہ تعالیٰ جلشانہ نے

وَإِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ إِنِّي جَاعِلٌ فِي الْأَرْضِ خَلِيفَةً قَالُوٓا أَتَجْعَلُ فِيهَا مَنْ
يُّفْسِدُ فِيهَا وَيَسْفِكُ الدِّمَآءَ وَنَحْنُ نُسَبِّحُ بِحَمْدِكَ وَنُقَدِّسُ لَكَ ۔ قَالَ إِنِّيٓ أَعْلَمُ
مَا لَا تَعْلَمُونَ ۔ وَعَلَّمَ اٰدَمَ الْأَسْمَآءَ كُلَّهَا ثُمَّ عَرَضَهُمْ عَلَى الْمَلٰٓئِكَةِ فَقَالَ أَنْبِئُونِي
بِأَسْمَآءِ هٰٓؤُلَآءِ إِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِينَ ۔ قَالُوا سُبْحٰنَكَ لَا عِلْمَ لَنَآ إِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا
إِنَّكَ أَنْتَ الْعَلِيمُ الْحَكِيمُ ۔ حکیم نے کہا کہ خاصیت ان آیات کی یہ ہے جو کوئی چاہے
فرمانبردار ہونا آدمیان پریان کا اور دیکھنا چاہے اسرار عجیبہ پس غسل کرے اور روزہ رکھے روز
کہ اول ماہ غرہ ہو شب جمعہ کو افطار کرے اوپر سبزی و شکر و نان جو کے اور بعد نماز عشا کی
سووے جبکہ آدھی رات کا وقت آوے اوٹھکر غسل کرے اور منھ قبلے کی طرف کرکے تیس مرتبہ
آیات مذکورہ پڑھے اور بعد ازان کہے أَيَّتُهَا الْأَزْوَاجُ الطَّائِفَةُ الْوَاصِلُ الْمُقَدَّرُ
الْمُوَكَّلُونَ بِهٰذِهِ الْآيَاتِ الْمُطِيعُونَ لِسِرِّ الْوَدْعِ فِيهَا أَجِيبُوا اللّٰهَ عَوْنًا وَ
أَقْبِلُوا بِبَرَكَةِ رُوْحَانِيَّتِكُمْ عَنِّي فِيهَا حَتّٰى أَسْتَغْنِيَ بِهَا خَفِيٍّ وَأُخْبِرَكُمْ إِنْ كُنْتُمْ
صٰدِقًا وَأَمِيلُوا إِلٰى وُجُوهِ بَنِي اٰدَمَ وَبَنَاتِ حَوَّآءَ ۔ وَاجْعَلُوا إِلَى الْقُلُوبِ رُعْبًا
وَرَهْبًا ۔ بعد ازان آیات مذکورہ کو پیالہ آبگینہ مین مشک و زعفران سے لکھے اور اوسکو
گلاب سے دھووے اور پیوے اور سووے اسی طرح پانچ روز یا سات روز اور شب پنجشنبہ کہ
ساتوین شب ہو ستر مرتبہ یہ آیات پڑھے اور پانچ مرتبہ کلمات مذکورہ کے ساتھ بات کرے اور
یہ عمل خالی گھر مین کرے اور عود جلاوے جو اس عمل سے فارغ ہووے با سم بیٹھے ہوئے
سو جاوے خواب مین دیکھے کسی کو کہ بشارت دیوے اوسکو اوپر پوری ہونے امید اوس کے
اور کام اوسکا انجام کو پہونچے یعنے آدمی اور پری اوس کے فرمانبردار ہو وین بحکم اور مدد
اللہ تعالیٰ کے دیگر واسطے مخاطب ہونے اشخاص روحانی کے فرمایا اللہ تعالیٰ نے قُلِ
اللّٰهُمَّ مَالِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَتُعِزُّ مَنْ
تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ بِيَدِكَ الْخَيْرُ إِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ تُولِجُ اللَّيْلَ فِي النَّهَارِ

واسطے مخاطب ہونے اشخاص روحانی کے

وَتُولِجُ النَّهَارَ فِي اللَّيْلِ وَتُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَتَرْزُقُ
مَنْ تَشَاءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۔ حکیم نے کہا جو کوئی ان آیات مذکورہ کو برتن چاندی مین ساتھ
مشک و زعفران کے لکھے اور آب میوہ سبز و آب شینہ و آب باران سے دھووے اور تلخہ نا کیان
سیاہ و تلخہ گربہ سیاہ بیو کرا اور پانچ مثقال سرمہ اصفہانی ڈالے اور ایک پیسے اور وہی
پانی ڈالا اور خوب باریک پیسے مگر وقت رات کے پیسے آفتاب کو نہ دکھلاوے اور پھر سرمہ
مذکور سرمہ دانی سبز آبگینہ مین ڈالے اور سلائی لکڑی آبنوس کی بنا دے بعدہ بروز یکشنبہ
روزہ رکھے وقت نیم شب ستر مرتبہ اوپر پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کے درود بھیجے اور استغفار ستر مرتبہ
کہکر پھر ستر مرتبہ درود پڑھے اور سرمہ آنکھوں مین لگاوے اوّل سلائی چشم راست سے لگاوے
بعد ازان ستر مرتبہ عمل کرے جیسا کہ عمل کیا ہے روزہ و درود و استغفار اور تیسرے روز
وقت شب شخص روحانی پیدا ہووے اور اوس سے بات کہے اور پوچھے حاجت اوسکی پس
اوپر حاجت اور خواہش کے اوسکو مطیع کرے بحکم اللہ تعالیٰ دیگر واسطے تسخیر اور ابابت
جن کے فرمایا اللہ تعالیٰ نے وَيْلٌ لِّكُلِّ أَفَّاكٍ أَثِيمٍ يَسْمَعُ آيَاتِ اللَّهِ تُتْلَىٰ عَلَيْهِ
ثُمَّ يُصِرُّ مُسْتَكْبِرًا كَأَن لَّمْ يَسْمَعْهَا فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ أَلِيمٍ وَإِذَا عَلِمَ مِنْ آيَاتِنَا
شَيْئًا اتَّخَذَهَا هُزُوًا أُولَٰئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِينٌ مِّن وَرَائِهِمْ جَهَنَّمُ
وَلَا يُغْنِي عَنْهُم مَّا كَسَبُوا شَيْئًا وَلَا مَا اتَّخَذُوا مِن دُونِ اللَّهِ أَوْلِيَاءَ وَلَهُمْ
عَذَابٌ عَظِيمٌ ۔ حکیم نے کہا خاصیت ان آیات کی مسخر کرنا اور حاضر لانا جن کا ہے
جو تو چاہے کسی جن کو حاضر کرے اور حاضر کرنا اوسکا دشوار ہو پس وقت باہر آنے کے دو
آیات مذکورہ پڑھے اور اونکو آفریدگار کی سوگند دیوے بعدہ کہے اَللّٰهُمَّ إِنَّكَ أَعْلَمُ
فَإِنَّهُ يُذِلُّ وَيُقْهِرُ وَالْآيَاتُ أَنْصَرُ نام اوس جن کے قبیلہ کا لیوے اور چند شب
متواتر مکان خالی مین عود جلاوے کہ حاضر ہوکر فرمانبرداری قبول کرے چاہیے کہ گرد
اپنے خط کھینچے اور سات مرتبہ سورۂ پڑھے اور دل قوی رکھے اور نہ ڈرے مطالب برآوے

دستور حاضر لانے جنات کے ۱۲

انشاء اللہ تعالیٰ دیگر واسطے حاضر لانے جنات کے فرمایا اللہ تعالیٰ نے وَلَقَدْ اٰتَیْنَا
دَاوٗدَ وَسُلَیْمٰنَ عِلْمًا وَقَالَا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ فَضَّلَنَا عَلٰی كَثِیْرٍ مِّنْ عِبَادِهِ
الْمُؤْمِنِیْنَ وَوَرِثَ سُلَیْمٰنُ دَاوٗدَ وَقَالَ یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ عُلِّمْنَا مَنْطِقَ
الطَّیْرِ وَاُوْتِیْنَا مِنْ كُلِّ شَیْءٍ اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْفَضْلُ الْمُبِیْنُ ۝ وَحُشِرَ لِسُلَیْمٰنَ
جُنُوْدُهٗ مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَالطَّیْرِ فَهُمْ یُوْزَعُوْنَ حَتّٰۤی اِذَاۤ اَتَوْا عَلٰی وَادِ النَّمْلِ
قَالَتْ نَمْلَةٌ یّٰۤاَیُّهَا النَّمْلُ ادْخُلُوْا مَسٰكِنَكُمْ لَا یَحْطِمَنَّكُمْ سُلَیْمٰنُ وَجُنُوْدُهٗ
وَهُمْ لَا یَشْعُرُوْنَ ۝ فَتَبَسَّمَ ضَاحِكًا مِّنْ قَوْلِهَا وَقَالَ رَبِّ اَوْزِعْنِیْۤ اَنْ اَشْكُرَ
نِعْمَتَكَ الَّتِیْۤ اَنْعَمْتَ عَلَیَّ وَعَلٰی وَالِدَیَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَاَدْخِلْنِیْ
بِرَحْمَتِكَ فِیْ عِبَادِكَ الصّٰلِحِیْنَ ۝ حکیم نے کہا جو کوئی چاہے کہ جن اور انس کو اپنا فرمانبردار
کرے تو آیات مذکورہ کو اوپر لوح چاندی کے نقش کرے اور پڑھے اوسپر آیات مذکورہ
کو چار شب اور اوسکو نگاہ رکھے تا وقت حاجت اور جو چاہے کہ کسی جن کو حاضر کرے تو
رود سندرس کی دھونی دیوے اور لوح کو ہاتھ مین لیوے اور مکان خالی مین خالی کھڑا ہو اور
اور قبیلہ جنکو طلب کرے جسوقت حاضر ہو توجس چیز کی خواہش ہو اوسکو فرماوے دیگر واسطے

دستور حاضر لانے جنات کے ۱۲

حاضر لانے جنات کے فرمایا اللہ تعالیٰ نے اِنْ كَانَتْ اِلَّا صَیْحَةً وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ جَمِیْعٌ
لَّدَیْنَا مُحْضَرُوْنَ ۝ حکیم نے کہا جو کوئی جن گروہ جنات سے نافرمانی کرے اور حاضر
لانا اوسکا دشوار ہو پس سوگند دیوے اوسکو جو سوگند کہ قبول کرے بعد ازان یہ پڑھے
وَنُفِخَ فِی الصُّوْرِ فَاِذَا هُمْ مِّنَ الْاَجْدَاثِ اِلٰی رَبِّهِمْ یَنْسِلُوْنَ ۝ قَالُوْا یٰوَیْلَنَا مَنْۢ
بَعَثَنَا مِنْ مَّرْقَدِنَا هٰذَا مَا وَعَدَ الرَّحْمٰنُ وَصَدَقَ الْمُرْسَلُوْنَ ۝ تا مُحْضَرُوْنَ
کہ بحکم اللہ تعالیٰ فوراً حاضر آوین دیگر واسطے حاضر لانے جنات کے فرمایا اللہ تعالیٰ نے
وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا الیٰ قولہ تعالیٰ شِهَابٌ ثَاقِبٌ حکیم نے کہا جو کوئی چاہے دھوان
رود سندرس کا خالی مکان مین کرکے شب روز مین آیات مذکورہ کو سو مرتبہ پڑھے

اورکے احضر باذن اللہ تعالیٰ اور نام لیوے جسکا چاہے فرشتون مین سے جن بحکم اللہ تعالیٰ
حاضر آوین اور فرمانبرداری جلد قبول کرین دیگر واسطے حاضر لانے علوی روحانی کے سورۃ
القدر مین فرمایا اللہ تعالیٰ نے اِنَّا اَنْزَلْنَاهُ فِی لَیْلَةِ الْقَدْرِ الخ حکیم نے کہا جو حاضر
کرنا علوی روحانی کا چاہے تو لیوے زیرۂ لبان سرکندر و ایک مقدار اور آکس سرو و چند سندرس
اور برگ ترنج ایک مقدار اور دانۂ توت مع برگ اوسکے ایک مقدار بعد از ان سبکو سایہ مین خشک
کرے پھر مصطگی ایک مقدار و برگ عدا یعنی لیمون ایک مقدار ڈالے اور خشک کرے اور باریک
کرکے کوٹے اور خمیر کرے اور روغن چنبیلی کا ایک مقدار اور صمغ ملا دیوے اور گولی نخود سے
بڑی بنا دیوے اور سایے مین خشک کرے اور یہ عمل بروز پنجشنبہ روزہ رکھکر کرے اور افطار
ساتھ ذی روح کے کرے اور سورۂ مذکور کو وقت کوٹنے دوا کے ستر مرتبہ پڑھے اور دوا
ظروفِ پاک مین رکھے اور ہر شب کو زیر ستارہ کھینچکر چودہ مرتبہ پڑھے تیس شب اور سورۂ
مذکور کو حقہ پاک مین کرے اور جو چاہے کہ حاضر کرے تو مکان خالی مین جاوے اور عود سوز
آہن سے لے اور خنجک یعنی ثمر بلوط کھا دیوے اور پھر وہ گولی کھا دے اور روحانی کو مسخر کرے
جلد قبول کرین اور جو کچھ حاجت ہو اوسکو روا کرین بفضل اللہ تعالیٰ کے دیگر واسطے حاضر
لانے جنات کے فرمایا اللہ تعالیٰ نے یَاۤ اَیُّهَا الْمَلَؤُا اِنِّیْۤ اُلْقِیَ اِلَیَّ کِتٰبٌ کَرِیْمٌ اِنَّهٗ
مِنْ سُلَیْمٰنَ وَاِنَّهٗ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ حکیم نے کہا جو قبیلہ قبائل جنات سے
حکم برداری نہ کرین اور تو اقامت اوسکی کرنا چاہے تو مکان خالی مین جاوے اور عود و
عنبر جلاوے اور دائرہ کھینچکر درمیان اوسکے بیٹھے اور یہ آیت پڑھے اور سو مرتبہ اور اس آیت
کے سوگند دے جلد حاضر آ کر تیری حکمون کی فرمانبرداری کرے اور فرمان پذیر تیرا رہے تو مددگار
عمل حاضرات بادشاہ شہزادۂ لعل کا یہ ہے کہ اول اس عزیمت کو شروع ماہِ نو مین بروز
پنجشنبہ وقت شب غسل کرے اور جامۂ پاک پہنکر عطر ملے اور خوشبو وعود و برادۂ صندل و کافور
و لونگ ملا کر آگ مین جلاوے اور ایک چراغ نو آب نارسیدہ لا دیوے اور روغن مادہ گاو سے

یاجبار یاغفار
یاجبار یاغفار

اور اگر کہے جلا دو تو جلا دیں اور جو کہو کہ قتل کرو تو قتل کرینگے ۔ دیگر چلہ سورۂ مزمل کی ترکیب ہے کہ شروع ماہ سے شروع کرانا چاہیے بوقت عشا بعد نماز عشا کے اکتالیس مرتبہ سورۂ مزمل پڑھنا چاہیے اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پر ختم کرے اور جس روز چلہ پورا ہو جاوے اوس روز سات مسکینوں کو شیر برنج یا خشکہ ہمراہ دہی و شکر کے کھلاوین اور آپ اوس روز ایک مکان علیحدہ مین آرام کرے صبح کو نماز پڑھکر جس سے چاہے گفتگو کرے بفضل خدا جو کوئی وجود فلان بنت فلان مین قسم جنات و چڑیل و کفار وغیرہ جوگیان مسان نجتہ و خام و خبیث و پلید و پری پریت وغیرہ ہوا علام مین آوے ابجل العجل العجل الساعۃ الساعۃ الوحا الوحا الوحا بحق

۷۸۸

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

علیقا ملیقا تلیقا انت تعلم ما فی قلوبہم و بحق اجیا دخرا ہیا حاضر آوے اور گرفتار ہووے دیگر یہ نقش حاضرات آبی چاہیے کہ قدری شیرینی سات رنگ کی اور گلہائے خوشبودار لاکر اور اوس پر خواجہ خضر صاحب کا فاتحہ دیکر بعدہ ایک لوٹا پانی کا بھر کر دو چار بتاشے شیرینی وغیرہ اوس میں ڈالکر پاس مکان حاضرات کے رکھے اور یہ نقش اٹھارہ کا اوپر ناخن لڑکے کے لکھکر روشنائی سے تر کرے اور ایک سو آٹھ مرتبہ یہ عمل پڑھکر جواب سوال کرے یہ ہے لیکن مطلع آسمان کا صاف ہو ابر نہو آؤ خضر جاؤ گھیر گھار لاؤ خضر جلد حاضر کن

۴۸۶

۷	۲	۹
۸	۶	۴
۳	۱۰	۵

دیگر ترکیب عمل واسطے حاضرات اور ہر آسیب کو گرفتار کرنا اور جلانا بہت مجرب آزمودہ ہے

چاہیے کہ اول عروج ماہ میں بعد نماز عشا چار سو مرتبہ ہر روز پڑھا کرے تا بچل روز پرہیز
گوشت گاؤ و ماہی عمل میں لاوے عزیمت یہ ہے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ عَزَمْتُ
عَلَيْكُمْ يَا مَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ رَبْطًا رَبْطًا مُجَلًّا مُجَلًّا نَشْرًا نَشْرًا مُحْشَرًا مُحْشَرًا
بِحَقِّ سُلَيْمَانَ پیغمبر بِنِ دَاؤُدَ عَلَيْهِ السَّلَامُ حاضر شو

٨	١١	١٤	١
١٣	٢	٧	١٢
٣	١٦	٩	٦
١٠	٥	٤	١٥

حاضر شو حاضر شو یہ نقش لکھکر فتیلہ کرے دیگر یہ نقش واسطے
حاضرات اور تمام حالات غیب و نیوی کے معلوم ہوگا چاہیے کہ عروج
ماہ بروز نوچندہ جمعہ بعد نماز جمعہ کے یہ نقش مع اسم موکل چونتیس
یا چالیس کے لکھے بعد اوان اس اسم کو دو ہزار پانسو مرتبہ پڑھے چالیس
روز تک یہ ہے عَلِيقًا لِيقًا تَلِيقًا انت معلم ما فی قلوبہم لیکن چلہ سے روز زیادہ ہو تو مضائقہ نہیں جمعہ
روز بدستور عمل کرکے تمام کرے مگر عمل مذکور پڑھتا رہے اور ایک نقش مدام لکھتا رہے اور بروقت
لکھنے نقش مذکور بلا اسم یا اسرافیل بحق ابجل پڑھتا رہے اور بوقت تراشنے اور گولی باندھنے
اور دریا کے درمیان راہ میں جاتے وقت اور واپس آنے کے بلا شمار اسم مذکور یا اسرافیل
بحق ابجل پڑھتا رہے اور جس مریض کو دے گا شفا پاوے گا اور جمعہ دیگر آدم اوسی وقت
مقررہ کے اول نقش مذکور تراش کر آرد میں گولی باندھے اور عمل پڑھکر اور گولی مذکور ہانڈی
میں بند کرکے دریا میں تا ناف پانی میں جاکر ہانڈی مذکور کو ڈالے اور اسم موکل مذکور راہ آمد و
رفت دریا میں پڑھتا جاوے اور پرہیز بجز یک جنس غلہ گندم و میدہ و ترکاری ساگ وغیرہ مع
نمک مرچ کا کرے ایک مکان میں عمل تمام کرے اور اپنے ہاتھ سے روٹی پکا کر کھاتا رہے اور
تمام عمر گوشت گاؤ و مچھلی سے پرہیز کرے اوپر عمل کے قادر رہیگا بعدہ ایک نقش لکھکر ہاتھ کودک
نابالغ دیگر کہے کہ دیکھو جو شکل موکل بشکل آدم نظر میں آوے لڑکا اوس سے کہے کہ فلاں شہر
حاضر کرو بعدہ فلاں محلہ بعد ازاں فلاں گھر حاضر کرو سب حاضر ہوگا جو کچھ حال ہوگا اوس
لڑکے سے پوچھے معلوم ہوگا وہ لڑکا کہے گا اگر اس عمل کو تین چلے عمل میں لاوے تمام حال

عزیمت واسطے دفع جن وغیرہ

واسطے دفع بلیات

واسطے دفع آسیب

ا بنا عامل کو معلوم ہوگا اور پرہیز کرے حیوانات کا تمام عمر رکھے اول اوپر شیرینی کے نیاز پیر دستگیر کی دیوے اور اگر دفن کو دے دیگر عزیمت واسطے دفع جن وغیرہ کے جسکو کہ اثر جن کا ہو آسیب ہو یا خبیث ہو یا چڑیل ہو اوسکے واسطے یہ عزیمت تین دفع پڑھکر اوپر پانی کے دم کرے اور اوسکو پلاوے جو نہ پیوے تو اوسکے منہ پر چھینٹے مارے یہانتک کہ وہ بولے گا ورجلا دیگا اور اگر نہ مانتا ہو تو اس دعا کا فتیلہ کرے اور جلاوے اور اوسکے سامنے رکھو کہ اونکو دیکھو اور اگر دیکھے بھی نہین تو فتیلہ جلا کر ہاتھ مین لیکر اوسکی ناک مین دھونی دیوے پس اگر جن یا چڑیل وغیرہ ہوگا جل جاویگا یا بھاگ جاویگا وہ عزیمت یہ ہے عَزَمْتُ عَلَيْكُمْ بِرَبِّ جِبْرَئِيْلَ وَمِيْكَائِيْلَ وَاِسْرَافِيْلَ وَعِزْرَائِيْلَ اَسْعَنَا الَّذِيْ جَعَلَ الْعَرْشَ عَزَمْتُ عَلَيْكُمْ بِالَّذِيْ اَجَابَ اَذْهَبَ لَهٗ عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ وَاَيَّدْنَاهُ بِرُوْحِ الْقُدُسِ عَزَمْتُ عَلَيْكُمْ بِخَاتَمِ سُلَيْمَانَ ابْنِ دَاؤُدَ عَلَيْهِ السَّلَامُ الَّذِيْ سَخَّرَ لَهُ الرِّيْحَ وَالْجِنَّ وَالشَّيَاطِيْنَ سَرِيْعًا مگر جس روغن مین وہ فتیلہ جلاوے وہ روغن پاک ہو اور روغن تلخ ہو اگر جادو بھی ہوگا تو منہ وکرمہ جاتا رہے گا دیگر واسطے دفع بلیات کے واسطے دفع تمام بلیات وآفات جو شخص صبح وشام اس دعا کو پڑھے تو ہر آفت سے اللہ کی پناہ اور امن مین رہے گا دعا یہ ہے اَللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبِّيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ عَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ وَاَنْتَ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ مَا شَاءَ اللّٰهُ كَانَ وَمَا لَمْ يَشَاْ لَمْ يَكُنْ اَعْلَمُ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ وَاَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَحَاطَ بِكُلِّ شَيْءٍ عِلْمًا اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِيْ وَمِنْ شَرِّ كُلِّ دَابَّةٍ اَنْتَ اٰخِذٌ بِنَاصِيَتِهَا اِنَّ رَبِّيْ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ دیگر واسطے دفع آسیب کے جس لڑکے وغیرہ کو شیطان ستاوے اور آسیب ہو جاوے تو اوسکے بائین کان مین سات بار اس آیت کو پڑھکر پھونکدے وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَيْمٰنَ وَاَلْقَيْنَا عَلٰى كُرْسِيِّهٖ جَسَدًا ثُمَّ اَنَابَ اگر اس سے بھی نجاوے تو سات بار اوس کے بائین کان مین اذان کہدیوے اگر اس سے بھی نجاوے

تو آسیب زدہ پر سورۂ فاتحہ اور معوذتین اور آیۃ الکرسی اور سورۂ طارق اور آخر سورۂ حشر اور
اول سورۂ صافات تمام پڑھکر دم کر دیا کرے **بیچ بیان حصاروں کے** بعد نماز عشا
کے تین بار آیۃ الکرسی پڑھکر دونوں ہاتھ پر دم کرے اور تین بار دستکہ سینے دونوں
پر ہم مارے **ایضاً** تین بار آیۃ الکرسی پڑھکر جسکی طرف دم کرے محفوظ رہے جان کہ ہو **ایضاً**
اس حصار کو تین بار پڑھکر ہاتھوں پر دم کرکے تمام بدن پر ہاتھ پھیرے یَا حَلِیْمُ یَا کَرِیْمُ یَا
حَافِظُ یَا حَفِیْظُ یَا نَاصِرُ یَا نَصِیْرُ یَا رَقِیْبُ یَا وَکِیْلُ یَا اللّٰهُ یَا اللّٰهُ یَا اللّٰهُ کٓھٰیٰعٓصٓ
حٰمٓ عٓسٓقٓ حرز کردم خود را بہ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ حصار کردم خود را بہ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ **ایضاً**
اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھکر گیارہ بار معوذتین
پڑھے اور درمیان دونوں سورتوں کے تسمیہ بھی اپنے اوپر دم کر لیا کرے **ایضاً** یہ حصار
مجرب بعد نماز عشا کے پڑھکر ہاتھوں پر دم کرکے تین بار ہاتھ پر ہم مارے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ
الرَّحِیْمِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ حَوَالَیْنَا حِصَارُنَا مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ قُفْلًا وَّ مِسْمَارًا
لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ صد ہزار بار گرد من و بر دوستان من حصار باد مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ بر من
و بر دوستان من یار باد بستم دست و پاے و عقل و ہوش و چشم و گوش و زبان کسانے کہ
در ہیجدہ ہزار عالم انداز آدمیان و دیوان و پریان و ماران و کژدمان و خدا ناترسان و ناحقان
و ناشکران کسانیکہ مارا بد خواہند و بد گویند و بد اندیشند بحرمت لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مہر کردم
بنام مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ قَوْلًا وَّ فِعْلًا اِنَّ بَطْشَ رَبِّكَ لَشَدِیْدٌ وَاللّٰهُ مِنْ وَّرَآئِهِمْ
مُّحِیْطٌ بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِیْدٌ فِیْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ صُمٌّ بُكْمٌ عُمْیٌ فَهُمْ لَا یَرْجِعُوْنَ صُمٌّ بُكْمٌ عُمْیٌ
فَهُمْ لَا یَعْقِلُوْنَ صُمٌّ بُكْمٌ عُمْیٌ فَهُمْ لَا یَتَكَلَّمُوْنَ صُمٌّ بُكْمٌ عُمْیٌ فَهُمْ لَا یُبْصِرُوْنَ صَلَّی اللّٰهُ عَلٰی
خَیْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِیْنَ الطَّیِّبِیْنَ الطَّاهِرِیْنَ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ

باب ششم

واسطے دفع ہونے گرانگی و لرزیدگی دل و وسواس و خواب پریشان اور
فتح طبیعت واسطے قبول علم اور جانے بلادت و دفع کند ذہنی طبیعت و قساوت دل و تیزی ذہن اور

حافظہ ہونے و دفع نسیان و فہم لغت طیور وحیوان اور قول حکما کا صنعت مین دیگر واسطے
دفع گرفتگی ولرزیدگی دل کے سورۃ الفاتحہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ
الْعٰلَمِیْنَ الخ حکیم نے کہا جو کوئی سورۂ فاتحہ کو برتنِ پاک مین پانی پاک سے لکھے اور پانی
باران سے دھو کر پیوے لرزیدگی و گرفتگی دل کی دفع ہو بکرم اللہ تعالیٰ ایضاً واسطے
دفع بلا و نصیب ہونے حافظہ کے حکیم نے کہا سورۂ فاتحہ کو مشک و زعفران سے ظروف آبگینہ
مین لکھے اور آبِ گلاب سے دھو کر پیے جو شخص کہ غبی کہ فراموش ہو جاتا رہے وقت طلوعِ عطارد
میں یا جس وقت عطارد جانبِ مشرق ہو استعمال کرے اور شرف عطارد کا پندرہ درجہ سنبلہ سے ہی
بادنت جاتی رہے اور جو کچھ سنے اوسکو بخوبی یاد رکھے اور طبیعت کشادہ ہووے ایضاً واسطے
دفع وسواس اور لرزیدگی و گرفتگی دل کے فرمایا اللہ تعالیٰ نے اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ
الْقَیُّوْمُ لَا تَاْخُذُہٗ سِنَۃٌ وَّلَا نَوْمٌ اِلیٰ قولہ خٰلِدُوْنَ حکیم نے کہا شب
روز مین بعد ہر نماز کے آیات مذکورہ کو پڑھے بے خوف ہووے وسواس شیطان سے اور فقر
اللہ تعالیٰ اوسکو غنی کرے اور اگر وقت صبح اور وقت خواب آیت مذکورہ کو پڑھے اوس آسیب
جن و آتش اور شر چور سے سلامت رہے اور اوس شب کو گرفتگی ولرزیدگی دل سے نذر ہووے
اور کسی طرح کا نقصان نہ پہونچے اور جو کوئی لکھکر دوکان مین چسپان کرے اوسکو رزق کی
فراخی ہو اور جو ہر نماز کے بعد پڑھا کرے سات مرتبہ تو وہ شخص دنیا سے نہین جاوے جب تک کہ
مکان اپنا بہشت مین نہ دیکھ لے یا ظاہر خواب مین دیکھے اور خواص اور منافع اس آیت کا
بہت ہے ولا اذن سمعت و ما خطی ایضاً واسطے امانتِ حافظہ و خوشی نفس کے فرمایا
اللہ تعالیٰ نے اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَیْہِ مِنْ رَّبِّہٖ وَالْمُؤْمِنُوْنَ کُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰہِ
وَمَلٰٓئِکَتِہٖ وَکُتُبِہٖ وَرُسُلِہٖ لَا نُفَرِّقُ بَیْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِہٖ وَقَالُوْا سَمِعْنَا وَ
اَطَعْنَا غُفْرَانَکَ رَبَّنَا وَاِلَیْکَ الْمَصِیْرُ لَا یُکَلِّفُ اللّٰہُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَہَا لَہَا مَا کَسَبَتْ
وَعَلَیْہَا مَا اکْتَسَبَتْ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِیْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَیْنَآ اِصْرًا کَمَا

حَمَلْتَهُ عَلَى الَّذِينَ مِنْ قَبْلِنَا رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهِ وَاعْفُ عَنَّا وَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا أَنْتَ مَوْلَانَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكَافِرِينَ حکیم نے کہا آیات مذکورہ کو ظروف نو مین سیاہی کاجل سے کہ روغن کنجد سے کاجل سے لیا ہو اور گوند ببول ڈالکر سیاہی بنائی گئی ہو لکھر اور آب شیرین وقت شب چاہ سے نکال کر دھووے اور سات روز وقت صبح پیووے لیکن شروع اول روز چہار شنبہ سے ہو کہ بفضل اللہ تعالیٰ اعانت حافظ اور خوشی تن کی اوسکو نصیب ہو ایضًا واسطے فتح طبیعت و قوت دل اور قبول علم کے فرمایا اللہ تعالیٰ نے وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِينَ قُتِلُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ أَمْوَاتًا بَلْ أَحْيَاءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُونَ فَرِحِينَ بِمَا آتَاهُمُ اللَّهُ مِنْ فَضْلِهِ وَيَسْتَبْشِرُونَ بِالَّذِينَ لَمْ يَلْحَقُوا بِهِمْ مِنْ خَلْفِهِمْ أَلَّا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ يَسْتَبْشِرُونَ بِنِعْمَةٍ مِنَ اللَّهِ وَفَضْلٍ وَأَنَّ اللَّهَ لَا يُضِيعُ أَجْرَ الْمُؤْمِنِينَ حکیم نے کہا اول روز ربیع کے آیات مذکورہ کو اوپر کاغذ سفید کے زعفران سے لکھے اور آب باران سے دھووے اور وقت اقامت نماز فریضہ پانچوں وقت کی نماز کے پیوے متواتر سات روز دل قوی ہو اور ضعف جاتا رہے اور کار نیک قبول علم کی دلیری حاصل ہو بکرم اللہ تعالےٰ ایضًا واسطے دفع وسواس و تشویش مولہ کے فرمایا اللہ تعالیٰ نے وَاذْكُرُوا نِعْمَةَ اللَّهِ عَلَيْكُمْ وَمِيثَاقَهُ الَّذِي وَاثَقَكُمْ بِهِ إِذْ قُلْتُمْ سَمِعْنَا وَأَطَعْنَا وَاتَّقُوا اللَّهَ إِنَّ اللَّهَ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا كُونُوا قَوَّامِينَ لِلَّهِ شُهَدَاءَ بِالْقِسْطِ وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَآنُ قَوْمٍ عَلَى أَلَّا تَعْدِلُوا اعْدِلُوا هُوَ أَقْرَبُ لِلتَّقْوَى وَاتَّقُوا اللَّهَ إِنَّ اللَّهَ خَبِيرٌ بِمَا تَعْمَلُونَ حکیم نے کہا جس کسی کو وسواس نماز یا وضو مین پڑے یا شب کو مولہ یا پریشان دیکھے تو آیات مذکورہ کو برتن آبگینہ یا سنگ مرمر مین لکھے اور آب باران سے دھوکے تین روز تک صبح کے وقت پیوے وسواس اور تشویش جاتا رہے اور خواب مولہ بھی نہووے ایضًا واسطے دفع وسواس اور لرزیدگی اور فزع کے سورہ الم نشرح فرمایا اللہ تعالیٰ نے أَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ

وَوَضَعْنَا الخ حکیم نے کہا جو کوئی سات روز بعد ہر نماز کے سات مرتبہ سورہ مذکور کو پڑھے وسوسہ
و لرزیدگی دل اور فرغ جاتا رہے ایضاً واسطے دفع تشویش خواب مہولہ کے سورہ سال سائل
مین فرمایا اللہ تعالیٰ نے سَأَلَ سَائِلٌ بِعَذَابٍ وَّاقِعٍ الخ حکیم نے کہا جو کوئی خواب پریشان
و مہولہ دیکھتا ہے برتن مین تازہ پانی لیوے اور اوسپر سات مرتبہ سورہ مذکور کو پڑھے وقت
خواب کرنے کے تین گھونٹ اور وقت بیدار ہونے کے تین گھونٹ پیوے خواب مہولہ اور تشویش
دل سے محفوظ رہے دیگر واسطے فتح طبیعت اور قبول علم وتسہیل حفظ و بلاغت و فصاحت کے
فرمایا اللہ تعالیٰ نے الٓرٰ كِتَابٌ أُحْكِمَتْ آيَاتُهُ ثُمَّ فُصِّلَتْ مِنْ لَّدُنْ حَكِيمٍ خَبِيرٍ
أَلَّا تَعْبُدُوا إِلَّا اللّٰهَ إِنَّنِي لَكُمْ مِنْهُ نَذِيرٌ وَّبَشِيرٌ وَّأَنِ اسْتَغْفِرُوا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوبُوا
إِلَيْهِ يُمَتِّعْكُمْ مَّتَاعًا حَسَنًا إِلَىٰ أَجَلٍ مُّسَمًّى وَّيُؤْتِ كُلَّ ذِي فَضْلٍ فَضْلَهُ وَإِنْ
تَوَلَّوْا فَإِنِّي أَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ كَبِيرٍ إِلَى اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ وَهُوَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ
حکیم نے کہا جو کوئی چاہے فتح طبیعت و حافظ اور ذہن کی تیزی تو آیات مذکورہ کو اوپر
قلقاس سبز یعنے برگ کیلہ وقت صبح مشک زعفران و گلاب سے لکھے اور اوس برگ کو پانی
چاہ کا بھر کر صبح و شام پیا کرے چالیس روز یا چار روز طبیعت واسطے قبول علم اور تیزی
ذہن کے کشادہ ہو اور جو کچھ چاہے حاصل ہووے بعونہ تعالیٰ دیگر واسطے رفع بلادت دل
قبول علم کے فرمایا اللہ تعالیٰ نے أَوَلَمْ يَرَ الَّذِينَ كَفَرُوا أَنَّ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ كَانَتَا
رَتْقًا فَفَتَقْنٰهُمَا وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَاءِ كُلَّ شَيْءٍ حَيٍّ أَفَلَا يُؤْمِنُونَ وَجَعَلْنَا فِي الْأَرْضِ
رَوَاسِيَ أَنْ تَمِيدَ بِهِمْ وَجَعَلْنَا فِيهَا فِجَاجًا سُبُلًا لَّعَلَّهُمْ يَهْتَدُونَ وَجَعَلْنَا
السَّمَاءَ سَقْفًا مَّحْفُوظًا وَهُمْ عَنْ آيَاتِهَا مُعْرِضُونَ وَهُوَ الَّذِي خَلَقَ
اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ كُلٌّ فِي فَلَكٍ يَسْبَحُونَ وَمَا جَعَلْنَا لِبَشَرٍ مِّنْ
قَبْلِكَ الْخُلْدَ أَفَإِنْ مِّتَّ فَهُمُ الْخَالِدُونَ حکیم نے کہا جو کوئی چاہے کہ قوت دل و خوشی طبیعت
ہو اور علم قبول کرے تو لیوے آب زمزم یا آب باران کہ ایام خریف میں برسا ہو وسپر

واسطے رفع خواب مہولہ کے ۱۲

واسطے رفع تشویش و دفع ضعیف و قبول علم و تسہیل حفظ و بلاغت و فصاحت کے ۱۲

واسطے رفع بلادت دل و قبول علم کے ۱۲

آیاتِ مذکورہ کو پڑھے اور وہ آب سات روز صبح کے وقت ہر روز سات گھونٹ پیوے اور روز یکشنبہ سے شروع کرے بکرم اللہ تعالیٰ فتح دل و قبول علم و صفائی ذہن کی حاصل ہو دیگر واسطے زندہ کرنے دل مردہ اور جانے بلادت و نسیان و صفائی ذہن کے فرمایا اللہ تعالیٰ نے اِنَّا نَحْنُ نُحْيِ الْمَوْتٰى وَنَكْتُبُ مَا قَدَّمُوْا وَاٰثَارَهُمْ وَكُلَّ شَيْءٍ اَحْصَيْنٰهُ فِيْٓ اِمَامٍ مُّبِيْنٍ ۝ حکیم نے کہا جو کوئی زندہ کرے دل مردہ کا اور بلادت و نسیان کو دور کرے اور صفائی ذہن کی حاصل کرے چاہیے کہ آیت مذکورہ کو مشک گلاب و زعفران سے لکھے اور کاتب روزہ دار اور پاک ہو اور بعد لکھنے کے تمام سورۂ یٰس کو اوپر اوسکے پڑھے اور پانی ترنج سے دھووے اور سات روز نہار سات گھونٹ پلاوے شروع روز چہارشنبہ سے کرے پس دل زندہ ہو اور علم قبول کرے اور بلادت اور نسیان دفع ہو اور صفائی ذہن کی حاصل ہووے اور جو کچھ سنے وہ یاد رکھے دیگر واسطے صفائی ذہن اور دفع بلادت کے سورۂ والفجر میں فرمایا اللہ تعالیٰ نے وَالْفَجْرِ وَلَيَالٍ عَشْرٍ وَّالشَّفْعِ وَالْوَتْرِ الخ حکیم نے کہا جو کوئی ظرف آبگینہ میں ساتھ پانی متغیر زعفران کے لکھے اور دھووے شہد سے اور وہ شہد آتش رسیدہ نہو بعدہٗ اوسمیں تھوڑا شیرہ انگور سیاہ ایک مقدار جو کوئی صغیر و کبیر سے کھاوے دفع ہو اوس سے بلادت اور صاف ہو ذہن اور جلد فرد آوے ہر چیز دشوار دیگر واسطے دفع قلت حفظ کے سورۃ العلق میں فرمایا اللہ تعالیٰ نے اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِيْ خَلَقَ اِلیٰ قولہ عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَا لَمْ يَعْلَمْ ۝ حکیم نے کہا خاصیت اس سورہ کی بہت بے پایاں ہے کاسہ چوب درخت کہربا و چوب بہار اس میں نقش کرے قلم فولاد سے اور نقاش پاک اور صائم ہو اور آب شیرین سے دھووے اور پانی چاہ سے وقت شب لگالے تا کہ نظر آفتاب سے محفوظ رہے اور وقت صبح پیوے اور فصاحت اور بلاغت حاصل ہو اور طبیعت پر حافظہ ہو دیگر واسطے تیزی ذہن اور دفع نسیان کے فرمایا اللہ تعالیٰ نے اَلرَّحْمٰنُ عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ خَلَقَ الْاِنْسَانَ عَلَّمَهُ الْبَيَانَ اَلشَّمْسُ وَالْقَمَرُ بِحُسْبَانٍ وَّالنَّجْمُ وَالشَّجَرُ يَسْجُدَانِ ۝ حکیم نے کہا کہ علما

دخطبا و فصحا و فقہا و قضاۃ سے جو کوئی حفظ کرنے مین مشغول ہو اور فراموشی کے باعث کسیکو یاد نرہے تو لیوے شیرہ انگور سیاہ کا ایک مقدار اور نصف اوسکے شکر اور نصف شہد خالص اور نصف اوسکے آب میوہ یا پانی نیلوفر اور نصف اوسکے آب سیب بعد ازان سب کو وزن کر ہر اور لیوے ہر ایک رطل سے زعفران یکدرم تج یکدرم والان بزرگ یکدرم گل لعل یکدرم قرنفل یکدرم الائچی یکدرم ناقر قرحا یکدرم کبابہ چینی یکدرم جوز بویہ یکدرم فلفل گرد یکدرم مشک دانگی سب کو ملا دین اور ایک دیگ مین رکھکر جوش دین جبکہ شیرہ آدھا رہی شکر و شہد اسکے برابر ڈالے اور جوش دیوے جسوقت محکم ہووے اوتار لیوے بعدہ آیت مذکورہ کو ظروف آبگینہ مین زعفران و مشک و گلاب سے دھووے اور شراب مذکور مین ڈالے اور ایک مقدار برنج ترنج کو فت کرکے ڈالے اور جنگل مین لیجا کر جگہ سبز مین رکھے تاکہ بہرہ ہوا لے مین اور ہوا کی احتیاط رہے اور آفتاب سے محفوظ رہے وقت خواب ایک مقدار ساتھ لقمہ کے کھاوے قرب مدت مین غرض حاصل ہو ہر چیز کا فہم کرے اور صفائی ذہن کی ہووے فراموشی بالکل جاتی رہے اور جو کچھ سنے اوسکو بخوبی یاد رکھے بکرم اللہ تعالی **دیگر** واسطے حافظہ اور دفع نسیان کے فرمایا اللہ تعالے نے وَكَذٰلِكَ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ رُوْحًا مِّنْ اَمْرِنَا مَا كُنْتَ تَدْرِيْ مَا الْكِتٰبُ وَلَا الْاِيْمَانُ وَلٰكِنْ جَعَلْنٰهُ نُوْرًا نَّهْدِيْ بِهٖ مَنْ نَّشَآءُ مِنْ عِبَادِنَا وَاِنَّكَ لَتَهْدِيْٓ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۙ صِرَاطِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ اَلَآ اِلَى اللّٰهِ تَصِيْرُ الْاُمُوْرُ ۝ حکیم نے کہا یہ آیات واسطے حفظ اور دفع نسیان و غفلت کے ہین اور جو کوئی عبادت کے واسطے وقت شب کھڑا ہونا چاہے تو آیات مذکورہ کو پیالۂ آبگینہ یا ظروف گلی نو پاک یا برتن چاندی مین زعفران و گلاب و شہد سی لکھے مگر شہد آتش رسیدہ نہو اور آب باران سے دھوکے بروز جمعہ وقت صبح تین گھونٹ پیوے فراموشی اور سستی دکاہلی جاتی رہے اور شبکو واسطے عبادت کے قیام حاصل ہو اور خوشی نفس پیدا ہو بکرم اللہ تعالے **دیگر** واسطے فہم معانی اور قول حکماے صنعت روحانیہ یعنی علم کیمیا مین اور حاصل ہونے فصاحت

اور جلانے بلادت کے فرمایا اللہ تعالیٰ نے وَاَنزَلنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً بِقَدَرٍ فَاَسکَنّٰهُ فِی الاَرضِ وَاِنَّا عَلٰی ذَهَابٍ بِهٖ لَقٰدِرُونَ فَاَنشَاْنَا لَکُم بِهٖ جَنّٰتٍ مِّن نَّخِیلٍ وَّاَعنَابٍ لَکُم فِیهَا فَوَاکِهُ کَثِیرَةٌ وَّمِنهَا تَاْکُلُونَ حکیم نے کہا جو کوئی چاہے فہم قول حکما کا اور دفع ہونے بلادت کو دل سے لیوے ایکمقدار کندرو و انجیر و گلو دس حبہ اور تھی چار مثقال اور شکر تیس مثقال ادویہ کو کوٹ کر باریک کر دیگ مین رکھے اور آیات مذکورہ کو ظرف آبگینہ مین زعفران سے لکھے اور پانی سیب سے دھووے اور دیگ مین ڈالکر بطور شراب کے بناوے بعد قوام ہو جانے کے اوتارلے اور رکھ چھوڑے جو چاہے کہ استعمال کرے سات دن متواتر روزہ رکھے اور ذی روح سے افطار کرے اور نہ کھاوے کوئی چیز شبہہ کی اور وقت صبح کے شربت مقدار اوقیہ کھاوے اوپر اوس کے وہ پانی جوش دیا ہوا کہ جس مین حلبہ و انیسون برگ و گل لعل یا گل چینبہ سے ہو پیوے برکت قرآن سے بلادت جاتی رہے اور صفائی ذہن کی ہو اور معانی قول حکما اور صنعت فہم کرے اور فصاحت اور بلاغت حاصل ہو اور اوس مین اسرار عجائب کا ذخیرہ ہو دیگر واسطے زیادتی حافظہ اور دانائی اور صفائی ذہن کے فرمایا اللہ تعالیٰ نے هُوَ الَّذِیٓ اَنزَلَ عَلَیکَ الکِتٰبَ مِنهُ اٰیٰتٌ مُّحکَمٰتٌ هُنَّ اُمُّ الکِتٰبِ وَاُخَرُ مُتَشٰبِهٰتٌ فَاَمَّا الَّذِینَ فِی قُلُوبِهِم زَیغٌ فَیَتَّبِعُونَ مَا تَشَابَهَ مِنهُ ابتِغَآءَ الفِتنَةِ وَابتِغَآءَ تَاْوِیلِهٖ وَمَا یَعلَمُ تَاْوِیلَهٗٓ اِلَّا اللّٰهُ وَالرّٰسِخُونَ فِی العِلمِ یَقُولُونَ اٰمَنَّا بِهٖ کُلٌّ مِّن عِندِ رَبِّنَا وَمَا یَذَّکَّرُ اِلَّآ اُولُوا الاَلبَابِ رَبَّنَا لَا تُزِغ قُلُوبَنَا بَعدَ اِذ هَدَیتَنَا وَهَب لَنَا مِن لَّدُنکَ رَحمَةً اِنَّکَ اَنتَ الوَهَّابُ رَبَّنَآ اِنَّکَ جَامِعُ النَّاسِ لِیَومٍ لَّا رَیبَ فِیهِ اِنَّ اللّٰهَ لَا یُخلِفُ المِیعَادَ حکیم نے کہا پیالۂ آبگینہ مین بروز جمعہ ساعت ششم مین زعفران و گلاب سے آیت مذکورہ کو لکھے اور آب باران سے دھووے سات جمعہ پہلے طلوع آفتاب سے پیا کرے زیادہ تر حافظہ ہو گا بامر اللہ تعالیٰ دیگر واسطے دفع نسیان و تیزی و قوی ہونے دل کے اور واسطے حفظ قرآن و علوم حکمت و دفع وسواس کے فرمایا اللہ تعالیٰ نے وَالنَّجمِ اِذَا هَوٰی

[illegible] زیادتی حافظہ اور دانائی اور صفائی ذہن

مَا ضَلَّ صَاحِبُكُمْ وَمَا غَوىٰ اِلیٰ قَولِہٖ مِنْ اٰیَاتِہِ الْکُبْریٰ ۔ حکیم نے کہا جو کوئی پیالہ
آبگینہ یا چاندی مین مشک و گلاب سے لکھے اور آب زمزم سے دھووے اور سات روز متواتر لبعد
نماز صبح پہلے چاشت سے پیوے تو کاہلی و سستی و فراموشی دفع ہووے اور ذہن قوی اور حافظہ
ہو اور علم قرآن و حکمت سے جو کچھ یاد کرے اوسکو فراموش نہ ہووے اور وسواس دل کا دور ہو
دیگر واسطے پاکی ذہن اور حفظ یاد ہونا کلام کا بغیر کلفت فرمایا اللہ تعالیٰ نے وَلَوْ اَنَّ مَا فِی
الْاَرْضِ مِنْ شَجَرَۃٍ اَقْلَامٌ وَّالْبَحْرُ یَمُدُّہٗ مِنْۢ بَعْدِہٖ سَبْعَۃُ اَبْحُرٍ مَّا نَفِدَتْ کَلِمَاتُ اللہِ
اِنَّ اللہَ عَزِیْزٌ حَکِیْمٌ ۔ حکیم نے کہا جسکا ذہن کوررہا ہو اور وہ فصاحت و بلاغت چاہے آیات
مذکورہ کو اوپر زیرہ کندر کے پڑھے اور نیم مثقال شکر اور نیم مثقال شہد خالص ملاوے اور
ہر روز کھاوے صفائی ذہن کی ہووے اور بغیر کلفت اور بغیر مشقت کے حفظ یاد ہو دیگر
واسطے فہم لغت کے طیور و حیوانات اقوال حکما فرمایا اللہ تعالیٰ نے وَلَقَدْ اٰتَیْنَا دَاوٗدَ وَ
سُلَیْمَانَ عِلْمًا ۚ وَقَالَا الْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ فَضَّلَنَا عَلیٰ کَثِیْرٍ مِّنْ عِبَادِہِ الْمُؤْمِنِیْنَ
وَوَرِثَ سُلَیْمَانُ دَاوٗدَ وَقَالَ یٰۤاَیُّہَا النَّاسُ عُلِّمْنَا مَنْطِقَ الطَّیْرِ وَاُوْتِیْنَا مِنْ کُلِّ شَیْءٍ
اِنَّ ہٰذَا لَہُوَ الْفَضْلُ الْمُبِیْنُ ۔ وَحُشِرَ لِسُلَیْمَانَ جُنُوْدُہٗ مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَالطَّیْرِ فَہُمْ
یُوْزَعُوْنَ ۔ حَتّٰۤی اِذَاۤ اَتَوْا عَلیٰ وَادِ النَّمْلِ قَالَتْ نَمْلَۃٌ یّٰۤاَیُّہَا النَّمْلُ ادْخُلُوْا مَسَا
کِنَکُمْ لَا یَحْطِمَنَّکُمْ سُلَیْمٰنُ وَجُنُوْدُہٗ وَہُمْ لَا یَشْعُرُوْنَ ۔ فَتَبَسَّمَ ضَاحِکًا مِّنْ
قَوْلِہَا وَقَالَ رَبِّ اَوْزِعْنِیْۤ اَنْ اَشْکُرَ نِعْمَتَکَ الَّتِیْۤ اَنْعَمْتَ عَلَیَّ وَعَلیٰ وَالِدَیَّ
وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰہُ وَاَدْخِلْنِیْ بِرَحْمَتِکَ فِیْ عِبَادِکَ الصّٰلِحِیْنَ ۔ حکیم نے
کہا جو کوئی فہم لغت طیور و حیوان اور کلام اہل غائب کا چاہے شروع ماہ روز پنجشنبہ
اول سے چالیس روز متواتر روزہ رکھے اور نان گندم سفید و شکر و کیلہ و بادام سے افطار
کرے اور پانی گلاب ملا ہوا پیووے جب کہ چالیس دن پوری ہون غسل کرے اور جامہ نو
پہنے اور زیرہ لبان یعنی کندر و دمت سیل دراز و سوق و قند و مشک گلاب الائچی دیا قرقرحا

واسطے آسانی زبان اور حفظ یاد ہونا کلام بغیر تکلف کے

واسطے فہم لغت طیور و حیوانات

ہرایک دو دو مثقال اور قند ان سب کے برابر اور مشک چار مثقال اور گلاب مقدار اوقیہ سب وہ اون کو کوٹ کر پیسکر ملاوے اور اوپر اوسکے تیس مرتبہ آیات مذکورہ کو پڑھے بعدہ گلاب سے خمیر کرے اور تھوڑا روغن مادہ گاؤ و شہد ڈالے گر شہد آتش رسیدہ ہو اور پکاوے اور جب تک کہ شکل شراب کے پکے آیات مذکورہ کو پڑھتا رہے اور بیابان مین لیجاکر جاے محفوظ مین سر کرے اور کہے اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ وَلِکُلِّ شَیْءٍ مُسَخِّرٌ وَمُلْقِنٌ نَسَّاْ اَلْحُکْمِ وَمُصَرِّفُ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ بِاَمْرِہٖ یَا نُوْرَ الْاَنْوَارِ وَمُصَبِّصُ الْاَنْوَارِ قُدُّوْسٌ قُدُّوْسٌ مُقَدَّسٌ فِیْ اَزَلِیَّتِہٖ وَقِدَامِہٖ یُرِیْدُ مَنْ یَّشَاءُ بِرُوْحِ الْقُدُسِ وَمُعْطِیْ اِسْمَہٗ مِنْ بَارَکَ مِنْہُ۔ بعدہ اس دعا کو تیس مرتبہ پڑھے اور اس شربت کو برتن پاک مین مقام پاکیزہ مین رکھے اور سات روز دیگر روزہ رکھے وقت شام افطار کرے اور وقت خواب ڈیڑھ مثقال سات روز کھاوے آٹھوین روز کلام کرے ساتھ حکمت کے اور فہم کرے ہر خیر مین دیگر واسطے دفع نسیان کے دارمی نے روایت کی ہے عبد اللہ بن مسعود سے کہ جو کوئی اپنے سونے کے وقت دس آیۃ پڑھے سورۂ بقر کی تو نہین بھولے گا اوسکو قرآن شریف چار آیہ اول کی اور آیۃ الکرسی خالدون تک اور تین آیۃ آخر کی دیگر واسطے دفع وسوسہ کے ابو داؤد نے ابن عباس سے روایت کی ہے کہ جب تو پاوے اپنے دل مین کسی چیز کو یعنے وسوسہ کو تو کہا کر ہُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ

باب ہفتم دفع امراض او دفع ام الصبیان و درد پہلو و پنڈلی و دفع باد لقوہ دفع مرض تشنگی و دفع برص مین واسطے دفع مرض کے سورۃ الفاتحہ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ الخ حکیم نے کہا کہ سورۂ فاتحہ کو اوپر ٹکڑے کاغذ یا اوپر برگ کسی درخت کے لکھے یا ظروف پاک مین لکھے اور جانب چپ اپنے رکھے اور آب روان سے دھووے اور تمام بدن مین مالش کرے ایک دفعہ اور درد کی جگہ پر تین مرتبہ اور کہے اَللّٰهُمَّ اشْفِ وَاَنْتَ الشَّافِیْ اَللّٰهُمَّ اکْفِ وَاَنْتَ الْکَافِیْ اَللّٰهُمَّ عَافِ وَاَنْتَ الْعَافِیْ اچھا ہوجاوے اور زحمت مرض کی

واسطے دفع نسیان کے ۱۱ واسطے دفع وسوسہ کے ۱۱ باب ہفتم در بیان دفع امراض و ام الصبیان و درد پہلو و پنڈلی و غیرہ ۱۱

الاول اٰخرہ

کی جاتی رہیگا اور جو برتن پاک مین لکھکر پانی پاک سے دھووے یعنی پانی بارش کہ ماہ نیسان مطابق ماہ اپریل انگریزی وجیٹھ ہندی وفارسی اردی بہشت مین برسا ہوا اور یہ ماہ روز تقویم سے معلوم ہوتا ہے اور اوس مین روغن ڈالے اور ستر مرتبہ سورۂ فاتحہ کو اوسپر پڑھے اور باحتیاط رکھے وقت حاجت کے مریض اس روغن کو اپنے بدن مین جذب کرے تو دفع ہو زحمت اور لقوہ وباد وفالج وباد وکیتین ودرد پشت کا اور جو سورۂ فاتحہ ظرف پاک مین لکھکر روغن گل چنبیہ سے دھووے اور کان مین قطرے ٹپکاوے درد دور ہو اور یہی روغن اگر منھ پر مالش کرے اور آگ سے سینکے باد لقوہ دفع ہو اور پھرا ہو درست ہو جاویگا اور اگر پشت مین مالش کرے درد پشت کا جاتا رہے بکرم اللہ تعالیٰ **دیگر** واسطے دفع مرض تشنگی کے فرمایا اللہ تعالیٰ نے وَإِذِ اسْتَسْقَىٰ مُوسَىٰ لِقَوْمِهِ فَقُلْنَا اضْرِب بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ فَانفَجَرَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا قَدْ عَلِمَ كُلُّ أُنَاسٍ مَّشْرَبَهُمْ كُلُوا وَاشْرَبُوا مِن رِّزْقِ اللَّهِ وَلَا تَعْثَوْا فِي الْأَرْضِ مُفْسِدِينَ حکیم نے کہا جو کوئی راستہ مین ہو اور تشنگی غالب آوے اور آب ناپدید ہو آیت مذکورہ کو ظروف پاک یا آبگینہ یا سفال مین لکھے اور آب باران سے دہووے اور اوسمین چیز حلال مثل برنج یا گندم یا شیر مگر گوسپند رنگ لال کا ڈالکر پکادے وقت صبح موازنہ دو درم اور وقت خواب موازنہ دو درم تناول کرے خدا تعالیٰ زحمت تشنگی سے شفا دیوے بکرمہ وفضلہ **دیگر** واسطے دفع زحمت وستم ودفع باؤ کے فرمایا اللہ تعالیٰ نے أَوْ كَالَّذِي مَرَّ عَلَىٰ قَرْيَةٍ وَهِيَ خَاوِيَةٌ عَلَىٰ عُرُوشِهَا قَالَ أَنَّىٰ يُحْيِي هَٰذِهِ اللَّهُ بَعْدَ مَوْتِهَا فَأَمَاتَهُ اللَّهُ مِائَةَ عَامٍ ثُمَّ بَعَثَهُ قَالَ كَمْ لَبِثْتَ قَالَ لَبِثْتُ يَوْمًا أَوْ بَعْضَ يَوْمٍ قَالَ بَل لَّبِثْتَ مِائَةَ عَامٍ فَانظُرْ إِلَىٰ طَعَامِكَ وَشَرَابِكَ لَمْ يَتَسَنَّهْ وَانظُرْ إِلَىٰ حِمَارِكَ وَلِنَجْعَلَكَ آيَةً لِّلنَّاسِ وَانظُرْ إِلَى الْعِظَامِ كَيْفَ نُنشِزُهَا ثُمَّ نَكْسُوهَا لَحْمًا فَلَمَّا تَبَيَّنَ لَهُ قَالَ أَعْلَمُ أَنَّ اللَّهَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ حکیم نے کہا آیات مذکورہ کو آوند پاک مین آب باران وزعفران سے لکھے اور آب شبنم سے

واسطے دفع مرض تشنگی کے

واسطے دفع زحمت وستم ودفع باؤ کے

دہو کر شکر ملاوے اور جسکو زحمت یا سقم ہوا ور زندگی کی امید قطع ہو سات روز شربت پلاوے
بفضل خدائے تعالیٰ زحمت دور ہوا ور شفا پاوے اور جسکے سر و ریش مین باؤ آگئی ہو آیات
مذکورہ کو ظرف آبگینہ مین لکھے اور روغن زیتون ملا کر سر و ریش مین جذب کرے بروز جمعہ مدت
سات جمعہ استعمال کرے بال نکل آوین اور تندرست ہو جاوے اور باؤ دفع ہو بفضل ایزد تعالیٰ
دیگر واسطے دفع مرض ام الصبیان کے فرمایا اللہ تعالیٰ نے الٓمّٓ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ
نَزَّلَ عَلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ وَاَنْزَلَ التَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ مِنْ قَبْلُ
هُدًى لِّلنَّاسِ وَاَنْزَلَ الْفُرْقَانَ حکیم نے کہا آیت مذکورہ کو مشک و زعفران و گلاب سے
لکھ قبل از طلوع آفتاب بھونگلی مین رکھکر منھ موم سے بند کر دے اور گلوے طفلک مین ڈالے
وہ طفل تشویش شیطان و دیو وام الصبیان سے محفوظ رہے اور جو تعویذ لوہے کا بنوا کر اوس مین
آیات مذکورہ کو لکھکر رکھے تو لڑکا جملہ آفتون سے محفوظ رہے دیگر واسطے دفع درد پاہا و پنڈلی
و پہلو کے فرمایا اللہ تعالیٰ نے وَاِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ الضُّرُّ دَعَانَا لِجَنْۢبِهٖۤ اَوْ قَاعِدًا اَوْ قَآئِمًا
فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُ ضُرَّهٗ مَرَّ كَاَنْ لَّمْ يَدْعُنَآ اِلٰى ضُرٍّ مَّسَّهٗ ؕ كَذٰلِكَ زُيِّنَ لِلْمُسْرِفِيْنَ
مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ؕ حکیم نے کہا واسطے درد پاے و ساقین و پہلو کے آیات مذکورہ کو
کوزۂ گلی نو پختہ مین سیاہی سے لکھے اور روغن زیت سے دھووے اور موضع درد پر طلا
کرے درد پانون و پنڈلی و درد پہلو و درد مفاصل کا دفع ہو بکرم و فضلہ دیگر واسطے دفع درد
گوش کے فرمایا اللہ تعالیٰ نے قُلْ مَنْ يَّرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ اَمَّنْ يَّمْلِكُ السَّمْعَ
وَالْاَبْصَارَ وَمَنْ يُّخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَمَنْ يُّدَبِّرُ الْاَمْرَ ؕ فَسَيَقُوْلُوْنَ
اللّٰهُ ۚ فَقُلْ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ۔ حکیم نے کہا سکورۂ نقرہ مین یعنی پانی کراث یعنی گندنا و سیر و پیاز سے
آیت مذکورہ کو لکھے اور شہد خالص و آب سے دھو کر او ر آتش پر گرم کرکے کان مین ٹپکا وے
فوراً درد جاتا رہے دیگر واسطے دفع درد گوش کے فرمایا اللہ تعالیٰ نے يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ
جَآءَتْكُمْ مَّوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ ۙ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ

واسطے دفع مرض ام الصبیان ۱۲

واسطے دفع درد پاہا ۱۲

واسطے دفع درد گوش ۱۲

واسطے دفع درد گوش ۱۲

قُلْ بِفَضْلِ اللّٰهِ وَبِرَحْمَتِهٖ فَبِذٰلِكَ فَلْيَفْرَحُوْا هُوَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ ۝ حکیم نے کہا
کہ ایسا مکان جسمین مرد نے عورت کے ساتھ جماع نہ کیا ہو اور غیر اوسکی ہو آیت مذکورہ کو پارہ
کاغذ پر سیاہی کوفی سے یعنی جو کاجل چراغ و روغن کنجد اور گوند ببول سے بنائی گئی ہو اور آب
میوہ سبز سے دہو کر اوس میں شکر ڈالکر شربت بناوے اور پیوے بفضل اللہ تعالیٰ درد شکم ہر قسم کا جاتا رہے
اور دریدگی و گزندگی ل کی رفع ہو بکرم و فضلہ دیگر واسطے دفع سقم و مرض کے فرمایا اللہ تعالیٰ
نے وَاِنْ يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗٓ اِلَّا هُوَ ۚ وَاِنْ يُّرِدْكَ بِخَيْرٍ فَلَا رَآدَّ لِفَضْلِهٖ ۭ
يُصِيْبُ بِهٖ مَنْ يَّشَاۗءُ مِنْ عِبَادِهٖ ۭ وَهُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ حکیم نے کہا اوپر پارہ شکر کے
قلم آہنی سے آیات مذکورہ کو لکھے اور آب شیرین سے کھلاوے اور آب چاہ ملا کر وقت صبح
صادق مریض کو پلاوے مرض زحمت دور ہو اور وقت پلانے یا پینے کے یہ کہے بِسْمِ اللّٰهِ
الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ قَوْلُهُ الْحَقُّ وَوَعْدُهُ الصِّدْقُ وَهُوَ الشَّافِيْ وَهُوَ الْكَافِيْ تمام مرضون
سے خلاصی پاوے دیگر واسطے دفع ام الصبیان کے فرمایا اللہ تعالیٰ نے اِنِّيْ تَوَكَّلْتُ
عَلَى اللّٰهِ رَبِّيْ وَرَبِّكُمْ ۭ مَا مِنْ دَاۗبَّةٍ اِلَّا هُوَ اٰخِذٌۢ بِنَاصِيَتِهَا ۭ اِنَّ رَبِّيْ عَلٰي صِرَاطٍ
مُّسْتَقِيْمٍ ۝ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقَدْ اَبْلَغْتُكُمْ مَّآ اُرْسِلْتُ بِهٖٓ اِلَيْكُمْ ۭ وَيَسْتَخْلِفُ رَبِّيْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ ۚ
وَلَا تَضُرُّوْنَهٗ شَـيْـــًٔـا ۭ اِنَّ رَبِّيْ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ حَفِيْظٌ ۝ حکیم نے کہا آیات مذکورہ کو لکھکر اور تعویذ
مومی بنوا کر اوسمین رکھے اور گردن طفلک مین ڈالے بفضل و کرم اللہ تعالیٰ شر ام الصبیان
و آفات و دیگر عوارضات سے محفوظ رہے دیگر واسطے دفع درد چشم و دفع آفات اوسکے فرمایا
اللہ تعالیٰ نے قَالُوْا تَاللّٰهِ لَقَدْ اٰثَرَكَ اللّٰهُ عَلَيْنَا وَاِنْ كُنَّا لَخٰطِـــِٕيْنَ ۝ قَالَ لَا تَثْرِيْبَ
عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ ۭ يَغْفِرُ اللّٰهُ لَكُمْ ۡ وَهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ۝ اِذْهَبُوْا بِقَمِيْصِيْ هٰذَا فَاَلْقُوْهُ
عَلٰي وَجْهِ اَبِيْ يَاْتِ بَصِيْرًا ۚ وَاْتُوْنِيْ بِاَهْلِكُمْ اَجْمَعِيْنَ ۝ حکیم نے کہا جس کسی کی آنکھ مین سفیدی
بطور پھولہ کے پیدا ہو گئی ہو یا درد آنکھ کہ اوسکے علاج سے اطبا عاجز ہوں چاہیے کہ ایک عدد ابرہ
اصفہانی اور مرجان کہ ہندی مین اوسکو مونگا کہتے ہین یا مروارید خورد سرمہ آدھا

واسطے دفع درد شکم

واسطے دفع ام الصبیان

اور کف دریا سُرمہ سے آدھا وزن اور زعفران اور پانی سُرمہ سے چہار چند وزن لیوے مگر پانی
باران خریف کا ہو اور جو یہ پانی میسر نہ آوے تو آبِ انجیر یا انگور یا بید یا خرما کا لیوے پانچویں
دن ماہ کانون ثانی مطابق جنوری انگریزی و فارسی بہمن و ہندی پھاگُن سے ہو اور یہ ماہ
روزانہ تقویم سے معلوم ہو سکتا ہے کہ عربی کونسا ماہ ہے اور یہ عمل قبل طلوع آفتاب کر
بہت طور سے کرے کہ سرمہ کو آبِ بارانِ خریف یا آبِ خرما یا آبِ میوہ سبز سے خوب باریک پیسے
اور خوب خشک کرے غرض کہ بطور آبِ باران خریف یا خرما یا آبِ میوہ سبز ڈالکر چار مرتبہ پیسے
اور بار بار خشک کرے پانچویں دن شہد آتش نارسیدہ ملاکر پیسے اور آیات مذکورہ کو زعفران سے
ظرف آبگینہ میں لکھے اور دھووے آبِ بارندہ ماہ کانون ثانی مذکورہ بالا سے اور وہی سُرمہ
ڈال کر خوب نیا خشک کرے اور کاغذ میں اوٹھا رکھے اور آنکھوں میں لگایا کرے صحت ہوگی
واسطے دفع درد گوش کے فرمایا اللہ تعالےٰ نے وَاِذَا سَمِعُوْا مَآ اُنْزِلَ اِلَی الرَّسُوْلِ تَرٰٓی اَعْیُنَھُمْ
تَفِیْضُ مِنَ الدَّمْعِ مِمَّا عَرَفُوْا مِنَ الْحَقِّ یَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاکْتُبْنَا مَعَ الشّٰھِدِیْنَ
یہ آیت کسی لڑکے نابالغ ناخواندہ سے آیت مذکورہ برتن پاک میں روغن جنبیلی کرکھاوے اور
اوس کا پانی گرم کرکے قطرے کان میں ٹپکادے درد زائل ہوجاوے بفضلہ تعالیٰ دیگر واسطے
ہر مرض کے ہر صبح و شام پڑھکر بیمار پر دم کرے خصوصًا واسطے تپ کے مجرّب ہے وَاَلْقَتْ
مَا فِیْھَا وَتَخَلَّتْ وَاَذِنَتْ لِرَبِّھَا وَحُقَّتْ دیگر واسطے مصروع یعنے مرگی والے کے اگر
اس طرح عمل میں لاوے مرض دفع ہو لِلْمَصْرُوْعِ عَنِ الرِّضَا عَلَیْہِ السَّلَامُ یَقْرَأُ عَلٰی
قَدَحٍ فِیْہِ الْمَآءُ اَلْحَمْدُ وَالْمُعَوِّذَتَیْنِ وَیَنْفُثُ فِی الْقَدَحِ وَیُصَبُّ الْمَآءُ عَلٰی وَجْھِہٖ وَرَاْسِہٖ
یعنے واسطے دفع مرع کے جناب امام رضا علیہ السلام سے منقول ہے کہ ایک پیالہ پانی پر
سورہ الحمد اور قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس اور اوس پانی پر دم کرے
بعدہ مصروع کے چہرہ اور سر پر اوس پانی کو چھڑکے دیگر دعاے حصول مرادات شیخ بہاؤالدین
محمد نے واسطے شاہ عالم کے بھیجی تھی روایت کرتا ہے مقاتل بن سلیمان سید العابدین حضرت امام

زین العابدین علیہ السلام سے کہ جو کوئی اکتالیس مرتبہ اس دعا کو واسطے ہر حاجت کے پڑھے
اور اوسکی مراد حاصل ہو اور بر مقاتل کے لعنت کرے بسم اللہ الرحمن الرحیم الٰہی کیف
ادعوک وانا انا وکیف اقطع رجائی منک وانت انت الٰہی اذا لم اسئلک
فتعطنی فمن ذالذی اسئلک فیعطنی الٰہی اذا لم ادعک فتستجیب لی فمن ذالذی
ادعوہ فیستجیب لی الٰہی اذا لم اتضرع الیک فترحمنی فمن ذالذی اتضرع الیہ فیرحمنی
الٰہی کما فلقت البحر لموسیٰ علیہ السلام ونجیتہ اسئلک ان تصلی علی
محمد وعلی اٰل محمد وان تنجینی مما انا فیہ وتفرج عنی فرجا عاجلا غیر
اٰجل بفضلک ومنک یا ارحم الراحمین وصلی اللہ علی محمد واٰلہ
اجمعین دیگر صیغہ توبہ تین مرتبہ کہے انی استغفر اللہ العظیم واتوب الیہ
پھر کہے اشہد اللہ وملئکتہ وانبیائہ ورسلہ وجمیع خلقہ انی نادم علی
ما سلف منی من الذنوب والمعاصی ومعترف بہا وانی عازم علی ان لا
اعود الیہا وقد عاہدت اللہ تعالیٰ ذلک الف عہد فی عنقی الی یوم القیامۃ
دیگر صیغہ اخوت واخیتک فی اللہ وصافیتک فی اللہ وصافحتک وعاہدت
اللہ وملئکتہ وانبیائہ وکتبہ ورسلہ علی انی لو کنت
من اہل الجنۃ لا ادخلہا الا انت معی پھر دوسرا شخص کہے قبلت واسقطت
عنک جمیع حقوق الاخوۃ ما خلا الدعاء والزیارۃ والشفاعۃ دیگر واسطے
مرادات کے بعد از نماز ایک مرتبہ پڑھے اللہم بحق الحسین واخیہ وامہ وابیہ
وبنیہ وجدہ نجنی من الغم الذی انا فیہ برحمتک یا ارحم الراحمین دیگر
فاتحہ حضرت باری عز اسمہ اللہم انی عبدک وصنع لوجہک طعاما فتقبل
منہ طعامہ واوصل الیہ مرامہ بفضلک یا ذا الفضل العظیم وبحرمۃ القرآن
العظیم سورہ حمد ایکبار پڑھے دیگر فاتحہ حضرت دوازدہ امام کا واسطے

ترویح روح پر فتوح حضرت محمد مصطفے صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضرت علی مرتضی علیہ
السلام اور حضرت فاطمۃ الزہرا علیہا السلام و حضرت خدیجۃ الکبریٰ علیہا السلام و حضرت
امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام و حضرت امام حسین شہید کربلا علیہ السلام و دوازدہ امام و چہاردہ
معصوم پاک و ہیجدہ کمر بستہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ اور بہترین شہداے دشت کربلا و باقی
ائمہ ہدیٰ و ہر چہار اصحاب حضرت ابابکر صدیق و حضرت عمر خطاب و حضرت عثمان غنی و حضرت
علی کرم اللہ وجہہ رضوان اللہ علیہم اجمعین سورۂ فاتحہ ایکبار سورۂ اخلاص سہ بار پڑھے
دیگر دعای گندم چاہیے گندم کو اور پر منھ و سینہ بیمار کے ٹھنڈا دین اور چار دست ال
کرکے چار درویشوں کو دیوین اور مقدار اوسکی ایک صاع گندم ہے کہ نیم سیر اور ساٹھ مثقال
شاہی ہوتا ہے اور لازم ہے کہ بیمار آپ خریدے ہر چند کہ اور لوگ کہتے ہین تو لے اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ
اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الَّذِیْ اِذَا سُئِلْتَ بِهٖ الْمُضْطَرُّ كَشَفْتَ مَا بِهٖ مِنْ ضُرٍّ وَمَكَّنْتَ
لَهٗ فِی الْاَرْضِ وَجَعَلْتَهٗ خَلِیْفَتَكَ عَلٰی خَلْقِكَ وَاَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاَنْ
تُعَافِیَنِیْ مِنْ عِلَّتِیْ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ چاہیے کہ یہ دعا بیمار آپ گندم پر پڑھے
اور اگر خود پڑھنا نہ جانتا ہو دوسرے سے پڑھوا لے دیگر دعای گوسپند کہ بیمار کے اوپر
تصدق کرنا چاہیے وقت ذبح کے پڑھے اول گوسپند کو تین مرتبہ اوپر دور بیمار کے پھرا
بعد ازان بیمار آپ منھ اپنے کا شیرینی مین ڈالے اور وہ شیرینی گوسپند کو کھلاوے پس اوسکو
ذبح کرے اور گوشت کے ساٹھ ٹکڑے کرے اور ساٹھ درویش کو دیوے اور پوست یکپارہ
وکلہ و پاچہ یکپارہ و آلات و ادوات اندرونی یکپارہ ان سب کے ستاون ٹکڑے کرے
اَللّٰهُمَّ اِنَّ هٰذِهِ الشَّاةَ لَكَ وَمِنْ فَضْلِكَ وَصَلَتْ لِیْ وَاَنَا اَفْدِیْهَا بِعَبْدِكَ
فُلَانِ ابْنِ فُلَانٍ اَللّٰهُمَّ هٰذِهٖ فِدَاءٌ لَحْمُهَا بِلَحْمِهٖ وَدَمُهَا بِدَمِهٖ اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْ
مِنِّیْ كَمَا تَقَبَّلْتَ مِنْ خَلِیْلِكَ اِبْرَاهِیْمَ عَلَیْهِ السَّلَامُ حِیْنَ فَدَاءَ وَلَدَهُ اِسْمٰعِیْلَ
عَلَیْهِ السَّلَامُ بِحُرْمَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَللّٰهُمَّ اِنَّ هٰذِهٖ لَكَ

دعای گندم واسطے بیمار کے ۱۲

دعای گوسپند جو بیمار پر تصدق کیا جاے ۱۲

اَجعلها فِدَاءً مُتقبلاً مِّنِّی بِرَحمَتِکَ یَا اَرحَمَ الرَّاحِمِینَ ہ اور دوسری روایت مین یون ہو کہ بروقت ذبح اس آیت کو پڑھنا چاہیے فَلَمَّا اَسلَمَا وَتَلَّہٗ لِلجَبِینِ وَنَادَینَاہُ اَن یَّا اِبرَاھِیمُ قَد صَدَّقتَ الرُّءیَا اِنَّا کَذٰلِکَ نَجزِی المُحسِنِینَ اِنَّ ھٰذَا لَھُوَ البَلٰٓؤُا المُبِینُ وَفَدَینَاہُ بِذِبحٍ عَظِیمٍ ہ **دیگر اسم اعظم بے نقط ہے** اس واسطے شبہہ کرتے ہین اَللّٰہُ الصَّمَدُ کو چالیس روز تک ایک جگہ تجویز کرکے ہر روز گیارہ سو مرتبہ بعد نماز عشا کے پڑھا کرے اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پڑھا کرے جو حاجت مانگے گا خدای عزوجل اوسکی حاجت کو برلاویگا مین نے اسکو آزمایا ہے بہت آزمودہ و مجرب ہی دیگر اس آیت کو بوقت شب اندھیری مین جسوقت سب سو جاوین دریا مین تا ناف پانی مین کھڑا ہوکر چالیس روز تک ہر روز گیارہ سو مرتبہ پڑھے اور اول وآخر اکیس اکیس مرتبہ درود پڑھے اور جو دریا پر نہ جاسکے تو ایک مکان خالی رہ کہ پولا نہ ہو ٹھوس ہو تجویز کرکے اور ایک طشت پانی سے بھر کر رکھے اور پھر سینے پر پانی کا ہاتھ پھیر لیا کرے اور جو پڑھنے مین گرمی زیادہ معلوم ہو تو کوئی درود پڑھ لیا کرے کہ بسبب اوس درود کے خنکی آجاویگی اور مکان اندھیرے مین پڑھے چراغ بالکل روشن نہ کرے جس حاجت کے واسطے پڑھے گا اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے اوسکی حاجت کو روا کریگا اور اس فقیر کی آزمودہ ہی بہت مجرب اور موثر یہ دعا ہے اور اگر زیادہ گرمی معلوم ہو تو دو ٹھنڈا پانی کوزہ مین لیکر اور اوسپر درود پڑھکر دم کرے اور پی لیوے شدت گرمی کی دفع ہو جائیگی درود کی کچھ قید نہین ہے چاہے جتنا پڑھکر کوزۂ آب پر دم کرے دُعا یہ ہے لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنتَ سُبحَانَکَ اِنِّی کُنتُ مِنَ الظّٰلِمِینَ ہ **دیگر ہفت سلام** اور یہ سات سلام روز نوروز کے مشک و زعفران و گلاب سے اوپر کاسۂ چینی کے لکھکر پیوے اوس سال بعنایت الٰہی کوئی آفت ساتھ اوسکے نہ پہونچے سَلَامٌ قَولاً مِّن رَّبٍّ رَّحِیمٍ ہ سَلَامٌ عَلٰی نُوحٍ فِی العٰلَمِینَ ہ سَلَامٌ عَلٰی اِبرَاھِیمَ ہ سَلَامٌ عَلٰی مُوسٰی وَھٰرُونَ ہ سَلَامٌ عَلٰی اِلیَاسِینَ سَلَامٌ عَلَیکُم طِبتُم فَادخُلُوھَا خٰلِدِینَ ہ سَلَامٌ ھِیَ حَتّٰی مَطلَعِ الفَجرِ **دیگر** جس ذبح کو پسند

قربانی عید اضحی کی بسم اللہ الرحمن الرحیم اللّٰہم ھٰذہٖ فداءٌ لی دمُہا بدمی ولحمہا
بلحمی وعظمہا بعظمی وشعرہا بشعری ومخہا بمخی وشحمہا بشحمی وجلدہا بجلدی
اِنّ صلاتی ونسکی ومحیای ومماتی للّٰہ ربّ العالمین لا شریک لہٗ وبذٰلک
اُمرتُ وانا اوّل المسلمین اللّٰہم تقبّل منّی کما تقبّلت من خلیلک ابراہیم علیہ
السلام فسبحان اللّٰہ بسم اللّٰہ واللّٰہ اکبر دیگر واسطے دفع درد پہلو اور قولنج کے فرمایا
اللہ تعالیٰ نے وان یمسسک اللّٰہ بضرّ فلا کاشف لہٗ الّا ھو وان یمسسک
بخیر فھو علیٰ کلّ شیءٍ قدیر وھو القاھر فوق عبادہٖ وھو الحکیم الخبیر خاصیت
لکھا ہے کہ وقت صبح و تین گھڑی شب باقیماندہ آیت مذکورہ کو کاغذ پر لکھ کر محل درد
پر باندھے صحت کلی ہووے ایضاً اور یہی حکیم نے کہا کہ جس کسی کو گرفتگی سینہ کی غم و اندوہ
یا اور کسی سبب سے ہو آیت مذکورہ کو سات مرتبہ پڑھا کرے وقت شب خواب کرے انشاء اللہ تعالیٰ
گرفتگی سینہ کی دور ہو دیگر واسطے دفع سستی و شکستگی اندام کے فرمایا اللہ تعالیٰ نے انّما
یستجیب الذین یسمعون والموتیٰ یبعثھم اللّٰہ ثم الیہ یرجعون حکیم نے کہا
جس کسی کا بدن ٹوٹتا ہے یا قبض رہتا ہے یا سستی رہتی ہے ہمیشہ روز روزہ سے اول شروع
ماہ سے بعد ازاں وقت نیم شب قلم مس سے اور لیف دست راست کے گلاب و زعفران سے
آیت مذکورہ کو لکھے ہر شب کو شکستگی اندام و سستی و قبض جاتا رہے دیگر واسطے دفع درد ناف
و باؤن و آسیب جن کے فرمایا اللہ تعالیٰ نے وما لنا الّا نتوکل علی اللّٰہ وقد ھدٰنا
سبلنا ولنصبرنّ علیٰ ما اٰذیتمونا وعلی اللّٰہ فلیتوکل المتوکلون خاصیت آیت مذکورہ
کی بہت ہے کاغذ پر لکھ کر بازو پر باندھے درد سے شفا پاوے اور جس کسی کو عارضہ جن
و آسیب و چشم زخم پری یا آدمی سے ہوا ہو تازہ آب چاہ منگوا کر اوس پر آیت مذکورہ کو پڑھ کر
تو یعنی جام نو میں کرے اور آسیب زدہ و دیو پری و چشم زخم گرفتہ کو وقت شب کے اوس پانی سے
غسل دیوے اسی طرح سے شب متواتر کرے عارضہ مذکور جاتا رہے اور صحت کلی حاصل ہو دیگر واسطے

واسطے دفع درد پہلو و قولنج

واسطے دفع گرفتگی سینہ و سستی اندام

واسطے دفع درد ناف و باؤن و آسیب جن

دفع مضرت دیو و پری کے فرمایا اللہ تعالیٰ نے وَاِذَا قَرَأْتَ الْقُرْاٰنَ جَعَلْنَا بَیْنَکَ وَبَیْنَ الَّذِیْنَ لَا یُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَۃِ حِجَابًا مَّسْتُوْرًا وَّجَعَلْنَا عَلٰی قُلُوْبِهِمْ اَکِنَّۃً اَنْ یَّفْقَهُوْهُ وَفِیْ اٰذَانِهِمْ وَقْرًا وَاِذَا ذَکَرْتَ رَبَّکَ فِی الْقُرْاٰنِ وَحْدَهٗ وَلَّوْا عَلٰی اَدْبَارِهِمْ نُفُوْرًا آیت مذکور کو اوپر پانی کے پڑھکر اوپر آسیب زدہ دیو و پری کے چھینٹا دے فوراً آسیب دفع ہو اور مریض اچھا ہو جاوے اور جو اوپر انگشت نگینہ عقیق آسمانی کے کندہ کرے بازو پر باندھے تو بھی مفید ہے دیگر واسطے دفع تپ گرم و سرد و درد پشت و جمیع امراض کے فرمایا ہے تعالیٰ نے اِنَّ الَّذِیْنَ سَبَقَتْ لَهُمْ مِّنَّا الْحُسْنٰۤی اُولٰٓئِکَ عَنْهَا مُبْعَدُوْنَ لَا یَسْمَعُوْنَ حَسِیْسَهَا وَهُمْ فِیْ مَا اشْتَهَتْ اَنْفُسُهُمْ خٰلِدُوْنَ لَا یَحْزُنُهُمُ الْفَزَعُ الْاَکْبَرُ وَتَتَلَقّٰهُمُ الْمَلٰٓئِکَۃُ هٰذَا یَوْمُکُمُ الَّذِیْ کُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ آیت مذکورہ کو تین پیالہ چینی سفید میں لکھے اور آب چاہ سے کہ وقت شب نکالا گیا ہو دھووے اور تین گھونٹ مریض کو پلا وے اور پشت میں بھی ملا کرے تین دن ایسا ہی عمل کرے صحت پاوے اور برتن گلی میں مشک و زعفران اور گلاب آیت مذکورہ کو لکھے اور روغن گاؤ سے دھووے اور پشت و مفاصل پر طلا کرے درد پشت و درد مفاصل جاتا رہے دیگر واسطے دفع امراض کے فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ حِیْنَ تُمْسُوْنَ وَحِیْنَ تُصْبِحُوْنَ وَلَهُ الْحَمْدُ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَعَشِیًّا وَّحِیْنَ تُظْهِرُوْنَ یُخْرِجُ الْحَیَّ مِنَ الْمَیِّتِ وَیُخْرِجُ الْمَیِّتَ مِنَ الْحَیِّ وَیُحْیِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا وَکَذٰلِکَ تُخْرَجُوْنَ جو مرض مریض کا دریافت نہ ہو سکے تو آیات مذکورہ کو سہ شبانہ روز اوپر برادہ لبان یعنی کندرو کہ بطریق مصطگی سفید کے ہوتا ہے پڑھے روز چہارم وقت صبح زخمی کو اندر مکان سے باہر لاوے اور چوب انگور کی جلا کر آگ کرے اور چار جگہ مریض کے وہ برادہ لبان آگ پر ڈالکر دھواں دیوے بطرف سر پانوں راست و چپ بعدہ مریض کو مکان کے اندر لاوے بفضل خدا زحمت بدنی دفع ہو اور اگر مجبوس بندیخانہ کے اندر آیات مذکورہ کو پڑھے جلد بندے خلاصی پاوے دیگر واسطے دفع تپ گرم و سرد و باد و درد دل و جگر و درد سر و درد دندان

وغیرہ کے فرمایا اللہ تعالیٰ نے مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗۤ اَشِدَّآءُ عَلَى
الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ تَرٰىهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا يَّبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا
سِيْمَاهُمْ فِيْ وُجُوْهِهِمْ مِّنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ ذٰلِكَ مَثَلُهُمْ فِي التَّوْرٰىةِ وَمَثَلُهُمْ فِي الْاِنْجِيْلِ
كَزَرْعٍ اَخْرَجَ شَطْـَٔهٗ فَاٰزَرَهٗ فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوٰى عَلٰى سُوْقِهٖ يُعْجِبُ الزُّرَّاعَ لِيَغِيْظَ
بِهِمُ الْكُفَّارَ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْهُمْ مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِيْمًا
تب چہار رہم کو پوست برہ آہو مین لکھے اور مریض آدمی خواہ عورت یا لڑکا ہو بازو پر باندھے
بکرم اللہ تعالیٰ مرض دفع ہووے دیگر واسطے دفع بادو لقوہ کے سورۃ الزلزلۃ مین فرمایا اللہ تعالیٰ
نے اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ الخ حکیم نے کہا کہ آئینہ آہن کو از سر نو جلا دیوے اور تمام سورۃ
مذکورہ کو مشک زعفران سے اوس پر لکھے اور صاحب لقوہ کو خانہ تاریک مین لا کر چند مرتبہ
آئینہ دکھاوے اور ہیبت قدیم سے درست ہو جاوے دیگر واسطے دفع درد تن و درد جگر و تپ غم
کے سورۃ العادیات مین فرمایا اللہ تعالیٰ نے وَالْعٰدِيٰتِ ضَبْحًا الخ آیات مذکورہ کو برتن
گلی پختہ نو مین لکھے اور آب باران سے دھو کر شکر ملا دے اور صاحب حمت کو پلا دے تین روز
استعمال کرے صحت پاوے دیگر واسطے دفع درد سر کے سورۃ التکاثر مین فرمایا اللہ تعالیٰ
اَلْهٰكُمُ التَّكَاثُرُ الخ سورۃ مذکور کو وقت غروب آفتاب بعد نماز عصر کے لکھ اور سر پر
باندھے صحت ہووے دیگر واسطے دفع ناخنہ کے سورۃ الہمزہ مین فرمایا اللہ تعالیٰ نے
وَيْلٌ لِّكُلِّ هُمَزَةٍ لُّمَزَةِ الَّذِيْ الخ جو کوئی سورۃ مذکور کو آخر تک اوپر پانی سات مرتبہ
دھوے ہوئے کے پڑھے اور اوس پانی سے سرمہ سفید آس کرے اور آنکھ مین کھینچے ناخنہ
چشم دفع ہووے دیگر واسطے دفع باد صرع یعنے انوار اور ام الصبیان کے سورۃ معوذتین
کو اوپر پوست برہ آہو کے قلم باریک سے لکھ اور غلاف مشک یا آہن مین رکھکر طفلک کی
گردن مین ڈالے صرع اور ام الصبیان کا مرض دفع ہو ایضاً واسطے دفع پیچیدگی شکم کے
سورۃ تبت یدا کو اوپر پارہ کاغذ کے لکھ کر دھو کے پیچیدگی اور درد شکم کا جاتا رہیگا دیگر داغ

واسطے دفع بادو لقوہ ۱۲

واسطے دفع درد تن و درد جگر و تپ ۱۲

واسطے دفع درد سر کے ۱۲

واسطے دفع ناخنہ کے ۱۲

واسطے دفع صرع اور ام الصبیان کے ۱۲

جملہ دردہا کے فرمایا اللہ تعالے نے اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَجَعَلَ الظُّلُمٰتِ وَالنُّوْرَ ط ثُمَّ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا بِرَبِّھِمْ یَعْدِلُوْنَ وقت صبح سات مرتبہ آیات مذکورہ کو پڑھکر اوپر منھ کے دم کرے تمام دردہا سے بے خوف ہو دیگر واسطے دفع خون روان کے فرمایا اللہ تعالے نے عَمَّ یَتَسَآءَلُوْنَ عَنِ النَّبَاِ الخ حکیم نے کہا جس کسی کے خون روان یا عارف ہو سات مرتبہ شیرۂ انگور پر سورۂ مذکور کو آخر تک پڑھے اور پیوے خون بند ہو جاوے دیگر واسطے بند ہونے رعاف کے سورۂ مذکورہ کو اوپر پیشانی یا اوسی خون سے لکھے مجرب ہو دیگر واسطے دفع درد تاریک و مرض باخطر کے سورۂ عنکبوت کو ظروف گلی مین لکھ اور دھوکر پیوے شفا پاوے دیگر واسطے دفع باد باسورہ و دفع جملہ آفات کے سورۃ الاعلی مین فرمایا اللہ تعالی نے سَبِّحِ اسْمَ رَبِّکَ الْاَعْلَی الَّذِیْ خَلَقَ فَسَوّٰی وَالَّذِیْ الخ سورۂ اعلی کو وقت صبح اوپر دونون ہاتھ کے پڑھکر دم کرے اور جگہ باسور پر مس کرے درد دفع ہو اور جو کوئی بعد از نماز لکھکر اپنے پاس رکھے جملہ آفتون اور دردون سے محفوظ رہے دیگر واسطے دفع میل وثبور کے سورۃ المرسلات مین فرمایا اللہ تعالی نے وَالْمُرْسَلٰتِ عُرْفًا الخ جس کسی کے نحستگی واعمیل کی بدن مین ظاہر ہو کاغذ مین آیاتِ مذکورہ کو لکھکر اپنے پاس رکھے باذن اللہ تعالی دفع ہو دیگر واسطے رہا کرانے آسیبِ جن کے فرمایا اللہ تعالی نے یٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فَانْفُذُوْا لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ ط فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ یُرْسَلُ عَلَیْکُمَا شُوَاظٌ مِّنْ نَّارٍ وَّنُحَاسٌ فَلَا تَنْتَصِرٰنِ حکیم نے کہا جو چاہے کہ دیو و پری و ارواحِ خبیثہ کو آدمی یا عورت یا لڑکا لڑکی یا گھر سے باہر لاوے اور دور کرے دیو پری کو چاہیے کہ دیو گرفتہ کو آب روان مین ڈالے اور پھر باہر نکالے اور اوسکے سیدھے کان مین آیاتِ مذکورہ کو تین مرتبہ پڑھے اور پانی مین ڈالے اور پھر باہر نکال کر گوش جانب چپ مین آیاتِ مذکورہ تین مرتبہ پڑھے اور اوسکے بدن پر ہاتھ رکھے اور تین مرتبہ آیات کو پڑھکر ہاتھ اوسپر پھیرے اور اس دعا کو بھی تین مرتبہ

واسطے جملہ دردہا کے

واسطے خون روان کے

واسطے بند ہونے رعاف کے

واسطے دفع درد و مرض کے

واسطے دفع آفات کے

واسطے دفع میل وثبور کے

واسطے آسیب جن کے

پڑھے اُخْرُجْ اَيُّهَا الْعَارِضُ الْمُتَمَرِّدُ وَالرُّوحُ الْمُفْسِدُ بِاِذْنِ اللّٰهِ تَعَالٰى ۔ بسبب دیو پری
وارواح خبیثہ بدن سے دفع ہو اور جو کوئی آیات و دعاے مذکورہ کو لکھکر بازو دست راست
پر باندھے آفات دیو و پری سے وارواح خبیثہ سے محفوظ رہے دیگر واسطے جملہ دردہاے آیت
الکرسی مین فرمایا اللہ تعالے نے اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ لَا تَاْخُذُهٗ الخ الاٰیۃ جو
کوئی آیات مذکورہ کو وقت خواب تین مرتبہ پڑھے اور تین مرتبہ بعد بیداری کے پڑھکر منھ اور
تمام بدن پر دم کرے جملہ درد دفع ہون اور تن سبک ہو اور کوئی عارضہ جن سحر و چشم زخم کا
اثر نکرے اگر مردی کسی کی بندتی ہو یہ آیت کریمہ لکھکر باندھے مردی اوسکی بعون اللہ تعالے
کشادہ ہو بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ٥ كٓهٰيٰعٓصٓ وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ۔ برای
استواری دندان نماز وتر کے درمیان اول رکعت مین بعد فاتحہ کے اذا جاء اور دوم
رکعت مین بعد فاتحہ کے سورۂ تبت یدا اور سوم رکعت مین بعد فاتحہ کے قل ہو اللہ پڑھی جو کوئی اسطرح
پر نماز وتر مین پڑھا کرے انشاء اللہ تعالی دندان اوسکے مستحکم رہین کبھی جنبش نہین کرینگے اور علی
ہذا القیاس راقم کا بھی اسی پر عمل ہے یہ ترکیب نماز وتر کی قاضی خواہش علی صاحب متوطن سراے
قاضی پرگنہ گوپال پور ضلع اعظم گڈھ ملک پورب نے اس احقر کو بہم پہونچائی ہے یہ صاحب میرے
ہمسفر حج مکہ معظمہ و مدینہ منورہ تھے عمر اونکی قریب اسی برس کے تھی اوسی سفر مین بسبب تذکرہ دندان
کے یہ ترکیب ظاہر کی اوسی روز سے اوسپر عامل ہون اور درحقیقت اس کبرسنی مین اونکے دندان
بھی بہت مضبوط تھے یہانتک کہ ہڈی کو توڑ ڈالتے تھے اسلیے یہ ترکیب لکھی گئی دیگر واسطے
دفع ہر مرض کے کہ حکما عاجز آئے ہون اس اسم مبارک کو مشک و زعفران سے کاسہ
چینی مین لکھے اور آب باران سے دھوکر مریض کو پلاوے شفا پاوے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ
الرَّحِيْمِ يَا رَحِيْمُ كُلِّ صَرِيْخٍ وَمَكْرُوْبٍ وَغِيَاثُهٗ وَمَعَاذُهٗ ۔ دیگر واسطے
دفع درد چشم کے اس دعاے معظم کو بعد ہر نماز پنج وقتی کے سات مرتبہ پڑھکر اور پر دونون
ناخون انگشت ہاتھ اپنے کے دم کرکے اوپر آنکھون کے ملے حق تعالی آنکھین اوسکی بینا

ہوتے ہیں اور ضعف ہونے سے نگاہ کے اور جو نابینا ہوے امید کرم رحیم اوسکے سے ایسی ہے
کہ آنکھین اوسکی بھی بینا ہوویں دعا یہ ہے۔ یَا قَرِیْبُ یَا مُجِیْبُ یَا سَمِیْعَ الدُّعَاءِ یَا لَطِیْفُ
لِمَنْ یَّشَاءُ وَاحْفَظْ عَلَیَّ بَصَرِیْ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِیْنُ **دیگر عہد نامہ**
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَللّٰهُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عَالِمَ الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ هُوَ
الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعْهَدُ اِلَیْكَ فِیْ هٰذِهِ الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا بِاَنِّیْ اَشْهَدُ اَنْ
لَّا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ وَحْدَكَ لَا شَرِیْكَ لَكَ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُكَ وَرَسُوْلُكَ
فَلَا تَكِلْنِیْ اِلٰی نَفْسِیْ وَاِنَّكَ اِنْ تَكِلْنِیْ اِلٰی نَفْسِیْ تُقَرِّبْنِیْ اِلَی الشَّرِّ وَتُبَاعِدْنِیْ مِنَ الْخَیْرِ
وَاِنِّیْ لَا اَثِقُ اِلَّا بِرَحْمَتِكَ فَاجْعَلْ لِّیْ عِنْدَكَ عَهْدًا تُوَفِّیْهِ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَةِ اِنَّكَ لَا
تُخْلِفُ الْمِیْعَادَ وَصَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ اَجْمَعِیْنَ
بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ۞ **دیگر واسطے دفع تپ کے** اول و آخر درود شریف
سات بار پڑھے اور درمیان مین اس دعا کو ایکبار یا تین بار یا سات بار پڑھے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ
الرَّحِیْمِ اَللّٰهُمَّ ارْحَمْ جِلْدِیَ الرَّقِیْقَ وَعَظْمِیَ الدَّقِیْقَ مِنْ شِدَّةِ الْحَرِیْقِ یَا اُمَّ مِلْدَمٍ
اِنْ كُنْتِ اٰمَنْتِ بِاللّٰهِ الْعَظِیْمِ فَلَا تُصَدِّعِی الرَّاْسَ وَلَا تَاْكُلِی اللَّحْمَ وَلَا تَشْرَبِی الدَّمَ
وَتَحَوَّلِیْ عَنِّیْ اِلٰی مَنِ اتَّخَذَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۞ **دیگر** ایک درویش باکمال و عظمت قدر
اخوی میرے نامدار خان کے کہ باغ دیوان لالہ نندلال سنگھ بیرون گھر دروازہ شہر کرولی
کے مقیم ہین اور ولایتی ہین اور اونکے چند کمالات بھی ظہور مین آ چکے ہین اگر تذکرہ اُن کرامات
کا لکھون تو ایک کتاب اور بن جاوے غرض کہ احقر کی کتاب تصنیف کرنے کا حال سُنا تو
یہ کتاب مجھ سے طلب کی قریب دو ماہ کے آنحضرت کے مطالعہ و ملاحظہ مین رہی اور بہت
خوش ہوئے اوسوقت بندہ نے استدعا کی کہ کوئی دعا بطور تبرک وظیفہ کے آپ بھی عطا
فرماوین جب یہ دعائین آپنے زبان فیض ترجمان سے فرمائین جو کہ یہ دعائین مفید عام
ہین اسواسطے اُنکو بھی داخل اسی کتاب کے کیا گیا اور اسی واسطے اُن دعاؤن کو ایک جگہ لکھا ہے

واسطے دفع تمام مرضون کے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ واسطے دفع تمام مرضون کے جس کسی کو کوئی مرض
یا کوئی علت ہو پس کہے بعد نماز فجر کے چالیس مرتبہ اور دم کرے اپنے ہاتھ پر اور ملے جسم پر
جو علت اور مرض ہو اوسکو انشاءاللہ تعالیٰ برطرف و دفع کرے دعا یہ ہے اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ
الْعٰلَمِیْنَ حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ تَبَارَكَ اللّٰہُ اَحْسَنُ الْخَالِقِیْنَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ
اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ؕ چاہیے کہ سات روز روزہ رکھے اور ہر روز ایک ہزار مرتبہ پڑھے
باشرائط ترک حیوانات جلالی و جمالی اور بحضرت مالک بصدق دل متوجہ ہو بکرم و فضل آلہی
تمام اعدا مقہور ہون اور بے واسطے پیدا آوے کہ اتباع ذاکر ہون زیادہ جو کچھ چاہے اور
ملے اوس سے کہ ہوا اور فتنہ انگیزان نابود ہون اور خلائق فرمانبردار اور مطیع ہو وین شرط
یہ ہے کہ اسم مذکور کی مدامت کرین اور بعد منتے کے کہ مقصد کو پہونچے اگر پڑھا کرے ترک حیوانات
کی احتیاج نہین ہے تاثیر بہت پاویگا اور ملازم اس اسم کا جلد ساتھ کبریائی عظمت کی ہویگا
اسم یہ ہے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ یَا کَبِیْرُ اَنْتَ اللّٰہُ الَّذِیْ تَہْتَدِیْ الْعُقُوْلُ
لِوَصْفِ عَظَمَتِہٖ ایضاً واسطے دفع درد سر کے ہاتھ رکھکر یہ آیت شریف پڑھے بِسْمِ اللّٰہِ
الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ اِنَّ اللّٰہَ یُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا وَلَئِنْ زَالَتَا
اِنْ اَمْسَکَہُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْ بَعْدِہٖ ؕ دیگر واسطے حفظ تمام موذیات کے
خصوصاً کاٹنے سانپ و سگ دیوانہ کے اس طوران آیات کو پڑھے وہ شخص اوسکے زہر سے
محفوظ رہے بعون اللہ تعالیٰ طرف گوش راست کے پڑھکر پھونکے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
اِنَّ فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافِ الَّیْلِ وَالنَّهَارِ وَالْفُلْكِ الَّتِیْ تَجْرِیْ فِی الْبَحْرِ
بِمَا یَنْفَعُ النَّاسَ وَمَا اَنْزَلَ اللّٰہُ مِنَ السَّمَآءِ مِنْ مَّآءٍ فَاَحْیَا بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا وَبَثَّ
فِیْهَا مِنْ كُلِّ دَآبَّةٍ وَّتَصْرِیْفِ الرِّیٰحِ وَالسَّحَابِ الْمُسَخَّرِ بَیْنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ لَاٰیٰتٍ
لِّقَوْمٍ یَّعْقِلُوْنَ ؕ دیگر یہ دعا پڑھکر گوش جانب چپ مین پھونکے آیت یہ ہے لَآ اِكْرَاهَ
فِی الدِّیْنِ قَدْ تَّبَیَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَیِّ فَمَنْ یَّكْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ وَیُؤْمِنْ بِاللّٰہِ

واسطے درد سر کے

واسطے حفظ تمام موذیات کے

واسطے دفع زہر مار

فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى لَا انْفِصَامَ لَهَا وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝ اَللّٰهُ وَلِيُّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۝ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَوْلِيٰٓـُٔهُمُ الطَّاغُوْتُ يُخْرِجُوْنَهُمْ مِّنَ النُّوْرِ اِلَى الظُّلُمٰتِ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝ دیگر

ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک روز مسجد مین بیٹھا تھا کہ ناگاہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس آئے مین نے سلام کیا اور آنحضرت نے جواب دیا اور فرمایا کہ سکھاؤن مین تمکو ایک درمان کہ حضرت جبرئیل نے مجھ کو سکھایا تھا جیسا کہ تمکو احتیاج واسطے دوا کے کسی طبیب سے نہو مین نے پوچھا کہ وہ کیا ہے آپنے فرمایا کہ لے پانی باران کا کہ مہینہ نیسان مین برسا ہوا ور اوسپر پڑھ فاتحہ ستر بار اور آیۃ الکرسی ستر بار اور انا انزلناہ ستر بار اور قل یا ایہا الکافرون ستر بار اور قل ہو اللہ احد ستر بار اور قل اعوذ برب الفلق ستر بار اور قل اعوذ برب الناس ستر بار اور ستر بار صلوٰۃ بھیجے بعد ازان اوس پانی کو سات روز پے درپے پیوے جان کہ اوس خدانے مجکو بحق پیغامبر بھیجا کہ مجکو جبرئیل نے کہا کہ خدای تبارک وتعالے اوٹھاوے بیماری اوس آدمی سے کہ یہ پانی پیوے اور زحمتہا تمام اعضای واستخوانہاے ورگہاے اوسکی سے باہر جاوے اور اگر لوح محفوظ مین کوئی زحمت اوس کے نام لکھی ہوا وسکو اللہ تعالے حک کرا وے اور جان کہ اوس خدانے مجکو ساتھ پیغمبری کے بھیجا ہے جس آدمی کے فرزند نہین ہوتا ہے اور چاہے کہ فرزند ہوا وس پانی کو پیوے اوسے فرزند صالح بوجود آوے انشاء اللہ تعالے دیگر واسطے جلد تر برآمد ہوسے آغاز ریش وبرودت کے جو اس دعا کو ہر روز بعد نماز صبح ونماز عشاء کے گیارہ گیارہ مرتبہ اوپر دست کے پڑھکر دم کرکے دونون ہاتھون کو اوپر چہرے کے پھیرا کرے انشاء اللہ تعالی آغاز مین موی ریش وبرودت کے جلد اور یکسان نکلین گے مین اسکو آزمایا ہے بباعث برکت اس عمل مکرم کے میری ریش وبروت آغاز مین جلد اور یکسان نکلی اور یہ دعا مجکو حکیم انور خان صاحب ناغر شاخ ملک زئی دلد حکیم فضل رسول خانصاحب سے پہونچی ہے

دعا یہ ہے بسم اللہ الرحمن الرحیم لا تاخذ بلحیتی ولا براسی انی خشیت ان تقول
فرقت بین بنی اسرائیل ولم ترقب قولی ۝ قال فما خطبک یا سامری ۔ دیگر جو شخص پیاسا
ہو تو کہ پیاسا مرتا ہو اور وہ بوجہ دوا پینے کے لائق نہو تو سورۃ الحمد کو با بسم اللہ یعنی جب الحمد سے پڑھنا
شروع کرے اول بسم اللہ کہہ لیا کرے ہر دفعہ باوضو و طہارت اوپر پانی کے اکتالیس مرتبہ پڑھ
کر دم کرے اور وہ پانی اوس شخص کو پلاوے انشاء اللہ تعالیٰ خفقان و بخار جاتا رہے میرا آزمودہ
ہے اور بہت مجرب اور مجکو سید محمد اسمٰعیل صاحب متوطن موضع کنٹو متعلقہ سامر ضلع [illegible] سے
پہونچا ہے اور مین تمام کو اجازت دیتا ہون دیگر واسطے دفع درد سر کے لکھکر سر مین باندھے
دعا یہ ہے ولا تحلقوا رءوسکم حتی یبلغ الہدی محلہ فمن کان منکم مریضا
او بہ اذی من راسہ ففدیۃ من صیام او صدقۃ او نسک دیگر
واسطے دفع درد سر کے بروز جمعہ آخر ماہ رمضان المبارک کے لکھکر باندھے اوسی وقت درد
دور ہوگا یہ ہے اللہم صل علی محمد وعلی آل محمد بسم اللہ الرحمن الرحیم نعم
نرالق غیر ساکن فی عرق ضارب وساکن اسکن ایہا الوجع کما سکن عرش
الرحمن وسکن لہ ما فی السموات والارض وہو العزیز الحکیم اللہم صل علی
محمد وآل محمد دیگر واسطے دفع یرقان کے حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے
واسطے دفع یرقان کے مجرب و آزمودہ ہے ان اسما کو اوپر مریض کے ایک ہفتہ پڑھکر پھونکا
کرے انشاء اللہ تعالیٰ مرض دفع ہو جاویگا اسما یہ ہین بسم اللہ الرحمن الرحیم محمد
واحمد وحامد ومحمود وقاسم وعاقب وخاتم وحاشر وماح وسراج ومنیر
وبشیر ونذیر ورسول ونبی وہادی ومہدی وخلیل وصفی وحبیب و
کلیم ومصطفی وطہ وطس ویس ومزمل ومدثر ومرتضی ومختار وناصر
وقائم وحجۃ وبیان وحافظ وشہید وعادل ونور ومبین وبرہان
ومطیع ومذکر وابطحی وواعظ وصاحب وناطق وصادق ومکی ومدنی

دیگر دفع خفقان

دیگر دفع درد سر

واسطے دفع درد سر

واسطے دفع یرقان

وَعَزِيزٍ وَهَاشِمِيٍّ وَقُرَشِيٍّ وَعَزِيزٍ وَمُصْبَاحٍ وَحَفِيظٍ وَرَؤُوفٍ وَرَحِيمٍ وَسَيِّدٍ
وَفَاضِلٍ وَجَوَادٍ وَعَالِمٍ وَعَامِلٍ وَغَنِيٍّ وَفَتَّاحٍ وَكَرِيمٍ وَطَيِّبٍ وَمُطَيَّبٍ وَخَطِيبٍ
وَفَصِيحٍ وَبَشِيرٍ وَطَاهِرٍ وَمُطَهَّرٍ وَإِمَامٍ وَأُمِّيٍّ وَتَقِيٍّ وَبَارٍّ وَمُجْتَبًى وَشَفَاءٍ
وَسَابِقٍ وَمُتَوَسِّطٍ وَمُقْتَصِدٍ وَحَقٍّ وَمُبِينٍ وَأَوَّلٍ وَآخِرٍ وَظَاهِرٍ وَمُتَمِّمٍ
وَمُحَلِّلٍ وَمُحَرِّمٍ وَآمِرٍ وَنَاهٍ وَحَكِيمٍ وَقَرِيبٍ وَ[illegible] وَقَرِيبٍ
وَمُنِيبٍ وَوَالِيًا حَسْبِيَ اللّٰهُ نِعْمَ الْوَكِيلُ وَنِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ
النَّصِيرُ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ

دیگر واسطے دفع درد چشم کے منقول ہے حضرت امیر مومنین علیہ السلام سے کہ جسکی آنکھیں دکھتی
ہوں شخص کے نام کے عدد کرے اور بعد اسم کے اس دعا کو اپنے کف دست پر پڑھے اور
آنکھوں کے اوپر ملے باذن اللہ تعالے درد جاتا رہیگا اور شفا حاصل ہو دعا یہ ہے قُلْ هُوَ اللّٰهُ
اَحَدٌ اِنَّ فِيْ عَيْنِيْ رَمَدًا الْاِحْمِرَارَ بَيَاضٍ حَسْبُنَا الصَّمَدُ اِشْفِ عَيْنِيْ يَا اِلٰهِيْ
وَاكْفِنِيْ شَرَّ الرَّمَدِ لَيْسَ لِلّٰهِ شَرِيْكٌ وَلَا وَلَدٌ كُفُوًا اَحَدٌ دیگر واسطے
دفع امراض کے حضرت علی علیہ السلام سے روایت ہے کہ جس بیمار پر سورۂ انعام پڑھی جاتی
تو حق تعالی اوسکی برکت سے اوس بیمار کو شفا دیتا ہے دیگر واسطے دفع درد چشم کے حصن حصین
مین لکھا ہے کہ جسکی آنکھیں دکھتی ہوں تو اس دعا کو پڑھا کرے اور دم کرے بنہ و کرے صحت
کامل ہوگی دعا یہ ہے اَللّٰهُمَّ مَتِّعْنِيْ بِبَصَرِيْ وَاجْعَلْهُ الْوَارِثَ وَاَرِنِيْ فِي الْعَدُوِّ
ثَارِيْ وَانْصُرْنِيْ عَلٰى مَنْ ظَلَمَنِيْ دیگر واسطے برص کے سیوطی نے نقل کیا ہے کہ کہا عمر رضی
اللہ عنہ نے کہ نہایا نہ کرو دھوپ کے گرم پانی سے اسواسطے کہ یہ وارث کر دیتا ہے برص کو
دیگر واسطے دفع عرق النسا کے سفر السعادت مین روایت کی ہے انس بن مالک سے کہ فرمایا
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ دوا کرو عربی بکری کے ساتھ کہ پگالی جاوے پھر حصہ کیجاوے
ہر روز ایک حصہ نہار منھ پیا جاوے یعنے عربی بکری کے چوتڑ کا گوشت لیکر اوس کی یخنی پکاوے

اور تین دن نہار منھہ اوسکو پیا کیجے انشاء اللہ تعالی اوس درد کو بہت فائدہ ہوگا عرق النسا
ایک رگ کا نام ہے کہ وہ چوتڑسے ٹخنہ تک طول ہوجاتی ہے اور اوسکا درد آدمی کو بہت
حیران کرتا ہے یہانتک کہ سب کچھ بھول جاتا ہے اسی واسطے اوسکو عرق النسا کہتے ہین کہ
کہ وہ اپنی سب چیز کو بھول جاتا ہے دیگر واسطے شفاے امراض کے جو کوئی یہ چھہ آیتین قرآن
مجید کی کہ جسکا آیاتِ شفا نام ہے بیمار کے واسطے اونکو ایک برتن مین لکھے اور پانی سے دھوکر
پلاوے انشاء اللہ تعالے اوس بیمار کو شفا دیگا وہ آیتین یہ ہین بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَیَشْفِ
صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِیْنَ وَشِفَاۗءٌ لِّمَا فِی الصُّدُوْرِ یَخْرُجُ مِنْ بُطُوْنِہَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ
اَلْوَانُہٗ فِیْہِ شِفَاۗءٌ لِّلنَّاسِ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا ھُوَ شِفَاۗءٌ وَّرَحْمَۃٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ
وَاِذَا مَرِضْتُ فَھُوَ یَشْفِیْنِ قُلْ ھُوَ لِلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا ھُدًی وَّشِفَاۗءٌ دیگر واسطے
شفاے مرض طحال کے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ نَاسِ نَاسِ
مَلِکِ النَّاسِ نَاسِ نَاسِ اِلٰہِ النَّاسِ نَاسِ نَاسِ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ نَاسِ نَاسِ
اَلَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ نَاسِ نَاسِ مِنَ الْجِنَّۃِ وَالنَّاسِ لا نَاسِ نَاسِ
بروز شنبہ و یکشنبہ اکیس عدد برگ آکہ کے مع ایک لکڑی سرکنڈہ کے مریض لاوے اور صاحب
عمل کو دیوے کہ ہر برگ پر سورۂ شریف متذکرہ پر ایکدفعہ پڑھکر اور دم کرکے مریض کو دیوے
کہ وہ مرض پر پھیرے جب دوسرا پڑھکر اور دم کرکے دیوے تو اوسکو مرض پر پھیرے اور برگ
اول کو اوس لکڑی سرکنڈہ مین چھید تا جاوے علی ہذا القیاس اکیسون برگ کو بعد پڑھنے اور
دم کردینے صاحب عمل کے مرض پر پھیر کر سرکنڈہ مین چھیدلے اور پھر اوس سرکنڈہ کو جہان مریض
سووے تو اپنے سینے کے اور مرض کے مقابل چھت مین ٹانگ دے جون جون برگ
خشک ہوتے جاوینگے مریض کے تلی کو صحت ہوگی اگر اوس ہفتے مین صحت نہو تو دیگر بار بروز
شنبہ و یکشنبہ اسی طور پر کرے خدا چاہے تو سہ کرر مرتبہ کی نوبت نہ پہونچیگی کہ کلی صحت
ہوجاویگی اور یہ قاضی حسام الدین مرحوم متوطن قصبہ سنہ ضلع گوڑگانوا سے مجکو ازعالم

عرق النسا و شفاے امراض کا ۱۴۱

عمل طحال یعنی تلی کا ۱۴۲

عامر شاہ خان ناظر نزید خانی شاخ محمود خانی کو ہونچی ہے اور تجربہ اسکا کیا گیا ہے تیر بہدف ہے
اور مجرب وآزمودہ ہے دیگر واسطے شفاے امراض کے سفر السعادت مین ابوداؤد نے روایت
کی ہے کہ سنا مین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہ جو شخص بیمار ہووے تو اوسکو چاہیے
کہ یہ دعا پڑھے رَبَّنَا اللّٰہُ الَّذِیْ تَقَدَّسَ اسْمُکَ اَمْرُکَ فِی السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ کَمَا
رَحْمَتُکَ فِی السَّمَآءِ فَاجْعَلْ رَحْمَتَکَ فِی الْاَرْضِ فَاغْفِرْ لَنَا حُوْبَنَا وَاَنْتَ رَبُّ الطَّیِّبِیْنَ
اَنْزِلْ رَحْمَةً مِّنْ رَحْمَتِکَ وَشِفَاءً مِّنْ شِفَآئِکَ عَلٰی ھٰذَا الْوَجَعِ بعد اوس کے
فرمایا کہ جب پڑھا کریگا اوسکو اچھا ہو جاوے گا اللہ کے حکم سے اور اگر کسی کو سنگ گردہ
ہووے یا کسی کا بول بند ہو جاوے تو اوسکو بھی یہ دعا بہت فائدہ کرتی ہے دیگر واسطے دفع
جنون کے ابی بن کعب نے کہا کہ مین ایک روز پاس نبی صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے بیٹھا
تھا کہ ایک اعرابی آیا اور اوس نے کہا کہ یا رسول اللہ میرا بھائی بیمار ہے فرمایا اوسکو کیا بیماری
ہے اوس نے کہا کہ اوسکو جنون ہے دیوانہ ہے فرمایا اوسکو میرے پاس پکڑ لاؤ وہ جاکر اوسکو
پکڑ لایا پس حضرت نے اوسکو روبرو اپنے بٹھالیا پھر پڑھا اوسپر فاتحہ کو اور چار آیت
اول سورہ بقر کی مفلحون تک اور الٰہکم الہ واحد اور ایک آیۃ الکرسی اور تین آیتین آخر
سورہ بقر کی اور ایک آیۃ سورہ آل عمران کی شہد اللہ سے حکیم تک اور ایک آیۃ سورہ
اعراف کی ان ربکم اللہ سے رب العالمین تک اور ایک آیۃ سورہ مومنون کی فتعالی اللہ
الملک الحق اور ایک آیۃ سورہ جن کی وانہ تعالی جد ربنا ما اتخذ صاحبۃ ولا ولدا اور دس
آیتین اول صافات کی عذاب واصب تک اور تین آیتین آخر سورہ حشر کی اور قل ہو اللہ
اور معوذتین پس کھڑا ہو گیا وہ شخص اچھا ہو کر گویا کبھی بیمار ہی نہین ہوا تھا دیگر واسطے
شفاے مریض کے پس پڑھ تو اس اسم کو چالیس روز تک بارہ سو بارہ اسطور سے یَا بَدِیْعَ الْعَجَائِبِ
بِالشِّفَآءِ یَا بَدِیْعُ پس چالیس روز نہ گذرینگے کہ شفا دیگا اللہ اوس مریض کو دیگر واسطے
دفع چیچک کے جب ظاہر ہو بیماری چیچک کی تو لیوے تاگا نیلا اور پڑھ اوسپر سورہ رحمٰن اور جبنی

بارتو فبای آلاء ربکما تکذبان پر پہونچے تو ایک ایک گرہ دیوے اوس تاگہ پر اور دم
پھونک ڈال اور وہ تاگا بچے کے گلے میں ڈالدے اللہ تعالیٰ شفا دیگا بچے کو اوس بیماری سے
دیگر بمقدمۂ چیچک کے ایک گنڈہ سات تار رنگ نیلا مجرب و آزمودہ مجکو ملا امام الدین خلف
سید محسن بخاری ساکنہ خاص قصبۂ جلیسر کے وہ بیان کرولی میں مجکہ مختاری بعہدۂ سررشتہ
داری ممتاز ہیں ملا ہے ترکیب گنڈہ بنانے کی یہ ہے کہ سات تار سوت نیلے رنگ
کے ملا کر اول سات مرتبہ درود شریف وسپر پڑھے پھر سورۂ رحمٰن پڑھے اور ہر مقام فبای آلاء
ربکما تکذبان پر گرہ دیوے آخر تک اسی طرح گرہ لگاتا جاوے پھر کر سورۂ رحمٰن کو اول تا
آخر تک پڑھکر ایک گرہ دیوے بعدہٗ پھر سات مرتبہ و سپر درود شریف کو دم کرے اور لڑکا
لڑکی کے گلے میں ڈالدیوے خدا چاہے تو اوس لڑکے یا لڑکی کے چیچک کم نکلیگی یا نقصان جان
نہوگا اور نہیں بھی نکلیگی بنانے والے گنڈے کو چاہیے کہ اول سورۂ رحمٰن کو یاد کرے بعد
عشا کے ہر روز دس مرتبہ چالیس روز تک پڑھے کہ اوسکی زکوٰۃ اسی قدر ہے اس گنڈے کو
راقم نے بہت اور چند شخصوں نے آزمائش کیا ہے دیگر واسطے دفع مرض چیچک کے بہت مفید اور اکسیر
ہے مولانا عبدالعزیز صاحب تفسیر عزیزی میں تحریر فرماتے ہیں اور اکثر کو تجربہ ہو چکا ہے بلکہ
راقم خود بھی تجربہ کر چکا ہے جس لڑکے لڑکی کو چیچک نہ نکلی ہو اور ادہر شہر میں سببہ زور وشور
چیچک کا ہووے اوسوقت سورۂ بقر کو اول سے آخر تک اوس لڑکے کے سامنے باواز بلند پڑھے
مگر شرط یہ ہے کہ پڑھنے والا اور سننے والا لڑکا بغیر کھانا کھائے صبح کے پڑھے اور ڈھائی پاؤ
چانول پکوا کر اوسمیں ڈھائی پاؤ شکر اور ڈھائی پاؤ جغرات اور روغن لقدر ضرورت ڈالکر ایک شخص
مسکین گرسنہ کو کھلوادے اگر وہ شخص نمازی ہو تو بہتر ہے ہر سال جبتک چیچک نہ نکلے حسب
مندرجۂ بالا عمل کیا کرے خدا چاہے تو نہیں نکلیگی اور اگر نکلیگی تو کم نکلیگی انشاء اللہ بفضل خدا
خوف ونقصان جان نہوگا دیگر واسطے حفاظت بچے کے اور واسطے بچے کے نام اصحاب کہف
بھی بیان ہو اور واسطے جلنے اور غارتگری کے جو آدمی بطور تعویذ کے اپنے پاس رکھیگا وہ

دفع چیچک

دیگر دفع مرض چیچک

بواسطہ حفاظت بچے ... اصحاب کہف

ہر آفت سے پناہ میں رہے گا شیر و ہاتھی اور درندے اور سب بلیات وغیرہ سے اور نام اصحاب
کہف کے یہ ہیں اِلٰھِی بِحُرمَتِ یَمْلِیخَا مَکسَلمِینَا کَشفُوطَط تَبیُونَس کَشَافَطیُونُس
اَذَرفَطیُونُس یُوانس بُوَانس وَکَلبُھُم قِطمِیرُ وَعَلَی اللّٰہِ قَصدُ السَّبِیلِ وَمِنھَا
جَائِرٌ وَلَو شَاءَ اللّٰہُ لَھَدٰکُم اَجمَعِینَ دیگر واسطے محافظت بدن کے ابوداؤد
کی حدیث میں آیا ہے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے کسی بیٹے کو یہ دعا سکھائی تھی اور فرمایا
تھا کہ جو کوئی اس دعا کو صبح و شام پڑھے تو وقت تک کے امن میں رہیگا دعا یہ ہے سُبحَانَ
اللّٰہِ وَبِحَمدِہٖ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ مَا شَاءَ اللّٰہُ کَانَ وَمَا لَم یَشَاء لَم یَکُن
اَعلَمُ اَنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیءٍ قَدِیرٌ وَاَنَّ اللّٰہَ قَد اَحَاطَ بِکُلِّ شَیءٍ عِلمًا دیگر
بستان الجنت میں منقول ہے کہ ہر شب رویت ہلال کو تینتیس ۳۳ بار سورہ فاتحہ پڑھا کرے
ایضاً دس دس بار آیت فَاللّٰہُ خَیرٌ حَافِظًا وَّھُوَ اَرحَمُ الرَّاحِمِینَ پڑھے ایضاً
ہر ایک ان اسمائے ورد رکھے یَا حَافِظُ یَا حَفِیظُ یَا رَقِیبُ یَا وَکِیلُ یَا اللّٰہُ یَا غَنِیُّ یَا مُغنِی
یَا بَاسِطُ یَا رَازِقُ یَا فَتَّاحُ پس نعمتیں دونوں جہان کی حاصل ہوں اور ہمیشہ بلیات سے محفوظ
رہے ایضاً تینتیس بار یہ آیت پڑھے رَبَّنَا اَنزِل عَلَینَا مَائِدَۃً مِّنَ السَّمَاءِ تَکُونُ لَنَا
عِیدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰیَۃً مِّنکَ وَارزُقنَا وَاَنتَ خَیرُ الرَّازِقِینَ دیگر اکثر اوقات
یہ آیت پڑھے وَمَن یَّتَّقِ اللّٰہَ یَجعَل لَّہٗ مَخرَجًا وَّیَرزُقہُ مِن حَیثُ لَا یَحتَسِبُ وَمَن
یَّتَوَکَّل عَلَی اللّٰہِ فَھُوَ حَسبُہٗ اِنَّ اللّٰہَ بَالِغُ اَمرِہٖ قَد جَعَلَ اللّٰہُ لِکُلِّ شَیءٍ قَدرًا

دیگر بیچ عمل استعمال پارچہ جدید کے جب پگڑی یا عمامہ یا ٹوپی نئی سر پر رکھے آیۃ
الکرسی تین مرتبہ پڑھ کر دم کر لے جب انگرکھہ چکن مرزائی نیم صدری کرتہ جبہ عبا قبا دگلہ
نیا پہنے سورۂ الم نشرح تین مرتبہ دم کر لے جب پائجامہ لنگی تہبند گھوٹنا جانگیا نیا پہنے
معوذتین تین بار دم کرے جب جوتہ نیا پہنے اوّلاً اسکو پہنے ہوئے دو رکعت نفل پڑھے دیگر
واسطے شفا بیماری کے جو شخص بیمار کے کان میں اس آیت کو پڑھ کر پھونک دیا کرے تو آخر کو اس

بیماری سے شفا ہو جاویگی اور وہ آیت یہ ہے اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰکُمْ آخر سورہ تک اور حضرت
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اگر کوئی شخص آیت کو یقین کے ساتھ پڑھے تو پہاڑ
بھی ایک دفعہ اپنی جگہ سے ٹل جاوے بیماری ٹل جانیکی تو کیا حقیقت ہے دیگر واسطے حفاظت
طفلان جو شخص اس تعویذ کو لکھ کر لڑکے کے گلے مین ڈالے تو حق تعالے اوس لڑکے کو امن
مین رکھیگا اور وہ تعویذ یہ ہے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّۃِ
مِنْ شَرِّ شَیْطَانٍ وَّھَامَّۃٍ وَّعَیْنٍ لَامَّۃٍ تَحَصَّنْتُ بِحِصْنِ اَلْفِ اَلْفِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ
اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ط دیگر واسطے دفع چشم زخم کے جس کسی کو نظر لگ جاوے تو اوسکو
چاہیے کہ یہ دعا پڑھے بِسْمِ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ اَذْھِبْ حَرَّھَا وَبَرْدَھَا وَوَصَبَھَا اور اگر کسیکو
جانوروں مین نظر لگ جاوے تو اس دعا کو پڑھکر چار بار اوسکے داہنے نتھنے مین پھونک
دے اور تین بائین نتھنے مین اور بعد اوسکے اس دعا کو کہے لَا بَاْسَ اَذْھِبِ الْبَاْسَ
رَبَّ النَّاسِ اِشْفِ اَنْتَ الشَّافِیْ لَا یَکْشِفُ الضُّرَّ اِلَّا اَنْتَ **ایضًا** جاننا چاہیے
کہ نظر ایک زہر ہے کہ حق تعالیٰ نے بعضے آدمی کی آنکھون مین اسکو رکھا ہے جیسا کہ بچھو کے
ڈنک اور سانپ کی زبان مین زہر رکھا گیا ہے اوسی طرح سے آدمی کی آنکھ مین بھی مقرر
کیا گیا ہے اور یہ نہ جانے کہ نظر غیر کی لگا کرتی ہے اپنی نہین لگتی ہے بعضے وقت اپنی بھی لگا کرتی
ہے اور یہ نجانے کہ فقط آدمی ہی پر لگتی ہے دوسری چیز پر نہین لگتی ہے بلکہ لڑکے اور جانور
اور کھیتی اور باغ اور دولت اور اسباب اور سب چیز پر نظر لگا کرتی ہے سو حق تعالے نے
علاج اسکا اپنے رسول کی زبان سے بیان کروایا کہ خلقت کو فائدہ ہووے چنانچہ حسن
بصری نے کہا ہے کہ اگر کوئی شخص اپنے اوپر یا اپنے مال پر نظر لگنے کا وہم کرے تو وہ آیت
کو جو سورہ نون مین ہے پڑھکر تین بار دم کر دیا کرے آیت یہ ہے وَاِنْ یَّکَادُ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا
لَیُزْلِقُوْنَکَ بِاَبْصَارِھِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّکْرَ وَیَقُوْلُوْنَ اِنَّہٗ لَمَجْنُوْنٌ وَمَا ھُوَ
اِلَّا ذِکْرٌ لِّلْعٰلَمِیْنَ ط دیگر واسطے **دفع نملہ** کے جاننا چاہیے کہ نملہ ایک پھوڑے کا نام ہے

کہ وہ آدمی کے پہلو مین ہوا کرتا ہے اور آدمی جانتا ہے کہ گویا اوس مین چونٹیان چہر رہی ہین
اوسکے علاج کے واسطے سنن ابوداود مین آیا ہی روایت شفا بنت عبداللہ سے کہ اوسنے کہا
کہ ایکدن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے گہر مین ومین حفصہ کے پاس بیٹھی تھی بس
فرمایا کہ کیون نہین سکہاتی ہو تو اوسکو یعنے حفصہ کو جیسا کہ سکہایا تو نے اوسکو لکہنا دعا یہ ہے
بِسْمِ اللّٰهِ ضَلَّتْ حَتّٰى تَعُوْدَ مِنْ اَفْوَاهِهَا اَللّٰهُمَّ اكْشِفِ الْبَاْسَ رَبَّ النَّاسِ ترکیب
اسکی یہ ہے کہ اس دعا کو کسی چوب پر پڑہے پہر سرکہ تیز لیکر ایک پتہر پر اوس چوب کو اس سرکہ مین
کرکے اوس پہوڑے پر ملا کر دیوے **دیگر واسطے امن وامان کے** جو کوئی اس دعا کو صبح
شام ایکدفعہ پڑہے امن اور پناہ مین رہیگا ہر آفت سے دعا یہ ہے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَللّٰهُمَّ
اَنْتَ رَبِّيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ عَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ وَاَنْتَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ وَلَا حَوْلَ
وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ مَا شَآءَ اللّٰهُ كَانَ وَمَا لَمْ يَشَاْ لَمْ يَكُنْ اَشْهَدُ اَنَّ
اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ وَاَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَحَاطَ بِكُلِّ شَيْءٍ عِلْمًا وَّاَحْصٰى كُلَّ شَيْءٍ عَدَدًا اَللّٰهُمَّ
اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِيْ وَمِنْ شَرِّ كُلِّ دَآبَّةٍ اَنْتَ اٰخِذٌ بِنَاصِيَتِهَا اِنَّ رَبِّيْ عَلٰى صِرَاطٍ
مُّسْتَقِيْمٍ وَاَنْتَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ حَفِيْظٌ اِنَّ وَلِيِّيَ اللّٰهُ الَّذِيْ نَزَّلَ الْكِتٰبَ وَهُوَ
يَتَوَلَّى الصّٰلِحِيْنَ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ
وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ **دیگر بیان مسبعات عشرہ** مین کتاب قوت القلوب
مین مذکور ہے کہ حضرت خضر علیہ السلام نے ابراہیم تیمی کو ہدیہ دیا اور کہا کہ یہ ہدیہ ہے واسطے
اُمت حضرت صلعم کے پڑہنے والا اسکا آفات دینی اور دنیوی سے محفوظ رہتا ہے اور فائدہ
دونون جہان کا پاتا ہے اور فرشتے موکل اوسکے مال کی حفاظت کیا کرتے ہین جہان ہووے قبل
طلوع آفتاب اور قبل غروب آفتاب کے پڑہنا چاہیے ساتہ تسمیہ کے سات سات بار دسون کو
پہلی سورۂ فاتحہ دوسری سورۂ ناس تیسری فلق چوتہی سورۂ اخلاص پانچوین کافرون چہٹی آیۃ
الکرسی ساتوین کلمہ تمجید آٹہوین یہ درود اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَحَبِيْبِكَ وَنَبِيِّكَ

واسطے امن وامان کے ۱۲

بیان مسبعات عشرہ ۱۲

و رسولك النبي الامي و على ال محمد و بارك و سلم اللهم اغفر لجميع المؤمنين والمؤمنات والمسلمين والمسلمات الاحياء منهم والاموات انك مجيب الدعوات و رافع الدرجات يا قاضي الحاجات برحمتك يا ارحم الراحمين اللهم يا رب افعل بي و بهم عاجل و اجل في الدين والدنيا والاخرة ما انت له اهل و لا تفعل بنا ما نحن له اهل انك غفور جواد كريم ملك بر رؤف رحيم ۔ نوعدیگر حضرت قطب عالم سید جلال الدین نے تحریر فرمایا ہے کہ اگر فرصت نہووے تو مسبعات عشر کے اسم عا کو سات بار ورنہ ایک بار مع تسمیہ پڑھے اللهم انت ربي لا اله الا انت رب العرش الكريم عليك توكلت وانت ربنا العرش العظيم لا حول و لا قوة الا بالله العلي العظيم ما شاء الله كان وما لم يشأ لم يكن اشهد ان لا اله الا الله اعلم ان الله على كل شيء قدير و ان الله قد احاط بكل شيء علما و احصى كل شيء عددا اللهم اني اعوذ بك من شر نفسي و من شر كل دابة انت اخذ بناصيتها ان ربي على صراط مستقيم ۔ دیگر واسطے دفع مرگی کے جو کوئی مرگی کے مرض مین گرفتار ہو تو تانبے کا ایک تیر لیوے تو اوس مین یکشنبہ کی پہلی ساعت مین یعنے صبح کے وقت اوس تیر کے ایک کنارے پر یہ نقش کرے یا قہار انت الذي لا يطاق انتقامه اور دوسرے کنارے پر یہ نقش کرے یا مذل كل جبار عنيد بقهر سلطانه يا معين اور اللہ توفیق دینے والا ہے اور مددگار ہے یعنے اعمال کا اثر توفیق اور اعانت ربانی پر منحصر ہے ۔ دیگر واسطے دفع ضعف بصارت کے جو کوئی ضعف بصارت سے نالان ہو وہ آیت پڑھا کرے بعد نماز فرض کے وہ یہ ہے فكشفنا عنك غطاءك فبصرك اليوم حديد ایک تسبیح پڑھکر اپنے ہاتھون پر دم کرکے اپنے منھ اور آنکھون پر پھیر لیا کرے خدا روشنی بخشے گا ۔ دیگر واسطے دفع تپ تیہ کے اور جو کسی کو تپ تیسرے روز کی آتی ہو کہ عوام الناس اوسکو تیہ کہتے ہین پس جس روز تیہ چڑھنے کا

دن ہو اوس سے یعنے تپ کے چڑہنے سے دو تین گھڑی پہلے پڑھ ایک ذرہ تک روئی کے پھوئے
پر الحمد شریف سات بار اور دم کرتا جاوے اوس روئی کے پھوئے پر پھر وہ پھوہا ڈالدے داہنے
کان مین اوس تپ والے کے اور پھر پڑھ دوسرے پھوے پر چھ بار الحمد کو اور دم کرتا جاوے پھر
اور ڈالدے اوس پھوے کو بائین کان مین اوس مریض کے بس جاتا رہیگا بخار تپ کا انشاءاللہ
تعالی دیگر واسطے دفع بخار چوتھیہ کے جو کسی کو تپ چوتھے روز آتی ہو کہ عوام الناس اوسکو
چوتھیہ کہتے ہین پس لکھے پیپل کے سات پتون پر یہ آیت یَا نَارُ کُونِیْ بَرْدًا وَّسَلَامًا عَلٰی
اِبْرَاهِیْمَ اور دیکھتا جاوے وہ بیمار ایک ایک پتے کو بعد ایک گھڑی کے چاٹے اوس پتے کو
اور ڈالدے اوس پتہ کو چاٹ کر سر کے پیچھے اپنے پھر دیکھنے لگے دوسرا پتہ اسی طرح سے بخار چڑھنے تک
استعمال کرتا جاوے اوسکا بس جاتا رہیگا مرض چوتھیہ کا استعمال کرے اِسکا تین باری
تک فضل کریگا اللہ تعالی دیگر واسطے دفع درد آدھا سیسی کے جس کسی کے سر میں
درد آدھا سیسی کا ہو اور فائدہ نہوتا ہو تو منگاوے اوسکے ہاتھ سے سات پتے درخت پیپل کے
اور جسوقت دو گھڑی دن اوپر ہووے کھڑا کرے اوس درد والے کو دھوپ مین جس جگہ اوسکے
سر کا سایہ ہووے پوچھے اوس سے کہ کس جگہ ہے درد تیرے سر مین جس جگہ وہ کہے اوسی جگہ
اوسکے سر کے سایہ کو کاٹے یعنے سات پتون کو لپیٹ کر اور گول بنا کر اوسکے سر کے سایے پر
رکھے اور پڑھے سورہ ناس کو اس طور سے قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ناس ناس مَلِکِ
النَّاسِ ناس ناس اِلٰهِ النَّاسِ نَاسِ نَاسِ نَاسِ یعنے ہر آیت مین تین دفعہ ناس ناس
کہے جب پڑھ چکے تمام پر تو پھر کاٹے اون پتون کو بطور سابق کے اسی طور سے سات بار پڑھے اس
سورہ کو اور اسی طرح سات بار کاٹے چھری سے اُن پتون کو انشاءاللہ تعالی اوسی روز
فائدہ ہو جاویگا اگر نہ فائدہ ہو تو کرے اسطرح سے اوسکو تین روز تک ضرور فائدہ بخشیگا
اللہ تعالے اوسکو دیگر واسطے دفع نظر بد کے جو کسی کو کسی عورت کی نظر لگ جاوے
تو اوس عورت کو ڈائن کہتے ہین ایک گول لکیر چوڑی سی کھینچے اور آیۃ الکرسی اور اُن آیتون کو

پڑھا جاوے وہ آیتین وَقُلْ جَاءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوقًا وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمَاتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ۝ وَيُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّحِقَّ الْحَقَّ بِكَلِمَاتِهٖ وَيَقْطَعَ دَابِرَ الْكَافِرِيْنَ لِيُحِقَّ الْحَقَّ وَيُبْطِلَ الْبَاطِلَ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ۝ وَيَمْحُ اللّٰهُ الْبَاطِلَ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمَاتِهٖ اِنَّهٗ عَلِيْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝ اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّةِ مِنْ كُلِّ شَرِّ شَيْطَانٍ وَّهَامَّةٍ وَعَيْنٍ لَامَّةٍ يَاحَفِيْظُ يَارَقِيْبُ يَاوَكِيْلُ يَاكَفِيْلُ فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝ پھر چھری کو کنڈل کے اندر گاڑکر کہے کہ مین نے چھری گاڑی ہے نظر لگانے والے کے دل مین پھر اوسکو ڈھاک ہر کابی کے نیچے خداے تعالے شفا دیگا دیگر واسطے دفع نظر بد کے واسطے نظر بد کے ایک تاگا تین ہاتھ کا ناپ کر اوسکے پاس رکھو جو نظر والا ہو پھر یہ عزیمت پڑھ جسپر نظر لگی ہو وہ عزیمت یہ ہے عَزَمْتُ عَلَيْكِ اَيَّتُهَا الْعَيْنُ الَّتِيْ فِيْ فُلَانِ بْنِ فُلَانَةِ بِحَقِّ شَهِتْ بَهِتْ اَنْ تَذْهَبَ يَا قِطَاعُ النَّجَا بِالَّذِيْ لَا يَخْفٰى عَلَيْهِ اَرْضٌ وَّلَا سَمَاءٌ اُخْرُجِيْ يَا نَفْسَ السُّوْءِ مِنْ فُلَانِ ابْنِ فُلَانَةِ كَمَا اُخْرِجَ يُوْسُفُ مِنْ مَضِيْقٍ وَجَعَلَ لِمُوْسٰى فِي الْبَحْرِ طَرِيْقًا وَاِلَّا فَاَنْتِ بَرِيْئٌ مِنَ اللّٰهِ تَعَالٰى وَاللّٰهُ تَعَالٰى بَرِيْئٌ مِنْكِ اُخْرُجِيْ يَا نَفْسَ السُّوْءِ مِنْ فُلَانِ ابْنِ فُلَانَةِ بِاَلْفٍ بِاَلْفٍ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ اَللّٰهُ الصَّمَدُ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝ اُخْرُجِيْ يَا نَفْسَ السُّوْءِ بِاَلْفِ اَلْفِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ فَاللّٰهُ خَيْرٌ حَافِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ۝ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى نَبِيِّنَا وَسَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَسَلَّمَ پھر اوس تاگے کو دوسرے بار ناپ اگر تھوڑا سا بڑھ جاوے یا کم ہو جاوے تو معلوم کر کہ اسکو نظر لگی ہے تو اس عمل کو پڑھنا مقرر کر

دیگر دفع نظر بد کے

واسطے دفع سرخ بادہ کے

اثر نظر کا دور ہو جاویگا اگر ترقیہ عزیمت کا یہ ہے بِسْمِ اللّٰهِ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ کو تین بار پڑھے
اور سورہ الحمد کو تین بار پڑھکر عزیمت مذکور شروع کرے اور بجاے فلان بن فلان کے اوسکا
اور اوسکی مان کا نام لیوے دیگر واسطے دفع سرخ بادہ کے سُرخ بادہ ایک بیماری ہی
اور بچون کو بہت ہوتی ہے اور لکھا ہے کہ دو ہزار طرح کی ہوتی ہے ایک ہزار کے واسطے دوا
اور دوا کچھ فائدہ نہین بخشتی اور ایک ہزار کیواسطے دعا ہین اونکی برکت سے سُرخ بادہ موقوف ہوجاتی ہے
چنانچہ اوسکے دفع کے واسطے یہ دعا ہے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ سَلَامٌ عَلٰى مُوْسٰى وَهَارُوْنَ
سَلَامٌ عَلَيْكُمْ طِبْتُمْ فَادْخُلُوْهَا خَالِدِيْنَ اُخْرُجْ بِاِذْنِ الرَّحْمٰنِ يَا سُرْخ بادا بِاِذْنِ
الرَّحْمٰنِ يَا سِيَه بادا اُخْرُجْ بِاِذْنِ الرَّحْمٰنِ يَا سُفَيدا بادا اُخْرُجْ بِاِذْنِ الرَّحْمٰنِ
يَا زَرْدُ بادا اُخْرُجْ بِاِذْنِ الرَّحْمٰنِ يَا سَبْزْ بادا اُخْرُجْ بِاِذْنِ الرَّحْمٰنِ يَا كَام بادا
اُخْرُجْ بِاِذْنِ الرَّحْمٰنِ يَا پِلِيد بادا اُخْرُجْ بِاِذْنِ الرَّحْمٰنِ يَا هَفْت رَنْگ بادا اُخْرُجْ بِاِذْنِ
الرَّحْمٰنِ يَا هَمَه بادا بِحَقِّ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ
وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا وَبِحُرْمَتِ جَلَالِهٖ وَجَمَالِهٖ وَالْغِيَاث كِبْرِيَائِهٖ
اُخْرُجْ بِاِذْنِ الرَّحْمٰنِ وَبِحُرْمَتِ تَوْرَيتِ مُوْسٰى وَاِنْجِيْلِ عِيْسٰى وَزَبُوْرِ دَاؤُدَ
وَفُرْقَانِ مُحَمَّدٍ مُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَبِحُرْمَتِ طٰهٰ وَيٰسٓ دفع شوا
بفرمان خداى تعالىٰ وَبِحُرْمَتِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ بِحَقِّ اَعُوْذُ
بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّةِ مِنْ شَرِّ كُلِّ مَا خَلَقَ وَمِنْ هَامَّةٍ وَّمِنْ شَرِّ كُلِّ عَيْنٍ لَامَّةٍ
بِحَقِّ اَهْيًا اَشَرَاهِيًا اَزُوْنِيْ اَخْبَاقُوْت يَا غَافِرُ يَا غَفُوْرُ يَا غَفَّارُ دفع شو بفرمان
لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ اسکو لکھکر
بچے کے گلے مین ڈالے اور وقت صبح کے اوس بچے پر اسکو تین دفعہ پڑھکر دم کرے
اکیس روز خواہ چالیس روز تک اللہ تعالے فائدہ بخشے گا دیگر واسطے دفع تپ لرزہ
کے اور جس کیکو تپ لرزہ آتا ہو اور اوس بخارے فائدہ نہوتا ہو تو اس دعا کو اوپر سات تنے

بیس پر کے لکھے اور اون تون کو ایک ایک ساعت کے بعد جھاڑے عرصہ تین روز مین آرام ہوگا انشاء اللہ تعالےٰ اور دعا یہ ہے یَا تَمْجِیْثَا یَا شَعُوْ تَادِیَا شَعْلِیْثَا بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْن

دیگر دعا واسطے دفع بچے کے رونے کے اور جس کسی کا لڑکا روتا ہو تو اوسکے واسطے یہ دعا لکھے اور اوسکی گردن مین باندھے اللہ چاہے گا تو رونا اوسکا بند ہوجاویگا

اور دوسری اس اسم کی یہ ہے کہ اس دعا کو پاس اپنے رکھے تلوار و بندوق و گرز وغیرہ اوپر اثر نہ کریگا وہ دعا یہ ہے یَا شَیْخَ مُشْخِیْثًا تَشْلَا مُوْنَ **دیگر واسطے دفع شیطان کے** ابو داؤد مین آیا ہے کہ جو کوئی مسجد مین داخل ہو تو یہ دعا کرے تو شیطان کہتا ہے کہ یہ شخص آجکے دن میرے شر سے بچ گیا دعا یہ ہے اَعُوْذُ بِاللّٰهِ الْعَظِیْمِ وَبِوَجْهِهِ الْکَرِیْمِ وَسُلْطَانِهِ الْقَدِیْمِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ **دیگر دعا واسطے عافیت بدن کے** عافیت بدن جس کسی کو منظور ہووے کہ بدن میرا خیر و عافیت سے رہے تو چاہیے کہ ہر صبح و شام تین بار دعا کو پڑھے اَللّٰهُمَّ عَافِنِیْ فِیْ بَدَنِیْ اَللّٰهُمَّ عَافِنِیْ فِیْ سَمْعِیْ اَللّٰهُمَّ عَافِنِیْ فِیْ بَصَرِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ **دیگر واسطے دفع تمام شرون کے** جو کوئی چاہے کہ مین ڈوبنے اور جل جانے سے اور سانپ بچھو کے کاٹنے اور سوا اسکے امن مین رہون تو چاہیے اوسکو کہ ہر روز اس دعا کو پڑھے اَللّٰهُمَّ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ التَّرَدِّیْ وَمِنَ الْغَرَقِ وَمِنَ الْحَرَقِ وَمِنَ الْهَدْمِ وَاَعُوْذُ بِكَ اَنْ یَتَخَبَّطَنِی الشَّیْطَانُ عِنْدَ الْمَوْتِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ اَنْ اَمُوْتَ فِیْ سَبِیْلِكَ مُدْبِرًا وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ اَنْ اَمُوْتَ لَدِیْغًا **دیگر واسطے دفع تکلیف کے** اور فرمایا ہے حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ جو کوئی صبح و شام تین بار اس دعا کو پڑھا کرے تو اوسکو تکلیف نہ پہونچے گی دعا یہ ہے بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَاءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ کہتے ہین کہ اس دعا مین بہت تاثیر ہے اور مرض فالج کے واسطے اکسیر ہے پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لیا کرے بفضل خدا مرض فالج کا دفع ہوجاویگا **دیگر واسطے دفع شر بازار و مرض بیماری کے** جاننا چاہیے کہ بازار مین طرح طرح کی لڑائی

واسطے دفع رونے بچہ کے ۱۲

واسطے دفع شیطان کے ۱۲

واسطے عافیت کے ۱۲

واسطے دفع تمام شرور کے ۱۲

واسطے دفع تکلیف کے ۱۲

[illegible]

ہوا کرتی ہو مسلمانون کو چاہیے کہ بازار مین ہرگز نہ نکلین جب تک کہ جو علاج حضرت نے فرمایا ہے اوسکو نہ کرلیوین سوجزری نے روایت کی ہے کہ جو کوئی بازار مین جاوے تو پہلے اسکو کہہ لیا کرے بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ اِنِّی اَسْئَلُكَ خَيْرَ هٰذَا الْيَوْمِ وَخَيْرَ هٰذِهِ السُّوْقِ وَخَيْرَ مَا فِيْهِمَا وَاَعُوْذُبِكَ اَنْ اُصِيْبَ فِيْهَا يَمِيْنًا فَاجِرَةً وَصَفْقَةً خَاسِرَةً اور اگر کسی بیمار کو دیکھ کر اس دعا کو پڑھ لیا کرے تو خداے تعالیٰ اوس بیماری سے اوسکو پناہ مین رکھتا ہے اور وہ مرض اوسکو نہین ہونے پاتا دعا یہ ہے اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ عَافَانِیْ مِمَّا ابْتَلَاكَ بِهٖ وَفَضَّلَنِیْ عَلٰی كَثِیْرٍ مِّمَّنْ خَلَقَ تَفْضِیْلًا دیگر واسطے دفع جادو کے اور جسپر جادو کا اثر ہوا وس بیماری کے واسطے جسکی بیماری سے طبیب بھی لاچار ہون چینی کے سفید برتن مین یہ اسم لکھے یَا حَیُّ حِیْنَ لَا حَیَّ فِیْ دَیْمُوْمِیَّةِ مُلْكِهٖ وَبَقَائِهٖ یَا حَیُّ پھر اوسکو پانی سے دھو کر سات روز تک پیوے اسی طرح کرے انشاء اللہ تو فائدہ ہوگا بلکہ اس اسم کے بعد الحمد بھی لکھ اور پلاوے دیگر واسطے دفع تاریکی چشم کے (دعای بصری) اور جو کوئی آنکھون سے کم دیکھتا ہو ہر روز اس دعا کو بعد ہر نماز کے تین مرتبہ پڑھ لیا کرے آنکھین اوسکی روشن ہو جاوینگی وہ دعا یہ ہے یَا قَرِیْبُ یَا مُجِیْبُ یَا سَمِیْعَ الدُّعَاءِ یَا لَطِیْفًا لِّمَا یَشَاءُ اِحْفَظْ عَلَیَّ بَصَرِیْ علاج اگر کسی مریض کے ساتھ کھانے کا اتفاق پڑ جائے تو کہے بِسْمِ اللّٰهِ ثِقَةً بِاللّٰهِ وَتَوَكُّلًا عَلَيْهِ اسکی برکت سے اوس مرض سے امن مین ہیگا جب کھانا کھا چکے تو کہے اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْهِ وَاَطْعِمْنَا خَيْرًا مِّنْهُ اور اگر شیر کھاوے تو کہے اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْهِ وَزِدْنَا مِنْهُ اسکے کہنے سے اوس کھانے مین برکت ہوگی علاج رمد چشم و درد آن ابن السنی نے اپنی کتاب مین اور حاکم نے مستدرک مین لکھا ہے اور حصن حصین مین بھی آیا ہے کہ جس شخص کو رمد ہووے تو وہ یہ دعا کیا کرے اَللّٰهُمَّ مَتِّعْنِیْ بِبَصَرِیْ وَاجْعَلْهُ الْوَارِثَ مِنِّیْ وَاَرِنِیْ فِی الْعَدُوِّ ثَارِیْ وَانْصُرْنِیْ عَلٰی مَنْ ظَلَمَنِیْ علاج دفع غبار چشم و افزونی روشنی چشم علما نے لکھا ہے کہ جس کسی کی آنکھون مین غبار رہتا ہو تو چاہیے اوسکو کہ ہر نماز کے بعد

تین بار اس آیہ کو پڑھکر اپنی آنکھون پر دم کر لیا کرے وہ آیت یہ ہے فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَاءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيدٌ ۱۲ ایضاً مشکوٰۃ وغیرہ مین آیا ہی کہ جس کسی کو بخار آوے تو یہ دعا پڑھکر دم کرے یا وہ خود پڑھکر اپنے اوپر دم کرے دعا یہ ہی بِسْمِ اللّٰهِ الْكَبِيرِ أَعُوذُ بِاللّٰهِ الْعَظِيمِ مِنْ شَرِّ كُلِّ عِرْقٍ نَعَّارٍ وَمِنْ شَرِّ حَرِّ النَّارِ ایضاً برای دفع امراض بیہقی نے حضرت علی علیہ السلام سے مرفوعاً روایت کی ہی کہ جس بیمار پر سورۂ انعام پڑھی جاوے تو حق تعالیٰ اوسکی برکت سے اوسکو جملہ امراض سے شفا بخش دیتا ہے ایضاً واسطے دفع درد دندان کے جس کسی کے دانتون مین کہین درد ہو تو چاہیے اوسکو کہ درد جگہ داہنا ہاتھ رکھے اور اس دعا کو سات بار پڑھے اور ہر بار پڑھکر ہاتھ کو اوٹھا لیوے بِسْمِ اللّٰهِ أَعُوذُ بِعِزَّةِ اللّٰهِ وَقُدْرَتِهِ مِنْ شَرِّ مَا أَجِدُ مِنْ وَجَعِي هٰذَا دیگر واسطے دفع جراحات و قروح کے جس کسی کو پھوڑا یا پھنسی یا کوئی طرح کا زخم ہووے تو چاہیے اوسکو کہ اول اونگلی شہادت کی زمین پر رکھے اور پھر اوٹھا کر اوس پھوڑے پر رکھے یا زخم پر اور اسکو پڑھے بِسْمِ اللّٰهِ تُرْبَةُ أَرْضِنَا بِرِيقَةِ بَعْضِنَا يُشْفَى سَقِيمُنَا بِإِذْنِ رَبِّنَا ہر روز اسی طرح کیا کرے اللہ کے حکم سے آخر کو اچھا ہوگا چنانچہ مسلم وغیرہ نے اس حدیث کو عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کی ہی اور بعضی حدیث مین آیا ہے کہ حضرت کے پاس ایک شخص آیا اور اوس نے کہا کہ جب سے مسلمان ہوا ہون تب سے میرے بدن مین درد رہتا ہے فرمایا کہ ہاتھ اوس جگہ پر رکھکر تین بار کہا کر بِسْمِ اللّٰهِ اور سات بار کہا کر أَعُوذُ بِاللّٰهِ وَقُدْرَتِهِ مِنْ شَرِّ مَا أَجِدُ وَأُحَاذِرُ ۱۲ اور اس حدیث سے معلوم ہوا کہ آدمی جب اچھی راہ اختیار کرتا ہی تو بعضے وقت شیطان بیمار کی شکل بنکر اوسکی بدن مین گھس جاتا ہی تاکہ وہ شخص اوسی طرح کافر ہو جاوے مگر اللہ صاحب نے اوسکو بچا دیا ایسے وہم سے ہزارہا مسلمان دین کو چھوڑ دیا کرتے ہین اور اپنے دل مین کہتے ہین کہ یہ دین اختیار کرنے سے ہم پر تنگی آیا کرتی ہے دیگر واسطے دفع جملہ دردہا درد سر و درد شقیقہ و درد چشم و درد گوش و درد دندان و درد سینہ و درد دل و درد شکم و درد جگر و درد گردہ و پیچیدگی شکم و

(ایضاً) (ایضاً) واسطے دفع درد دندان کے ۱۲ واسطے دفع جراحات و قروح کے ۱۲ واسطے دفع جملہ دردہا

و درد پشت و درد پای و درد ساق و جملہ درد ہا و درد خصیہ و درد روزہ و جملہ علتہا و زحمتہای شکم و سپرز جو کوئی سورۂ فاتحہ کو برتن پاک مین گلاب و زعفران سے لکھے اور پانی پاک سے دھووے اور اوسی پانی سے بیمار منھ اپنا دھووے صحت پاوے اور جس کسی کے دل کو قرار نہووے اور دل کو دتا ہو یا دل گرفتہ ہووے اگر اوس پانی کو پیوے بفرمان خداے عز وجل ساکن ہووے اور جملہ درد اوس سے دور ہوان آور جو کوئی سورۂ اعراف کو گلاب اور زعفران سے لکھی اور اپنے پاس رکھی نڈر ہو و درد دل سے آور جو کوئی سورۂ قصص کو پوست آہو برہ مین لکھی اور سر پر باندھے جاتا رہی درد جگر و درد شکم و جملہ درد ہا و زحمتہا اور اسہال دفع ہوے اور جو کوئی سورۂ مومن کو لکھے اور پانی پاک سے دھووے اور اوس پانی سے آرد کو خمیر کرے اور روٹی پکاوے اور خشک مین گرم رکھ چھوڑے جس کسی کو درد دل اور درد جگر اور درد گردہ و پیچیدگی شکم ہو تھوڑا اوس مین کھانے کو دیوے شفا پاوے اور جو کوئی سورۂ الم نشرح کو اور سینہ و دل کے پڑھے درد سینہ و درد دل سے امین ہو اور جو کوئی سورۂ لقمان کو لکھے اور دھوکر پیوے ہر عورت و آدمی کے شکم مین کوئی علت و زحمت ہو جاتی رہی اور صحت پاوے اور تپ دفع ہو اور ہر علت کہ بنی آدم مین ہو اوس سے نڈر ہو اور جو کوئی سورۂ قاف کو لکھے اور دھوکر پیوے پیچیدگی شکم کی دفع ہو اور جو کوئی اس آیت کو شب چہاردہم رمضان کو جامۂ سفید مین مشک و کافور و گلاب سے لکھے اور چرم مین کر کے نگاہ رکھے اور جس کسی کو کوئی درد مثل درد دل و درد جگر و درد دندان و درد چشم یا تپ گرم یا تپ لرزہ ہو اور نیز واسطے دفع جملہ دردہا و امراض کے اپنے پاس رکھی اور درد کی جگہ پر باندھے بامر اللہ العلیم اچھا ہو اور جو کوئی اپنے پاس رکھے مردان و زنان و طفلان و زنان حاملہ سختی و شدت سے امن مین رہین اور جملہ آفتون سے خدای تعالیٰ نگاہ رکھے آیات یہ ہین مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗٓ اَشِدَّاۗءُ عَلَي الْكُفَّارِ رُحَمَاۗءُ بَيْنَهُمْ تَرٰىهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا يَّبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا سِيْمَاهُمْ فِيْ وُجُوْهِهِمْ مِّنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ ذٰلِكَ مَثَلُهُمْ فِي التَّوْرٰىةِ وَمَثَلُهُمْ فِي الْاِنْجِيْلِ كَزَرْعٍ

أَخْرَجَ شَطْأَهُ فَآزَرَهُ فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوَىٰ عَلَىٰ سُوقِهِ يُعْجِبُ الزُّرَّاعَ لِيَغِيظَ
بِهِمُ الْكُفَّارَ وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ مِنْهُم مَّغْفِرَةً وَأَجْرًا
عَظِيمًا ۔ دیگر جو کوئی سورۂ عنکبوت کو لکھے اور دھو کر پیوے جملہ درد ہا دفع ہوں مجرب ہے
دیگر اور جو کوئی سورۂ فاتحہ کو لکھکر اپنے پاس رکھے یا لکھے ظروف پاک مین اور پانی سے دھووے
اور اوس پانی سے بیمار دونون ہاتھ اور پانون اپنے کا مسح کرے اور یہ دعا پڑھے
اَللّٰهُمَّ اشْفِ أَنْتَ الشَّافِي اَللّٰهُمَّ عَافِ أَنْتَ الْمُعَافِي بفرمان خدا عزوجل صحت پاوے
و دفع صداع و شقیقہ کا ہو دیگر جو کوئی سورۂ سجدہ کو لکھے اور اپنے پاس رکھے تپ و درد سر
و درد نیم سر سے امن ہووے دیگر اور جو کوئی سورۂ الهٰکم التکاثر کو اوپر صداع کے پڑھے
درد ساکن ہو دیگر اور جو سورۂ والطارق کو لکھے اور صاحب درد دندان کو دیوے یا اپنے
پاس رکھے درد ساکن ہو یا لکھکر زیر دانتون کے لیوے درد ساکن ہو ابابکر الصدیق الاکبر و
اگر اوپر کاغذ کے لکھے اور موم مین رکھکر دانتون مین رکھے یا منھ مین اوس آدمی کے پڑھکر دم
کرے درد ساکن ہو یہ ہے أَيُّهَا الضِّرْسُ الْمُضِرُّ وَمَا أَنْتَ فِي لَحْمٍ مَحْبُوسٍ اُسْكُنْ بِإِذْنِ
الْمَلِكِ الْقُدُّوسِ لِكُلِّ نَبَإٍ مُسْتَقَرٌّ وَسَوْفَ تَعْلَمُونَ **ایضاً** جو عطسہ آوے
سورۂ فاتحہ پڑھے اور زبان کو گرد اگرد دانتون کے پھیرے اور جو مدامت کرے تمام عمر
درد دندان کے مبتلا نہووے **دفع درد گوش** اگر سورۂ فاتحہ کو برتن پاک مین لکھے اور روغن
گل سے دھووے اور کان مین ڈالے درد کان کا جاتا رہے اور جو کوئی سورۂ اعلیٰ کو کان مین
کر اوس سے آواز آوے اچھا ہووے **ایضاً** واسطے دفع درد دستہا و پہلو و پنڈلی و پانون
ہر ایک کے آیت وَإِذَا مَسَّ الْإِنسَانَ الضُّرُّ دَعَانَا لِجَنبِهِ أَوْ قَاعِدًا أَوْ قَائِمًا فَلَمَّا
كَشَفْنَا عَنْهُ ضُرَّهُ مَرَّ كَأَن لَّمْ يَدْعُنَا إِلَىٰ ضُرٍّ مَّسَّهُ كَذَٰلِكَ زُيِّنَ لِلْمُسْرِفِينَ
مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ صدف تازہ پاکیزہ سیاہی سے لکھے اور پر کرے روغن خوشبو سے
اور اوسی روغن سے صدف کو دھووے پس گرم کرے اوس روغن کو ساتھ انگشت نرم آتش کے

اور طلا کرے درد پانون و درد پہلو و درد پنڈلی کا دفع ہو اور جو کوئی یہ آیت وَمَا لَنَا اَنْ
لَّا نَتَوَكَّلَ عَلَى اللّٰهِ وَقَدْ هَدٰىنَا سُبُلَنَا وَلَنَصْبِرَنَّ عَلٰى مَا اٰذَيْتُمُوْنَا وَعَلَى اللّٰهِ
فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُوْنَ ۔ لکھکر اوپر پاس لکھے درد دانت و درد پہلو و چشم و زخم ہو دفع
درد خصیہ باد فتق روغن کنجد پر پڑھکر دم کرے اور طلا کرے صحت پاوے وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ
مَا هُوَ شِفَاۗءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۙ وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا ۔ **دفع جملہ درد** لائے
ہین کہ خزانہ ابو امیہ مین ایک صندوق تھا پر از نقرہ اور قفل و مہر سونیکا لگا ہوا تھا اندر اوس
صندوق کے یہ دعا تھی اوس مین یہ لکھا تھا کہ اوپر جس درد کے اس دعا کو پڑھے بفرمان خدائے
عز و جل درد ساکن ہو دعا یہ ہے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ بِسْمِ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ اُسْكُنْ سَكَّنْتُكَ
بِالَّذِيْ يُمْسِكُ السَّمَاۗءَ اَنْ تَقَعَ عَلَى الْاَرْضِ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۭ اِنَّ اللّٰهَ بِالنَّاسِ لَرَءُوْفٌ
رَّحِيْمٌ اُسْكُنْ سَكَّنْتُكَ بِالَّذِيْ لَهٗ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَنْ تَزُوْلَا وَلَىِٕنْ زَالَتَا
اِنْ اَمْسَكَهُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْۢ بَعْدِهٖ ۭ اِنَّهٗ كَانَ حَلِيْمًا غَفُوْرًا ۔ اُسْكُنْ سَكَّنْتُكَ بِالَّذِيْ
اِنْ يَّشَاْ يُسْكِنِ الرِّيْحَ فَيَظْلَلْنَ رَوَاكِدَ عَلٰي ظَهْرِهٖ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ
شَكُوْرٍ ۔ دیگر اور لائے ہین کہ محمد بن سماک کو ایک زحمت اور ایک درد تھا یاران زیادہ
دلیل اوسکی پاس طبیب نصرانی کی لیجاتی ہر درمیان راہ کے ایک مرد کو دیکھا اچھا منھ
خوشبوی پاکیزہ جامہ آگے آیا اور پوچھا کہ کہان جاتے ہو کہا کہ پاس فلا طبیب کے کہا سبحان اللہ
واسطے دوست خدا کے پاس دشمن خدا کے فریادی کو جاتے ہین پھر و اور کہو ان ناموں کو
ہاتھ درد کی جگہ رکھو اور یہ آیۃ پڑھو وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ۭ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا
پس وہ مرد اونکی نظر سے غائب ہوا وہ پھرے اور یاران اوسکے نے کہا اوس سے اوسنے
درد کی جگہ پر ہاتھ رکھا اور یہ آیت پڑھی اوسی ساعت آرام پایا اور وہ مرد حضرت خضر علیہ السلام تھے
دیگر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا کہ رسول علیہ السلام کے تن مبارک مین جو کوئی خیرہ اور
کوئی رنج ہوتا معوذتین پڑھتے اور اوپر کف دست اپنی کے دم کرکے اوپر بدن کے ملتے ابن عباس رضی اللہ عنہ

رضی اللہ عنہ نے کہا کہ رسول علیہ السلام نے فرمایا کہ جو کوئی پاس کسی بیمار کے جاوے کہ اجل اوسکی نہ پہونچی ہو سات مرتبہ کہے اَسْئَلُكَ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اَنْ تَشْفِيَكَ وہ بیمار شفا پاوے اور اگر بیمار خود کہے اَنْ تَشْفِيَنِيْ اور جو غیبت مین نجور کہے اَنْ يَشْفِيَ فُلَانَ مِنْ وَجْهِهٖ اور جو حضور کہے تو بھی اوسی لفظ کے کہے اور حدیث مین ہے ساتھ اس لفظ کے عمر خطاب رضی اللہ عنہ سے کہ جو لشکر کو کسی جگہ تعین کرتے اونکو وصیت کرتے کہ اگر کسیکو تمسے کوئی رنج یا کوئی درد حادثہ ہو جیسا کہ درد سر و درد دل و درد جگر و درد گوش و درد دندان یا درد ہر اعضا کہ ہو ہاتھ اوس جگہ پر رکھے اور یہ کلمات پانچ یا سات مرتبہ کہے یعنی پڑھے بِسْمِ اللّٰهِ الشَّافِيْ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ اَسْكُنْ بِاِذْنِ اللّٰهِ رَبِّيْ وَرَبُّكُمُ اللّٰهُ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ **دعا ی درد زہ** ابن عباس رضی اللہ عنہ نے کہا جو فرزند جنا عورت کو دشوار ہو اس آیت و دعا کو کاغذ مین لکھے اور پانی مین دھو کر پلاوے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ سُبْحَانَ رَبِّ السَّمٰوَاتِ السَّبْعِ وَرَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ كَاَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَ مَا يُوْعَدُوْنَ لَمْ يَلْبَثُوْا اِلَّا عَشِيَّةً اَوْ ضُحٰهَا كَاَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَ مَا يُوْعَدُوْنَ لَمْ يَلْبَثُوْا اِلَّا سَاعَةً مِّنْ نَّهَارٍ بَلٰغٌ فَهَلْ يُهْلَكُ اِلَّا الْقَوْمُ الْفٰسِقُوْنَ **ایضاً** جو فرزند جنا دشوار ہو لکھے اور اوسکی ران پر باندھے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ وَاِذَا الْاَرْضُ مُدَّتْ وَاَلْقَتْ مَا فِيْهَا وَتَخَلَّتْ اُخْرُجْ عَنْ رَحِمِ فُلَانَةِ بِنْتِ فُلَانٍ بِاَمْرِ اللّٰهِ تَعَالٰى وَقُدْرَتِهٖ كَمَا خَلَتْ عَنْ رَحِمِهِمُ الْاَنَاثَ يَا قَادِرُ يَا قَدِيْرُ يَا مُقْتَدِرُ يَا اَوَّلُ يَا اٰخِرُ يَا ظَاهِرُ يَا بَاطِنُ حَسْبِيَ اللّٰهُ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُوْنَ جب حمل وضع ہو جاوے تعویذ کو فوراً کھول لیوے **ایضاً** اگر کوئی عورت درد زہ مین درماندہ ہو و رنج بند ہتا ہو ان کلمات کو لکھے اور اوسکی پیشانی پر باندھے لیکن بعد وضع ہو جانے حمل کے فوراً کھول لیوے وہ کلمات یہ ہین اَلسُّکُوْلِ وَالْبُکُوْلِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَظِيْمِ

دیگر اسامی اصحاب کہف کے لکھے اور ران چپ مین اوسکی باندھے یا کسی قدح مین لکھ اور
دھوکر اوسے پلاوے درد زہ سے خلاصی پاوے دیگر واسطے دفع ہونے زحمتون و تیزی
ہونے نظر اور دفع مرض چشم و تپ گرم و تپ لرزہ و دفع دیوانگی و ضعف
تن و چشم زخم و سرفہ و زکام و یاد آنا فراموش شدہ و سرمہ و تیزی نظر
و دفع کل زحمت کے دیگر حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے کہا جو کوئی سورہ فاتحہ
کو لکھے اور مشک سے ظروف آبگینہ مین آب باران سے دھووے اور آب باران کا اوسوقت لیوے
کہ آفتاب برج جدی مین ہو اور یہ مہینا شمسی زبان رومی مین کانون الثانی انگریزی
ہندی پھاگن کو کہتے ہین اور اس پانی کو کہ سورۃ دھوئی سرمہ اصفہانی مین ملاکر آنکھ مین
لگاوے نظر تیز ہو اور چشم روشن ہو اور نگاہ رکھے اللہ تعالیٰ آنکھ اوسکی کو جملہ دردون اور
علتون سی کہ آنکھ مین حادث ہوتی ہین اور اگر یہ سرمہ زہرۂ خروس سپید اور زہرۂ ماکیان
سیاہ مین ضم کرے اور آنکھ مین ڈالے نظر زیادہ تر تیز ہووے کہ روحانیون کو بھی دیکھ لے اور جو
کوئی سورۂ فاتحہ کو ہمیشہ رات کو پڑھے کاہلی و ضعیفی و درد چشم دفع ہو مجرب ہے ایضاً اور جو کوئی
سورۂ حم سجدہ کو لکھی اور آب باران سی دھووے اور اوس پانی سے سرمہ پیسے اور جس آنکھ مین پھولا
پڑا ہو یا کہ دکھنے آئی ہو ڈالے اچھا ہووے اور جملہ علتین اوس سے دفع ہون بعد ازان آنکھ دکھنے
نہ آوے اور جو سپیدی کہ آنکھ مین پڑی ہو زائل ہو جاوے اور چشم روشن ہو ایضاً جو کوئی سورۂ
اخلاص پڑھے اور آنکھ پر پھونکے کہ دور کرتی ہو اچھی ہو جاوے ایضاً اور جو کوئی اس دعا کو ہمیشہ
پڑھے اور اونگلیون پر دم کرے اور آنکھ پر ملے اور اوسکو کوئی علت و زحمت نہو اور کوری سے
خدائے تعالیٰ نگاہ رکھے دعا یہ ہے یَا سَمِیْعُ یَا قَرِیْبُ یَا مُجِیْبُ یَا سَمِیْعَ الدُّعَاءِ یَا لَطِیْفُ
لِمَا یَشَاءُ اِحْفَظْ عَلَیَّ بَصَرِیْ اور بروایت دوسری یہ بھی آیا ہے فَکَشَفْنَا عَنْکَ غِطَاءَکَ
فَبَصَرُکَ الْیَوْمَ حَدِیْدٌ نقل شیخ الاسلام رکن الدین قدس سرہ العزیز سے ہے کہ جو کوئی وقت
صبح اس آیت کو اَللّٰہُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ تا علیم پڑھے پانچ دفعہ اور آنکھ پر پھونکے جو علت

کہ آنکھ مین حادث ہوتی ہی اوس سے امین ہو ایضاً برای دفع تپ جو کوئی سورۂ عنکبوت کو
لکھے اور دھو کر پلاوے تپ گرم و تپ لرزہ اور تمام زحمتین دفع ہون مگر زحمت مرگ کہ اوس سے
چارہ نہین ہی اور پینے اس پانی سے دل و سینہ کشادہ ہوتا ہی اور کاہلی جاتی رہتی ہی ایضاً
جو کوئی سورۂ لقمان کو لکھے اور دھو کر پلاوے تپ گرم دفع ہو اور ہر علت کہ بنی آدم کو
ہوتی ہی اوس سے بیخوف ہووے ایضاً جو کوئی سورۂ سجدہ کو لکھے اور اپنے پاس رکھے وہ دو چیز
سے امین ہو تپ و دردسر سے ایضاً اور جو صاحب تپ ہمیشہ سورۂ واللیل کو دھو کر پیوے اچھا ہو
ایضاً اور واسطے دفع تپ گرم کے یہ کلمات کاغذ پر لکھے اور پانی سے دھو کر پلاوے شفا پاوے
بسم اللہ الرحمن الرحیم بسم اللہ افسوں اما الرحمن طسوں ما الرحیم ابرسوں ما ایضاً
یہ آیت لکھی پاس صاحب تپ کے اور دھو کر پلاوے اچھا ہووے یہ ہی قلنا یا نار کونی بردا و
سلاما علی ابراہیم ایضاً واسطے دفع تپ و لرزہ کے روٹی پر لکھکر کھلاوے اچھا
یہ ہی فلما تجلی ربہ للجبل جعلہ دکا وخر موسی صعقا ایضاً برائے دفع دیوانگی
جو کوئی سورۂ قاف کو کاغذ مین لکھے اور دھو کر پلا دے ترس و دیوانگی اور تمام زحمتین اوس سے
دور ہون ایضاً برای دفع ضعف نفس جو کوئی سورۂ مرسلات کو پڑھے نفس اوسکا
قوی او ضعف اوسکا ساتھ قوت کے متبدل ہو اور دل اوسکا ساکن ہو ایضاً جو کوئی سورۂ
اعراف کو گلاب اور زعفران سے لکھے اور اپنے پاس رکھے امین ہو چشم زخم سے ایضاً اور جو کوئی
یہ آیۃ وما لنا الا نتوکل علی اللہ وقد ہدانا سبلنا ولنصبرن علی ما اذیتمونا
وعلی اللہ فلیتوکل المتوکلون کو لکھے اور اپنے پاس رکھے چشم زخم سے امین ہو ایضاً
جو کوئی سورۂ الہمزہ پڑھ کر اوپر چشم زخم رسیدہ کے دم کرے اچھا ہو جاوے ایضاً
دفع چشم زخم کے یہ آیت اور سہ کلوخ کے تین مرتبہ پڑھے اور ہر سہ کلوخ گرد سر آنکھ کر
پھراوے اور پھر تینون کلوخ کو آب رواں مین ڈالدے جیسے کہ وہ کلوخ گلین علت
بھی گلے آیت یہ ہے ویسئلونک عن الجبال فقل ینسفہا ربی نسفا فیذرہا قاعا

ایضاً
ایضاً
ایضاً
برائے تپ گرم
برائے دفع دیوانگی
برائے دفع ضعف نفس
برائے دفع چشم زخم

صَفْصَفًا لَا تَرٰی فِیْهَا عِوَجًا وَّلَا اَمْتًا **ایضاً برائے دفع سرفه** اوپر پانی کے پڑھکر
دم کرے اور پیوے اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰکُمْ عَبَثًا وَّاَنَّکُمْ اِلَیْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ فَتَعٰلَی اللّٰهُ
الْمَلِكُ الْحَقُّ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْکَرِیْمِ **واسطے دفع زکام** و اور تنے
زکام کے لکھے اور سرکہ مین دھووے اور غرغرہ کرے اور طشت مین ڈالے اور پھر اوسکو
آبِ باران مین ڈالے جلد صحت پاوے فَلَوْلَا اِذَا بَلَغَتِ الْحُلْقُوْمَ وَاَنْتُمْ حِیْنَئِذٍ تَنْظُرُوْنَ
یَا شَافِیْ **دیگر واسطے امساک قے کے** جو کوئی سورۂ والطارق کو پڑھے اور ہر چیز کہ
پیوے شربت اور داروے امین ہووے آنے قے سے **ایضاً** اور جو کوئی سورۂ قریش کو اوپر
طعام کے پڑھے کہ جو ڈر ہی اوس طعام سے شفا پاوے تمام دردہا سے اور اوس سے دل بدمزہ کر
اور نہ جلے اور نہ قے آوے **ایضاً** اور جو پڑھے پانی پر اور مارے وہ پانی اوپر اوس کسی کے
کہ مشغول ہو دل اوسکا ساتھ غمی کے کہ پہچاننا و جاننا نجات ہی اور سبب اوسکا پھیرے خدا ہی تعالے
اوسکا علاج یاد آنا فراموش ہوا **ایضاً** جو کوئی سورۂ والضحیٰ کو پڑھے واسطے اوس چیز کے کہ اوسکو
فراموش ہوئی ہی وہ جگہ اوسکو یاد آوے اگر کوئی کام فراموش کیا ہو اوسکو ہمیشہ پڑھے وہ کام
اوسکو یاد آوے **ایضاً حجامت سنت ہی** و نافع و دافع ہے جملہ دردہا و علتہا و زحمتہا کو حجامت
درحالتِ نہار شفا اور فائدہ مند ہی و درحالت پری موجب زحمت و مضرت کا ہی اور حدیث مین ہی
کہ حجامت کرنا روز یکشنبہ شفا ہے اور مستحب ہی اور اٹھارہوین ماہ سے اور حدیث مین ہی حجامت
کرانا سر مین شفا ہی سات زحمت سے جذام و برص اور اونگھ و درد دندان و تاریکی چشم و درد سر
اور حدیث مین ہی حجامت عقل اور حفظ کو زیادہ کرے اور حجامت کرنا پیچھے کی منفعت ہی اور
حدیث مین ہی حجامت کرنا پیچھے کی فراموشی لاوے چاہیے کہ اوس سے پرہیز کرے **ایضاً**
واسطے دفع نختگی و جراحت و آماس و دنبل و زخم کے جو کوئی سورۂ **قصص** کو لکھے اور دھووے
آب باران آماس و نختگی و جراحت اوس پانی سے دھووے اچھا ہو اور جو کوئی سورۂ مومن
کو لکھے اور باندھے اوپر اوسکے کہ دنبل و نختگی رسوا ہی اوسکے ہوا اچھا ہووے **ایضاً** اور جو کوئی سورۂ حدید کو

لکھے اور اپنے پاس رکھے اگر جنگ یا معرکہ دشمنوں میں پڑے کوئی تیر اوس پر کام نکرے اور اگر
پہونچے تو نقصان نہ پہونچا وے اور اگر لکھے و دھووے اوس پانی سے زخموں کو اچھا ہووے
ایضاً اور جو کوئی سورۂ غاشیہ پڑھے درد جسم و ریش و ریشیں بدن و درد ہا پر بفرمان خدا تعالے
عزوجل ساکن ہو **ایضاً** اور جو کوئی اس دعا کو بوقت نکلنے آفتاب کے پڑھے اور دنبل پر
پھونکے شفا پاوے اللّٰهُ اَكْبَرُ وَاَنْتَ لَا تَكْبَرُ اللّٰهُ اَكْبَرُ وَاَنْتَ لَا تَصْغَرُ اللّٰهُ اَبْقٰى
لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَهٗ لَهُ الْحُكْمُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ **واسطے دفع**
فالج و عرق النسا و صرع و یرقان و سرخ باد و لقوہ و ناسور جو کوئی سورۂ فاتحہ کو برتن
پاک میں لکھے اور روغن بلسان سے دھووے اور اس روغن پر سورۂ فاتحہ کو ستر مرتبہ پڑھے
پھر اس روغن کو فالج و عرق النسا و درد پشت پر مالش کرے دفع ہو **واسطے دفع صرع**
کے جو کوئی سورۂ سجدہ کو لکھکر اپنے پاس رکھے بیخوف ہو صرع سے **ایضاً** جو کوئی سورۂ
واللیل کو اوپر بیہوش کے کہ باد صرع رکھتا ہو پڑھے اوسی ساعت صحت ہو **ایضاً** اور جو کوئی
سورۂ عبس کو لکھے اور دھووے اور اوس پانی کے مصروع پر چھینٹے مارے دیو مصروع چلا جائے
پھر کبھی نہ آوے بفرمان خدائے عزوجل **واسطے دفع یرقان کے** جو کوئی سورۂ لم یکن
لکھے اور صاحب یرقان کے باندھے صحت پاوے **واسطے دفع سرخ بادہ کے** جو کوئی
سورۂ الفطرت کو لکھے اور دھووے اور اوس پانی سے سرخ بادہ دھووے صحت ہو **ایضاً**
اس دعا کو لکھے اور صاحب سرخ بادہ اپنے پاس رکھے یا پڑھ کر پھونکے دفع ہو بِسْمِ اللّٰهِ
الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اُدْفُعْ هٰذِهِ الْحُمْرَةَ بِلَا فِعَةٍ وَاحِدَةٍ كَمَا سَلَّطَهَا بِحَقِّ يٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ
وَبِحَقِّ عِبَادِكَ يَا كَرِيْمُ وَبِحَقِّ مُعَوِّذَتَيْكَ يَا حَلِيْمُ فَاِنَّ الْحُمْرَاءَ بِيَدِكَ وَرَفْعُهَا
بِقُدْرَتِكَ يَا شَافِيْ اَنْتَ الْكَافِيْ اِشْفِ بِحَقِّ الْاَنْبِيَاءِ اَجْمَعِيْنَ اُوَيْس قَرَنِيْ وَمَعْرُوْف كَرْخِيْ
واسطے دفع لقوہ کے جو کوئی سورۂ اذا زلزلت کو طشت آہن میں لکھے اور صاحب لقوہ اوسمیں نظر
کرے اچھا ہووے منہ اوسکا جیسا کہ تھا **واسطے دفع ناسور کے** جو کوئی سورۂ اعلیٰ کو اوپر صاحب

ناسور کے پڑھے دفع ہو اور جو دو رکعت سنت صبح کے وقت گزارے رکعت اوّل مین بعد از فاتحہ الم نشرح پڑھے اور دوم مین الم ترکیف پڑھے اوسکو ناسور زحمت نہ دیوے دیگر بعد از نماز صبح و نماز عشا کے اس آیت کو پڑھے اور اوپر اوس نیت کے پانی پینے کو دیوے شفا پاوے آیت یہ ہے مَا عِنْدَکُمْ یَنْفَدُ وَمَا عِنْدَ اللّٰہِ بَاقٍ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَعَنَتِ الْوُجُوْہُ لِلْحَیِّ الْقَیُّوْمِ یَا نَارُ کُوْنِیْ بَرْدًا وَّسَلَامًا عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ سَلَامٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعٰلَمِیْنَ بحق نام بزرگ خدائے تعالیٰ کہ یہ ہو تو اور خشک ہو تو اے ناسو مقعد فلانی سے دیگر دعاے باسور ابو علی سینا رحمۃ اللہ علیہ نے کہا کہ کوئی فرزند آدم مین باسور سے سخت زیادہ نہین ہے جو کچھ کھاوے نقصان رکھے اگرچہ دارو ہو کہ اوسے واسطے خاصیت کے نفع خیال کیا گیا ہو اور کوئی آدمی نہین ہے کہ جسکے باسور نہین ہو ولیکن جو مباشرت مین غلو کرے اور چیزین ترش کھاوے خاصکر اوسکو ظاہر آتی ہے اور کسی چیز سے دفع نہو مگر یہ دعا بزرگوار اپنے پاس رکھو ساتھ برکت اس دعا کے اِس بلا سے امین ہو اور یہ دعوات سلطان محمود انار اللہ برہانہٗ کی بخط خواجہ ابو بکر ناصحی کے لکھی تھی ہرگز شک نہ لاوے دعا یہ ہے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَرَبِّ الرُّوْحِ الْاَمِیْنِ وَرَبِّ کُلِّ مَخْلُوْقٍ فِی الْاَوَّلِیْنَ وَمُدَبِّرِ کُلِّ مَخْلُوْقٍ فِی الْاٰخِرِیْنَ وَھُوَ حَافِظٌ عِلِّیِّیْنَ قَادِرٌ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَاھِرٌ فِیْ سُلْطَانِہٖ غَالِبٌ عَلٰی اَمْرِہٖ مُقَلِّبٌ فِیْ مُلْکِہٖ وَھُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ لَیْسَ فِیْ مُلْکِہٖ وَزِیْرٌ وَلَا فِیْ سُلْطَانِہٖ سَفِیْرٌ عَزَّ ہُ الْعَزَّالِیْ وَمُلْکُہٗ مُلْکٌ لَا یَبْلٰی اَللّٰھُمَّ کَرَبَّاہُ رَبَّاہُ رَبَّاہُ وَیَا سَیِّدَاہُ وَیَا اَمَلَاہُ وَیَا اَمْنَاہُ یَا مُقْرِعَاہُ وَیَا مُتَغَاثَاہُ اَسْاَلُکَ اَنْ تَشْفِیَنِیْ مِنْ ھٰذِہِ الْعِلَّةِ الْمُھْلِکَةِ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ عَاجِزٌ عَنْ دَوَاءِ ھٰذِہِ الْعِلَّةِ وَاَغْوَثَاہُ اَلْغِیَاثُ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ

فصل دفع علت خنازیر و خون شکم و سبز زرد کدو دانہ و استسقا و سنگ مثانہ و برص دفع خنازیر دوالی باریک برابر قد اوس آدمی کے لاوے اور خنازیر یا تخم یا آماس گلو مین کھتا ہو

اکتالیس دفعہ پڑھے اور اکتالیس گرہ دے اور اوپر اوسکے باندھے شفا پاوے یہ ہے اَعُوْذُ بِعِزَّۃِ اللّٰہِ وَعَظْمَۃِ اللّٰہِ وَبُرْھَانِ اللّٰہِ وَکَنَفِ اللّٰہِ وَجِوَارِ اللّٰہِ وَاَمَانِ اللّٰہِ وَحِرْزِ اللّٰہِ وَبَطْشِ اللّٰہِ وَبَھَاءِ اللّٰہِ وَجَلَالِ اللّٰہِ وَکَمَالِ اللّٰہِ مِنْ شَرِّ مَا اَحَذُ **دیگر** نقل ہے شیخ الاسلام شیخ نظام الحق والدین قدس اللہ سرہ العزیز سے جس کسی کے خنازیر باہر آوے نماز دیگر جو گزارے بارہ یا تیرہ دفعہ پڑھے اور ہاتھ فرو دلاوے باذن اللہ تعالیٰ دفع ہو یہ ہے بسم اللہ الرحمن الرحیم سری مہامری سدہ وقصری جرجا سند قیر ماہ ہنجبر بحق ابراہیم خلیل **ایضًا** اور جس جگہ کے خنازیر ہو یہ شکل لکھے اچھا ہو مجرب ہے آلوح **دیگر** دفع خون شکم اگر خون شکم بہتا ہے اوپر نان تنک کر لکھے نہار کھاوے ایک ہفتہ تک شروع یکشنبہ سے کرے صحت پاوے یہ ہے لِکَیْلَا یَعْلَمَ بَعْدَ عِلْمٍ شَیْئًا اِنَّ اللّٰہَ عَلِیْمٌ قَدِیْرٌ فَسَیَکْفِیْکَھُمُ اللّٰہُ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ بِسْمِ اللّٰہِ اَشْفِیْکَ وَاللّٰہُ اَرْقِیْکَ مِنْ کُلِّ دَاءٍ یُّؤَادِیْکَ **دفع سپرز** جو کوئی سورۂ ممتحنہ کو سہ روز متواتر لکھے اور تلی کی جگہ باندھے اچھا ہووے وَاِنَّ اللّٰہَ یُمْسِکُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا وَلَئِنْ زَالَتَا اِنْ اَمْسَکَھُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْ بَعْدِہٖ اِنَّہٗ کَانَ حَلِیْمًا غَفُوْرًا یَا طِحَالُ ارْجِعْ اِلٰی مَکَانِکَ بِحَقِّ اَبُوْبَکْرِ الصِّدِّیْقِ **دفع استسقا** جو کوئی سورۂ قصص کو لکھے اور آب باران سے دھووے اور پلاوے استسقا اور جملہ امراض دفع ہوں **دفع کدو دانہ** یہ آیت اوپر سہ پارہ شکر کے لکھے اور ہر سہ پارہ شکر پر پڑھے ہر روز ایک ٹکڑا کھاوے جو چھہ روز تمام ہوں قدرے تلخی کھاوے شفا پاوے پھر نہ ہووے آیۃ یہ ہے یَوْمَ لَا یَنْفَعُ مَالٌ وَّلَا بَنُوْنَ اِلَّا مَنْ اَتَی اللّٰہَ بِقَلْبٍ سَلِیْمٍ **دفع سنگ مثانہ** جو کوئی سورہ الم نشرح کو لکھے و پڑھے اور دھو کر پلاوے سنگ مثانہ و درد اوسکا دفع ہو **دفع** کرتے یہ آیت کو ساتھ طہارت کے لکھے اور دھو کر پلاوے اور وقت پلانے کے بھی باطہارت ہو اور جو کچھ اوس سے باقی رہے کر کچھ دھو دکر اور اور روز روز جو رکھے اور اوس شب کچھ سکری نہ کھاوے بفرمان خدا تعالیٰ صحت پاوے اور جو کہ شکم لاوے کا فرہو نعوذ باللہ منہا بسم اللہ الرحمن الرحیم و یشف

واسطے دفع خون شکم کا

واسطے دفع سپرز کے

واسطے دفع استسقا و امراض

دفع کدو دانہ کے

واسطے دفع سنگ مثانہ

قوام مؤمنین اذ جاءتهم موعظة من ربکم رحیم وننزل من القرآن ما هو
شفاء و رحمة للمؤمنین دفع نارو یہ دعا لکھے اور اوس جگہ باندھے اچھا ہووے اور
اگر اپنے پاس رکھے کبھی بیماری نارو نہ ہووے انشاء اللہ تعالیٰ اکبر انت یا نارو لا تلبث فما
محمد صلی اللہ علیہ وسلم قمت باذن اللہ دفع نارو دو ورد چشم و دنبل آبلہ اور
جو اس قسم سے ہون اول نارو جو شروع کرے پہلے اوس سے کہ قوت پکڑے ایک تار سوت کا کہ لڑکی
نارسیدہ نے کاتا نہ ہووے اور قد صاحب نارو کے برابر ناپے اور سات تار کرے اور سات گرہ دیوے
اور اوپر ہر گرہ کے اس دعا کو پڑھے اور بازو سیدھے اپنے پر باندھے نارو خشک ہو اور اوپر آبلے
اور اوپر مرض دیگر کے اپنے ہاتھ پر پڑھکر دم کرے اور اوس مرض پر ہاتھ پھیرے حق تعالیٰ شفا
بخشے اللّٰهم یا سابغ النعم و یا دافع النقم و یا باری النسم و یا جامع الامم من
العرب و العجم ادفع عن فلان ابن کل بلاء و آفة و عاهة و کلام و من شر من لا
یخشاک فسیکفیکهم اللّٰه و هو السمیع العلیم یا حنان یا منان بحق بسم اللّٰه
الرحمن الرحیم اللّٰه اکبر اللّٰه اکبر لا اله الا اللّٰه و اللّٰه اکبر و انت لا تلبث فما
محمد صلی اللّٰه علیه و سلم قمت یا نارو یا دنبل و یا جمیع الاوجاع و الادواء
بحق هذه الاسماء و صلی اللّٰه علی محمد و آله اجمعین دفع برص جو کوئی
مریض کو لکھے اور اوپر صاحب برص کے باندھے دفع ہو اور اچھا ہووے دفع پھنسی جو
جس کسی کے بدن مین نعوذ باللہ منہا یہ علت اثر کرے ایک سوئی اندر اوس جگہ کے چبھوئے
اگر خون نکلے علاج کرے اور جو خون نہ نکلے تو علاج نہ کرے اور جو علاج کیا چاہے خاکستر
چوب صندل لاوے اور پانی مین تر کرے اور یہ دعا تین بار پڑھے اور سات روز طلا کرے خدا
شفا بخشے دعا یہ ہے و توکل علی الحی الذی لا یموت دیگر جس کسی کو برص و یا نار و
اور کوئی زحمت اور کوئی علت دیگر حادث ہو اور تدبیر اوسکی سے عاجز آوے اور رنج دیکھے
نقل ہے شیخ الاسلام شیخ رکن الدین قدس اللہ سرہ العزیز سے چالیس روز ہمیشہ بعد از سنت

صبح کے چالیس دفعہ سورۂ فاتحہ باتسمیہ پڑھے وہ زحمت دفع ہووے بے شک بہ فرمان خدائے عزوجل اور جو ناغہ ہو جاوے تو پھر از سر نو شروع کرے ۔

باب ہشتم واسطے قبول کرنے حمل عقیمہ عورت کے اور نصیب ہونے ولد اور دفع گریہ و بدخوئی طفلک و نیک ہونا اوس کا اور نگاہداشت حمل کی ہر آفات سے هُوَ الَّذِي خَلَقَكُم مِّن نَّفْسٍ وَاحِدَةٍ وَخَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَبَثَّ مِنْهُمَا رِجَالًا كَثِيرًا وَنِسَاءً وَاتَّقُوا اللَّهَ الَّذِي تَسَاءَلُونَ بِهِ وَالْأَرْحَامَ إِنَّ اللَّهَ كَانَ عَلَيْكُمْ رَقِيبًا **ایضاً** خاص مرد عقیم یا عورت عقیمہ کو چاہیے کہ نیم شب جمعہ کو ٹکڑا شیرینی پر آبگینہ نبات و مشک و زعفران سے لکھے اور کسی سے کلام نہ کرے بعد ازاں ایک ٹکڑا مرد اور ایک ٹکڑا عورت کھاوے باقی شب کچھ نہ کھائیں و جماع کریں حمل قرار پاوے اور جو شب جمعہ دوم یا سوم کو محالہ حمل قبول کرے تو اوسکو فرزند روزی ہو بفضلہ وکرمہ **ایضاً** واسطے نگاہداشت حمل و دفع گریہ و بدخوئی کودک کے فرمایا اللہ تعالےٰ نے وَإِذْ قَالَتِ امْرَأَتُ عِمْرَانَ رَبِّ إِنِّي نَذَرْتُ لَكَ مَا فِي بَطْنِي مُحَرَّرًا فَتَقَبَّلْ مِنِّي إِنَّكَ أَنتَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ۝ فَلَمَّا وَضَعَتْهَا قَالَتْ رَبِّ إِنِّي وَضَعْتُهَا أُنثَىٰ وَاللَّهُ أَعْلَمُ بِمَا وَضَعَتْ وَلَيْسَ الذَّكَرُ كَالْأُنثَىٰ وَإِنِّي سَمَّيْتُهَا مَرْيَمَ وَإِنِّي أُعِيذُهَا بِكَ وَذُرِّيَّتَهَا مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ ۝ فَتَقَبَّلَهَا رَبُّهَا بِقَبُولٍ حَسَنٍ وَأَنبَتَهَا نَبَاتًا حَسَنًا وَكَفَّلَهَا زَكَرِيَّا كُلَّمَا دَخَلَ عَلَيْهَا زَكَرِيَّا الْمِحْرَابَ وَجَدَ عِندَهَا رِزْقًا قَالَ يَا مَرْيَمُ أَنَّىٰ لَكِ هَٰذَا قَالَتْ هُوَ مِنْ عِندِ اللَّهِ إِنَّ اللَّهَ يَرْزُقُ مَن يَشَاءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ آیات مذکورہ کو ورق پوست آہو میں مشک و زعفران و گلاب سے لکھے اور حاملہ کے زیر ناف کمر میں باندھے جملہ آفتوں سے محفوظ رہے اور اگر مشک و زعفران سے کاغذ میں لکھکر گردن طفلک میں باندھی ریسمان میں لپیٹ کر بدخوئی چھوڑ دے اور باندک شیر مادر کے قناعت کرے اور نیک خصلت و صحیح البدن ہو باذن اللہ تعالیٰ **ایضاً** واسطے دفع بدخوئی و گریہ کودک کے فرمایا اللہ تعالےٰ نے يَوْمَئِذٍ يَتَّبِعُونَ الدَّاعِيَ لَا عِوَجَ

باب ہشتم واسطے قبول کرنے حمل عقیمہ عورت

ایضاً

ایضاً

ایضاً

لَهٗ ۚ وَخَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ فَلَا تَسْمَعُ اِلَّا هَمْسًا ۝ يَوْمَئِذٍ لَّا تَنْفَعُ الشَّفَاعَةُ اِلَّا مَنْ اَذِنَ لَهُ الرَّحْمٰنُ وَرَضِيَ لَهٗ قَوْلًا ۝ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِهٖ عِلْمًا ۝ وَعَنَتِ الْوُجُوْهُ لِلْحَيِّ الْقَيُّوْمِ ۝ وَقَدْ خَابَ مَنْ حَمَلَ ظُلْمًا ۝ وَمَنْ يَّعْمَلْ مِنَ الصّٰلِحٰتِ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَا يَخٰفُ ظُلْمًا وَّلَا هَضْمًا آیات مذکورہ کو پوست برہ آہو مین لکھکر اور تعویذ بربچی بنواکر اوس مین رکھے اور گردنِ کودک مین باندھے گریہ بسیار و بدخوئی دور ہو اور نیک طینت ہووی آور اگر آدمی اپنے پاس رکھے دشمنان و بدگویان اور ایذا دہندگان خاموش ہون **ایضًا** واسطے قبول کرنے حمل عقیمہ عورت کے فرمایا اللہ تعالیٰ نے وَاِنِّيْ خِفْتُ الْمَوَالِيَ مِنْ وَّرَآءِيْ وَكَانَتِ امْرَاَتِيْ عَاقِرًا فَهَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ وَلِيًّا ۝ يَّرِثُنِيْ وَيَرِثُ مِنْ اٰلِ يَعْقُوْبَ وَاجْعَلْهُ رَبِّ رَضِيًّا ۝ يٰزَكَرِيَّآ اِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلٰمِ اسْمُهٗ يَحْيٰى لَمْ نَجْعَلْ لَّهٗ مِنْ قَبْلُ سَمِيًّا ۝ قَالَ رَبِّ اَنّٰى يَكُوْنُ اِلٰی قولہ تعالیٰ يَمُوْتُ وَيَوْمَ يُبْعَثُ حَيًّا **ایضًا** حکیم نے کہا کہ جو عورت حمل قبول نہین کرتی ہو وہ روز پنجشنبہ و جمعہ کو روزہ رکھے اور نماز مغرب پڑھکر افطار کرے شکر و لوزینہ و نانِ گندم سے اور آیات مذکورہ کو پیالہ آبگینہ مین شہد آتش نارسیدہ سے لکھے اور آب شیرین و پاک سے دھووے اور بائیس دانہ نخود سفید کے لیوے اور ہر ایک دانہ پر ایک دفعہ سورۂ مذکور کو پڑھے اور اوسمین ڈالے اور ہانڈی مین رکھکر نرم نرم آتش دیوی تا کہ پختہ ہو کر بطریق شربت کے ہو جاوے بعد نماز عشا کے وقت خواب کے دو دانہ عورت کھاوے مگر اول بعد نماز عشا کے سورۂ مریم کو اوسپر پڑھکر آبِ انگور ملا کر کھاوین اور ایک ساعت خواب کرین بعد ازان مشغول جماع کے ہو وین بفضل اللہ تعالیٰ عورت حاملہ ہووے اور جو اوس شب کو حمل قبول نہ کرے تو شب دوم سوم مین ضرور حمل قرار پاوے اور اوس شب کو بجز شربت کے اور کچھ نکھاوین واللہ قادر علیٰ کل شیٔ قدیر **ایضًا** واسطے نگاہداشت حمل کے فرمایا اللہ تعالیٰ نے وَالَّتِيْٓ اَحْصَنَتْ فَرْجَهَا فَنَفَخْنَا فِيْهَا مِنْ رُّوْحِنَا وَجَعَلْنٰهَا وَابْنَهَآ اٰيَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝ اِنَّ هٰذِهٖٓ اُمَّتُكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً ۖ وَّاَنَا رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْنِ ۝ صحت نما۔

آیاتِ مذکورہ نگاہداشت حمل و زائیدن فرزند جو عورت کو حمل قرار پائے چالیس روز گذرے آیاتِ مذکورہ کو ٹکڑے کاغذ پر لکھکر اور سوت مین لپیٹ کر حاملہ کمر مین پر ناف باندھے رہے جب تک کہ جنے اور جب پیدا ہو تو تعویذ مذکورہ کو گردن بچہ مین ڈالدے جملہ آفات و عارضہ دیو و چشم زخم سے وہ بچہ محفوظ رہے بفضل اللہ تعالیٰ **ایضاً** واسطے نگاہداشت حمل اور ولد فرزند کے فرمایا اللہ تعالیٰ نے وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْإِنْسَانَ مِنْ سُلَالَةٍ مِنْ طِينٍ ثُمَّ جَعَلْنَاهُ نُطْفَةً فِي قَرَارٍ مَكِينٍ ۝ ثُمَّ خَلَقْنَا النُّطْفَةَ عَلَقَةً فَخَلَقْنَا الْعَلَقَةَ مُضْغَةً فَخَلَقْنَا الْمُضْغَةَ عِظَامًا فَكَسَوْنَا الْعِظَامَ لَحْمًا ۝ ثُمَّ أَنْشَأْنَاهُ خَلْقًا آخَرَ فَتَبَارَكَ اللَّهُ أَحْسَنُ الْخَالِقِينَ اور سات برگ ریحان کے زعفران سے آیۃ مذکورہ کو لکھے اور عورت حاملہ کو دے کہ وہ چاٹے اور ہر برگ چاٹنے کے بعد ایک مقدار شیر مادہ گاؤ زرد کا پیوے بفضل خدا حمل اوسکا برقرار رہے واسطے نیک خصلت ہونے مولود کے فرمایا اللہ تعالیٰ نے الَّذِي أَحْسَنَ كُلَّ شَيْءٍ خَلَقَهُ وَبَدَأَ خَلْقَ الْإِنْسَانِ مِنْ طِينٍ ثُمَّ جَعَلَ نَسْلَهُ مِنْ سُلَالَةٍ مِنْ مَاءٍ مَهِينٍ ۝ ثُمَّ سَوَّاهُ وَنَفَخَ فِيهِ مِنْ رُوحِهِ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْأَبْصَارَ وَالْأَفْئِدَةَ قَلِيلًا مَا تَشْكُرُونَ بعد گزرنے نوے روز کے پیدا ہونے بچے سے آیاتِ مذکورہ کو پیالۂ آبگینہ مین مشک زعفران سے لکھے اور دھووے نصف آب طعام مین ڈالے اور مولود کو چٹا دے اور نصف آب جو باقی رہے مدت سات دن وقت صبح کے منھ اوسکا اوس پانی سے مسح کیا کرے بفضل اللہ تعالیٰ نیک خصلت و باخلق ہو اور دیگر آفات و عوارض سے بخوف رہے **ایضاً** تعویذ واسطے دفع آفات کے مولود کے فرمایا اللہ تعالیٰ نے الْحَاقَّةُ مَا الْحَاقَّةُ الخ حکیم نے کہا ایک طشت مین سورۂ مذکورہ کو لکھے اور آب گرم سے دھووے اور اوس آب سے مولود کو نہلاوے تو وہ کودک جمیع آفات سے محفوظ رہے اگر سات مرتبہ سورۂ مذکورہ روغن پر پڑھے اور اوس روغن کو بدن مولود مین جذب کرے حشرات و طیور موذیہ سے امین رہیگا اور جس شخص کے بدن مین درد ہو اس روغن کی مالش کرے نافع آئے **نفعًا بلیغًا ایضاً** جانتا گر وہ عورت

سکا کہ صالحہ ہے کہ فاسقہ نام اوس کا مع نام مادر اور نام دن کا بحساب ابجد عدد نکالکر جمع کرے
سہ گان طرح دے اگر ایک بچے تو دوست ہو اور جو دو رہیں عورت پارسا ہو اگر تین رہیں تو
تردد رہے ایضاً واسطے فرزند ہونے کے اگر کسی عورت کے لڑکی ہوتی ہے اور لڑکا نہیں
ہوتا ہے چاہیے کہ اس تعویذ کو لکھ کر پہلو راست میں باندھے بارادہ تعالیٰ فرزند نرینہ تولد ہووے
یہ ہے وَلَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ وَ
تِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ تعویذ واسطے محبت فرزند اگر عورت
تھو فرزند اوسکو خمیر کرتا ہو بفرمان خدا تبارک و تعالیٰ فرزند نرینہ پیدا ہو جبکہ اس آیت مبارکہ
کے يَهَبُ لِمَنْ يَّشَاۤءُ اِنَاثًا وَّيَهَبُ لِمَنْ يَّشَاۤءُ الذُّكُوْرَ ايضاً گیاہ رتن مالا کہ جوگیان
اوسکو رسوئی کہتے ہیں اگر عورت اپنے خاوند کو دیوے تو حمل قائم ہو اور تین تہہ لڑکا جنے اور
جو ایکبار دیوے تو ایکبار لڑکا جنے ایضاً واسطے طلب فرزند کے روایت ہے کہ حضرت داؤد
علیہ السلام نے بسبب مداومت اس عمل کے حضرت سلیمان علیہ السلام کو پایا اور حضرت یعقوب علیہ السلام
نے جو مداومت کی حضرت یوسف علیہ السلام کو پایا اور حضرت ابراہیم علیہ السلام نے جو مداومت کی تو
حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کو پایا پس ہر مومن کو چاہیے کہ بصدق دل درخواست بدرگاہ کبریا
کرے اور اس دعا کو پڑھتا رہے کہ خدا تعالیٰ بکرم و فضل اپنے فرزند عطا فرماوے اور چاہیے
کہ بعد ہر نماز فریضہ کے جسقدر ہو سکے پڑھا کرے تو مراد حاصل ہو بینا معتبر و مکرم یہ ہے بِسْمِ اللّٰهِ
الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي
الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا ايضاً جب کودک کو شیر اور سے
جدا کریں تو یہ کلمات روٹی پر لکھکر چند روز اوسکو کھلاویں دعا یہ ہے عَبَسُوْا وَصَبَرُوْا اِلَّا
بِاللّٰهِ وَتَوَاصَوْا بِالْحَقِّ وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ ايضاً جو طفل کہ خواب میں ڈرے اور
اچانک بیدار ہو اَللّٰهُمَّ اَلْقِ عَلَيْهِ النَّوْمَ وَالسَّكِيْنَةَ كَمَا اَلْقَيْتَ عَلٰى مُوْسٰى بْنِ
عِمْرَانَ نَمْ اٰمِنًا وَّ ... كَمَا ... فِى السَّفِيْنَةِ ايضاً واسطے قرار پانے حمل

عورت عقیمہ ہے اور جنے فرزند نرینہ کے جو زن کہ فرزند نرکھے اور عقیمہ یعنی فرزند اوسکے نہین ہوتا ہو تو چاہیے کہ یہ آیت گلاب و زعفران سے اوپر پارہ شکر کے شب آدینہ کو وقت نیم شب جیسا کہ کوئی نہ دیکھے پس اوسکو مرد خود رکھے اور عورت کو علیحدہ لکھے اور پلاوے اور دوتین رات اسیطرح متواتر کرے بفرمان خدا عزوجل عورت حمل قبول کرے اور فرزند ہو آیۃ یہ ہے یَا اَیُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّکُمُ الَّذِیْ خَلَقَکُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَّخَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَبَثَّ مِنْهُمَا رِجَالًا کَثِیْرًا وَّنِسَآءً وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِیْ تَسَآءَلُوْنَ بِهٖ وَالْاَرْحَامَ اِنَّ اللّٰهَ کَانَ عَلَیْکُمْ رَقِیْبًا ط **ایضاً** یہ دعا لکھے اور موم مین کرکے گھڑے مین ڈالے اور سبوچہ کو پانی سے بھر دے اور دونون مرد و عورت اوس پانی کو پیوین جو پانی تمام ہووے موم تعویذ سے دور کرے اور غلاف کرکے عورت کے گلے مین باندھے بفرمان خدائے عزوجل فرزند تولد ہو اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ کُلِّ شَیْطٰنٍ مَّارِدٍ وَّ هَامَّةٍ وَاِنْ یَّکَادُ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا لَیُزْلِقُوْنَکَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّکْرَ وَیَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِکْرٌ لِّلْعٰلَمِیْنَ ه وَبِحَقِّ کٓهٰیٰعٓصٓ وَبِحَقِّ حٰمٓ عٓسٓقٓ اٰهِیًا شَرَاهِیًا بِسْمِ اللّٰهِ الشَّافِیْ بِسْمِ اللّٰهِ الْکَافِیْ بِسْمِ اللّٰهِ الْمُعَافِیْ بِسْمِ اللّٰهِ خَیْرِ الْاَسْمَآءِ بِسْمِ اللّٰهِ رَبِّ الْاَرْضِ وَرَبِّ السَّمَآءِ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ قل اعوذ برب الفلق و قل اعوذ برب الناس بالتسمیہ لکھے بفرمان خدائے تعالیٰ فرزند نرینہ آوے جو مدت حمل کی دو ماہ ہو یہ آیۃ لکھے اور عورت کی کمر مین باندھے اور جانب سیدھی ہمیشہ بندھا رکھے تا وضع ہونے حمل کے وقت جانے حاجت انسانی کے اوس سے دور کرے اور نیت وہ کرے جو پسر ہو محمد نام رکھونگی بفرمان خدائے عزوجل لڑکا ہو مجرب ہے اور کوئی حرف لکھنے مین نہ رہ جائے آیۃ یہ ہے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰی جَبَلٍ لَّرَاَیْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْیَةِ اللّٰهِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَلَوْ اَنَّ قُرْاٰنًا سُیِّرَتْ بِهِ الْجِبَالُ اَوْ قُطِّعَتْ بِهِ الْاَرْضُ اَوْ کُلِّمَ بِهِ

مین اور اندر مکان کے در و دیوار مین چھڑکے مار و کژدم و کیک و لشپہ مر جاوین اور جو
بروز پنجشنبہ اوپر چار برگ زیتون کے آیت مذکورہ کو لکھکر ہر چہار گوشہ مین دفن کر دے
تو یہ کیک و لشپہ باہر جاوین باذن اللہ تعالے واسطے دفع سوس کے غلہ اور خرما اور انگور
سے اور دفع کرم کے کالاے فرمایا اللہ تعالے نے مَثَلُ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ
كَمَثَلِ حَبَّةٍ اَنْبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ فِيْ كُلِّ سُنْبُلَةٍ مِّائَةُ حَبَّةٍ وَاللّٰهُ يُضَاعِفُ لِمَنْ
يَّشَاءُ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ آیت مذکورہ کو اوپر سفال گلی پختہ ناآب نو سیدہ کے لکھکر ما
ذخیرہ یا باغ بکرے اندر غلہ و خرما و انگور کے ڈالدوے سوس و کرم و دیگر آفتون سے محفوظ رہے
اور اگر یہ سفال ہر چہار گوشہ باغ مین دفن کرے اوس باغ مین خیر و برکت زیادہ ہو ایضاً
واسطے دفع دابہ موذیہ اور جن کے مکان سے فرمایا اللہ تعالے نے سَتُجِدُوْنَ اٰخَرِيْنَ
يُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّاْمَنُوْكُمْ وَيَاْمَنُوْا قَوْمَهُمْ كُلَّمَا رُدُّوْا اِلَى الْفِتْنَةِ اُرْكِسُوْا
فِيْهَا فَاِنْ لَّمْ يَعْتَزِلُوْكُمْ وَيُلْقُوْا اِلَيْكُمُ السَّلَمَ وَيَكُفُّوْا اَيْدِيَهُمْ فَخُذُوْهُمْ
وَاقْتُلُوْهُمْ حَيْثُ ثَقِفْتُمُوْهُمْ وَاُولٰٓئِكُمْ جَعَلْنَا لَكُمْ عَلَيْهِمْ سُلْطَانًا مُّبِيْنًا
طشت نحاس سپید یعنی پھنکا سپید گون کہ مائل بزردی ہو یا طشت آہن جلا دادہ ہو آیت مذکورہ
کو لکھو اور عرق برگ زیتون یا شیرہ برگ خردل سے دھو ڈالو وہ پانی مکان مین چھڑکو اور
مکان سے دابہ موذیہ نکلجاوین باذن اللہ تعالی دیگر واسطے دفع سوس غلہ و خرما و انگور و دفع
موش کے فرمایا اللہ تعالے نے لُعِنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ بَنِيْٓ اِسْرَآئِيْلَ عَلٰى لِسَانِ دَاوٗدَ وَعِيْسَى
ابْنِ مَرْيَمَ ذٰلِكَ بِمَا عَصَوْا وَّكَانُوْا يَعْتَدُوْنَ كَانُوْا لَا يَتَنَاهَوْنَ عَنْ مُّنْكَرٍ فَعَلُوْهُ
لَبِئْسَ مَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ و آیات مذکورہ کو اوپر چار پر کالہ ٹھیکری کہ اندر آب روان
با طہارت لی ہو لکھو اور ہر گوشہ مین ایک ٹھیکری مدفون کرے یا ڈالدے غلہ یا خرما یا انگور مین اور

اور کھیت مین ڈالے تو موش زراعت مین نقصان نہ پہونچاوین باذن اللہ تعالیٰ **ایضاً** واسطے دفع شر مار و کژدم اور جوزیان و مضرت رسانندہ ہو مکان سلطان وغیرہ اور نیز دفع شر دزد و دشمنان مکان و کشتی کے فَاِذَا اسْتَوَیْتَ اَنْتَ وَمَنْ مَّعَكَ عَلَى الْفُلْكِ فَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ نَجّٰنَا مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ وَقُلْ رَّبِّ اَنْزِلْنِیْ مُنْزَلًا مُّبٰرَكًا وَّاَنْتَ خَیْرُ الْمُنْزِلِیْنَ جو کوئی سواری کشتی و یا گھر نو یا سفر یا منزل مین فرود آوے وقت فرود آنے کے تین مرتبہ آیات مذکورہ اور تین مرتبہ سورۂ فاتحہ اور ایک مرتبہ یہ دُعا پڑھے اور دو ہاتھ پر دم کر کے منھ پر پھیرے اللہ تعالیٰ اوسکو کشتی و منزل و گھر مین و شر مار و کژدم و حشرات موذیہ و شر دزد و دشمن سے بخوف رکھیگا اور وہ دعا یہ ہے اَللّٰهُمَّ یَا مَنْ خَلَقَ الْبَحْرَ لِمُوْسٰی بْنِ عِمْرَانَ وَنَجَّاهُ مِنْ بَطْنِ الْحُوْتِ وَسَخَّرَ الْفُلْكَ وَالْعَالَمَ بِقَدْرِ قَطْرِ الْبَحْرِ وَمَادِهٖ وَخَلْقِ اَصْنَافِ عَجَائِبِ الْكِفَایَةِ یَا كَافِیْ مَنِ اسْتَكْفَاهُ یَا مُجِیْبَ دَعْوَةِ مَنْ دَعَاهُ یَا مُقِیْلَ مَنْ رَجَاهُ اَنْتَ الْكَافِیْ لَا كَافِیَ اِلَّا اَنْتَ **ایضاً** واسطے دفع ملخ و پشہ و مورچہ اور جو جانور نقصان زراعت و باغ کا رکھے فرمایا اللہ تعالیٰ نے وَالسَّمَآءِ وَالطَّارِقِ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الطَّارِقُ الخ جو کوئی سورۂ مذکور کو اوپر چار ٹکڑے کاغذ کے لکھکر اور لکڑی زیتون مین لپیٹ کر ہر چہار گوشہ باغ یا کشت کے پوشیدہ کرے ملخ و پشہ و مورچہ و موش اوس جگہ سے نکل جاوین اور نقصان نکرین بحکم اللہ تعالیٰ **علاج** برائے دفع سختی چارپایہ بیہقی نے ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کی ہے کہ جب بچے کسی چارپایہ سے یعنے شوخی کرے اور سواری ندے یا بوجھ نہ اُٹھاوے تو بس چاہیے کہ اس آیت کو اوسکے کانین پھونکدے اَفَغَیْرَ دِیْنِ اللّٰهِ یَبْغُوْنَ وَلَهٗٓ اَسْلَمَ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا وَّاِلَیْهِ یُرْجَعُوْنَ **ف** طبرانی نے معجم اوسط مین لکھا ہے کہ انس بن مالک سے روایت کی ہے کہ جسکی لونڈی یا غلام شوخی کرے اور اپنے شوہر کی تابعداری نکرے یا کسیکا لڑکا شوخ ہو تو اوسکے کان مین یہ آیت پڑھکر دم کر دے شوخی اوسکی دور ہو جاوے اور لونڈی اور غلام اور بچہ فرمانبردار ہو جاتے ہین **دیگر** واسطے دفع مچھر کے درخت گودار یا ٹھ

مع جڑ ڈوری مین باندھکر اولٹا یعنے درخت مذکور کی جڑ اوپر ہو اور شاخ نیچے ہو جس مکان مین یہ درخت لٹکیگا انشاء اللہ تعالیٰ اوس مکان مین مچھر ہرگز نہ آوینگے اسکا بارہا اس فقیر نے تجربہ کیا ہے شانِ خدا ہے کہ یہ درخت مدت دراز تک آویزان رہیگا اوپر کی شاخ خشک ہوتی جاویگی اور نیچے سے شاخ نکلتی آویگی دو تین سال تک یہی کیفیت رہیگی ہرگز خشک نہوگا

ایضاً واسطے دفع مضرت ہا و شرہا و فسقہا و مار و گزدم و دیو و پری و سحر و کرم و غلہ و سرقہ و احتلام واسطے دفع مار و گزدم کے جو کوئی سورۂ اعراف کو گلاب و زعفران سے لکھے اور اپنے پاس رکھے ایمن ہو کاٹنے اونکے سے اور دشمنون سے اور راہ گم نہ کرے **ایضاً** اور جو کوئی سورۂ نمل کو پوست آہو برہ یا کاغذ مین لکھے اور صندوق مین رکھے مضرت کرم سے خواہ رخت اوس صندوق سے دور ہو **ایضاً** اور جو کوئی سورۂ نبا کو کاغذ یا جامۂ سفید مین لکھے اور اپنے پاس رکھے بیخوف ہو گزندگان سے اور کوئی سختی اوسپر نہو جسکے پاس ہمیشہ یہ سورہ ہو **ایضاً** واسطے دفع دیو و پری کے جو کوئی سورۂ احزاب کو گلاب و زعفران سے لکھے اور اپنے پاس رکھے مکر شیطان سے بیخوف ہووے **ایضاً** جو کوئی سورۂ حجرات کو لکھے اور باندھے اوسکے جو آسیب دیو مین مبتلا ہو وہ ایمن ہو اوسکی شر سے بدلازان دیو اوسکے نزدیک نہ آوے جبتک کہ یہ سورۃ اوسکے پاس بندھی رہے اور اگر اس سورۃ کو دیوار گھر پر لکھے دیو اوس گھر مین نہ آوے اور محفوظ رہے وہ گھر تمام خوفون سے **ایضاً** اور جو کوئی یہ آیت وَمَا لَنَا اَنْ لَّا نَتَوَكَّلَ عَلَى اللّٰهِ وَقَدْ هَدٰنَا سُبُلَنَا وَلَنَصْبِرَنَّ عَلٰى مَا اٰذَيْتُمُوْنَا وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُوْنَ **ایضاً** اور جو کوئی کسی کو آسیب پری و یا نظر آدمی کی ہو تو اوپر سبوے پر آب کے پڑھے اور صاحب آسیب کو چوراہہ مین لیجاوے وقت شب اور اوس پانی سے وقت شب سر دھووے اس طرح کرے صحت ہووے **ایضاً** باہر لانا سحر کا جو کوئی سورۂ شعرا کو لکھے اور گردن خروس سپید مین باندھے اور چھوڑ دے جس جگہ کہ کوئی سحر یا کوئی جادو دفن ہو اوس زمین کو کھودے یا اوسپر جا بیٹھے و اگر

واسطے دفع بیمار و گزدم کے ۱۲

واسطے دفع دیو و پری کے ۱۲

واسطے دفع آسیب و نظر کے ۱۲

دفع کرم کے غلے وسوا اوسکے سے جو کوئی آیۃ الکرسی اور پر سفال نئے کے لکھے
اور انبار غلے مین رکھے کرم نہ پکڑے اور برکت ہو اوس مین **ایضاً** اور جو کوئی یہ آیت مَثَلُ
الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ كَمَثَلِ حَبَّةٍ اَنْبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ فِيْ
كُلِّ سُنْبُلَةٍ مِّائَةُ حَبَّةٍ وَاللّٰهُ يُضَاعِفُ لِمَنْ يَّشَاءُ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ اور سفال
کے لکھے اور انبار غلہ یا خرما و مویز واجناس دیگر مین لڑکی باکرہ سے ڈلوا دے کوئی کرم نزدیک
نہ جاوے اور نہ کوئی آفت نہ پہونچے اور اگر یہ سفال خزانہ و باغ وکشت مین رکھے برکت ہو
اور اچھا اوگے **ایضاً** دفع شراب جو کوئی سورۂ مومنون کو جامہ مین لکھے اور اوس شخص کے
باندھے جو شراب خوار ہوا ور شراب خواری ترک نہ کر سکتا ہو بامر اللہ توفیق پاوے کہ کوے
شراب سے بھاگے وکلی تائب ونادم ہو **ایضاً واسطے دفع عادت سرقہ وزنا و**
گریز پاکے جو کوئی سورۂ قصص کو پوست آہو مین لکھے اور اوسکے باندھے جو یہ افعال شنیعہ
مذکورہ رکھتا ہو بالکل دفع ہون **ایضاً واسطے دفع احتلام کے** جو کوئی سورۂ نوح کو
ہر شب پہلے سر تکیہ خواب کے رکھنے سے پڑھے احتلام وخباثت سے امین ہو اوس شب کو تا صبح
ایضاً واسطے دفع موش ولشہ وعسق ودنبور ومورچہ **و دفع موش** دو شرابہ لاوے اور
یہ دعا درمیان ایک شرابہ کے لکھے اور شرابہ دیگر کا سر پوش کرے اور زیر آستانہ دروازہ یا کشت
مین چارون گوشہ پر گاڑے موش دفع ہون دعا یہ ہے عَقَدْتُ سِنَانَ الْفَارِ الْاَصْغَارِ
وَالْكِبَارِ عَنِ الدِّيَارِ وَالزُّرُوْعِ وَالثِّمَارِ وَوَرَقِ الْاَشْجَارِ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ
الْمُخْتَارِ وَعَلٰى اَصْحَابِهِ الْاَبْرَارِ وَاُمَّتِهٖ وَيَا هُوَ يَا مَنْ هُوَ يَا مَنْ لَيْسَ لَهٗ اِلَّا هُوَ وَ
وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ **ایضاً واسطے دفع پشہ**
وعسق کے پارہ ریگ دریا کی لاوے اور یہ پڑھے اور ریگ گرد بگرد ڈالے پشہ وعسق اوس جگہ سے
چلے جاوین یہ ہے فَاللّٰهُ خَيْرٌ حَافِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ فَتَبَارَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ
اَسْتَوْدِعُ اللّٰهَ دِيْنَكَ وَمَالَكَ وَزَوْجَكَ **ایضاً** حدیث مین آیا ہے جو نقصان ہونچاوے تجکو

پشہ پس لیے ایک پیالہ پر از آب اور پڑھے اوس پر یہ آیت وَمَا لَنَا اَلَّا نَتَوَکَّلَ عَلَی اللّٰہِ وَ
قَدْ ھَدٰنَا سُبُلَنَا وَلَنَصْبِرَنَّ عَلٰی مَا اٰذَیْتُمُوْنَا وَعَلَی اللّٰہِ فَلْیَتَوَکَّلِ الْمُتَوَکِّلُوْنَ
فَاِنْ کُنْتُمْ اٰمَنْتُمْ بِاللّٰہِ فَکُفُّوْا عَنَّا شَرَّکُمْ وَاَذَاکُمْ پس اوس پانی کو گرد بگرد اپنے
کے چھڑکے رات کو اونکے شر سے امین ہو **ایضاً واسطے دفع زنبور کے** قدری نمک کو آب
کرے اور اوپر خانہ زنبور کے ڈالے اور تین بار کہے بحق اہیا شراہیا اذونی وبحق عنت الوجوہ
للحی القیوم کے اسجگہ سے جاؤ ایک ہفتہ مین تمام اوسجگہ سے چلی جاوین **ایضاً واسطے دفع مورچہ**
کے اس آیت کو اوپر پانی کے پڑھے اور خانہ مورچہ مین ڈالے کہ وہان سے چلی جاوین آیت
یہ ہے حَتّٰی اِذَا اَتَوْا عَلٰی وَادِ النَّمْلِ قَالَتْ نَمْلَۃٌ یّٰاَیُّھَا النَّمْلُ ادْخُلُوْا مَسٰکِنَکُمْ لَا
یَحْطِمَنَّکُمْ سُلَیْمٰنُ وَجُنُوْدُہٗ وَھُمْ لَا یَشْعُرُوْنَ **ایضاً واسطے دفع گزیدگی کژدم**
کے جو کسی کو بچھو کاٹے نمک کو آب کرے اور اوپر جگہہ ڈنگ ماری ہوئی کے مالش کرے اور سورۂ
اخلاص اور معوذتین کو پڑھے صحت پاوے **دیگر** حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا کہ پیغمبر علیہ
السّلام نے فرمایا کہ جو کوئی مارے ایک پکڑنے والے کو خدائے تعالے صحیفہ اوسکے سے سات
گناہ محو کرے اور ابن مسعودؓ نے کہا کہ حضرت پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جو کوئی زنبور
کو مارے بنام اوسکے لکھی جاوین سات نیکیان اور پاک کیا جاوے سات بدی سے اور جو کوئی
مارے ایک دفعہ گویا کہ مارا ہو اوس نے ایک کافر اہل حرب سے **ایضاً واسطے عصمت**
چارپایون کے امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے کہا کہ جو کوئی سورۂ انعام کو لکھے اور
گلوے چارپایہ اسپ شتر وسواے اوسکے مین باندھے جملہ آفتون وزحمتون وعلتون سے
سلامت رہے اور ہمیشہ ساتھ صحت و سلامتی کے رہے اور لاغر نہ ہووے اور جو زحمت
کہ چارپایون مین نازل ہوتی ہے تمام سے امان ہو جب تک کہ وہ تعویذ اوسکے گلے مین
ہو **ایضاً واسطے دفع ہوام ودابۂ موذی ہونے کے** سورۃ البینہ مین فرمایا اللہ تعالے
نے لَمْ یَکُنِ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا مِنْ اَھْلِ الْکِتٰبِ وَالْمُشْرِکِیْنَ الخ جس جگہہ یا مکان مین کہ ہوام موذیہ

واسطے دفع زنبور کے ۱۲ واسطے دفع مورچہ کے ۱۲

واسطے دفع گزیدگی کژدم کے ۱۲

واسطے عصمت چارپایون کے ۱۲

واسطے دفع ہوام ودابہ موذیہ کے ۱۲

ہون اس آیت کو طشت مین لکھے اور آب تازہ چاہ سے دھوکر اوس مکان و جگہہ مین ڈالے بفضل
و کرم اللہ تعالے کے دفع ہون **ایضاً واسطے دفع جانوران خزندہ زمین کے**
سورۃ القارعہ مین فرمایا اللہ تعالے نے اَلْقَارِعَۃُ مَا الْقَارِعَۃُ اِلٰی اٰخِرِھَا جس مکان و جگہہ مین
ہوام موذیہ ہون سورۃ مذکورہ کو طشت مین لکھے اور آب تازہ چاہ سے دھووے مکان سے
بدر ہو وین **ایضاً واسطے دفع دابہ موذیہ کے** مکان گھر سے فرمایا اللہ تعالے نے
اَفَاَمِنَ اَھْلُ الْقُرٰی اَنْ یَّاْتِیَھُمْ بَاْسُنَا بَیَاتًا وَّھُمْ نَائِمُوْنَ اَوَاَمِنَ اَھْلُ الْقُرٰی اَنْ یَّاْتِیَھُمْ بَاْسُنَا ضُحًی وَّھُمْ یَلْعَبُوْنَ اَفَاَمِنُوْا مَکْرَ اللّٰہِ فَلَا یَاْمَنُ مَکْرَ اللّٰہِ اِلَّا الْقَوْمُ
الْخٰسِرُوْنَ آیت مذکورہ کو اول روز ماہ محرم سے کاغذ مین لکھکر آب چاہ سے دھووے اور گوشہ
گھر مین ڈالے کل دابہ موذیہ مکان سے دفع ہون باذن اللہ تعالے **ایضاً دفع کیک و پشہ**
کے فرمایا اللہ تعالے نے فَلَمَّا نَسُوْا مَا ذُکِّرُوْا بِہٖ فَتَحْنَا عَلَیْھِمْ اَبْوَابَ کُلِّ شَیْءٍ
حَتّٰی اِذَا فَرِحُوْا بِمَا اُوْتُوْا اَخَذْنٰھُمْ بَغْتَۃً فَاِذَا ھُمْ مُّبْلِسُوْنَ فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ
الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ آیت مذکورہ کو آب ریحان سے طشت روئین
یا مس مین لکھے اور پانی ریزہ سے کہ وہ ریزہ وقت عشا کے تا صبح پانی مین تر کیا گیا ہو دھووے
بعدہ وہ پانی اندر مکان کے کہ جہان کیک و پشہ بہت ہون چھڑکے کہ سب مرجاوین اور
دفع ہون اور اس مین اسرار بہت ہین کہ لَا تُعَدُّ وَلَا تُحْصٰی وَلَا عَیْنٌ رَاَتْ وَلَا اُذُنٌ
سَمِعَتْ وَاللّٰہُ اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ **دیگر** اگر سگ یعنی کتا واسطے کاٹنے کے حملہ کرکے آوے
تو اوسوقت اوسکی طرف تھوک دے یعنی لعاب دہن اوسکی طرف ڈالے انشاء اللہ تعالی اوسکو
ہرگز نہ کاٹے گا بلکہ خاموش بھی ہو جاویگا فقیر نے اسکا بارہا آزمودہ کیا ہے **دیگر واسطے**
محافظت کھیت کے اگر کسی کے کھیت مین گیدڑ یا ہرن یا اور کوئی چیز زیادہ نقصان
کرتے ہون تو چاہیے کہ چار ٹکڑے کاغذ پر یہ آیت لکھے صُمٌّ بُکْمٌ عُمْیٌ فَھُمْ لَا یَرْجِعُوْنَ اور
ایک ٹکڑا کاغذ کا تعویذ کرکے چارون کلھیا مین مٹی کی رکھکر اوپر سے بند کرے اور چارون کلھیان یعنے

یعنی چارون آبخورون کو چارون کھیت کے کونون مین دفن کرے اور پانچوین آبخورے مین نام اوس جانور کا کاغذ مین لکھکر کہ جو جانور کھیت مین زیادہ آتا ہو اور نقصان کرتا ہو آبخورہ مین بند کرکے بیچ مین کھیت کے اوس آبخورہ کو گاڑ دے اوس کھیت مین وہ جانور کہ جسکا نام آبخورہ مین لکھا گیا ہے پھر کبھی نہ آئیگا انشاء اللہ تعالے **ایضاً واسطے کاٹنے سگ دیوانہ کے** جس کسیکو دیوانہ سگ کاٹے تو ہر روز چالیس دن تک ایک روٹی کے ٹکڑے پر اس آیت کو لکھکر کھا جایا کرے تو اوس کے شر سے مقر امن مین رہیگا آیت یہ ہے اِنَّھُمْ یَکِیْدُوْنَ کَیْدًا وَّاَکِیْدُ کَیْدًا فَمَھِّلِ الْکَافِرِیْنَ اَمْھِلْھُمْ رُوَیْدًا **دیگر واسطے دفع شیطان اور جن کے جو گھر مین پتھر ڈالتا ہو** اگر کسی مکان پر جن کا اثر ہووے تو اوس مکان مین اس پانی کو چھڑک دیوے تو اوس مکان سے وہ جاتا رہیگا سورۂ فاتحہ اور آیۃ الکرسی اور پنج آیت اور سورۂ جن پانی پر پڑھے **دیگر** اگر کوئی جن یا شیطان کسی کے گھر مین پتھر پھینکتا ہووے تو چار کیلین لوہے کی لیکر اس آیت کو پڑھکر چارون طرف گھر کے گاڑ دیوے تو پھر پتھر آنے موقوف ہو جاوین گے مگر ایک کیل پر پچیس پچیس بار پڑھے وہ آیت یہ ہے اِنَّھُمْ یَکِیْدُوْنَ کَیْدًا وَّاَکِیْدُ کَیْدًا **دیگر واسطے دفع نقصان کے** اگر کسی کا کچھ نقصان ہو جاوے تو یہ کلمات کہے حق تعالے اوسکے بدلے مین اوس سے بہتر چیز دیویگا دعا یہ ہے اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ اَللّٰھُمَّ اْجُرْنِیْ فِیْ مُصِیْبَتِیْ وَاَخْلِفْ لِیْ خَیْرًا مِّنْھَا ابو سلمہ کہ پہلا خاوند ہے ام سلمہ کا جب وہ انتقال کر گیا تو حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے ام سلمہ کو یہ دعا سکھائی اور فرمایا کہ جس کسیکا نقصان ہووے اور وہ اس دعا کو پڑھے حق تعالے اوسکے عوض بہتر چیز اوسکو دیویگا ام سلمہ کہتی ہین کہ مین اپنے دل مین کہتی تھی کہ ابو سلمہ سے بہتر مجکو خاوند کون ملیگا پس چند روز کے بعد رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھسے نکاح کر لیا سو اوسوقت مین نے جانا کہ یہ اوسکی برکت سے ہے اور اوسکا اثر ظہور ہوا **دیگر واسطے کاٹنے سانپ کے** مسلم نے روایت کی ہے ابو سعید خدری سے کہ چند

صحابہ ایک مکان پر گئے تھے اتفاقاً اوس مکان کے سردار کو ایک سانپ کاٹ گیا تھا اون لوگون نے اونسے علاج کے واسطے کہا اونھون نے کہا کہ اگر تمہارا صاحب اچھا ہو جاوے تو تم ہمکو کیا دوگے غرض کہ ایک گلہ بکریون کا اونسے مقرر ٹھہرا اور بعضی روایت مین آیا ہی کہ سب تیس بکریان تھین آخر اون صحابیون سے ایک شخص نے جاکر سورۂ فاتحہ کو پڑھکر اوسپر دم کر دیا اوسی وقت وہ سردار اچھا ہو گیا پھر صحابہ نے آنکر حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سے یہ قصہ تمام بیان کیا حضرت نے فرمایا تمنے خوب کیا لیکن کیونکر جانا کہ یہ سورہ منتر ہے پھر فرمایا کہ ان بکریون کو آپس مین تقسیم کرو اور ایک حصہ ہمارا بھی اوس مین مقرر کرو مگر اوس مین شرط یہ ہے کہ ایک تو حرام چیز سے علاج نکرے دوسرے فریب کرے دیگر **کاٹنا عقرب کا** روایت ہے عبداللہ بن مسعود سے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی اونگلی مین نماز پڑھنے مین ایک بچھو نے ڈنک مارا پس جبکہ آپنے نماز سے فراغت پائی تو فرمایا کہ لعنت کرے اللہ بچھو کو کہ نہ نبی کو چھوڑے نہ کسی دوسرے کو بعد اوس کے مین سے پھر ایک برتن مین نمک پانی مین گھولکر اونگلی اوس مین رکھہ دی پھر قل ہو اللہ اور معوذتین کو پڑھنا شروع کیا یہانتک کہ درد جاتا رہا اور بعضی روایت مین اسکا علاج سورۂ فاتحہ کا پڑھنا بھی سات بار آیا ہی اور بعضی حدیث مین آیا ہے کہ قل ہو اللہ اور معوذتین واسطے اس علاج وغیرہ کے بہت مؤثر ہین دیگر واسطے **دفع وبا کے** حدیثون مین آیا ہے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے کہ طاعون ایک عذاب ہی کہ بھیجا گیا ہے اوپر گروہ بنی اسرائیل کے اور اوپر اونکے جو تم سے پہلے تھے پھر سنو تم جسوقت اس بیماری کو کہ کسی زمین پر ہے پس نہ داخل ہو اوس مین مین جو واقع ہو اوسی زمین مین کہ جس مین تم ہو پس نکل جاؤ اوس ملک سے بھاگ کر طاعون سے مراد اس جگہ وبا ہے کہ صراط المستقیم مین لکھا ہی حاصل اس حدیث کا یہ ہی کہ وبا بھی ایک طرح کا عذاب ہے کہ حق تعالیٰ جلشانہٗ گناہون کے سبب سے اس عذاب کو بھیجا کرتا ہی سو جس شہر مین تم سنو کہ وہان وبا ہے قصد نکرو جانیکا کیونکہ قصداً اپنے کو

واسطے دفع زہر بچھو کے ۱۲

واسطے دفع وبا کے ۱۲

ہلاکت مین ڈالنا درست نہین ہی اور اگر اوس شہر مین طاعون آوے جس مین تم ہو تو اوس شہر سے بھاگو بھی نہین کیونکہ تقدیر الٰہی سے بھاگنا بھی خوب نہین ہی بلکہ بعضی حدیث مین آیا ہی کہ طاعون شہادت ہے واسطے ہر مسلمان کے **اسناد ناد علی مع ترکیب کے**

نَادِ عَلِیًّا مَظْهَرَ الْعَجَائِبِ + تَجِدْهُ عَوْنًا لَكَ فِي النَّوَائِبِ + كُلُّ هَمٍّ وَغَمٍّ سَيَنْجَلِي بِنُبُوَّتِكَ يَا مُحَمَّدُ وَبِوِلَايَتِكَ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ جو کوئی گرفتار اعدا ہو سات بار اسکو پڑھکر طرف اوسکے پھونکے وہ مقہور ہونگے اور جو کسی کو کسی سے خوف ہو ہر روز سات بار پڑھے وہ آدمی مقہور ہونگے اور جو کسی نے کسی پر سحر کیا ہو اور خلاص نہوتا ہو تو سات بار اوپر پانی کے پڑھے اور اوس پانی سے غسل کراوے سحر باطل ہوجاوے اور اگر کسیکو زہر دیا ہو مشک و زعفران سے آوند چینی مین لکھے اور دھوکر پلاوے صحت پاوے اول بارہ بار اوپر پانی کے پڑھے اور پلاوے اور واسطے تحصیل علوم کے نماز پیشین مین ستر بار پڑھے البتہ فہم و یاد داشت کامل ہو **خاصیت** یہ کہ واسطے دریافت دولت کے ہر روز سولہ بار پڑھے البتہ دلست تنگ نہو اور واسطے رفعت درجات اور قبول سلطان کے سات روز ہر روز سو بار پڑھے اور **خاصیت** یہ کہ واسطے بغض و اختلاف و عداوت درمیان دو آدمیون کے تین روز ہر روز پینتیس بار پڑھے اور واسطے محو ہونے عدو کے سات روز ہر روز سو بار پڑھے اور واسطے شجاعت و دفع جن بیس روز ہر روز پچاس بار پڑھے اور واسطے شفاے بیار سخت کے کہ اطبا اوسکے معالجہ سے عاجز آوین ستر بار اوپر پانی باران کے پڑھکر بیمار کو دیوے البتہ شفا پاوے واسطے ذلت اعدا و دفع اونکے چھ روز ہر روز ستر بار پڑھے اور واسطے حسد حاسدان و طغیان کے دس روز ہر روز ہزار نوبت توشہ دشمن سے بیخوف ہو **خاصیت** حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے کہ جس کسی کو کوئی مہم درپیش ہو چالیس روز ہر روز چھیاسٹھ بار پڑھے مہمات اوسکے ... آوین چاہیے کہ اعتقاد صادق ہو تا کہ پڑھنے ان کلمات شریفہ سے مستفیض ہو واللہ اعلم اور نواھی ناد علی کا بہت ہے اور اگر کوئی بیمار ہو اور

(حاشیہ:) اسکو ناد علی بھی کہتے ہیں

اوسکے علاج سے عاجز آوین سات بار اوپر باران کے پڑھکر دیوے صحت پاوے اور واسطے
دفع جن کے پندرہ مرتبہ اوپر پانی کے پڑھکر اوسکے منہ پر ڈالے اور جو کوئی کسیکے غم مین گرفتار
ہو ہزار مرتبہ پڑھے غم اوسکا خوشی کے ساتھ مبدل ہو اور جو کوئی آگے بادشاہ کے خشمناک جاوے
تین مرتبہ اوسکے کان مین پڑھے خشم اور غصہ اوسکا برطرف ہو اور جو کوئی اول ساعت جمعہ مین تنیالیس
بار پڑھے اور جسکے ساتھ بات کرے وہ اوسکا محب ہو اگرچہ دشمن اوسکا ہو اور جس کسیکو کسی جگہ بھیجے
تین مرتبہ اوسکے کان مین پڑھکر بھیجے مقبول ہو اور اگر کوئی ساتھ تہمت کے متہم ہو اگر صبح کے
وقت چالیس بار پڑھے اور اپنے اوپر دم کرے تہمت اوس سے دفع ہو اور جس کسیکو خواب نہین آتا
ہو پہلے نماز سے پچیس بار پڑھکر اپنے اوپر دم کرے اوسکو خواب خوش آوے اور جس کسیکو آرزو غنی
ہونے کی ہو تو ہر صبح کو پہلے کام کرنے سے اکانوے مرتبہ پڑھے غنی ہو اور واسطے فرید دولت و حشمت
کے ہر روز پانچسو بار پڑھے محتشم و مکرم ہو اور جو چاہے کہ دشمن کو مطیع و فرمانبردار کرے تو ستر روز
ہر روز اٹھارہ بار پڑھے دشمن مطیع و فرمانبردار ہو اور بوقت حاجت کے دوگانہ گذار کر ستر بار پڑھے
حاجت اوسکی بر آوے اور دشمنون کی آنکھ مین محبوب نظر آوے اور واسطے باندھنے زبان دشمن کے ہر روز
دس بار پڑھے زبان دشمن کی بندھے اور واسطے انجام مقاصد بعد سلام ہر نماز کے چونتیس بار پڑھا
کرے مرادات اوسکی کل حاصل ہون اور جو کوئی چاہے کہ دیدار سرور کائنات سے مشرف ہووے
ہزار بار ہر شب کو پڑھکر سویا کرے دولت دیدار سے مشرف ہووے اور واسطے کشادہ ہونے دروازے
دولت کے ستر روز ہر روز پانچسو بار پڑھے ابواب دولت اوسپر کھلین اور واسطے محبوس کے ایک ہفتہ
ہر روز ایکسو ساٹھ مرتبہ پڑھے عزیز ولہا ہووے اور واسطے فرید دولت کے ہر روز سولہ بار پڑھے دروازہ
دولت کا کشادہ ہو اور واسطے درجات و قبول سلطانی کے چھ روز ہر روز سو مرتبہ پڑھے دل
سلاطین مین قبولیت پاوے اور واسطے بر آنے حاجات و مرادات کے پہلے غسل کرے اور جائے
نمازی بچھاوے بعد اذان چار رکعت نماز ساتھ اوس نیت کے ادا کرے اول شب آدینہ کو ادا کرے
رکعت اول مین بعد فاتحہ سے سو بار أُفَوِّضُ أَمْرِي إِلَى اللّٰهِ إِنَّ اللّٰهَ بَصِيرٌۢ بِالْعِبَادِ اور رکعت

دوم مین بعد فاتحہ کے سو بار کہے نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَفَتْحٌ قَرِيْبٌ اور رکعت سوم مین بعد فاتحہ کے سو بار لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ اور رکعت چہارم مین بعد فاتحہ کے سو بار غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ کہکر سر سجدہ مین رکھے اور سو بار کہے اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ ہنوز سر سجدیسے نہ اوٹھاوے کہ مرادات اوسکی آغوش مین اوسکی آوینگی اور جو کوئی چاہے کہ فراخی رزق کی ہووے تو بعد نماز عشا کے بارہ رکعت نماز گزارے اور ہر رکعت مین بعد فاتحہ کے سورہ اخلاص تین مرتبہ پڑھے اور بعد سلام کے ستر بار کلمۂ تمجید پڑھے برکت اوسکی سے دروازہ رزق کے اوسپر کہلین اور جو کوئی حاجت رکھتا ہو اس اسم کو چالیس بار پڑھے اور درمیان پڑھنے کے بات نہ کرے اور سو ہی بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ والیہون والمبداجت اربعون ارستون ارتقون ارکسون بسم اللہ الرحمن الرحیم الحمد للہ الذی افاض الارواح من الهمم اخرج الوجود من العدام والصلوٰة والسلام علی سیدنا المؤید المحترم واله و اصحابہ اجمعین امابعد یہ رسالہ ہے ملا ہوا اور بعضے خواص اسرار الٰہی کے یہ کلمات کہ مطلع تکین جبرئیل امین علیہ السلام سے صادر ہوئی اور وہ کلمات یہ ہین نَادِ عَلِيًّا مَظْهَرَ الْعَجَائِبِ تجدہ عونا لك فی النوائب کل ھم وغم سینجلی بنبوتك یا محمد بولایتك یا علی یا علی یا علی اور سبب نزول ان کلمات کا یہ تھا کہ غزوۂ احد مین جو لشکر اسلام نے شکست پائی اور حضرت پیغمبر علیہ افضل الصلوٰۃ نے جبرئیل علیہ السلام نے سوال کیا کہ علی اسوقت ہمارے پاس ہوجر کہا اچھا پس حضرت نے نقاب کرکے فرمایا کل هم وغم سینجلی بنبوتك یا محمد بولایتك یا علی یا علی یا علی ہنوز تین مرتبہ تمام نہوا تھا کہ حضرت امیر المومنین علی کرم اللہ وجہہ حاضر ہوئی اور لشکر کفار پر محاربہ کیا بعضے قتل ہوئے بعضونے منہہ ساتھ ہزیمت کے رکھا اور لشکر اسلام نے کفارونسے غنیمت بہت پائی اوران کلمات اشہر مین روایتین مظہرا لعجائب ہیم و لاکا ہے برین تقدیر معنی یہ ہون کہ ای محمد بلا علی کو کہ وہ محل ظہور عجائب کہ وہ آثار قدرت حق کا ہی اور دیگر روایت مین مظہر بضم میم و کسر ہا معنی یہ ہون کہ ای محمد بلا علی کو کہ وہ دکھانیوالا اور ظاہر کرنیوالا

عجائب اور غرائب کا ہی اور یہ کلمات شریفہ مرکب اٹھارہ حروف سے ہین ت آ د ع ل ی م ة ہ ر ج ب ت و گ ق ع س اور یہ اٹھارہ کلمہ کہ گنے جاتے ہین نون نبوت الف الوہیت دال دیانت عین علوم کا لام ہے لطف ی ید البیضہ میم ملک ظ ظہوہ ہو تیہ رے ربوبیت جیم جمعیت بے برکت تے توکل داو ولایت کاف کل ف فردانیہ غین غنا سین سلامت کا اور ان کلمات مین تابات نظم مبارک اوسکا خزان مرکب ہوا ہی دس حروف ہین ش خ ح ز ذ س ص ض ط ق اور یہ دس حرف حروف ہنیرده گانہ مذکور سے باہر آتے ہین کیا نصف مین ثے اور نصف دو عشرون اوسکے حے اور نصف اور خمس اوسکے ذال اور نصف دال حا اور عشرون عین اور ثلث ظا اور سین اور عشرا وسکے صاد اور ضرب جیم سے سے نقش اوسکے ط حاصل ہوتا ہی مگر قاف ان حروف مذکورہ سے اور تضعیف نون اور تنصیف ری و تسبیع ظا اور مین سے باہر آتے ہین پس مجموع خواص حروف کا بیچ ان کلمات نادعلیا کے استخراج کئی جاتے ہین جو موافق فراج کے اور ابتلان حروف تعطی یا نعطی خواص کی خواص بے نہایت و بیشمار رکھی اور جو کہ تمام علما اس علم سے اکتالیس خاصیت رکھی خاصیت اول جو کوئی درمیان جماعت کے گرفتار ہوا ہو سات مرتبہ اوپر خاک کے پڑھکر طرف اونکی پھونکی ساتھ درست اعتقاد کے بامراللہ تعالی کوئی اوسپر زور نہ پہونچا سکے خاصیت دوسری جو کسیکو کسی دشمن سے خوف ہوا ہو ساتھ پڑھنے ان کلمات کے موافقت کرے ہر روز ہتر مرتبہ پڑھے جلدی مقہور ہووین بامراللہ تعالی خاصیت تیسری اگر کسی پر جادو کیا گیا ہو اور اور کسی طرح وہ خلاص نہین ہوتا ہو ان کلمات کو سات بار اوپر آب چاہ کے پڑھکر اوس پانی سے غسل کرے اور وہی پانی پیوے سحر باطل ہو خاصیت چوتھی جو کسیکو زہر دیا گیا ہو ان کلمات کو اوپر آب باران کے پڑھے اور اوسکو پلاوے شفا پاوے چاہیے کہ ان کلمات کو مشک و زعفران کاسہ چینی مین لکھے اور پانی سے دہووے اور بارہ مرتبہ اوسپر پڑھے اور اوسکو دیوے کہ وہ پیوے زہر اوسسے جاتا رہے خاصیت پنجم اگر کوئی بیمار ہوا ہو اور اطبا اوسکے علاج سے عاجز آوین ستتر بار ان کلمات کو اوسکی اوپر پڑھے اور پلاوے البتہ شفا پاوے خاصیت ششم اگر کسیکو مہم دشوار درپیش آوے

ہزار بار اوپر اوس بیت کے پڑھے غم ساتھ فرح کے مبدل ہوا اور ہم موجب دلخواہ بر آوی خاصیت ہفتم
اگر بادشاہ اوپر کسی کے غضب کرے اور وہ آدمی اوس سے ڈرے تو وہ آدمی ستر بار پڑھے اور جس وقت
کہ بادشاہ کے پاس پہونچے تین بار آہستہ پڑھے غصہ بادشاہ کا مبدل ہوا اور عنایت ہووے خاصیت
ہشتم اگر کوئی کسی رسول کو بھیجے اور چاہے کہ مقبول ہو بہتر مرتبہ پڑھے مہم اوسکی درست ہووے
خاصیت نہم جو کوئی اول دن جمعہ کے سینتالیس بار پڑھے اور جس سے کلام کرے محب اوسکا
ہوا اگرچہ دشمن بھی اوسکا ہو خاصیت دہم اگر کوئی کسی تہمت مین گرفتار ہو ہر صبح چالیس بار
پڑھے تہمت اوس سے دفع اور خلائق اوس سے نیکی کے ساتھ زبان کھولے خاصیت یازدہم
واسطے دفع بیخوابی کے پہلے نماز جمعہ سے پچیس بار پڑھے بیخوابی اوس سے دفع ہو خاصیت دوازدہم
واسطے ثروت و غنا کے ہر صبح پہلے کلام کرنے سے اکانوے بار پڑھے غنی اور بے نیاز ہو خاصیت سیزدہم
واسطے ازدیاد دولت اور حشمت کے ہر روز پانسو مرتبہ پڑھے محتشم و محترم ہو خاصیت چاردہم واسطے
انقیاد عدو کے ہر روز ایکسو اٹھارہ مرتبہ پڑھے البتہ اعدا دوست ہووین خاصیت پانزدہم
واسطے اخفای اپنے کے بوقت حاجت ستر بار پڑھے آنکھ دشمن مین محجوب ہو خاصیت شانزدہم
واسطے زبان بندی دشمن کے دس روز دس مرتبہ ہر روز پڑھا کرے زبان اعدا کی بند ہوا اور اوسکے
اوپر بدی کرنا چاہے خاصیت ہفدہم واسطے برآنے مہمات کے ہر روز چوبیس مرتبہ پڑھے
بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَا وَہَّابُ نَادِ عَلِیًّا مہمات اور مرادات اوسکی کل حاصل ہون
خاصیت ہیجدہم واسطے شفاء مریض و مرضہائے مزمنہ کے دس روز ہر روز ستر بار پڑھے
البتہ شفا پاوے خاصیت نوزدہم واسطے چشم زخم و عقدۃ اللسان کے تیس روز بیس بار
ہر روز پڑھے چشم زخم و زبان حاسدان سے بیخوف ہو خاصیت بستم واسطے کشف کنوز کے ہر روز
ستر بار چالیس روز تک پڑھے خاصیت بست و یکم واسطے رویت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے
وقت شام سات شب ہر شب کو تین ہزار بار پڑھے البتہ رویت حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی
نائل ہو خاصیت بست و دوم واسطے نفاذ حکم کے جسقدر ہوسکے پڑھے حکم جاری ہو خاصیت

بست وسوم کفایت مہمات و برآنے حاجات اور تمام اونکی کے ہر روز پندرہ بار پڑھو کلی مہمات
بحسب مراد حاصل ہو خاصیت بست و چہارم واسطے قتل اعدا و دفع اونکے سات روز ہر
روز ستر بار پڑھے واسطے اطفاے حرارت و تسکین خاطر و دفع مہمات ساتھ اس عدد کے
پڑھے اور واسطے جذب رطوبت اور حفظ قوی و تقویت چشم ساتھ ان عدد کے پڑھے اگر حروف ان
کلمات کے اکثر واسطے تسخیرات خلق اللہ کے ستتر مرتبہ ہر شب جمعہ کو بوقت آدھی شب کے دو رکعت
نماز نفل شکرانہ کی گزار کے پڑھے امید کہ خلق بہت معتقد ہووین اور واسطے دفع جادو کے
ناد علی کے عدد نکال کر خانہ مثلث بھرے اور اوسکو سر بین رکھے امید کہ کوئی سحر اثر نہ کرے
انشاء اللہ تعالیٰ جو کوئی اس مین شک لاوے کافر ہو تمام شد رسالہ خواص ناد علی

باب دوازدہم واسطے دریافت کرنے حال محبت اور قبولیت اور جذب قلوب اور غالب
کرنے طرف محبت کے اور نیک آنے محبت درمیان زوجین کے واسطے دریافت کرنے حال
محبت اور قبول قول کے فرمایا اللہ تعالیٰ نے وَاعْتَصِمُوا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيعًا وَلَا تَفَرَّقُوا وَا
ذْكُرُوا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ إِذْ كُنْتُمْ أَعْدَاءً فَأَلَّفَ بَيْنَ قُلُوبِكُمْ فَأَصْبَحْتُمْ بِنِعْمَتِهِ
إِخْوَانًا وَكُنْتُمْ عَلَىٰ شَفَا حُفْرَةٍ مِنَ النَّارِ فَأَنْقَذَكُمْ مِنْهَا كَذَٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ
لَكُمْ آيَاتِهِ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُونَ وَلْتَكُنْ مِنْكُمْ أُمَّةٌ يَدْعُونَ إِلَى الْخَيْرِ وَيَأْمُرُونَ
بِالْمَعْرُوفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَأُولَٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ آیات مذکورہ کو آب باران
و زعفران سے ورق پوست آہو برہ پر روز دوشنبہ اور ماہ بڑھنے پر ہو لکھو اور آخر مین یون لفظ
مین فلان بن فلان مع نام اوسکی مادر کے لکھے اور اسی طرح اول نام اپنا مع نام باپ ماں کے بعدہ
مطلوب کا نام مع نام اوسکے ماں باپ کے لکھے اور اپنے پاس رکھے تو صلح کرنے دشمنی اور بغض اوسکی
کو اور جو کچھ یہ کہے وہ قبول کرے قول اوسکا اور دل پر اثر محبت کا زیادہ پیدا ہو بفضل اللہ
تعالیٰ ایضاً واسطے پانے قبولیت اور محبت اور ہیبت کے دل آدمیون مین فرمایا اللہ تعالیٰ
نے فَالِقُ الْإِصْبَاحِ وَجَعَلَ اللَّيْلَ سَكَنًا وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ حُسْبَانًا ذَٰلِكَ تَقْدِيرُ

الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ۝ وَهُوَ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ النُّجُوْمَ لِتَهْتَدُوْا بِهَا فِيْ ظُلُمَاتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ قَدْ فَصَّلْنَا الْاٰيَاتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ۝ روز جمعہ ساعت سوم مین آیات مذکورہ کو نگینہ سنگ لاجورد مین کہ ہندی مین اوسکو راونہ کہتے ہین نقش کرے عین آیات و یا ہندسہ و عدد الف جمع لکھے کوئی چیز کا فروگذاشت نکرے اور وقف کرے بیچ مربع کرنے تمام انگشتری سنگ مذکورہ کی بنا دیے اور اپنے پاس رکھے حاجت اوسکی روا ہو اور قبولیت و محبت و ہیبت آنکھ مردمان مین ہووے بعظمۃ اللہ تعالیٰ ایضاً واسطے پیدا ہونے صلح گمراہون کے اور میسر آنے وصل اوسکا اور دور کرنا نفرت و دغل کا فرمایا اللہ تعالیٰ نے وَنَزَعْنَا مَا فِيْ صُدُوْرِهِمْ مِّنْ غِلٍّ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهِمُ الْاَنْهَارُ وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ هَدٰنَا لِهٰذَا وَمَا كُنَّا لِنَهْتَدِيَ لَوْلَا اَنْ هَدٰنَا اللّٰهُ لَقَدْ جَاءَتْ رُسُلُ رَبِّنَا بِالْحَقِّ وَنُوْدُوْا اَنْ تِلْكُمُ الْجَنَّةُ اُوْرِثْتُمُوْهَا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝ آیات مذکورہ کو قلم فارغ یعنی خشک قلم سے لکھے اور قلم مذکور کے فارسی یعنی تل سے ہووے اوپر کالمائی شیرینی کے لکھے اور گروہ متعاضیہ کو کھلاوے بمجرد کھانے شیرینی کے ہر ایک دوستدار ہو جاوین اور اگر بنام ایک کی ہو تو ایک پر کالمہ پر لکھے اور کھلاوے تا فرمانبردار رہے اور دوستدار ہو وصل قبول کرے اور جو شیرینی موجود نہ ہو اوپر خرما و انجیر کے لکھے اور ہر ایک کو ایک ایک کھلاوے مطیع ہو مجرب ہے ایضاً واسطے قبولیت اور محبت کے دل مردمان مین فرمایا اللہ تعالیٰ نے يُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّطْفِـُٔوْا نُوْرَ اللّٰهِ بِاَفْوَاهِهِمْ وَيَاْبَى اللّٰهُ اِلَّآ اَنْ يُّتِمَّ نُوْرَهٗ وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ ۝ هُوَ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَدِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ ۝ آیات مذکورہ کو پیالہ آبگینہ نو پاک و لطیف جلادار مین زعفران گلاب مشک سے لکھے اور دود عود و عنبر سے معطر کرے اور دھووے روغن چنبیلی سے اور نگاہ رکھے وقت حاجت ایک نقطہ اوسمین سے دہنا دونون ابرو اپنے کے رکھے اور تجربہ کرے قبولیت و محبت دل مردمان مین ظاہر آوے اور جو اوسکو دیکھے دوستدار ہووے اور جو آیت مذکورہ کو پوست آہو برہ مین زعفران گلاب سے لکھے اور عود و عنبر مین دھونی دیکر اپنے

بازو ہو دستِ راست پر باندھے قبولیت و محبت دل مردان اور زنان مین پیدا ہو اور جذب قلوب ہووے اور یہ عجائب و غیرہ سے ہے ایضًا واسطے شفقت اور کشتن دل گرایان و بدخواہان و رجذب قلوب اونکے کے فرمایا اللہ تعالیٰ نے فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ہُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ آیت مذکورہ کو وقت نیم شب جمعہ اور ہر جمعہ کو اگر شروع ماہ سے ہو تو بہتر ہے تین مرتبہ پڑھے اور بعد پڑھنے ہر دفعہ کے یہ بھی پڑھے اَنْتَ یَا رَبِّ حَسْبِیْ عَلٰی فُلَانِ بْنِ فُلَانَۃٍ اَعْطِنِ عَلَیَّ وَاَقْبِلْ لِیْ دوستدار ہووین اور شفقت کرین اور بداندیشی سے باز آوین بکرم اللہ تعالیٰ ایضًا واسطے قبولیت اور ملازمت ملوک و سلاطین و دیگر مردمان کے فرمایا اللہ تعالیٰ نے وَلَقَدْ جَعَلْنَا فِی السَّمَآءِ بُرُوْجًا وَّزَیَّنّٰہَا لِلنّٰظِرِیْنَ وَحَفِظْنٰہَا مِنْ کُلِّ شَیْطٰنٍ رَّجِیْمٍ آیت مذکورہ کو نقش کرے اوپر نگینہ انگشتری کے اور نگینہ کسی قسم کا ہو مگر آیات یا ہندسہ اور وقف کرے مربع یا آیات مذکورہ کو ورق پوست آہو برہ مین لکھے اور بازو راست مین باندھے یا انگشتری ہاتھ سیدھے مین پہنے قبولیت قول اور ملازمت ملوک و سلاطین کی حاصل ہو اور مردمان اور زنان کو دکان اوسکے دوستدار ہون ایضًا واسطے قبولیت نزدیک ملوک و سلطان و علو مرتبہ کے فرمایا اللہ تعالیٰ نے وَاذْکُرْ فِی الْکِتٰبِ اِدْرِیْسَ اِنَّہٗ کَانَ صِدِّیْقًا نَّبِیًّا وَّرَفَعْنٰہُ مَکَانًا عَلِیًّا اور جو کوئی چاہے علو مرتبہ اور قبولیت نزدیک سلطان و ملوک کے آیت مذکورہ کو کاغذ زرد مین لکھے اور کسی چیز مین لپیٹے اور موم و زیرہ کندر و یکجا کرکے اول دھونی دیکر پھر لپیٹ کر بازوی راست پر باندھے انشاء اللہ تعالیٰ اوپر مطلوب و رامول انکے ہوئے ایضًا واسطے حاصل ہونے مرتبہ و محنت و فرمانبردار ہونیکے فرمایا اللہ تعالیٰ نے طٰہٰ مَآ اَنْزَلْنَا عَلَیْکَ الْقُرْاٰنَ لِتَشْقٰی اِلَّا تَذْکِرَۃً لِّمَنْ یَّخْشٰی تَنْزِیْلًا مِّمَّنْ خَلَقَ الْاَرْضَ وَالسَّمٰوٰتِ الْعُلٰی اَلرَّحْمٰنُ عَلَی الْعَرْشِ اسْتَوٰی لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ وَمَا بَیْنَہُمَا وَمَا تَحْتَ الثَّرٰی وَاِنْ تَجْہَرْ بِالْقَوْلِ فَاِنَّہٗ یَعْلَمُ السِّرَّ وَاَخْفٰی اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ہُوَ لَہُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی آیت مذکورہ کو ظرف سنگ مرمر یا چینی بلور مین مشک و زعفران و گلاب

واسطے قبولیت اور دوستی سلاطین

واسطے حاصل ہونے محبت اور مرتبہ اور فرمانبردار ہونیکے

سے لکھے اور روغن چنبیلی سے دھووے اور مقدار عنبر و کافور ملا کر خوشبو کرے اور اوس نگاہ رکھے پھر اوس سے
ہر دو ابرو مین مسح کیا کرے قبولیت و رتبہ و ہیبت ہو اور سبا و سکو دوست اور ہر دل عزیز رکھین
مجرب ہے ایضاً واسطے قبولیت و ہیبت آنکھہ مردمان کے فرمایا اللہ تعالیٰ نے وَلَقَدْ خَلَقْنَا
الْإِنسَانَ مِن سُلَالَةٍ مِّن طِينٍ ۝ ثُمَّ جَعَلْنَاهُ نُطْفَةً فِي قَرَارٍ مَّكِينٍ ۝ ثُمَّ خَلَقْنَا النُّطْفَةَ
عَلَقَةً فَخَلَقْنَا الْعَلَقَةَ مُضْغَةً فَخَلَقْنَا الْمُضْغَةَ عِظَامًا فَكَسَوْنَا الْعِظَامَ لَحْمًا ثُمَّ أَنشَأْنَاهُ خَلْقًا
آخَرَ ۚ فَتَبَارَكَ اللَّهُ أَحْسَنُ الْخَالِقِينَ آیات مذکورہ کو ٹکڑہ جامہ پاک مین بآب توت لکھہ
کر زیر دستار عورت زیر موی سر کے رکھے حاصل قبولیت اور ہیبت آدمیون کے دلمین ہو ایضاً
واسطے حاصل ہونے قبولیت اور رتبہ و طاعت آدمیون کے سورۃ الفتح مین فرمایا اللہ تعالیٰ نے
إِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِينًا ۝ لِّيَغْفِرَ لَكَ اللَّهُ مَا تَقَدَّمَ مِن ذَنبِكَ وَمَا تَأَخَّرَ وَ
يُتِمَّ نِعْمَتَهُ عَلَيْكَ وَيَهْدِيَكَ صِرَاطًا مُّسْتَقِيمًا ۝ وَيَنصُرَكَ اللَّهُ نَصْرًا عَزِيزًا ۝
هُوَ الَّذِي أَنزَلَ السَّكِينَةَ فِي قُلُوبِ الْمُؤْمِنِينَ لِيَزْدَادُوا إِيمَانًا مَّعَ إِيمَانِهِمْ
وَلِلَّهِ جُنُودُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۚ وَكَانَ اللَّهُ عَلِيمًا حَكِيمًا آیات مذکورہ کو وقت
اچھے و ساعت نیک ہو سے مین مشک زعفران گلاب سے لکھے اور نویسندہ بعد غسل کے لکھے اور زیر
کلاہ کر رکھے اور اگر کلاہ مین لکھے تو اوسکو قبولیت سعادت نصیب ہو اور اوسکی طرف سے آدمیونکے دلمین
ہیبت غالب ہووے ایضاً واسطے بخوف و خطر ہونے سلطان کی طرف سے سورۃ البلد مین فرمایا
اللہ تعالیٰ نے لَا أُقْسِمُ بِهَٰذَا الْبَلَدِ الی قوله النجدین آیات مذکورہ کو اندرزہ قبا کے لکھے
پہنے جو کوئی اوسکو دیکھے حرمت کرے اور ہیبت اوسکی غالب ہووے اور فرمانبردار ہووین اور جو بادشاہ
کے پاس جاوے تو بادشاہ اوسکو اپنے پاس طلب کرے اور حرمت اوسکی کرے حاجت روا کرے
طریق عمل اجب بقاعدہ جفر جو عدد کہ سند صحیح رکھے یہ ہے کہ تعداد نام مطلوب کے اوسکی ماں کے
نام کے ساتھہ نکلتا ہو تجھے طرح کہ عدد داخل و مقلوب مغلوب ہو ضرب کرے اور ایک جگہ پر لکھے یعنی جمع
عدد کرے اور تعداد اسم طالب مع تعداد عدد ماں اوسکی کے تجھے طرح قسمت کرے خارج قسمت اگر صحیح ہو

بہتر حاصل ضرب کو اوسکے اوپر قسمت کرے اور جو صحیح نہین ہو اور کسرہ رکھے تو خارج قسمت ثانی کو اوسکے اوپر کسرہ کے تقسیم کرے اور خارج ثالث کا نکلے اگر صحیح آوے بہتر ورنہ جو کچھ کسرہ رہے خارج ثالث کو اوپر اس کسرہ کے قسمت کرے یہانتک کہ قسمت صحیح نکل آوے جو کچھ خارج قسمت صحیح درجۂ آخر مین نکلے اوسکو ثبت صحیح جانے اور تعداد مطلوب طالب کے پاوے تعداد نام مان دونونکا اور تعداد ساعت کی نکالکر ساتھ عدد کے ثبت و صحیح ضرب کرے اور حاصل ضرب کو لوح مربع مین بھرے اگر خواص مطلوب کا آبی ہے موافق التصغیر تعداد نام مطلوب کی تو اوسیقدر مدت آب روان مین دھوکر روان کرے اور اگر خواص مطلوب کا آتشی ہی تو اوسی قدر لکھکر فتیلہ کرکے شبکو چراغ تو اور روغن زرد مین روشن کرتا رہی اور اگر بادی ہی لکھکر ہوا مین آویزان کرے اور اگر خاکی ہی خاک مین دفن کرے عجیب العمل ہے

نظر مثالا

طالب علی	مطلوب محمد
ع ل ی	م ح م د

دیگر عمل حب کا جو کوئی یہ چاہے کہ کسی شخص کو اپنی طرف رجوع کرون تو یہ نام اصحاب کہف کے لکھے اور نیچے اخیر مین الحب فلان بن فلان علی الحب فلان بن فلان یعنی فلان کی جگہ پر نام طالب کا اور بن فلان کی جگہ پر نام اوسکے باپ کا اور اپنا اور اپنے باپ کا لکھے اور اوپر بازو مطلوب کے باندھے مگر بازو داہنے ہاتھ کا ہووے الٰہی بحرمت یملیخا مکسلمینا کشفوطط تبیونس کشافطیونس اذرفطیونس یوانس بوس و کلبہم قطمیر و علی اللہ قصد السبیل ومنہا جائر ولو شاء لہدٰکم اجمعین **دربیان سوگند نام حق تعالی** کے اوپر فرشتون امین و تابعین اور ہر حرفون کے نام لکھنا عاشق و معشوق وقت لکھنے تعویذ و فتیلہ جلانے کے ہر تعویذ کہ عمل کرے چاہیے کہ نام خدای تعالی کو مدد لاوے اور موافق نام اپنے اور معشوق اور نام مان اپنے اور نام مان اوسکے جیسا کہ نام نبی آدم نام ہو جس آدمی کا کہ ہر حروف اوسکا الف ہو جیسا کہ احمد و ابراہیم پس انکو چاہیے کہ اللہ واحد کی سوگند دے اور اوس فرشتے کی کہ اوپر نام اوس الف کے مقرر ہے اوس موکل کو کہے کہ یا فلان فرشتے محبت احمد و ابراہیم فی قلب داؤد و دانیال کے ثبت کر پس حرف دال کا موافق دائم و یاد یان کے ہے اور وہ فرشتہ

عمل حب کا ۱۲

دربیان سوگند نام حق تعالی ۱۲

کہ اوپر سر حرف موافق ڈال کے موکل ہے اوسکو سوگند دیوے ساتھ ان نامون کے اور موافق
نام عاشق کہ با نام خدا کے ہو اوپر فرشتون سر حرف عاشق و معشوق کے کہے جیسا کہ اوپر الف کے
اذنغل ہے اوپر دال کے اہراطیل ہے پس ساتھ ان نامون کے سوگند دیوے یا اذنغل یا اہراطیل
بحق یا اللہ یا واحد یا اول یا دائم یا دیان محبت احمد بن مریم فی قلب داؤد بن جنبت ثابت کرو
اور فرشتے کہ اوپر بروجہاے کے موکل ہین اونکو بھی سوگند دیوے چنانچہ حرف اول الف کا برج حمل
ہے اور موکل اسکا اہراطیل ہے اور حرف دال کا برج حوت ہے موکل اسکا فقمائیل ہے اور حمل کا
ستارہ مریخ اور موکل اسکا فخراد ہے اور حوت کا ستارہ مشتری ہے موکل اسکا ہمائیل ہے ان تمام
فرشتون کو سوگند دیوے یا احب یا اذنغل یا اہراطیل یا سراطیل یا فقمائیل یا فخراد یا ہمائیل بحق یا اللہ یا
یا احد یا اول و یا دائم یا دیان محبت فلان بن فلان کی دل فلان بن فلان مین ثابت کرو
اور جو ملائک کہ بروجون پر موکل ہین اونکو بھی سوگند دے جیسا کہ حرف اول پھر کہے بحق یا اللہ یا
احد یا اول یا دائم یا دیان العجل العجل العجل العجل الساعۃ الساعۃ الساعۃ النار النار النار الوحا الوحا
الوحا الحریق الحریق الحریق الوحا الوحا الوحا طہوہا ابدالا معصوم حاجا شد ائد دیگر جاننے نام حق تعالیٰ
موافق نام اپنے سر حروف ہر آدمی کہ با نام خدا اسم با مسمیٰ ہو اور اگر نہو سر حروف دونون کے ایک ہون
جیسا کہ بیان کرتا ہون مین کہ جس آدمی کا کہ سر حرف اوسکا الف ہو جیسے احمد و ابراہیم و اسمعیل
مطابق نام یا اللہ یا احد یا اول یا آخر اور اسیطرح کے نام ہون اور جس آدمی کا کہ سر حرف اوسکا
ب ہو موافق اوسکے یا بصیر یا باسط یا باطن ہے اور جس آدمی کا کہ سر حرف ت ہو موافق اوسکے
تواب جانے اور جس آدمی کا کہ سر حرف ث ہو موافق اوسکے یا باعث ہے اور جس آدمی کا کہ سر
حرف ج ہو موافق اوسکے جبار و جلیل ہے اور جس آدمی کا کہ سر حرف ح ہو موافق اوسکے یا حی
یا حلیم یا حکیم یا حسیب ہے اور جس آدمی کا کہ سر حرف خ ہو موافق اوسکے یا خبیر یا خالق ہے اور جس آدمی کا
کہ سر حرف د ہو موافق اوسکے یا دائم یا دیان ہے اور جس آدمی کا کہ سر حرف ذ ہو موافق اوسکے یا ذوالجلال
ہے اور جس آدمی کا کہ سر حرف ر ہو موافق اوسکے یا رشید ہے اور جس آدمی کا سر حرف ز ہو موافق اوسکے

واضح باشد کہ اسم اعظم موافق نام آدمی سر حروف ہر آدمی ۱۲

یا زکی ہی اور جس آدمی کا سر حرف س ہو موافق اوسکے یا سلام یا سمیع ہی اور جس آدمی کا سر حرف
ش ہی موافق اوسکے یا شکور ہی یا شہید ہی اور جس آدمی کا سر حرف ص ہو موافق اوسکے یا صمد
یا صبور ہی اور جس آدمی کا سر حرف ض ہو موافق اوسکے یا ضار ہی اور جس آدمی کا سر حرف ط ہو
موافق اوسکے یا طاہر ہے اور جس آدمی کا سر حرف ظ ہو موافق اوسکے یا ظاہر ہی اور جس آدمی کا
سر حرف ع ہو موافق اوسکے یا علیم یا عادل یا علی یا علام ہی اور جس آدمی کا سر حرف غ ہو موافق
اوسکے یا غنی یا غفور یا غیور ہی اور جس آدمی کا کہ سر حرف ف ہو موافق اوسکے یا فتاح ہی اور جس
آدمی کا کہ سر حرف ق ہو موافق اوسکے یا قادر یا قدوس یا قیوم ہے اور جس آدمی کا کہ سر حرف
ک ہو موافق اوسکے یا کریم و یا کبیر ہے اور جس آدمی کا کہ سر حرف ل ہو موافق اوسکے یا لطیف لا الہ الا اللہ
الا ہو عالم الغیب ہے اور جس آدمی کا کہ سر حرف م ہو موافق اوسکے یا مومن یا مہیمن ہی اور جس آدمی کا
کہ سر حرف ن ہو موافق اوسکے یا نور یا نافع ہی اور جس آدمی کا کہ سر حرف و ہو موافق اوسکے
یا ودود یا واحد ہے اور جس آدمی کا کہ سر حرف ہ ہو موافق اوسکے ہو اللہ ہو الرحمن یا ہادی
یا ہود ہی اور جس آدمی کا کہ سر حرف ی ہو موافق اوسکے یحیی و یمیت دیا یا ئیل ہی اور جس کسیکا
کہ سر حرف اوسکا موافق نام خدائے تعالیٰ کے نہو جیسا کہ اوپر کتاب مین ث آیا ہی یعنی یا باعث سنا تھا
اسکے بھی عمل کرے جیسے کہ داؤد و ود و د مو و وا اگر ایک حرف نام آدمی کا درمیان نام خدا تعالیٰ سے لیے
ہوتا ہو جیسے یحییٰ یا حی ساتھ اسکے عمل کرے تو مقصد کو پہونچے انشاء اللہ تعالیٰ دیگر واسطے جاننے
نام فرشتوں موکل سر حرف نام ہر آدمی کے الف اذنغل ب جبرئیل ت عزرائیل ث
میکائیل ج کلکائیل ح ثمرکائیل خ ہمتائیل د اہرطیئل ذ حلکائیل ر اہوائیل ز
ہرفائیل س اکائیل ش شمراطیل ص افوائیل ض اعہائیل ط اسماعیل ظ کورائیل
ع لومائیل غ لوطائیل ف ہرطائیل ق عطرائیل ک مجدائیل ل طاطائیل م
ارقائیل ن محرائیل و اردائیل ہ رومائیل ی سرطائیل دیگر معلوم کرنا نام موکلات
بروجہا کا تاکہ اونکو بھی سوگند دیوے با نام خدای تعالیٰ برحمل سرطائیل ثور عزرائیل جوزا دردائیل

نود ونو نام خداے تعالےٰ

نام بمد اعراب	عدد	معنی	اسناد
یا اَللّٰہُ جمالی	چھیاسٹھ ۶۶	خدا	اسم ذات باصفات ہے جو کوئی ہزار بار ہر روز پڑھے صاحب یقین ہو اور جو کوئی سوالاکھ یا چالیس ہزار یا چالیس دن لکھے یا لکھوائے اور گولیان باندھکر دریامین بہادے خدا کی فضل سے مطلب اوسکا جلد برآوے +
یا رَحْمٰنُ جمالی ۱۱	دو سو اٹھانوے ۲۹۸	مہروالا	جو کوئی بعد نماز فجر کے پڑھے خدا اوسپر بہت رحم کرے ۔
یا رَحِیْمُ جمالی ۱۲	دو سو اٹھاون ۲۵۸	رحم والا	جو کوئی پانسو بار پڑھے اوسکو دولت ملے ۔
یا قُدُّوْسُ جمالی ۱۱	ایکسو ستر ۱۷۰	پاکی والا	جو کوئی ایکہزار بار پڑھے سب سے بے پروا ہو ۔
یا سَلَامُ جمالی ۱۱	ایکسو اکتیس ۱۳۱	سلامتی والا	جو کوئی بعد نماز فجر کے ہزار بار پڑھے علم زیادہ ہو ۔
یا مُؤْمِنُ جمالی ۱۲	ایکسو چھتیس ۱۳۶	یقین والا	جو کوئی ہر روز تیس بار پڑھے کسی سے نہ ڈرے +
یا مُهَیْمِنُ جمالی ۱۲	ایکسو پینتالیس ۱۴۵	نگہبانی والا	جو کوئی دو ہزار بار آخر شب کو پڑھے باقی رہے ۔
یا جَبَّارُ جمالی ۱۲	دو سو چھ ۲۰۶	ٹوٹیکا جوڑنیوالا	جو کوئی بعد مسبعات عشر کے اکیس بار پڑھے غمگین نہو اور شر دشمن سے امن مین رہے
یا مُتَکَبِّرُ جلالی	چھ سو باسٹھ ۶۶۲	بڑائی والا	جو کوئی وقت سونیکے اکیس بار پڑھے اوسی خواب مین ڈر نہ معلوم ہو
یا خَالِقُ جمالی ۱۲	سات سو اکتیس ۷۳۱	پیدا کرنیوالا	جو کوئی لڑائی مین تین سو نو مرتبہ پڑھے فتح پاوے ۔
یا بَارِئُ جلالی ۱۲	دو سو تیرہ ۲۱۳	بنانیوالا	جو کوئی دس بار پڑھے وقت جمعہ کے فرزند ہو ۔
یا مُصَوِّرُ جلالی	تین سو چھتیس ۳۳۶	بناؤ والا	جو کوئی اوپر سر بیمار کے پڑھے اکتالیس بار دم کرے صحت پاوے
یا قَهَّارُ جمالی ۱۲	تین سو چھ ۳۰۶	غصہ ہونیوالا	جو کوئی بوقت شام تیس بار پڑھے دشمن رد ہو ۔
یا وَهَّابُ جلالی ۱۲	چودہ ۱۴	بہت دینیوالا	جو کوئی وقت کھانے کے دس بار پڑھے کھانا ہضم ہو ۔
یا غَفُوْرُ جلالی	بارہ سو چھیاسی ۱۲۸۶	بخشنے والا	جو کوئی وقت جانیکے راہ مین نو مرتبہ پڑھے اوسپر راہ مین آسانی ہو
یا رَزَّاقُ جمالی	تین سو آٹھ ۳۰۸	رزق دینیوالا	جو کوئی وقت صبح دس بار پڑھا کرے ہر روز کشائیش رزق کی ہو
یا فَتَّاحُ جمالی ۱۲	چار سو نواسی ۴۸۹	مصیبت کھولنے والا	جو کوئی بعد نماز فجر کے ستر بار پڑھے مصیبت اور قید دور ہو ۔

نام باری تعالےٰ	عدد	معنی	اسناد
یا کبیر (جمالی)	تین سو بتیس ۲۳۲	بڑائی والا	جو کوئی اوپر زخم جلے ہوئے کے نو مرتبہ پڑھکے دم کرے صحت پاوے
یا حفیظ (جمالی)	نوسو اٹھانوے ۹۹۸	پناہ دینے والا	جو کوئی بیمار پر چالیس ہفتہ ستر مرتبہ پڑھکر دم کیا کرے اچھا ہو جاوے
یا مقیت (جلالی)	پانسو پچاس ۵۵۰	قوت دینے والا	جسکی آنکھ سرخ اور درد کرے دس بار پڑھکر دم کرے صحت ہووے
یا خبیر (جلالی)	آٹھ سو بارہ ۸۱۲	خبر دینے والا	جس عورت کو درد زہ ہو اور لڑکا نہوتا ہو لکھکر باندھے فوراً خلاص ہووے
یا جلیل (جمالی)	تہتر ۷۳	جلال والا	جو کوئی اوپر اسباب اپنے کے دس بار پڑھے چوری سے محفوظ رہے۔
یا کریم (جمالی)	دو سو ستر ۲۷۰	کرم کرنے والا	جو کوئی اوپر غلہ کے لکھکر رکھ دیوے برکت ہوگی۔
یا رقیب (جمالی)	تین سو بارہ ۳۱۲	نگہبانی کرنیوالا	جو کوئی اوپر پھوڑے کے تین بار پھونک کر دم کرے اچھا ہو جاوے
یا مجیب (جمالی)	پچپن ۵۵	اجابت کرنیوالا	جو کہ تین مرتبہ پڑھکر پھونکے درد سر دفع ہووے۔
یا واسع (جلالی)	ایکسو سینتیس ۱۳۷	پھیلانے والا	جسکو بچھو مارے وہ ستر مرتبہ پڑھکر پھونکدے زہر اثر نہ کرے
یا علیم (جمالی)	ایکسو پچاس ۱۵۰	جاننے والا	جو کوئی دس بار ہر روز پڑھے فہم و ذکا زیادہ ہو۔
یا قابض (جمالی)	نوسو تین ۹۰۳	تنگ کرنیوالا	جو کوئی بیس بار پڑھے ہر روز دشمن دفع ہوں۔
یا باسط (جلالی)	بہتر ۷۲	کشایش کرنیوالا	جو کوئی کہ چالیس بار پڑھے خلق سے بے پروا ہو۔
یا حافظ (جمالی)	نوسو نواسی ۹۸۹	نگاہ رکھنیوالا	جو کوئی پچاس بار پڑھے ہر روز ساری دشمن سے امان میں رہے
یا رافع (جمالی)	تین سو اکاون ۳۵۱	سب سے اونچا	جو کوئی بیس بار ہر روز پڑھے حاجت بر آوے۔
یا سمیع (جلالی)	ایکسو اسی ۱۸۰	سننے والا	جو کوئی اونچاس بار ہر روز پڑھے تمام آدمیوں میں عزیز و محبوب ہو
یا بصیر (جلالی)	تین سو دو ۳۰۲	دیکھنے والا	جو کوئی سات بار ہر روز وقت عصر کے پڑھے مرگ مفاجات سے نجات پاوے
یا حکم (جمالی)	اڑسٹھ ۶۸	حکم کرنیوالا	جو کوئی ہر نماز پنجگانہ میں اسی بار پڑھا کرے محتاج نہ ہو۔
یا عدل (جمالی)	ایکسو چار ۱۰۴	عدل کرنیوالا	جو کوئی وقت نماز مغرب کے ہر روز ہزار بار پڑھے ہر آفت سے نجات پاوے
یا لطیف (جلالی)	ایکسو انتیس ۱۲۹	مہربانی کرنیوالا	جو کوئی ہر روز بوقت سونے کے پچاس بار پڑھے غفلت نہووے
یا حلیم (جمالی)	اٹھتر	حلم والا	جو کوئی بعد نماز ظہر کے نو بار پڑھے تمام خلق میں معتبر رہے

نام باری تعالیٰ	عدد	معنی	اسناد
یا عظیمُ جمالی ۱۲	ایکہزار بیس ۱۰۲۰	سب سے بڑا	جو کوئی سات بار اوپر پانی کے دم کرکے طرف دشمن کی پھونکے دور ہو
یا مُمیتُ جلالی ۱۲	چارسو نوی ۴۹۰	مارنیوالا	جو کوئی سات بار پڑھکے اپنے اوپر دم کرے جادو اثر نہ کرے۔
یا حیُّ جلالی ۱۲	اٹھارہ ۱۸	زندہ ہی	جو کوئی حالت جانکنی مین سات مرتبہ پڑھکے پھونکے عذاب سے نجات پاوے
یا واحدُ جلالی	اونیس ۱۹	یکتا	جو کوئی نو دفعہ پڑھکے اوپر اپنے دم کرکے آگے حاکم کے جاوے سرخرو ہو
یا احدُ جلالی ۱۲	تیرا ۱۳	سب سے نرالا	جو کوئی ایکسو بار پڑھکر اوپر سانپ کاٹے ہوئے کے دم کرے اچھا ہو
یا صمدُ جمالی ۱۲	ایکسو چوبیس ۱۲۴	بے پروا	جو کوئی سات بار پانی پر پڑھکر پیوے درد شکم دور ہو جاوے۔
یا شکورُ جمالی	پانسو چھتیس ۵۳۶	قدر والا	جو کوئی پانچہزار بار ہر روز پڑھے قیامت کے دن درجہ اوسکا بلند ہو
یا علیُّ جلالی	ایکسو دس ۱۱۰	اونچائی والا	جو کوئی اوپر آسیب جن کے تین بار پڑھے دفع ہو۔
یا شہیدُ جمالی ۱۲	تین سو انیس ۳۱۹	ہر جگہ دیکھنے والا	جو کوئی نو مرتبہ پڑھکے اوپر بیمار کے پھونکے شفا پاوے۔
یا مجیدُ جمالی ۱۲	ستاون ۵۷	بزرگی والا	جو کوئی ہر روز چالیس بار پڑھے عمر اوسکی دراز ہوگی۔
یا باعثُ جمالی	پانسو تہتر ۵۷۳	مردوں کا جلانیوالا	جو کوئی ستر مرتبہ پڑھکے اپنے اوپر پھونکے روبرو حاکم کے جاوے تو مہربان ہو
یا ودودُ جمالی	بیس ۲۰	رحمت کرنیوالا	جو کوئی نو دفعہ پڑھے ہر روز دیو پری کے سایہ سے محفوظ رہے۔
یا وکیلُ جمالی ۱۲	چھیاسٹھ ۶۶	کام کرنیوالا	جو کوئی ہر روز وقت عصر کے سات مرتبہ پڑھے پناہ مین رہے۔
یا حقُّ جلالی ۱۲	ایکسو آٹھ ۱۰۸	سچائی والا	جو کوئی بعد نماز پنجگانہ کے چالیس مرتبہ پڑھے روزی زیادہ ہو
یا قویُّ جلالی ۱۲	ایکسو سولہ ۱۱۶	زبردست	جو کوئی پڑھکے آسیب زدہ پر پھونکے اچھا ہووے۔
یا متینُ جمالی	پانسو ۵۰۰	کام مضبوط بنانیوالا	جو کوئی وقت جماع کے پڑھے ستر مرتبہ مبارک ہو۔
یا ولیُّ جمالی	چھیالیس ۴۶	وارث خلق	جو کوئی اس اسم کو بہت پڑھے مخلوق کے بھیدون پر آگاہ ہو۔
یا حمیدُ جمالی	باسٹھ ۶۲	تعریفون والا	جو کوئی اوپر لڑکے اپنے کے دم کرے سو دفعہ عمر زیادہ ہو۔
یا محصیُ جمالی	ایکسو اڑتالیس ۱۴۸	گھیرنے والا	جو کوئی دس بار پڑھے پناہ مین رہے۔
یا مبدیُ جمالی	چھپن ۵۶	ظاہر کرنیوالا	جو کوئی بعد نماز عصر کے نو مرتبہ پڑھے تمامی خلق اوسکے خوش رہے

نام باری تعالیٰ	عدد	معنی	اسناد
یا عَفُوُّ جلالی ۱۲	۱۵۶ ایکسو چھپن	معاف کرنیوالا	جو کوئی تنہا میں بار پڑھکر تلوار پر پھونکدے تلوار اوسپر اثر نکرے
یا رَءُوْفُ جلالی	۲۸۶ دوسو چھیاسی	مہربانی کرنیوالا	جو کوئی بروز عید ستر بار پڑھے عشق خدا حاصل ہو۔
یا مالِکُ المُلْکِ جلالی ۱۲	۲۱۲ دوسو بارہ	مالک جہان کا	جو کوئی اسکی مداومت کرے تو انگر ہوجاوے۔
یا ذَا الجَلَالِ وَالاِکرام جلالی ۱۲	۱۱۰۴ ایکہزار چار	بزرگی اور بزرگی والا	بعضکے نزدیک یہ اسم اعظم ہے شخص یا ذوالجلال والاکرام بیدک الخیر و ہو
یا مُقْسِطُ جمالی	۲۰۲ دوسو دو	پیدا کرنیوالا	جو کوئی ہر روز گیارہ بار پڑھے بھوک کم ہو۔
یا مُقْسِطُ جلالی ۱۲	۲۰۹ دوسو نو	عدل والا	جو کوئی بیچ رنج کے مبتلا ہو ستر بار ہر روز پڑھے رنج سے نجات ہو
یا جامِعُ جمالی ۱۲	۱۱۴ ایکسو چودہ	سب چیز والا	جو کوئی لاکھ بار پڑھے ملائکہ خاصہ حاصل ہو۔
یا غَنِیُّ	۱۰۶۰ ایکہزار ساٹھ	بے پروا	جو کوئی لاکھ بار روز پنجشنبہ ہزار بار پڑھے دولتمند ہو۔
یا مُغْنِی جمالی ۱۲	۱۱۰۰ ایکہزار ایکسو	غنی کرنیوالا	جو کوئی وقت جماع ستر بار پڑھے امساک ہو۔
یا مَتِینُ جلالی ۱۲	۵۰۰ پانسو	استوار کا	اگر بچہ کا دودھ نہ چھوڑتا ہو یا دایہ کے دودھ میں کسی طرح کا نقصان ہو لکھکر پلادیو اور اگر اول ساعت دن یکشنبہ کے تین ہزار ساتھ عمر تو پڑھے منصب لیوے۔
یا مانِعُ جلالی ۱۲	۱۶۱ ایکسو اکسٹھ	منع کرنیوالا	جو کوئی چالیس رات نو بار ہر رات کو پڑھے بیوی کہ رکھتا ہو دل ملے
یا ضَارُّ جلالی ۱۲	۱۰۰۱ ایکہزار ایک	ضرر پہونچانیوالا	جو کوئی شب قدر میں پڑھے پانسو بار مال زیادہ ہو۔
یا نافِعُ جلالی ۱۲	۲۰۱ دوسو ایک	نفع پہونچانیوالا	جو کوئی مہینہ رجب میں پڑھے علم غیب کی باتیں اوسپر ظاہر ہوں۔
یا نُورُ جمالی ۱۲	۲۵۶ دوسو چھپن	روشنی والا	جو کوئی بعد نماز کے ننانوے بار پڑھے فائدہ پاوے۔
یا ھادِیُ جمالی ۱۲	۲۰ بیس	ہدایت کرنیوالا	خالی خاصیت آپ ہے۔
یا بَدِیعُ جمالی ۱۲	۸۶ چھیاسی	انوکھی چیز بنانیوالا	جو کوئی وقت نماز عصر کے اونچاس بار پڑھے غم میں گرفتار نہو
یا باقِی جلالی ۱۲	۱۱۳ ایکسو تیرہ	باقی رہنیوالا	جو کوئی روز شنبہ کے ایکسو بار پڑھے دشمن خراب ہو۔
یا وارِثُ جمالی ۱۲	۷۰۷ سات سو سات	میراث لینے والا	جو کوئی ہر روز صبح کو ایکسو بار پڑھے امن میں رہے۔

نام باری تعالیٰ کے	عدد	معنی	اسناد
یا رشید (جمالی)	پانسو چودہ	سیدھی راہ والا	جو کوئی کہ حاجت رکھتا ہو اکیسو ستر بار پڑھے مراد حاصل ہو۔
یا صبور (جلالی)	دو سو اٹھانوے	صبر والا	جو کوئی رنج مصیبت کی وقت تینتیس بار پڑھے اطمینان حاصل ہو۔
یا ستار (جلالی)	چھ سو اکسٹھ	چھپانیوالا	جو کوئی چھ سو اکسٹھ بار پڑھے حق تعالیٰ اوسکا ستر پوشی کرے۔

بیان اسماء سید المرسلین و خاتم النبیین محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا مع خاصیت اونکی کے

نام	عدد	معنی	اسناد
محمد صلے اللہ علیہ وسلم	بانوے	سراہا گیا	جو کوئی چار سو بار پڑھے دولت پاوے۔
احمد	ترپن	سراہا گیا	جو کوئی سو بار پڑھے اوسپر دنیا مہربان ہو۔
محمود	اٹھانوے	سراہا گیا	جو کوئی چالیس بار پڑھے ہمیشہ دولت پاوے۔
قاسم	دو سو ایک	تقسیم کرنیوالا	جو کوئی ہر روز دس بار پڑھے علم زیادہ ہو۔
عاقب	ایکسو تہتر	پیچھے والا	جو کوئی ہر روز سو بار پڑھے حاجت برآوے۔
فاتح	چار سو نواسی	کشادہ کرنیوالا	جو کوئی اس اسم کو پڑھا کرے عشق الٰہی حاصل ہو۔
خاتم	ایکہزار اکتالیس	تمام کرنیوالا	جو کوئی اتوار کو پڑھے مقصد برآوے۔
حاشر	پانسو نو	حشر کرنیوالا	جو کوئی سو بار پڑھے علم زیادہ ہو۔
ماحی	اونسٹھ	نیست کرنیوالا	جو کوئی پڑھے فائدہ ہو۔
داعی	پچاسی	بلانیوالا	جو کوئی اسم داعی کو یعنی اس اسم کا ورد کرے درود کے ساتھ خلق اوسکی مطیع ہو
سراج	دو سو چونسٹھ	روشن	جو کوئی ہر روز پڑھے بخشا جاوے۔
بشیر	پانسو بارہ	خوشخبری دینے والا	جو کوئی شام کو پڑھے غمناک نہو۔
نذیر	گیارہ سو ساٹھ	ڈرانیوالا	جو کوئی وقت ظہر کے پڑھے محتاج نہو۔

نام محمدؐ	عدد	معنی	اسناد
رسولؐ	دو سو چھیانوے ۲۹۶	بھیجا گیا	جو کوئی ہر روز سو بار پڑھے محتاج نہ ہو۔
ہادیؐ	بیس ۲۰	راہ دکھانیوالا	جو کوئی اسکی مداومت کرے امیدوار گنج ہدایت کا ہو۔
نبیؐ	باسٹھ ۶۲	خبر دینیوالا	جو کوئی ہزار بار پڑھے انکشاف اسرار الٰہی ہو۔
منتہیؐ	پانسو پانچ ۵۰۵	انتہا کرنیوالا	جو کوئی پڑھے امان مین رہے۔
مہدیؐ	اونسٹھ ۵۹	ہدایت کرنیوالا	جو کوئی بوقت کھانا کھانے کے دس بار پڑھے کھانا ہضم ہو۔
خلیلؐ	چھ سو ستر ۶۷۰	دوست	جو کوئی وقت عصر کے بیس بار پڑھے خواب ندیکھے۔
ولیؐ	چھیالیس ۴۶	مالک	جو کوئی ہزار بار پڑھے قربت تجلیات الٰہی نصیب ہو۔
حمیدؐ	باسٹھ ۶۲	نیک خصلت	جو کوئی اسکا ورد کرے تمام عادتین اوسکی نیک ہو جاوین
نصیرؐ	تین سو پچاس ۳۵۰	مددگار	جو کوئی وقت راہ چلنے کے پڑھے راہ آسانی کٹے اور ماندہ نہو
یٰسٓ	ستر ۷۰	معنی نامعلوم	جو کوئی آدھی رات کو سر برہنہ کرکے پڑھے داد ملے۔
طٰہٰ	چودہ ۱۴	معنی نامعلوم	جو کوئی وقت کپڑے پہننے کے تین بار پڑھے برکت ہو۔
مزملؐ	ایکسو سترہ ۱۱۷	جھرمٹ مارنیوالا	جو کوئی وقت مغرب کے ہر روز ہزار بار پڑھے غنی ہو۔
مدثرؐ	سات سو چوالیس ۷۴۴	لحاف لپیٹنے والا	چوالیس بار پڑھے شیطان علیہ اللعن پاس نہ آوے۔
حبیبؐ	بائیس ۲۲	دوست رکھنیوالا	جو کوئی ہزار بار پڑھے محبوب عالم ہو۔
کلیمؐ	ایکسو ۱۰۰	کلام کرنیوالا	جو کوئی ہر روز چالیس بار پڑھے صاحب دولت و اہل علم ہو۔
مصطفیٰ	دو سو انتالیس ۲۲۹	قبول کیا گیا	جو کوئی سو بار پڑھے توفیق عبادت ہووے۔
مرتضیٰ	چودہ سو پچاس ۱۴۵۰	قبول کیا گیا	جو کوئی وقت عصر کے پڑھے بلاؤن سے پناہ پاوے۔
مختارؐ	بارہ سو اکتالیس ۱۲۴۱	اختیار کیا گیا	سو بار پڑھے توفیق عبادت کی ہو۔
قائمؐ	ایکسو اکاون ۱۵۱	قائم کرنیوالا	جو کوئی ہزار بار نصف اللیل کو پڑھے پانی برسے۔
مصدقؐ	دو سو چونتیس ۲۳۴	سچا کیا گیا	جو کوئی واسطے سرخرو ہونیکے نزدیک حاکم کے اکیس بار پڑھے مفید ہو

نام محمد	عدد	معنی	اسناد
حجت	چار سو گیارہ	دلیل	جو کوئی سو بار ہر روز پڑھا کرے اجابت ظاہری و باطنی حاصل ہو
بیان	تریسٹھ	کھلا ہوا	جو کوئی چوسٹھ بار ہر روز پڑھا کرے صاحب فہم و ذکا ہووے
حافظ	نو سو نواسی	نگاہ رکھنے والا	جو کوئی ہر روز سو بار پڑھے عشق الٰہی حاصل ہووے۔
شہید	تین سو انیس	گواہی دینے والا	جو کوئی وقت مسواک کرنے کے پڑھے دانت مضبوط ہوں۔
عادل	ایک سو پانچ	عدل کرنیوالا	جو کوئی ہر روز دس بار پڑھے خلق اوسپر مہربان ہو۔
حلیم	اٹھاسی	بردبار	جو کوئی سو بار ہر روز پڑھے سب لوگ اوسکو اچھا کہیں۔
نور	دو سو چھپن	روشنی والا	جو کوئی بیچ رات کے پڑھے خواب میں نہ ڈرے۔
متین	پانسو	استوار کا	جو کوئی ذو القوة المتین ہر روز سو بار پڑھے درجہ ولی پاوے
برہان	دو سو اٹھاون	دلیل	جو کوئی گیارہ بار پڑھے صاحب مال ہو۔
مطیع	ایک سو انتیس	اطاعت کیا گیا	جو کوئی ہر روز پڑھے بخشا جاوے۔
ذاکر	نو سو اکیس	ذکر کرنیوالا	جو کوئی ہر روز پڑھے نسیان نہ ہووے۔
امین	ایک سو ایک	امانت دار	جو کوئی ہر روز اٹھیس بار پڑھے ذلیل نہ ہووے۔
کا ہے نیکی بجا ماں باپ اور انگشتری عقیق کی پہننا اور بہت کہنا ذکر خاص خدای عز وجل
کا اور کتروانا ناخن کا بروز پنجشنبہ اور پکڑنا ہاتھ نابینا کا اور پہننا نعلین کا اور جاروب دینا
مسجد و زمین اور گذارنا حج اور راستی پیشہ کرنا تجارت اور تعاہد مین اور نیک زراعت ودیگر
حدیث مین آیا ہے کہ جو کوئی انگشتری زمرد کی پہنے فقیر نہو۔ اور حدیث مین آیا ہے کہ جو کوئی انگشتری
عقیق کی پہنے اور ہمیشہ اپنے پاس رکھے ہمیشہ خوشدل وغنی ہووے ودیگر جو کوئی اس آیت کو
لکھے جو نماز جمعہ سے گھر مین آوے اور رکھے گھر یا حجرہ یا جس جگہ سکونت ہو خیر و برکت رزق مین ہو
آیت یہ ہے وَلَقَدْ مَکَّنّٰکُمْ فِی الْاَرْضِ وَجَعَلْنَا لَکُمْ فِیْہَا مَعَایِشَ قَلِیْلًا مَّا تَشْکُرُوْنَ
چونکہ یہ آیہ دست خط خاص [illegible] ذبح کئے ہوئے دباغت دیے ہوئے مین ساتھ پانی کشنیز کے

اور اس مین صبر سقوطری و زعفران اور بعد لکھنے کے پیچیدہ کرے جیسا کہ تعویذ ہوا اوسکو صوف لعل مین
پیچیدہ کرکے گردن خروس کہ تاجدار ہوا اور سبز چشم و پرکے باندہے اور اوس خروس کو بروز چہارشنبہ
ساعت اول مین دنکو گھر مین یا باغ مین یا بازار پر اوس مرغ کو لیجاوے جسجگہ کہ کوئی مال یا خزانہ
یا کوئی کان کہ زمین مین پوشیدہ دفن ہو وہ جگہ کھڑا ہو اور پانوسے یا چونچ سے اوس مکان کو کھودے
ایک بار یا دو بار اگر ہر بار خروس اوس مکان پر جاوے اور کھودے یا کھڑا ہو اوسجگہ کو کھودین خزانہ
وغیرہ پیدا ہو آیات یہ ہین لَهُ مَقَالِيدُ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَشَاءُ
وَيَقْدِرُ اِنَّهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ ۝ شَرَعَ لَكُمْ مِنَ الدِّينِ مَا وَصّٰى بِهٖ نُوحًا وَّالَّذِيْ اَوْحَيْنَا
اِلَيْكَ وَمَا وَصَّيْنَا بِهٖ اِبْرٰهِيْمَ وَمُوسٰى وَعِيسٰى اَنْ اَقِيْمُوا الدِّيْنَ وَلَا تَتَفَرَّقُوا فِيْهِ
كَبُرَ عَلَى الْمُشْرِكِيْنَ مَا تَدْعُوْهُمْ اِلَيْهِ اَللّٰهُ يَجْتَبِيْ اِلَيْهِ مَنْ يَّشَاءُ وَيَهْدِيْ اِلَيْهِ
مَنْ يُّنِيْبُ نوع دیگر آنکہ الامام السیوطی کتابا باسم ازہار العروش في
فضائل الحبش قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما حلت الحبشة في بيت الا
حَلَّتْ فِيهِ الْبَرَكَةُ دیگر ابن عمر رضی اللہ عنہ نے کہا کہ فرمایا پیغمبر صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے
جسکے گھر مین مرد حبشی یا عورت حبشی ہو خداے تعالیٰ اوس گھر مین برکت پیدا کرے۔ اور یہی حدیث
ہے پیغمبر صلے اللہ علیہ وسلم سے اہلبیت کو کہ ایک دوسرے کو ملنا اور راہ خداے عزوجل مین غزا کرنا
اور بعد نماز صبح بطلب رزق کے نہ سونا اور اختیار کرنا آخرت کو اوپر دنیا کے اور صبح و رات کو مسجد
مین ہونا اور اہلبیت اپنے کو واسطے گذارنے نماز کے حکم کرنا اور خود عبادت خداے عزوجل مین مشغول
ہونا اور شب پنجشنبہ و آدینہ کو دونان توسع کرنا امانت گذارنا اور طلب رزق سحر کرنا اور جلدی کرنا
اور توکل کرنا خداے عزوجل پر جیسا کہ حق توکلیت تفویض قبول کرنا آگے آستانہ دروازے کے دونا
اور پہلے صبح سے اوٹھنا اور صدقہ و نفقہ مین زیادہ ہونا اور مہمان کو گرامی رکھنا اور تعظیم رکھنا قرآن کی
اور دعا کرنا شب برات کو فراخ کرنا نفقہ کا روز عاشورہ کو اور بر خیال اپنے رحم سے ملنا نیکی کرنا حق ماں
باپ مین اور خوف خداے تعالیٰ کا دل مین کرنا اور سخاوت پیشہ کرنا اور چھوڑنا گناہ سے اور پرہیز کرنا

جھوٹھ اور گواہی جھوٹی سے اور ترک کرنا زنا اور ترک کرنا بدی کا اور جواب بانگ نماز کا کہنا اور
بات حق کہنا اور ترک حرص کا کرنا اور شکر منعم کا کہنا پہلے طعام سے اور بعد از طعام کے ہاتھ دھونا اور
نماز عشا کی جماعت سے کہنا اور سرکہ گھر مین رکھنا یہ سب غنی کرین اور توانگری لاوین لائے
ہین کہ ایک عالم نے تنگی روزی کی دیکھی ایک دوست کو خواب مین دیکھا حال اپنے سے شکایت
کیا اوس نے کہا کہ کوئی سورۃ یا کوئی آیت قرآن سے تو نے یاد کی تھی اور پھر بھول گیا کہا سچ ہے
دوست اوسپر غصہ ہوا اور کہا پھر یاد کر عالم نے ویساہی کیا تنگی روزی کی اوس سے جاتی رہی۔
ور اسباب فقر پیغمبر صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جو کوئی شانہ کو کھڑا کرے قرضدار ہو اور
جو کوئی طعام کو سونگھے برکت اوس کی جاوے سلیمان پیغمبر نے درود اللہ کا ہو جیوا و پر اونکے کہا جس
گھر مین خیانت و چوری و زنا ہو اوس گھر مین برکت نہو وے امیر المومنین رضی اللہ عنہ نے خاص
اپنے احباب و اصحاب کو کہا کہ تمکو خبردار کرتا ہون مین ایک خبر سے کہ فقر سے باز لاوے تننہ
عنکبوت کا گھر مین چھوڑنا اور سوگند دروغ کھاتا اور زنا کرنا اور پیدا کرنا حرص کا اور خواب کرنا
درمیان نماز شام اور نماز عشا کے اور راگ سرود بہت سننا اور رد سائل کہ شب کو آوے اور
ترک تقدیر کار روزی مین اور کاٹنا رحم سے۔ انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے کہا رسول اللہ صلعم
نے کہ دعا بد مت کرو فرزندان اپنے کو کہ جو کوئی دعا مرگ کی کرے فرزندان اپنے کو مبدل ساتھ
فقر کے ہو۔ قول ہے سلمان فارسی رضی اللہ عنہ سے کہ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اوس حدیث
ہین کہ سبب فقر کا ہے کھانا طعام کا نزدیک قروکے اور پہننا ازار کا کھڑے ہوکر اور باندھنا
دستار کا بیٹھکر اور ڈالنا سپس زندہ اور کاٹنا موی نہانی کا مقراض سے اور پینا پانی کا گو
برتن سے اور نظر کرنا تہ نعلین مین و کاہلی نماز مین اور تنگ رکھنا حرد مان سے اور جھوٹھ کی عادت
کرنا اور خبر مین ہے کہ جس گھر مین کہ شراب ہو و دف و طنبورہ و نرد و عا ہی اہل اوس گھر کی قبول
نہو اور فرشتے اوس گھر مین نہ آوین اور اوٹھاوے خدای تعالی اوس گھر سے اور خبر مین ہے کہ سبب
آدمی ہمیشہ تنگ روزی ہون فرزند عاق اور عورت خائنہ اور ہمسایہ بد اور مشارق مین یہ حدیث

ہو کا یدخل ہذا بیت فقر الا دخلہ الذل یہ حدیث درباب چوبہا زراعت یعنی یہ چوب گھر مین نہین آوین مگر وہ کہ خواری اوس گھر مین نہ آوی اور یہ حدیث اوسجگہ پر فرمائی ہی ایسا تہا کہ ایک وقت رسول علیہ السلام ایک کے گھر مین آئے اوس گھر مین دو چوب دیکہین کہ اوس سے زراعت کرین اور جوڑا چلاتے تھے جو دیکہا کہ یہ حدیث فرمائی و دوسرے چند چیز کہ سبب فقر کا ہے زنا کرنا اور دروغ کہنا اور نان ریزہ زمین پر چہوڑنا اور ہاتہ و منہ آستین و دامن سے پاک کرنا اور نخسہ عنکبوت کا گھر مین چہوڑنا اور مان باپ کو آزردہ کرنا نماز خوار رکہنا اور استاد کو خفیف کرنا بوقت صبح سونا اور بیوقت اوٹہنا اور کوڑا جاروب کو گھر مین رکہنا اور خبیث طعام کا کہانا اور ہاتہ و منہ آستانہ دروازہ پر بیٹھکر دہونا اور کاسہ و دیگ بغیر دہوئے چہوڑنا اور بغیر دہوئے ہاتہ کے طعام کہانا اور فرزند و مہمان کو خوار رکہنا اور باوجود طاقت کے سوگند دروغ کہانا اور درمیان وضو کے بات دنیا کی کہنا اور پیشاب کرتے وقت بولنا اور پیشاب کی جگہ پر وضو کرنا اور بغیر وضو قرآن پڑہنا اور پوست لہسن و پیاز کا جلانا اور جلد باہر آنا مسجد سے بعد نماز صبح کے اور ہاتہ دہونا مٹی سے اور گل تکیہ کرنا اور ساتہ نوز بازو کے مادر پدر کو نام لیکر پکارنا یا بولانا اور سینا کپڑے پہنے ہوتے کو اور خریدنا نان ریزہ فقیرون سے اور چراغ کو پہونک مار کر بجہانا اور رات کو بازار مین جانا اور بیوقت آنا اور تراشہ قلم کو نیچے پانون کے کرنا اور کنگہا یعنے شانہ ٹوٹا ہوا بالون مین کرنا اور قلم گرہ بستہ سے لکہنا اور ناخن کا ڑ دیا دانتو نسے کاٹنا اور راہ مین پہلے کسی سے جانا کہ اوس سے بزرگ ہو اور سجدہ تلاوت قرآن مین تاخیر کرنا اور صلوٰۃ مسعودی مین لکہا ہی کہ شب کو جہاڑو دینے سے محتاجی آتی ہی اور ابو اللیث نے بستان مین لکہا ہی کہ جو شخص جہاڑو دیا کری کپڑے سے تو آخر کو محتاج ہو جاویگا واللہ اعلم۔ اور رات کو آئینہ دیکہنا اور رات کو عریان سونا اور بوقت شام چراغ گھر مین روشن نکرنا اور بہت سونا اور برہنہ جاکر پیشاب کرنا اور صبح کی روٹی شام کو کہانا اور شام کی روٹی صبح کو کہانا اور ہر ایک لکڑی سے خلال دندان کرنا اور دروازہ پر بیٹہنا اور تکیہ کرنا ستون دروازہ کا

اور پاخانہ میں آبدست لینا اور خشک شانہ ریش میں کرنا اور فضول خرچی کرنا اور

قضائے دین لائے ہیں معاذ جبل رضی اللہ عنہ چند روز مسجد میں حاضر نہ ہوئے رسول علیہ السلام نے حال اوسکا پوچھا فرمایا معاذ جبل رضی اللہ عنہ نے عرض کیا یا رسول اللہ قرض رکھتا ہوں میں اس سبب سے باہر نہیں آیا رسول علیہ السلام نے یہ آیۃ و دعا فرمائی جو تھوڑے چند روز میں معاذ جبل غنی ہوا اور جملہ قرضہ سے سبکدوشی حاصل کی اگر کسی پر قرضہ مثل کوہ کے ہو حضرت آفریدگار رحیم کریم سے اوسکو سبکدوش کرے قُلِ اللّٰهُمَّ مَالِكَ الْمُلْكِ تا بِغَيْرِ حِسَابٍ اور دعا یہ ہے اَللّٰهُمَّ يَا دَائِمُ فَارِجَ الْهَمِّ وَكَاشِفَ الْغَمِّ وَيَا مُجِيبَ دَعْوَاتِ الْمُضْطَرِّينَ يَا رَحْمٰنَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَرَحِيمَهُمَا تُعْطِي مِنْهُمَا مَنْ تَشَاءُ وَتَمْنَعُ مِنْهُمَا مَنْ تَشَاءُ اَللّٰهُمَّ ارْحَمْنِي رَحْمَةً تُغْنِينِي بِهَا عَنْ ذُلِّ مِنْ سُؤَالٍ وَاَغْنِنِي مِنَ الْفَقْرِ وَالْعَيْلَةِ وَاقْضِ عَنِّي دَيْنِي بِكَرَامَتِكَ يَا اَكْرَمَ الْاَكْرَمِينَ

ایضاً

قول پیغمبر صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ مجھکو جبرئیل صلوۃ اللہ علیہ یہ دعا واسطے قضائے دین کے سکھلائی جسکا دل چاہے یہ عمل کرے بعد آنے آفتاب کے پہر وقت زوال کا ہو چار رکعت نماز گزارے اور پڑھے ہر رکعت میں بعد از فاتحہ کے ایکبار آیۃ الکرسی جو سلام دیوے آیۃ قُلِ اللّٰهُمَّ مَالِكَ الْمُلْكِ تا آخر اور سجدہ میں پڑھے قرض اوسکا ادا ہو کہ اسمیں اسم اعظم ہے اور لائے ہیں کہ جو کوئی قرضدار ہو ہمیشہ شبکو بعد نماز عشا کے اور وقت کہ خلق خواب میں ہو اوس وقت خلوت میں ہو تین مرتبہ اپنی داڑھی میں شانہ کرے اور تین بار اس دعا کو پڑھے برکت اس دعا سے قرض اوسکا ادا ہو دعا یہ ہے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ يَا قَدِيمُ يَا دَائِمُ يَا حَيُّ يَا قَيُّومُ يَا فَرْدُ يَا وِتْرُ يَا مَنْ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُولَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَهُ كُفُوًا اَحَدٌ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهِ مُحَمَّدٍ وَاٰلِهٖ اَجْمَعِينَ اَللّٰهُمَّ نُورَ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ و دیگر امام جعفر صادق رحمۃ اللہ علیہ نے کہا کہ جو کوئی سورۂ تحریم کو پڑھے اگر قرض بہت ہو کہ جسکی حد

واسطے قضائے دین کے ۱۲

واسطے ادائے دین کے ۱۲

ونہایت نہووے کرم اللہ تعالیٰ ادا ہو جاوے بقدار خردل کے باقی نرہے اور جو کوئی سورۃ
والعادیات کو پڑھے قرض اوسکا ادا ہو اگرچہ بحساب ہو و دیگر واسطے ادائے دین کے قول ہے
کہ ایک اعرابی بخدمت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آیا اور عرض کی کہ یا حضرت مجکو ایک نماز
سکھاؤ کہ قرضہ میرا ادا ہو کہ وہم و قیاس سے بیشمار ہے پیغمبر صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہا کہ خزانۂ خدا
عز وجل کے فہم و گمان سے بیشتر ہے اعرابی نے کہا کہ مجکو سکھاؤ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ
بروز پنجشنبہ درمیان نماز پیشین نماز دیگر کے چار رکعت نماز پڑھے ہر دو نون رکعت اول مین بعد
فاتحہ کے إِنَّا أَنْزَلْنَاهُ فِي لَيْلَةِ الْقَدْرِ دس بار و قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ ایکبار اور رکعت دوم
مین بعد فاتحہ کے إِذَا زُلْزِلَتْ دس بار اور قل ہو اللہ احد ایکبار پھر سلام پھیرے اور بعد اوسکے
سے یہ دعا پڑھے الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي خَلَقَ الْخَلْقَ وَلَمْ يُخَلِّفْهُمْ لِجَلْبِ مَنْفَعَةٍ لَا يَزِيدُ
فِي مُلْكِهِ طَاعَةُ الْمُطِيعِينَ وَيَصْنَعُ وَيَسْتَطِيعُ وَيَطَّلِعُ وَيَعْتَدِلُ وَيَخُصُّ وَلَا إِلٰهَ
إِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ عَدَدَ عِلْمِهِ وَمُنْتَهَى عِلْمِهِ وَمَا فِي عِلْمِهِ پس اوٹھے اور دو رکعت
دیگر گزارے رکعت اول مین بعد فاتحہ کے والعادیات دس بار اور اخلاص ایکبار اور قل اعوذ
برب الفلق ایکبار اور رکعت دوم مین بعد فاتحہ کے قل یا ایہا الکافرون دس بار اور اخلاص اور
و قل اعوذ برب الناس ایکبار اور بعد پھیرنے سلام کے پہلے اس سے کہ بات کہے دس بار یہ دعا پڑھے
سُبْحَانَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُونَ وَسَلَامٌ عَلَى الْمُرْسَلِينَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ
رَبِّ الْعٰلَمِينَ وَلَهُ الْكِبْرِيَاءُ فِي السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضِ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ پھر کہے
يَا مَنْ ذِكْرُهُ شَرَفٌ لِلذَّاكِرِينَ يَا مَنْ شُكْرُهُ فَوْزٌ لِلشَّاكِرِينَ وَيَا مَنْ طَاعَتُهُ نَجَاةٌ
لِلْمُطِيعِينَ وَيَا مَنْ رَأْفَتُهُ مَلْجَأُ الْمُعَاصِينَ وَمَنْ لَا يَخْفٰى عَلَيْهِ نِدَاءُ الْمُحْتَاجِينَ
وَيَا مَنْ لَا يَنْقَطِعُ عَنْهُ حَوَائِجُ السَّائِلِينَ أَسْأَلُكَ بِمَعَاقِدِ الْعِزِّ مِنْ عَرْشِكَ
وَمُنْتَهَى الرَّحْمَةِ مِنْ كِتَابِكَ وَبِاسْمِكَ الْأَعْظَمِ وَجَدِّكَ الْأَعْلٰى وَكَلِمَاتِكَ التَّامَّةِ
أَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَعَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ وَأَنْ تَقْضِيَ دَيْنِي يَا حَيُّ يَا قَيُّومُ پھر اعرابی نے کہا

کا اسیطور مین نے کیا پس چھٹی پنجشنبہ ایک باغ مین آیا مین دیکھے مین وس خزانے اور پہر خزانے مین مال عظیم جبرئیل پاس پیغمبر علیہ السلام کے آئے اور کہا کہ کہو اس اعرابی کو کہ دنیا ہی ہر لیکن آخرت مین اکثر ہے وا کبر و اشرف و الطف پیغمبر صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا یا علی آدمیونکو جلدی پیر کرے بہت قرضداری و سختی و غم و خواب کرنا عورت کے ساتھ ایک فرش پر اور بہت عطر لگانا اور کثرت بلغم نوعدیگر ختم سورۂ فاتحہ اس طریق پر مداومت کرے روز شنبہ ساٹھ مرتبہ یکشنبہ پچاس مرتبہ دوشنبہ چالیس مرتبہ سہ شنبہ تیس مرتبہ چہارشنبہ دو سو بیس مرتبہ پنجشنبہ بارہ مرتبہ جمعہ سات مرتبہ پھر شنبہ دوم مین اسی طریق سے پڑھے تا روز جمعہ کے شنبہ سے پھرے انشاءاللہ تعالی تمام مہمات کے واسطے کافی ہر دیگر عمل سورۂ مزمل کے پڑھنے کا پڑھنا سورۂ مزمل کا ہر روز اکتالیس بار یا گیارہ بار بس کفایت ہر پڑھنا اس سورۂ شریف کا واسطے غنائے قلب کے اور پڑھنا اس سورۂ شریف کو واسطے فتوحات کے اسطور سے کہ اول درود شریف ایکسو گیارہ بار وہ درود یہ ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ الْمُزَّمِّلِ وَالْخَصَائِصِ اور بعد اوسکے یہ دعا پڑھے یَا حَنَّانُ اَنْتَ الَّذِيْ وَسِعْتَ كُلَّ شَيْءٍ رَّحْمَةً وَّعِلْمًا يَا حَنَّانُ سہ بار اور پڑھ اوسکے بعد سورۂ مزمل ایکسو گیارہ بار اور بعد اس سورت کے پڑھ یہ دعا اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ اَنْ تُسَخِّرَ لِيْ كُلَّ اَمْرٍ بِهٰذِهِ السُّوْرَةِ الشَّرِيْفَةِ بِحَقِّ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ایکسو بار اور پھر پڑھے درود شریف مذکور ایکسو گیارہ بار اول چلہ مین اس سورۂ شریف کو ایکسو گیارہ بار پڑھے اور دوسرے چلہ مین اکاسی بار پڑھے اور تیسرے چلہ مین اکتالیس بار پڑھے مگر دعائین و درود موصوفہ اوسی طور سے پڑھی جاوین گی جو اوپر ذکر کی گئی ہین پس اسکے پڑھنے والیکو فتوحات بدرجہ کمال ہوگی دیگر فضیلت درود شریف کے پڑھنے کی مولانا شاہ عبدالغنی علیہ الرحمۃ نے واسطے درود شریف کے فرمایا کہ پڑھا کرو درود شریف کو اور فرمایا کہ بسبب درود شریف کے پایا ہم جو کچھ کہ پایا ہمارے حضرات نے کیونکہ قرآن شریف مین اللہ تعالی خود فرماتا ہے اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا یعنی اللہ اور

فرشتے درود بھیجتے ہین اوپر پیغمبر کے اے ایمان والو درود بھیجو اوپر اونکے اور سلام بھیجو سلام کرنا
یعنی کہو اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ اور پوچھی گئی حضرت
سے تفسیر اس آیۃ کی پس فرمایا حضرت نے بلاشبہ اللہ نے مقرر کئے ہین واسطے میرے دو
فرشتے پس نہین ذکر کیا جاتا ہون مین نزدیک کسی بندہ مسلمان کے پھر وہ درود بھیجے مجھپر مگر
کہتے ہین دونون فرشتے اوس پڑھنے والے کو غَفَرَ اللّٰهُ لَكَ یعنی بخشے اللہ تجکو اور فرماتا
ہے اللہ اور فرشتے اوسکے جواب مین آمین پس ثواب درود پڑھنے کا بہت ہے مسلمان کو
لازم ہے کہ درود کثرت سے پڑھا کرے اور درود سیکڑون ہین چاہیے جو نسا پڑھے اوسکی
برکت سے اللہ تعالیٰ اپنی رحمت اوس بندہ درود پڑھنے والے پر نازل فرماتا ہے تو بدیگر
عمل فضیلت سورۂ یٰسٓ کی اور سورۂ یٰسٓ شریف کی بہت فضیلتین آئی ہین چنانچہ حدیث
شریف مین انس سے روایت ہے کہ فرمایا رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہر چیز کیلیے
دل ہے اور قرآن کا دل سورۂ یٰسٓ ہے جسنے پڑھی سورۂ یٰسٓ لکھتا ہے اللہ تعالیٰ اوسکے لیے
بسبب پڑھنے اوسکے کے ثواب پڑھنے قرآن کا دس بار اور فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ
وآلہ وسلم نے کہ جسنے پڑھی سورۂ یٰسٓ رات کو واسطے طلب رضامندی اللہ تعالیٰ کے بخشے
گئے اوسکے گناہ اوس رات مین اور جسنے پڑھی یٰسٓ ایکبار گویا کہ اوسنے پڑھا قرآن دس بار
اور فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ جسنے سُنی سورۂ یٰسٓ گویا اوسنے تصدق کیے
اللہ کی راہ مین بیس دینار اور جسنے پڑھا اوسکو برابر کئے گئے واسطے اوسکے بیس حج یعنے ثواب
پایا اوسنے بیس حج کا اور جسنے لکھا اوسکو اور پیا اوسکو داخل کئے گئے اوسکے ہزار یقین اور ہزار
نور اور ہزار برکتین اور رحمتین اور ہزار رزق اور دور کئے گئے اوس سے تمام بغض اور کینہ اور
بیماریان اور فرمایا رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے البتہ دوست رکھتا ہون مین اوس شخص کو کہ جسکے
دل مین ہووے سورۂ یٰسٓ امت میری مین اور فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ جو شخص
سورۂ یٰسٓ پڑھے رات کو پھر مرا تو مرا شہید اور فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے

کہ جسنے پڑھی سورۂ یٰسٓ اول روز مین روا کی جاتی ہین کل حاجتین اوسکی اور ابن عباس سے
روایت ہے کہ جسنے پڑھی یٰسٓ وقت صبح کے دیگئی آسانی اور فراخی اوس دن کی شام تک اور
جسنے پڑھا اوسکو رات کو دیگئی آسانی اور فراخی اوس رات کی صبح تک اور فرمایا کہ نہین ہے
کوئی میت کہ پڑھی جاوے اوسکے پاس سورۂ یٰسٓ مگر کہ آسانی کرتا ہے اللہ تعالیٰ اوپر اوسکی
اور ابو قلابہ سے روایت ہے کہ کبار تابعین مین سے ہے کہ کہا اونھون نے کہ جو کوئی پڑھے
سورۂ یٰسٓ مغفرت کیجاویگی اوسکے لیئے اور جو کوئی پڑھے اوسکو اوس حال مین کہ بھوکا ہو
تو سیر ہوگا اللہ کے فضل سے اور جو کوئی پڑھے اوسکو اوس حال مین کہ راہ بھولا ہو پس راہ
ملجاویگی اللہ کے فضل سے اور جو کوئی پڑھے اوسکو اوس حال مین کہ کوئی اوسکی چیز جاتی رہی ہو
پس پاویگا گم ہوئی چیز کو اللہ کے فضل سے اور جو کوئی پڑھے وقت کھانے کے کہ ڈرتا ہو
قلت اوسکی سے کفایت کرے اوسکو اور جو کوئی پڑھے اوسکو نزدیک میت کے یعنی قریب المرگ کے
یا میت حقیقی کے آسانی کیجاویگی اوسپر اور جو کوئی پڑھے اوسکو نزدیک عورت کے کہ دشواری
بچہ کا ہوتا ہو اوسکو آسانی کیجاویگی اوسپر اور جو کوئی پڑھے اوسکو پس گویا پڑھا اوسنے قرآن
گیارہ بار اور ہر چیز کے لیے دل ہے اور قرآن کا دل سورۂ یٰسٓ ہے اور روایت کی حاکم اور
بیہقی ابی جعفر محمد بیٹے علی یعنی زین العابدین کیسے کہ کہا جو شخص پاوے اندر اپنے سختی یعنی سنگدلی
پس چاہیے کہ لکھے یٰسٓ ۚ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ ۙ اِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ تک ایک پیالہ
مین ساتھ زعفران اور مشک کے پھر پیوے اوسکو اور کرے اوسکو اس طرح سے چالیس روز
تک جاتی رہیگی سنگدلی اور سختی اوسکی اور اکثر پڑھا کرتے تھے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ
وسلم سورۂ قٓ ۚ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِيْدِ اور سورۂ یٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ صبح کی نماز مین
اور عمار بن یاسر پڑھا کرتے تھے یٰسٓ ہر جمعہ مین منبر کے اوپر اور کہا یحییٰ ابن کثیر نے کہ جسنے پڑھی
سورۂ یٰسٓ وقت صبح کے ہمیشہ رہتا ہے خوشی سے شام تک اور جسنے پڑھی یٰسٓ وقت شام کے ہمیشہ رہتا
ہے خوشی سے صبح تک خبر دی ہمکو اوسنے کہ تجربہ کیا ہے اسکا اور کہا یٰسٓ دل ہے قرآن کا پڑھی یٰسٓ

سعید بن جبیر نے ایک شخص مجنون پر یس اچھا ہوگیا وہ شخص اور روایت کی ابو شیخ نے کتاب
عظمت مین محمد بن سہل مقری سے اونھون نے محمد بن عبد اللہ بن محمد بن عمر وباغ سے
اونھون نے اپنے باپ سے کہ چلا مین ایک راہ مین کہ اوسمین غول بیابانی یعنے بھتنے رہتی
تھے ناگہان ایک عورت کو مین نے دیکھا کہ سرخ کپڑے پہنے ہوئے بیٹھی تھی اوپر تخت کے اور
قندیلین روشن تھین اور وہ بلاتی ہی مجکو پس جب دیکھا مین نے اوسکو شروع کی مین نے
سورہ یٰسٓ پڑھنی پس بجھ گئین قندیلین اور وہ کہتی تھی کہ اے بندۂ خدا کیا کیا تو نے ساتھ
میرے پس سالم رہا مین اوس سے کہا مقرئ نے پس نہ پہونچے تمکو کچھ قسم خوف کی یا بلا سے
کی سلطان سے یا دشمن سے مگر کہ پڑھو تم سورۂ یٰسٓ وہ دفع کیا جاویگا تمسے ساتھ برکت اوسکی
کے نو عدیگر واسطے دفع آسیب کے اور جسکو شیطان باؤلا کر ڈالے یعنے جسکو آسیب ہوجاوے
اور فائدہ نہووے تو اوسکے بائین کان مین یہ آیۃ پڑھے وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَيْمَانَ وَأَلْقَيْنَا
عَلٰى كُرْسِيِّهِ جَسَدًا ثُمَّ أَنَابَ ایضًا اور واسطے آسیب کے یہ بھی عمل ہی کہ اوسکے کان مین
سات بار اذان دے اور سورۂ فاتحہ اور سورۂ قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس اور
آیۃ الکرسی اور سورۂ والسماء والطارق اور سورۂ حشر کی آتین یعنی هُوَ الَّذِي سے
آخر سورہ تک اور سورۂ والصافات تمام پڑھے آسیب بالکل جاتا رہیگا ایضًا واسطے
دفع آسیب کے پاک پانی پر سورۂ فاتحہ اور آیۃ الکرسی اور پانچ آیتین اول سورۂ جن کی پڑھے
اور اوس پانی کا چھینٹا اوسکے منھ پر مارے اوسی وقت ہوش مین آجاویگا طریقہ واسطے
اداہونے قرض سے ابوداؤد نے ابو سعید خدری سے روایت کی ہی کہ ایک شخص آیا نزدیک
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اور کہا کہ یا رسول اللہ مجکو غمون نے اور دین نے ستا رکھا ہے
کیا علاج کرون مین اسکا فرمایا کہ سکھادون مین تجکو ایک کلام کہ جسوقت تو کہے اوسکو تو لیجاوے
حق تعالی تیرے غم کو اور ادا کرے تیرے قرض کو اوسنے کہا سکھا دو مجکو یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وآلہ وسلم فرمایا کہ ہر صبح وشام کہا کر اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْهَمِّ وَالْحَزَنِ

واسطے دفع آسیب کے ۱۲

واسطے دفع آسیب کے ۱۲

واسطے دفع آسیب کے ۱۲

وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ الْجُبْنِ وَالْبُخْلِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ غَلَبَةِ الدَّيْنِ وَقَهْرِ الرِّجَالِ
ایضًا واسطے دفع ہونے غم والم کے حدیث مین آیا ہے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اگر غم آتا تو اس دعا کو کہا کرتے لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْعَظِيْمُ الْحَلِيْمُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ اور جامع ترمذی مین آیا ہی کہ جب کوئی کام سخت حضرت پر آتا تو یہ کلمہ کہا کرتے تھے يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ اور بعضی روایت مین آیا ہے کہ بعضے وقت فرمایا کرتے تھے کہ غم والے آدمی کی یہ دعا ہی یعنی جو کوئی غم مین گرفتار ہووے تو یہ دعا کیا کرے اَللّٰهُمَّ رَحْمَتَكَ اَرْجُوْا فَلَا تَكِلْنِيْ اِلٰى نَفْسِيْ طَرْفَةَ عَيْنٍ وَاَصْلِحْ لِيْ شَاْنِيْ كُلَّهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اور اسما بنت عمیس کو فرمایا کہ تجکو سکھاؤن ایک کلمہ کہ اندر غم کے وقت تو اوسکو کہا کرے اونہو کہا کہ ہان سکھاؤ مجکو فرمایا کہ کہا کر سات بار اَللّٰهُ رَبِّيْ لَا اُشْرِكُ بِهٖ شَيْئًا اور فرمایا ہی کہ دعاء ذون النون دفع کرتی ہے ہر غم اور دکھ کو یعنی لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ اور فرمایا ہی کہ جو کوئی اختیار کرے استغفار کو تو خلق تعالیٰ ہر غم سے اوسکو نجات دیتا ہے اور صیغہ استغفار کا یہ ہی اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ اور فرمایا ہے کہ جس کسیکو بہت غم اور دکھ گھیرے رہے تو چاہیے اوسکو بہت کہا کرے لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ۝ اسلیئے کہ یہ خزانہ ہے جنت کے خزانون مین سے دیگر واسطے دفع بلا کے سیوطی نے اتقان حدیث نقل کی انس بن مالک سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ جب تو ارادہ کرے سونیکا تو پڑہ اگر سورۂ الحمد للہ اور سورۂ قل ہو اللہ احد امن مین رہیگا تجکو سوا موت کے ہر چیز سے اور مسلم مین حدیث آئی ہی ابو ہریرہ سے کہ نہین داخل ہوتا ہی شیطان اوس گھر مین کہ جس گھر مین سورۂ بقر پڑھی جاوی اور دارمی نے روایت کی ہی ابن مسعود سے جو کوئی پڑہے چار آیتہ سورۂ بقر کی پڑہے اول سے مفلحون تک اور آیۃ الکرسی خالدون تک اور آمن الرسول آخر تک اوسکی پاس اور اوسکے اہل عیال کے پاس شیطان اوس روز نہین آتا اور نہین چھوتی کوئی

برائی اوسکو اور اگر یہ آیتین پڑھتی جاوین سی مجنون پر تو مجنون اوسکا دور ہوجاتا ہے اور
جاننا چاہیے کہ ترکیب دعای ذوالنون کے پڑھنے کی یہ ہے کہ اول وضو کرے اور پھر قبلہ کی طرف
منہ کرکے اندھیرے مکان مین بیٹھے اور ایک کٹورہ پانی کا بھرکر اپنے پاس رکھے پھر اس دعا کو تین سو
بار پڑھے تین یا سات دن یا چالیس دن تک اوسکو پڑھا کرے اور لحظہ لحظہ اوس پانی مین ہاتھ
ڈبو کر اپنے بدن پر اور منہ پر پھیرا کرے حق تعالی اپنے کرم سے اوسکے غم کو دفع کریگا **ایضاً** واسطے
امن کے محافظت مین اپنے فوائد ہیں ابن مسعود سے روایت کی ہے کہ ایک شخص نے کہا رسول اللہ صلی
اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہ بتادو مجھکو کوئی ایسی چیز کہ نفع کرے مجھے خدائے تعالی اوسکی برکت سے
فرمایا پڑھا کر آیۃ الکرسی حق تعالی نگہبانی کریگا تیری اور تیری اولاد کی اور نگاہ مین رکھیگا
تیرے گھر کو یہان تک کہ جو گھر پاس گھر تیرے کے ہوویں یعنی اسکی برکت سے امن ہوئیگا تجھکو
اور تیرے مکانون کو دیگر واسطے ادای قرض طبرانی نے روایت کی ہے معاذ بن جبل سے
فرمایا ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ سکھاؤن مین تجکو ایسی دعا کہ اگر پہاڑ تجہپر قرض ہووے
تو ادا کردے اوسکو اللہ تجھسے اور وہ دعا یہ ہے قُلِ اللّٰهُمَّ مَالِكَ الْمُلْكِ سے تا بِغَيْرِ
حِسَابٍ اور بعد اوسکے رَحْمَانَ الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَرَحِيْمَهُمَا تُعْطِيْ مَنْ تَشَاءُ مِنْهُمَا
وَتَمْنَعُ مَنْ تَشَاءُ اِرْحَمْنِيْ رَحْمَةً تُغْنِيْنِيْ بِهَا عَنْ رَحْمَةِ مَنْ سِوَاكَ دیگر واسطے دفع
وسواس کے حدیث مین آیا ہے کہ جس کسیکو وسوسہ آوے تو چاہیے اسکو یہ کہا کرے اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ
وَرَسُوْلِهٖ اور بعضی روایت مین آیا ہے کہ کہے اَللّٰهُ هُوَ اَحَدٌ اَللّٰهُ الصَّمَدُ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ
يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ اور بعضی حدیث مین آیا ہے کہ جو شیطان وسوسہ ڈالتا
ہے نام اسکا خنزب ہے پس چاہیے اوسوقت اعوذ پڑھے اور اپنے بائین طرف تھتکار دیوے دیگر
واسطے زیادہ ہونے نعمت کے فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ حق تعالی جب کوئی نعمت
دیوے اپنے بندہ کو اور وہ بندہ کہے اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ تو خدائے تعالی دیتا ہے بہتر اوس
سے جو دیا دیگر واسطے زیادہ ہونے مال کے حدیث شریف مین آیا ہے کہ میرے مال کو زوال نہو

اور برکت ہو تو کہا کرے اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَعَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ وغیرہ واسطے دفع تنگی معاش کے ایک درویش اور پر ایک قوم کے پہونچا وہ اوپر طاعت کے مشغول تھے اور ایک فراغت تمام اور خوشی وخورمی رکھتے تھے پوچھا انسے کیونکر ایسی عیش پائی کہا بعد نماز شام اور نماز صبح کے ستر بار کہتے ہین ہم اسم کو یَا وَهَّابُ ہ دیگر احادیث مین آیا ہے کہ جو کوئی بعد فرائض ہر نماز کے سورہ اخلاص پڑھکر ستر بار درود بھیجے اور بعد ازان یہ آیت ایکبار پڑھے وَمَنْ يَتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا اِلٰی لِکُلِّ شَیْءٍ قَدْرًا ہ بعد منھہ طرف آسمان کے کرکے پہونکے حضرت باری اوسکو تین نعمتین عطا کرے درازی عمر مال بسیار وبرخورداری اور آخرت مین بحساب بہشت مین جاویگا اور جو کوئی ستر بار اس آیۃ کو پڑھے کفایت ہو اگرچہ قریب ہلاکت کے ہو وغیرہ واسطے دفع نکبت اور شدت کے نقل ہے حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہ جسکو لاحق ہو کوئی شدت یا کوئی نکبت یا تنگی بس تیس ہزار بار کہے اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّیْ وَاَتُوْبُ اِلَیْهِ خدای تعالی اوسکو فراخی دیوے یہ خبر صحیح ومجرب ہے وغیرہ واسطے وسیع ہونے رزق کے چاہیے کہ ان کلمات کو درمیان نماز مغرب اور عشا کے پڑھے بعد از سورہ واقعہ کے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ یَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ یَا مُفَتِّحَ الْاَبْوَابِ اِفْتَحْ لَنَا الْاَبْوَابَ وَیَسِّرْ عَلَیْنَا اِلٰی اَللّٰھُمَّ اِنْ کَانَ رِزْقِیْ فِی السَّمَآءِ فَاَنْزِلْهُ وَاِنْ کَانَ فِی الْاَرْضِ فَاَخْرِجْهُ وَاِنْ کَانَ بَعِیْدًا فَقَرِّبْهُ وَاِنْ کَانَ قَرِیْبًا فَیَسِّرْهُ وَاِنْ کَانَ قَلِیْلًا فَکَثِّرْهُ وَاِنْ کَانَ کَثِیْرًا فَخَلِّدْهُ وَاِنْ کَانَ خَالِدًا فَطَیِّبْهُ فَبَارِكْ فِیْهِ اِنَّكَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ہ وَصَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِهٖ اَجْمَعِیْنَ الطَّیِّبِیْنَ الطَّاهِرِیْنَ ایضاً واسطے وسیع ہونے رزق کے ابن طاوس علیہ الرحمۃ نے فرمایا کہ اکتالیس روز ہر روز اکتالیس بار الحمد بلا فاصلہ پڑھے اور بعد پڑھنے الحمد کے کہ تمام ہو تیرہ مرتبہ یَا مُفَتِّحُ یَا مُفَرِّجُ فَرِّجْ یَا مُسَبِّبُ سَبِّبْ یَا مُیَسِّرُ یَسِّرْ یَا مُسَهِّلُ سَهِّلْ یَا مُتَمِّمُ تَمِّمْ پڑھے جیسا ان جمیعتها ور مهمات ہووے کہ جمع کرنا اوسکا دشوار ہووے تو مکرر پڑھا ہے اور تجربہ مین پہونچا

(حاشیہ: تنگی معاش کے دفع کرنے کا / واسطے وسیع ہونے رزق کے / ایضاً)

ہی فائدہ نہو دیگر واسطے توسیع رزق کے نقل مسطور ہی کہ حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جو کوئی اس دعا کو ہر روز ستر مرتبہ پڑھے اور عمر بھر پڑھا کرے وہ شخص کبھی تنگدستی نہ دیکھے نہ کسیکا محتاج ہووے یہ دعا یہ ہے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا اللّٰهُ يَا اللّٰهُ يَا اللّٰهُ يَا رَبُّ يَا رَبُّ يَا رَبُّ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الْعَظِيْمِ الْاَعْظَمِ ٥ ایضاً واسطے وسعت رزق کے بعد نماز عصر کے پڑھے يَا اللّٰهُ يَا اَنْتَ يَا وَهَّابُ يَا قَادِرُ يَا رَزَّاقُ يَا غَنِيُّ يَا عَزِيْزُ بِرَحْمَتِكَ يَا كَرِيْمُ ایضاً واسطے وسعت رزق اور ابواب فتوحات کے ایک مجلس میں بعد کبیر ایکہزار نوسو اسٹھ بار پڑھے یا بعدہ اوسط ایکہزار چوراسی بار پڑھے یا بعد صغیر کہ چوراسی ہوتی ہیں ورد کرے کہ مجرب ہے يَا كَافِيُ يَا غَنِيُّ يَا رَزَّاقُ دیگر واسطے دفع فقر وفاقہ کے بیہقی نے ابن مسعود سے مرفوعاً روایت کی ہی کہ جو شخص سورہ واقعہ کو ہر رات پڑھا کرے تو اوسکو فاقہ کبھی نہو گا یعنی کمائی سے کبھی وہ تنگ نہو گا عمدہ دیگر واسطے کشایش وتوانگری کے جو کوئی ان دس ناموں کو پڑھے دور کرتے ہیں مفلسی کو اور ہوتا ہی توانگر اسکا پڑھنے والا وہ دس نام یہ ہیں مَتَرَايُوْ الِنْ رُعْم جَاشًا مُتُوْ عًا عًا طَيْسُوْ بًا سَلِيْخًا مَلِيْخًا مَلْقُوْ نًا يَا قَيُّوْمُ بِحَقِّ كٓهٰيٰعٓصٓ وَبِحَقِّ حٰمٓ عٓسٓقٓ اور ہر روز ان ناموں کو پانچ سو بار مگر اول آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار پڑھے اگر اتنا بھی نہو سکے تو ایک تسبیح ضرور پڑھ لے امان ہی ہر بلیات سے اور ہر دشمن اور ہر آفات سے دیگر واسطے قرض کے جو کوئی کسیکا قرضدار ہوا اور قرض ادا نہ ہو سکتا ہو تو چاہیے کہ بعد ہر نماز کے یہ دعا پڑھے مگر اول وآخر درود شریف گیارہ گیارہ بار پڑھے وہ دعا یہ ہے اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ اور اس دعا کو گیارہ مرتبہ پڑھکر دعا مانگے اللہ تعالی قرض ادا کر دیگا اور حضرت پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو بتلائی تھی کہ یہ دعا پڑھا کریں اے علی بے وضو مت رہ کہ باوضو رہ کہ با وضو ہی مدام فرشتے اسکو ساتھ رہتے ہیں قال النبی علیہ السلام ذو مالی فی الطہارۃ یوسع علیک الرزق ای علی نماز

پنجگانہ مین کاہلی مت کر ہمیشہ نماز مین رہ کہ آراستگی کا ہونا دین و دنیا کی نماز سے ہے۔ یا علی
تو جو چاہے کہ سفر کرے اول دو رکعت نماز استخارہ پڑھ رکعت اول مین فاتحہ ایک بار آیۃ الکرسی
تین بار اور سورۂ کافرون تین بار اور رکعت دوم مین سورۂ فاتحہ ایک بار اور سورۂ اخلاص
تین بار کہ حق تعالی تمام بلاؤن اور آفتون سے اپنی پناہ مین نگاہ رکھے اور ساتھ فتح کے
پھر لاوے یا علی تو جو چاہے کہ فال کھولے چاہیے کہ فال مصحف کی کھول ورنہ اگر پنجشنبہ کے
دن کھول کہ کشادگی آوے اور کام ساتھ ثواب کے پہونچے اور نجومیون کے کہنے پر ہرگز عمل مت
کر کہ کفر حاصل ہو اور کام کی ابتری ہو۔ یا علی روز آدینہ یعنے جمعہ کے دن غسل کیا کر ناغہ
نہووے کہ فائدہ بہت ہے اور گناہ ہفتہ روز کے بخشے جاتے ہین یا علی نماز جماعت سے پڑھا کر
کہ سنت موکدہ ہے اَلْجَمَاعَةُ سُنَّةٌ مُؤَكَّدَةٌ لَا يَتَخَلَّفُهَا اِلَّا الْمُنَافِقُ ایک دوگانہ زیادہ
ہو ساتھ جماعت کے سو رکعت تنہا پڑھنے سے یا علی کینہ رکھنا دل مین منافقون کا کام ہے یا
علی یتیمون پر رحم کرنا ثواب بیشمار ہے یا علی جو دشواری کہ آگے آوے ساتھ اوسکے جلد مدد کر کہ حق
تیری دشواری کو خدا اپنے فضل سے دور کرے یا علی جو کوئی تیرے ساتھ بدی کرے تو اوسکے ساتھ
نیکی کر کہ یہ کام نرم دلون کا ہے اَلْكَاظِمِيْنَ الْغَيْظَ وَالْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ وَاللّٰهُ
يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ اور جو بدی کرنے سے باز نرہے تو نیکی کرنے سے باز نہ آ کہ خدا ہے تعالے
راست لاوے یا علی جبکہ تو گھر سے باہر آوے اوسوقت جو تیرے آگے آوے اوسکو سلام کر اور شک
اپنے دل مین مت لا کہ یہ مجھسے کم ہے خدا جانتا ہے کہ کسکو اپنی درگاہ مین قبول کرے یا علی کافر کو برا
مت کہہ اور عداوت مت کر کہ شاید وہ اسلام قبول کرے۔ یا علی وقت کھانا کھانے کے کچھ رہنے
اللہ تعالی دے اگر تو بھوکا رہیگا پس توشہ آخرت ہوگا۔ یا علی جو بیچ لڑائی کافر تجھے آوے تو
پہلے اونکو کہو کہ کلمہ کہین اگر جلدی کلمہ نہ کہین تو اونکو قتل کر۔ یا علی کسی کے ساتھ غصہ مت کر کہ
یہ کام دشمنان خدائے تعالی کا ہے اور غصہ کھانا کام اولیاؤن کا ہے اور قصد حلال کے کھانے کا کر
اکلوا الحلال واجتنبوا الحرام دائر ہے حلال اوپر رزق پیغمبرون کے ہے اور حرام اوپر رزق منافقون

ہے۔ یا علی خواب بہت مت کر کہ نشان موت کا ہے کہ اَلنَّوْمُ اَخُ الْمَوْتِ یا علی نماز نفل
بہت پڑھا کر کہ تجکو خواب سے بیداری آوے اور بیداری پکڑ کہ منھہ تیرا روشنائی نور سے منور
ہو۔ یا علی مہمان کو دوست رکھہ کہ اکرام الضعیف کہا ہی۔ یا علی گھر قیام کا اُسجگہ اختیار کر کہ
ہمسایہ مردم دیندار و نیک کردار ہو۔ یا علی عمارت جو بنا دے تو بروز یکشنبہ بنیاد قائم کر
کسواسطے کہ حق تعالیٰ نے اوس روز آسمان اور زمین کو پیدا کیا ہی۔ یا علی جو عازم سفر ہووے تو
بروز پنجشنبہ یا دوشنبہ سفر کر کہ ہمنے اندنون مین سفر کیا ہی۔ یا علی اگر حجامت بنوانا چاہے
تو چہارشنبہ کے روز مت بنوا کہ نحس ہی۔ یا علی بروز آدینہ یعنے جمعہ عورت کو نکاح مین مبارک
ہی کیونکہ اس روز پیغمبرون نے لڑکیان اپنی ساتھ شوہرن کے دی ہین۔ یا علی بروز شنبہ
شکار کر کہ بہت خوب ہے۔ یا علی شب چہارشنبہ کو پاس عورت کے بارادہ جماع مت جا اگر
اس شب کے حمل قرار پانے سے فرزند جنے تو وہ دیوانہ ہو یا ہمیشہ مرض مین مبتلا رہے یا علی
عورت سے مجامعت بہت مت کر کہ بہت شہوت ناخوشنودی خدا کی ہی یا علی دنیا مین شادمان رہ
اور غم آخرت کا آگے پکڑ کہ بیغم ہووے۔ یا علی منھہ پر گرہ مت ڈال کہ یہ نشان خدا کے دشمنونکا
ہے۔ یا علی درمیان دو آدمی لڑتے ہوئے کے آشتی کرا اور صلاح دے کہ کام دینداری کا ہی
یا علی جو ہو سکے مسواک پنجوقتی نماز مین خاص کر فجر اور ظہر کی نماز مین مداومت رکھہ کہ بہت
ثواب ہے یا علی طعام کو زمین پر رکھہ کر مت کھا کہ فقیری لاوے اور اوپر پشت طبق کے
رکھکر مت کھا کہ عقل کم ہو یا علی خلال باحتیاط کر فضل بہت ہے کہ رَحِمَ اللّٰہُ الْمُتَخَلِّلِیْنَ
وارد ہوا ہی یا علی اگر جوتہ پہنے کا قصد کرے تو اوّل سیدھے پانون مین پہن اور جو چلے تو
پہلے سیدھا پاؤن اٹھا۔ یا علی بے وضو آسمان کی طرف مت دیکھہ کسواسطے کہ تمام فرشتے تجکو
سلام کرین۔ یا علی جو واسطے مستراح کے جاوے تو منھہ قبلہ کی طرف مت کر اور پیٹھہ بھی تاکہ
ہونیکی احتیاط تمام کر کہ عمر تیری دراز ہو یا علی سرگین یا استخوان نجاست کا دور مت کر کہ اُس
سے فعل پریشان ظاہر آدے۔ یا علی عورت بیگانہ کی طرف مت کر کہ لعنت اوپر منھہ کے نازل ہو

یا علی عورت اپنی کو علم شریعت سکھا و نماز روزہ و احکام و ارکان معلوم کرا کہ تجکو ثواب ہو
یا علی کسیکو آزار مت دے کہ توڑنا دل کا گناہ بزرگ ہی۔ یا علی بے نمازی کو نصیحت کر کہ
شاید کہ بے نماز ہونیسے وہ اپنے باز آوے یا علی چھ کو زندہ مت چھوڑ موش و کژدم و غیرہ
کہ ایذا کرتے ہین جیسا کہ کہا ہے قَتْلُ الْمُؤْذِيْ قَبْلَ الْاِیْذَا یا علی سگ دیوانہ کو مت چھوڑ
کہ سبھین مسلمان کو ایذا ہو یا علی ایذا مسلمان کی ذلت۔ کہ کہ اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ اِخْوَۃٌ وارد ہے
یا علی سگ کو گھر مین مت رکھ یعنے پرورش مت کر اور نہ آنے دے کسواسطے کہ گھر مین سگ کی
ہر وقت رہنیسے یا اسکی آمد و رفت رکھنے سے بال پڑتے ہین اُس گھر مین فرشتہ نہین رحمت کا
آتا ہے اسی واسطے ایکسال اخی جبرئیل نہین آئے یہی سبب تھا کہ مین نے کہا۔ یا علی خوک و یوحید
و شپرہ کہ یہ خدائے تعالیٰ کا نام نہین لیتے ہین اس سبب سے اونپر لعنت نازل ہوئی ہی اور وارد
ہوئی یا علی بول آہستہ کر کہ قطرہ تیرے جامہ پر نہ پڑے بزہکاری بہت ہی جگہ نرم اونیچ
نشیب بیٹھنا تو قطرہ اوسکا ساتھ جامہ کے نہ پہنچے جیسا کہ وارد ہے واستنزہوا تو بکم
عن البول دار اللہ عذاب القبر اور عذاب گور حاصل اسی جرم سے ہوتا ہے حق تمام
مومنون کو بکرم اپنے عقوبتون سے پناہ دے یا علی جو بیچ آب خانہ کے جاوے تو طرف قبلہ
کے منہ اور پیٹھ مت کر اور بیچ نجاستہا اور نمائط کے نظر مت کر کسواسطے کہ نظر کم ہو یا علی لیٹے
ہوئی کھانا اور پانی مت پی کہ احمق ہو یا علی پیراہن بازگونہ مت پہن اور پائجامہ کھڑے
ہوکر مت پہن اور پگڑی کھڑے ہو کر باندھ اور بغیر ہاتھ دھوتے ہوئے کھانا مت کھا اور گرم
کھانے پر پھونک مت مار اور بے پاکیزگی کے کھانا مت کھا اور بیچ پیالہ پانی کے دم مت مار یعنے
ایکدم سے مت پی کہ مکروہ ہے اور ساتھ پاکیزگی کے کھانا کھانا بزرگی رکھتا ہے اور سجدہ کی جگہ پر
پھونک مت مار اور اپنی اونگلیون کو مت چٹکا کہ اندیشہ وعید لاوے۔ یا علی پس خوردہ مسلمان کا
کھانا کہ کل مؤمن الوکا ثواب بہت ہے۔ یا علی ساتھ خوردگان صغیر کہ جنھون نے دودھ چھوڑ دیا
ہو ساتھ اونکے کھانا کہ ثواب بہت ہے۔ یا علی برہنہ عورت اپنی پر نظر مت کر کہ بزہکاری

آدمی - یا علی اوپر اندام نہانی عورت کے نظر مت کر کہ گناہ بہت ہے - یا علی دروغ گو یان کا مصاحب مت رہ کہ نقصان ایمان کا ہے اور دروغ گو لعنة الله علے الکاذبین کہین - یا علی تنہا سفر مت کر کہ الرفیق ثم الطریق یا علی تاریکی مین کہانا مت کہا اوسمین نظر اور نقصان بہت ہی - یا علی جو کوئی امانت دے اوسکو بوجہ نیک نگاہ رکھ اور وعدہ کو وفا کر کہ فام عقل اور کاذب یعنی جھوٹے کو منافق شمار کرین قال النبي عليه السلام من قال كذب وخلف والسمن محانا فهو نام منافق تینون کو کہین یعنی جو کہ عادت دروغگوئی کی رکھے اور جو وعدہ خلاف کرے اور امانت مین خیانت کرے ان تینون کو منافق کہین اِن تین چیز سے پرہیز کرے - یا علی علم پڑھنے والون کو دوست رکھ کہ وارد ہے من احب العلم العلماء ثم خطبه ایام حادثه حرمت علماؤن کی بہت رکھ اور انکو دوست رکھ بدل بجان اور بزرگی انھون کی بہت ہے - یا علی اندیشہ قیامت اور سختی قیامت کی بالکل فراموش مت کر بیداری مین کسواسطے کہ خواب کیا تونے قیامت کا ہوش رکھ تا گرفتار نہووے تو کہ اللہ تعالیٰ بخشے من الخوف دالوجاء ہونا چاہیے - یا علی عیال واطفال وخدمتگاران اپنے کو دلداری دے کبھی پریشان مت کر - یا علی کھڑے ہوکر پانی مت پی کہ وارد ہے من شرب الماء قائما اسلاہ الله تعالی سلاله داله اور حیض والی عورت سے جماع مت کر کہ اوپر تیرے بلا پیدا ہو اور عورت سے کثرت کے ساتھ صحبت مت کر کہ قوّت کم ہو - یا علی جبکہ بھوک غالب آوے تب بھی کھانا تھوڑا کھا کہ زیاتی صحت کی ہے - یا علی ایکدم پانی جلد مت پی کہ نظر آنکھ کی کم ہو اور چھاچ دہی تیز مت کھا کہ بلغم وزکام پیدا آوے اور قوام دہی ہر کسی کے روبرو مت کھا کہ نظر آنکھ کم ہو اور اہل مجلس کا گلہ سند مت ہو اور بصل یعنی پیاز مت کھا جب تک کہ آرزو باہر نکرے تو بے یا علی اگر کسیکو قرض حسنہ دے تو غیر واسطے تمسک وگواہی مت کرا - یا علی چراغ کو پھونک کر مت بجھا اور اندوھا مت سو اور آدمیون کی غیبت مت کر اسواسطے کہ نیکیان تیری انکو دین اور اُنکی بدی تجھی دین - یا علی مردہ کو غسل دینا بہت ثواب ہے - یا علی

ناحق کسیکو رنج مت پہونچا اور کنیزک اور عورت کو رنج نہ دے کہ قیامت مین ماخوذ ہوتا ہی
اور مرگ کو یاد کر اور قیامت کو مت بھول - یا علی آفتاب کی طرف نگاہ نکر کہ نظر کو نقصان
پہونچے اور قرض کسی سے مت لے اور جو لیوے تو جلد از جلد اُسکو پہونچا کہ محبت یا علی ہو جیسا
کہ القرض مقراض المحبة کہا ہے - یا علی روز دید ہر دیدگی کسی کی مت کر اور جو کہ شرعی امر
ہو اُس مین قدم رکھ اور توفیق ہو روز مرہ صدقہ دے کہ وارد ہے الصدقة ترد البلاء اور الصدقة
یرد القضاء بھی کہا ہے صدقہ دینے مین فضیلت بہت ہے اور ہر روز ہر دو داڑھی مین شانہ یعنے
کنگھا کر کہ ثواب بہت ہے - یا علی برہنہ غسل مت کر اور ساتھ ذکر اپنے کے بازی مت کر اور سفر
مین منزل دراز مت کر تا کہ تو نہ تھکے - یا علی کسی کی امانت نہ لی کسو واسطے کہ گناہ ہے یا علی جبکہ تو
گھر سے باہر آوے آیۃ الکرسی اپنے اوپر پڑھ لیا کر تو واسطے جس کام کے جاوے سازوار ہو یا علی ہمیشہ
سُرمہ آنکھو مین لگایا کر کہ روشنی زیادہ ہو یا علی حجامت موے نہانی کی جلد جلد کیا کر کہ چلہ گذرنے
نہ سکے اور بال بغل اپنے ہاتھ سے اُکھاڑا کر اور ہمیشہ پاک رہ کہ وارد ہے ان الله یحب المطہرین کہ خدا
عزوجل پاک ہے اور پاکون کو دوست رکھتا ہے اور سونا اور برہنگی کے مکروہ ہے - یا علی بیچ شب اول ماہ
کے اور شب نیم ماہ اور آخر ماہ مین ساتھ عورت کے مجامعت مت کر کہ نقصان تمام ہے انھون سے
حذر کر اگر فرزند جنے تو وہ بے نماز ہو اور بے حیا ہو اور وقت مجامعت عورت سے کلام نہ کیا کر
اگر فرزند جنے گونگا ہو اور زیر درخت بھی مجامعت مت کر اگر فرزند جنے وہ خونی ہو اور بغیر ضعف
مجامعت مت کر اگر فرزند جنے بخیل ہو اور کسی کو دیکھتے ہوے مجامعت مت کر اگر فرزند جنے علیم
دنیحی ہو اور مہربان ہو اور پنجشنبہ کو خلوت کر کہ فرزند عالم و صالح و عقلمند ہو اگر شب جمعہ کو
خلوت کرے جو فرزند جنے نیک بخت ہو - یا علی روٹی تین انگلی سے کہا کسو واسطے دو انگلی سے شیطان
کہاتا ہے یا علی اول ماہ اور آخر ماہ مین خلوت سے پرہیز کر کہ نفع ہو دے

خواب نامہ حضرت پیغمبر محمد مصطفے صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَجْمَعِيْنَ جاننا چاہیے کہ یہ خواب نامہ پیغمبر محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ہے ایک آدمی کو نصیحت فرماتی ہے اسی طرح پر۔ روایت ہے کہ ایک دن رسول علیہ السلام بیٹھے تھے کہ ایک آدمی ولایت یمن سے آیا اور کہا یا رسول اللہ مین راہِ دور سے آیا ہون اور آپکی خدمت چند سوال رکھتا ہون جو اجازت ہو تو پوچھون رسول علیہ السلام نے فرمایا کہ پوچھ پس اس آدمی نے کہا یا رسول اللہ مجکو چاہیے کہ شب روز خداے واحد کی بندگی مین رہون جواب دیا کہ اسکے حکم مین رہو تو تمام عالمیون سے بہتر ہووے تو اس آدمی نے کہا کہ یا رسول اللہ مجکو چاہیے کہ تمام عالم سے عزیز ہون مین۔ جواب دیا کہ آدمیون کو منفعت پہونچا کہ سب سے عزیز تر ہو تو اُس آدمی نے کہا یا رسول اللہ مجکو چاہیے کہ بیچ حضرتِ حق کے ساتھ عزت و حرمت کے ہون مین جواب دیا کہ قرآن کی تلاوت بہت کیا کر تو بیچ حضرتِ حق کے ساتھ عزت کے ہو۔ اُس آدمی نے کہا یا رسول اللہ مجکو چاہیے کہ ہمیشہ ساتھ حق کے ہون مین جواب دیا کہ یگانگی حق کی جان اور اسکی حکم مین رہ تو ہمیشہ حق کے ساتھ ہو تو۔ اُس آدمی نے کہا یا رسول اللہ مجکو چاہیے کہ عقل میری تمام عالم سے زیادہ ہو۔ جواب دیا کہ مرگ کو بہت یاد کرتا رہ کہ تیری عقل تمام عالم سے زیادہ ہو اُس آدمی نے کہا یا رسول اللہ مجکو چاہیے کہ سب سے نیک تر ہون مین جواب دیا کہ آدمیون کی بدی کا اندیشہ مت کر سب سے نیک تر ہو تو اُس آدمی نے کہا یا رسول اللہ مجکو چاہیے کہ گناہ کم ہون جواب دیا کہ کلمۂ شہادت بہت پڑھا کر کہ گناہ کم ہون اُس آدمی نے کہا یا رسول اللہ مین چاہتا ہون کہ تمام فرزندان سے بزرگتر ہون مین جواب دیا کہ تکبر کو ترک کر کہ تمام آدمیون سے بزرگ تر ہو تو۔ اُس آدمی نے کہا یا رسول اللہ مین چاہتا ہون کہ میری عمر دراز ہو جواب دیا کہ خویشون اور نزدیکون پر مہربان ہو تو عمر دراز ہو۔ اُس آدمی نے کہا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مین چاہتا ہون کہ مجکو روزی بے اندیشہ پہونچے جواب دیا کہ ہمیشہ باوضو رہو اللہ [illegible] فی الطہارۃ یوسع علیک الرزق یعنے ہمیشہ باوضو رہ

توروزی فراخ ہو۔ اُس آدمی نے کہا یارسول اللہ مین چاہتا ہون کہ مجکو آگ دوزخ
سے اثر نہ پہونچے جواب دیا کہ غضب یعنی غصہ مت کیا کر جو غصہ آوے صبر کر تو تجکو آگ اثر
نہ کریگی۔ اُس آدمی نے کہا یارسول اللہ مین چاہتا ہون کہ میری دعا قبول ہو آپ جواب دیا
حلال کا کھاتا رہ تو دعا تیری مستجاب ہوا کرے اُس آدمی نے کہا یارسول اللہ مین چاہتا ہون
کہ قیامت مین عیب میرے پوشیدہ ہون جواب دیا کہ تو آدمیونکا عیب پوشیدہ رہ جو کسیکا عیب
دیکھے تو ظاہر مت کر کہ بروز قیامت عیب تیرے پوشیدہ رہوین اُس آدمی نے کہا یارسول اللہ
چاہتا ہون کہ گناہ میرے چیز سے کم آوین جواب دیا کہ بیدار رہو گناہ تیرے کم ہون اُس آدمی
نے کہا یارسول اللہ مین چاہتا ہون کہ قیامت کے پلہ میزان کا نیکیون سے بھاری ہو۔
جواب دیا کہ کام دوستون کے پند ونصیحت سے نیک سنوار تا کہ پلہ تیری نیکیون کا بھاری ہو
اُس آدمی نے کہا یارسول اللہ مین چاہتا ہون کہ قیامت کے دن نیچے سایہ کے ہون مین
جوابدیا کہ جس کسیکو دیکھو عزت وآبرو و تواضع اُسکی کرے کہ نیچے سایہ کے ہووے۔ اُس آدمی نے
کہا یارسول اللہ مین چاہتا ہون کہ قیامت کے دن اعمال نامہ میرا سیدھے ہاتھ مین آوے
جواب دیا کہ مادر وپدر کو خوشنود رکھ اور جو مر گئے ہون دعای فاتحہ وصدقہ دینے والا رہو کہ
بروز قیامت نامۂ اعمال اپنا سیدھے ہاتھ مین پاوے اُس آدمی نے کہا یارسول اللہ مین چاہتا ہون
کہ قیامت کے دن آپکی شفاعت مجکو نصیب ہو فرمایا کہ درویشون کو دوست وعزیز رکھ اور یتیمو پر
رحم کر تو شفاعت میری تجکو البتہ نصیب ہوگی۔ اُس آدمی نے کہا یارسول اللہ مین چاہتا ہون
کہ نظر عنایت کی مجھپر ہو کہ بروز قیامت مین بیچ قدمبوسی جناب عالی کی ہون مین جواب دیا جو ایسا چاہتا
ہے تو ہمسایگان کو عزیز رکھ اور حق ہمسائیگی کا بجالا کہ بروز قیامت میرے ساتھ ہو تو۔ اُس
آدمی نے کہا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مین چاہتا ہون کہ ہر دو جہان مین قوت ور ہون مین
فرمایا کہ حق تعالی کو راضی رکھ کہ دونون جہان مین قوت ور ہو۔ اُس آدمی نے کہا یارسول اللہ
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مین چاہتا ہون کہ ہمیشہ احوال میرا خوش ہو جواب دیا کہ حق تعالی کو راضی

رکھ کہ احوال تیرا خوش ہو اُس آدمی نے کہا کہ یا رسول اللہ مین چاہتا ہون کہ توبہ میری قبول ہو جواب دیا کہ دل و جان سے آہ کرے تو اور آنکھ سے آب باہر لاوے تو تیری توبہ قبول ہو اُس آدمی نے کہا یا رسول اللہ مین چاہتا ہون کہ سختی جان کندن کی مجھپر آسان ہووے جواب دیا کہ بیماری والون کے حال کا پرسان رہو کہ سختی جان کندن کی تجھپر آسان ہو۔ اُس آدمی نے کہا یا رسول اللہ مین چاہتا ہون کہ عذاب قبر کا مجھپر نہووے جواب دیا کہ تن اپنے کو اور جامہ اپنے کو پاک رکھ تو تجکو عذاب قبر کا نہووے اُس آدمی نے کہا یا رسول اللہ مین چاہتا ہون کہ نیچ غضب حق کے نہون مین جواب دیا کہ صدقہ یعنے خیرات کے دینے مین احتیاط کر تو تجھپر حق کا غضب نہووے۔ یا اللہ ساتھ احسان اور کمال بخشش اپنی اور عزت رسول اپنے کی تمام مخلوقات کو راہِ نیک دکھلا واللہ اعلم بالصّواب **واسطے حصول اسباب رزق اور خوشی اور برکت کے** فرمایا اللہ تعالےٰ نے اِذْ قَالَ الْحَوَارِيُّوْنَ يٰعِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ هَلْ يَسْتَطِيْعُ رَبُّكَ اَنْ يُّنَزِّلَ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ ؕ قَالَ اتَّقُوا اللّٰهَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ قَالُوْا نُرِيْدُ اَنْ نَّاْكُلَ مِنْهَا وَتَطْمَئِنَّ قُلُوْبُنَا وَنَعْلَمَ اَنْ قَدْ صَدَقْتَنَا وَنَكُوْنَ عَلَيْهَا مِنَ الشّٰهِدِيْنَ ؕ قَالَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ اللّٰهُمَّ رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ لَنَا عِيْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰيَةً مِّنْكَ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ حکیم نے کہا جو کوئی چاہے خوشی و اسباب رزق و برکت ساتھ آسانی کے حاصل ہو تو آیات مذکورہ کو ورق پوست بچۂ آہو یا کاغذ چہرہ دار پر جمعہ کے روز لکھے اور اپنے رکھے اسباب رزق کا اسکے اوپر آسان ہو اور خوشی و برکت اپنے نفس مین معاینہ کرے بکرم اللہ تعالیٰ وفضلہ دیگر واسطے فراخی رزق کے سورہ طلاق مین فرمایا اللہ تعالیٰ نے وَمَنْ قُدِرَ عَلَيْهِ رِزْقُهٗ فَلْيُنْفِقْ مِمَّآ اٰتٰىهُ اللّٰهُ ؕ لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا مَآ اٰتٰىهَا ؕ سَيَجْعَلُ اللّٰهُ بَعْدَ عُسْرٍ يُّسْرًا ؕ حکیم نے کہا جو کوئی تنگ ہو معیشت سے اور توقف ہو اوپر اوسکے رزق او متعذر ہو اوپر اوسکے احوال پس توبہ کرے اور روزہ رکھے بروز پنجشنبہ و نیم شب جمعہ کو

اور پھر سو مرتبہ استغفار کرے اور سو مرتبہ درود کہے بعد ازان سو مرتبہ آیات مذکورہ پڑھے اور
پھر سو جاوے درخواست مخرج رزق تنگی سے اور کشادہ ہو اُسپر دروازہ رزق کا اِنَّ اللّٰہَ
یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ **ایضًا** سورۂ جن کو بعد ہر نماز کے تین مرتبہ پڑھے اگر عسر ہو رزق
اسکا فراخ ہو **ایضًا** سورۂ الم نشرح سات روز بعد ہر نماز کے چودہ مرتبہ پڑھے اور ساتھ خیر کے
بھی ملازمت کرے اوپر اُسکے کام رزق کا فراخ ہو اور پہونچے اس جگہ سے کہ وہ نجانے **ایضًا**
سورۂ بینہ کو بعد ہر نماز کے پڑھے خداے تعالےٰ رزق اوسکے اوپر کشادہ کرے **ایضًا** سورۂ
والعادیات کو بعد ہر نماز کے واسطے فراخی ہمیشہ کے پڑھے خداے تعالےٰ رزق اور روزی بہت
دیوے جہان سے کہ وہ نجانے بکرمہ وفضلہ **ایضًا** واسطے فراخی ہونے رزق اور زیادہ ہونے معیشت
کے فرمایا اللہ تعالےٰ نے وَلَقَدْ مَکَّنّٰکُمْ فِی الْاَرْضِ وَجَعَلْنَا لَکُمْ فِیْهَا مَعَایِشَ قَلِیْلًا
مَّا تَشْکُرُوْنَ حکیم نے کہا جو کوئی چاہے بہت رزق اور زیادہ معیشت اور بہت سودا پاوے
پارہ کاغذ پر مشک زعفران سے بروز جمعہ بعد باہر آنے آدمیون کے نماز جمعہ سے لکھے اور
رکھے اُسکو گھر یا دوکان یا سراے یا محل سکونت کے پس بہت ہو خیر و برکت در رزق و سودا
اور اچھی ہو معیشت بکرم اللہ تعالےٰ **ایضًا** واسطے آسانی رزق کے فرمایا اللہ تعالےٰ نے
قُلْ مَنْ یَّرْزُقُکُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ اَمَّنْ یَّمْلِکُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَمَنْ
یُّخْرِجُ الْحَیَّ مِنَ الْمَیِّتِ وَیُخْرِجُ الْمَیِّتَ مِنَ الْحَیِّ وَمَنْ یُّدَبِّرُ الْاَمْرَ فَسَیَقُوْلُوْنَ
اللّٰہُ فَقُلْ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ حکیم نے کہا آیاتِ مذکورہ کو اوپر برگ طربان یعنی سپید سوختی
کے لکھے اور پیچیدہ کرے اُسکو جامہ نیلہ رنگ مین اور اپنے بازوے راست پر باندھے کہ آسان
ہو اُسپر اسباب رزق کا **ایضًا** واسطے فراخی رزق کے فرمایا اللہ تعالےٰ نے یٰعِبَادِ لَا خَوْفٌ
عَلَیْکُمُ الْیَوْمَ وَلَآ اَنْتُمْ تَحْزَنُوْنَ ○ اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا بِاٰیٰتِنَا وَکَانُوْا مُسْلِمِیْنَ ○ اُدْ
خُلُوا الْجَنَّةَ اَنْتُمْ وَاَزْوَاجُکُمْ تُحْبَرُوْنَ ○ یُطَافُ عَلَیْهِمْ بِصِحَافٍ مِّنْ ذَهَبٍ
وَّاَکْوَابٍ ○ وَفِیْهَا مَا تَشْتَهِیْهِ الْاَنْفُسُ وَتَلَذُّ الْاَعْیُنُ وَاَنْتُمْ فِیْهَا خَالِدُوْنَ

واسطے آسانی رزق کے

واسطے فراخی رزق کے

وَتِلْكَ الْجَنَّةُ الَّتِي أُورِثْتُمُوهَا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ ۝ لَكُمْ فِيهَا فَاكِهَةٌ كَثِيرَةٌ مِنْهَا تَأْكُلُونَ ۝ حکیم نے کہا جس کسی کا عیش مکدر اور رزق ہو دشوار و اندیشہ و فکر بے شمار تو اول ماہ مین تین روز روزہ رکھے کہ غرہ اُسکا شنبہ ہو جو شب جمعہ ہو جامہ نیا دھلا ہوا پہنے اور غسل کرکے تھوڑا طعام افطار کرے اور نماز عشا دوم کے دو رکعت گزارے اور خداے تعالیٰ سے اصلاح کام اور دور ہونا مکروہیٰ کا چاہے اور درود اوپر پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کہے بعد ازان چالیس مرتبہ آیات مذکورہ کو پڑھے اور خالص ہو عمل جبتک کہ واقع نہو دل اُسکے مین کوئی شک خدائی تعالےٰ نیک کرے کام اور شان اُسکا چاہیے کہ دعا اور درود بہت کرے بہت خیر و رزق و برکت ہو اور مکروہی دور ہو اور کارہاے دین و دنیا کے اصلاح پذیر ہون بفضل اللہ تعالےٰ ایضاً واسطے فراخی رزق کے سورۂ جاثیہ مین فرمایا اللہ تعالےٰ نے حٰمٓ ۝ تَنْزِيلُ الْكِتَابِ مِنَ اللهِ الْعَزِيزِ الْحَكِيمِ ۝ إِنَّ فِي السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضِ لَآيَاتٍ لِلْمُؤْمِنِينَ ۝ وَفِي خَلْقِكُمْ وَمَا يَبُثُّ مِنْ دَابَّةٍ آيَاتٌ لِقَوْمٍ يُوقِنُونَ حکیم نے کہا کہ آیات مذکورہ کو کاسۂ چوبی اثل مین لکھے اور پُر کرے پانی ندی روان شیرین سے اور اُس پانی سے افطار کرے اور بعد افطار اُسکے خداے تعالیٰ سے کشادگی رزق کی چاہے تین روز یہ عمل کرے فراخی اور آسانی ہو بکرم اللہ تعالیٰ وفضلہ واللہ اعلم بالصواب دیگر چالیس روز اسم یَا وَهَّابُ اسطرح پڑھے کہ شب کو بعد عشا کے یا بعد تہجد ایک وقت مقرر کرکے تو سو ساٹھ مرتبہ پڑھا کرے اول تو اُلٹہ بار اس تعداد سے زیادہ نہ پڑھے دسوین روز بعد ہر نماز پنجگانہ کے ایکسو چھیانوے بار پڑھتا رہے جو چالیس روز تمام ہون بوقت عشا یا تہجد کے ایکسو چھیانوے بار پڑھا کرے اور بعد نماز پنجگانہ کے چودہ بار پڑھے دیگر اٰمَنْتُ بِاللهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيمِ ۝ وَتَوَكَّلْتُ عَلَى الْحَيِّ الْقَيُّومِ ۝ ایکہزار مرتبہ وقت معین کرکے چالیس روز تک پڑھا جاوے قضاے حاجت کے لیے اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پڑھے دیگر کشایش رزق کے لیے یَا وَدُودُ گیارہ مرتبہ درود اول اور بقدر

آخر درمیان مین یَا وَدُوْدُ بارہ سو مرتبہ پڑھے ایضاً یَا مُغْنِیُ گیارہ سو مرتبہ پڑھ گیارہ بار درود
اول و آخر پڑھے **باب سی ام** درباب دفع مضرت زہر و چشم و زخم و دفع ہونے سحر و خلاص
ہونے بندیخانہ سے **طریقہ** واسطے سحر کے دفع ہونے مین اور مضرت چشم زخم اور زہر کے فرمایا
اللہ تعالیٰ نے یَا بَنِیْٓ اٰدَمَ خُذُوْا زِیْنَتَکُمْ عِنْدَ کُلِّ مَسْجِدٍ وَّکُلُوْا وَاشْرَبُوْا وَلَا
تُسْرِفُوْا اِنَّهٗ لَا یُحِبُّ الْمُسْرِفِیْنَ ۝ قُلْ مَنْ حَرَّمَ زِیْنَةَ اللّٰهِ الَّتِیْٓ اَخْرَجَ لِعِبَادِهٖ وَالطَّیِّبٰتِ
مِنَ الرِّزْقِ ؕ قُلْ هِیَ لِلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا فِی الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا خَالِصَةً یَّوْمَ الْقِیٰمَةِ ؕ کَذٰلِکَ
نُفَصِّلُ الْاٰیٰتِ لِقَوْمٍ یَّعْلَمُوْنَ ۝ قُلْ اِنَّمَا حَرَّمَ رَبِّیَ الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ
وَالْاِثْمَ وَالْبَغْیَ بِغَیْرِ الْحَقِّ وَاَنْ تُشْرِکُوْا بِاللّٰهِ مَا لَمْ یُنَزِّلْ بِهٖ سُلْطٰنًا وَّاَنْ تَقُوْلُوْا
عَلَی اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ۝ حکیم نے کہا آوندگلی پاک و نو مین تھہ پانی انگور سپید و زعفران لکھے اور
پانی شبنم مین سرد کرے وسح کرے اُسی پانی سے منھ و بدن کو مضرت چشم و زخم و سحر بدن سے جاتا رہے
اور اگر یہ پانی نوش کرے یا کھانے طعام مین کرے محفوظ ہو مضرت زہر سے اور نقصان نہ کرے
اسکو اور واسطے دفع سحر کے فرمایا اللہ تعالیٰ نے فَلَمَّا جَآءَ السَّحَرَةُ قَالَ لَهُمْ مُّوْسٰٓی
اَلْقُوْا مَآ اَنْتُمْ مُّلْقُوْنَ ۝ فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰی مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَیُبْطِلُهٗ ؕ
اِنَّ اللّٰهَ لَا یُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِیْنَ ۝ حکیم نے کہا جو کوئی سحر گرفتہ ہو تو بروز جمعہ پہلے طلوع آفتاب
کے آب باران بوقت خالی کہ آدمی نہ دیکھیں لیوے اور ایک مقدار پانی چاہ معطل سے کہ پانی
اسکا کوئی استعمال مین نہ لاتا ہو لیوے اور چودہ برگ اُس درخت کے کہ جسکا پھل کھانے مین
آتا ہے لیوے اور پھر دونون پانی کو ایک جگہ کرے اور وہ پتے اُس پانی مین ڈالے
اور آیات مذکورہ کو کاغذ پر لکھے اور دھووے اور وقت شب مریض کو کنارہ دریا پر لیجا کر
اسکے آب روانی مین رکھے اور وہ پانی آہستہ آہستہ اُسکے سر پر ڈالے کہ سحر باطل ہوا اور اسکے بدن سے
دفع ہوا اور چالاکی اور جوانی معائنہ کرے بکرم اللہ تعالیٰ نوع دیگر واسطے دفع مضرت
زہر کے سورۂ قریش مین فرمایا اللہ تعالیٰ نے لِاِیْلٰفِ قُرَیْشٍ اِیْلٰفِهِمْ الیٰ آخرہا

واسطے دفع مضرت زہر و چشم و زخم کے

واسطے دفع سحر کے

حکیم نے کہا کہ جو کوئی پڑھے اور پڑھا ہے کے اور کھائے سحر اُس سے جاتی رہے اگر درد زہر کا ہوا گر سورۂ مذکور کو برتن پاک میں گلاب زعفران وآب میوہ سے لکھے اور چہ پانی سے دھووے اور کھلاوے جسکو زہر دیا گیا ہو وہ اچھا ہووے اور وہ زہر نقصان نکرے اور لرزا اُسکے دل کا جاتا رہے دیگر واسطے دفع جادو کے فرمایا اللہ تعالےٰ نے وَمَن يَخرُج مِن بَيتِهِ مُهَاجِرًا إِلَى اللهِ وَرَسُولِهِ ثُمَّ يُدرِكهُ المَوتُ فَقَد وَقَعَ أَجرُهُ عَلَى اللهِ وَكَانَ اللهُ غَفُورًا رَّحِيمًا حکیم نے کہا کہ خاصیت ان آیات کی باطل کرنے والی سحر کی مسمع رسید ہے جو کوئی آیت مذکورہ کو کوزہ زمین لکھے اور پاک ہوکر سات رفعہ وقت نہار زبانسے اُس کوزہ کو چاٹے سحر اُس سے باطل ہو اور اثر نکرے کوئی چیز تمام عمر اُسکو بکرم اللہ تعالےٰ دیگر واسطے خلاص بندے فرمایا اللہ تعالےٰ نے فَسُبحَانَ اللهِ حِينَ تُمسُونَ وَحِينَ تُصبِحُونَ. وَلَهُ الحَمدُ فِي السَّمَاوَاتِ وَالأَرضِ وَعَشِيًّا وَحِينَ تُظهِرُونَ ۝ يُخرِجُ الحَيَّ مِنَ المَيِّتِ وَيُخرِجُ المَيِّتَ مِنَ الحَيِّ وَيُحيِي الأَرضَ بَعدَ مَوتِهَا وَكَذَٰلِكَ تُخرَجُونَ حکیم نے کہا کہ جو کوئی پڑھے آیت مذکورہ کو خداے تعالیٰ خلاص دیوے اُسکو بند سے بلد نہایت سے اور میں دیگر ہر محبوس کہ ساتھ اعتقاد درست کے پڑھے حق تعالیٰ جلد اُسکو خلاصی بخشے اور لانے ہیں کہ زمانۂ خلافت امیر المومنین میں ایک گنہگار آدمی کو قید کیا تھا کہ اس آدمی کو خواب میں ہدایت ہوئی کہ یہ آیت پڑھ تو خلاصی پاوے وہ آدمی خواب سے بیدار ہوا یہ آیہ پڑھی امیر المومنین نے گنہگار کے پاس آدمی بھیجا کہ اسکو زندان سے باہر لاویں اور خلعت اسکو دیکر تربیت کیا خنک وہ آدمی کہ یہ آیۃ یاد کرے اور ہر شب پڑھے خداے تعالیٰ اُسکو تمام غموں سے خوشی دیوے آیۃ یہ ہے قُل مَن يُنَجِّيكُم مِّن ظُلُمَاتِ البَرِّ وَالبَحرِ تَدعُونَهُ تَضَرُّعًا وَخُفيَةً لَّئِن أَنجَانَا مِن هَٰذِهِ لَنَكُونَنَّ مِنَ الشَّاكِرِينَ ۝ قُلِ اللهُ يُنَجِّيكُم مِّنهَا وَمِن كُلِّ كَربٍ ثُمَّ أَنتُم تُشرِكُونَ اور دیگر دو رکعت نماز گزارے بعد ازان یہ دعا گیارہ بائیس مرتبہ پڑھے الٰہی بحق الحسین واخیہ وامہ وابیہ

واسطے دفع جادو کے ۱۲

واسطے خلاص بندے ۱۲

واسطے خلاصی محبوس کے

وَجَلَالِهٖ وَبَهَائِهٖ فَرِّجْ عَنِّیْ مَا اَنَا فِیْهِ دیگر واسطے خلاصی کے ہزار بار کہے یَا غِیَاثَ
الْمُسْتَغِیْثِیْنَ اَغِثْنِیْ وَیَا نَاصِرَ الْمَظْلُوْمِیْنَ اُنْصُرْنِیْ دیگر واسطے خلاصی محبوس کے
وَمُرْسٰہَا اِنَّ رَبِّیْ لَغَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ۰ نقش کرے چوب ساج مین اور سنحت کرے پہلے
ارادہ کشتی سے خداے عزوجل تمام آفتون سے اوسکو نگاہ رکھے دیگر اور جو کوئی ان آیتون کو

پڑھے اَلَمْ تَرَ اَنَّ الْفُلْكَ تَجْرِيْ فِي الْبَحْرِ بِنِعْمَةِ اللّٰهِ لِيُرِيَكُمْ مِنْ اٰيَاتِهٖ اِنَّ فِيْ
ذٰلِكَ لَاٰيَاتٍ لِكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوْرٍ ه وَاِذَا غَشِيَهُمْ مَوْجٌ كَالظُّلَلِ دَعَوُا اللّٰهَ
مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ فَلَمَّا نَجَّاهُمْ اِلَى الْبَرِّ فَمِنْهُمْ مُقْتَصِدٌ وَمَا يَجْحَدُ بِاٰيَاتِنَا
اِلَّا كُلُّ خَتَّارٍ كَفُوْرٍ ه سوار ہونے کشتی مین جو ہوا سخت اوٹھے اور پانی موج مارے
سات ورق کاغذ مین لکھے اور پانی مین ڈالے طرف مشرق کے ایک ایک ورق حق تعالے
ساکن کرے اور جو کشتی سے نیچے اوترے پڑھے اَللّٰهُمَّ اَنْزِلْنَا مُنْزَلًا مُّبَارَكًا وَّاَنْتَ
خَيْرُ الْمُنْزِلِيْنَ ه دیگر جو دعا مین کہ رخت و قماش مین رکھین حضرت امام جعفر صادق
علیہ السلام نے کہا کہ جو کوئی سورۂ مائدہ کو پوست آہو مین لکھے اور صندوق مین رکھے بیخوف ہو
وہ قماش اور مال اوسکا چورون سے اگرچہ متاع اوسکا درمیان راہ کے ہو اور جو کوئی یہ
آیۃ لکھے صندوق سے بروز آدینہ اور رکھے درمیان مال اور خزینہ کے برکت ہو اوسمین اور نگاہ رکھے
خدا تعالی جملہ بلاؤن اور آفتون سے آیۃ یہ ہے ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَاءُ
وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ه دیگر جو کوئی سورۂ عصر کو پڑھے اوپر مال کے اور ساتھ زمین
کے دفن کرے خدا تعالی نگاہ رکھے اوس وقت تک کہ باہر لاوے وہ دفینہ دیگر اسامی اصحاب
کہف کے لکھے اور درمیان اسباب کے رکھے سلامت رہے چورون و غرق ہونے اور جلنے سے
مجرب ہے دیگر اور خاصیت اسامی اصحاب کہف امیر المومنین علی رضی اللہ عنہ سے رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ حق کی امان مین ہو جو ان نامون کو سفر و حضر مین پڑھے اور
جو کوئی اپنے پاس رکھے پناہ حق تعالی مین رہے اور جو کوئی ہمیشہ پڑھے حق سبحانہ و تعالی اوسکو
اور مادر پدر اوسکے کو اور ستر آدمی قرابتیان اوسکے کو بخشش کرے اور جو درمیان تیر دان کے
رکھے نقصان نہ پہنچے اور ... اور طرح کی بلاؤن سے امان مین ہو دوسرے
واسطے چند چیز کے اسامی اصحاب کہف کے کام آتے ہین پہلا جو کوئی چاہے کہ موج دریا سے
بیخوف ہو کشتی مین ان نامون کو پڑھے یا اپنے پاس رکھے دوسرے جو کوئی چاہے اوق

دعا میں رخت و قماش میں رکھنے کی ۱۲

خاصیت اسماء اصحاب کہف کی ۱۲

نامون کو لکھے اور گھر مین رکھے آگ نہ لگے اور جو آگ لگی ہو جائے سفید مین ان نامون کو لکھکر
دیا باندھکر ڈالے آگ فرو ہو جاوے تیسرے جو کوئی ان نامون کو رخت و خزینہ مین رکھے ہو رلیسے
و جلنے سے اور غرق ہونے سے سالم رہے چوتھے جو ان نامون کو لکھے اور ران سیدھی مین باندھے
ہر چند راہ چلے ماندہ نہو پانچوین اگر ملخ کشت کے اوپر غلبہ کرے ان نامون کو لکھے اور اوس ایک
لکڑی کے کر کے درمیان کشت کے رکھے ٹڈی اوس کشت مین نقصان نہ پہونچا دے چھٹے
ہر عورت کہ دردزہ مین ماندہ ہو ان نامون کو لکھے اور اوپر ران چپ اوس عورت کے
باندھے در حال مولود پیدا ہووے ساتوین اگر کسی گاؤن مین پانی دریا کا زور کرتا ہو اور
زمین لیجاتا ہو ان نامون کو لکھے اور درمیان دو شرابہ نئے کے رکھے اور سر اوسکا مضبوط کرے
اور جس جگہ کہ گرداب ہوا ہے ڈالے بفرمان خدائے عز و جل پانی اوس موضع سے قوت دوسری
طرف کرے اور زیادہ اوس زمین کو نہ کاٹے آٹھوین ان نامون کو لکھکر قبضہ کمان مین باندھے
تیر اوسکا سیدھا جاوے نوین جو کوئی حاجت رکھے دو رکعت نماز گزارے اور ان نامون کو پڑھے
اور خدائے تعالیٰ کو شفیع لاوے حاجت اوسکی برآوے دسوین جسکے پاس یہ نام ہون حرب
مین مظفر و منصور ہو اور کچھ نقصان اوسکو نہ پہونچے گیارھوین ان نامون کو اپنے پاس رکھے اگر
امرا و ملوک و سلاطین کے اوسکا مرتبہ و عزت ہو اور کوئی ساتھ اوسکے نہ پہونچے بارھوین جو کوئی
ان نامون کو اوپر صاحب تپ صداع و سودا کے اوسکے باندھے صحت پاوے تیرھوین اگر کسی اسپ کے
درد شکم ہو یا کیڑ پکڑے ان نامون کو لکھے اور گردن اسپ مین باندھے اور دھو کر پلاوے
اچھا ہو جاوے چودھوین جو کشت غلہ کو موشان زحمت دیوین ان نامون کو لکھے اور درمیان
دو سکورہ کے چارون گوشون کے گاڑے آفت موشان کی اوس کشت سے دفع ہو پندرھوین
جو کوئی ان نامون کو کتاب و کاغذ مین لکھے کرم و موش و سواے اوسکے کوئی موذی نقصان نہ پہونچائے
سولھوین اگر سفال آب نارسیدہ مین ان نامون کو لکھے اور درمیان غلہ کے رکھے کرم نہ پڑین اور
غلہ گندہ نہ ہووے اور ان نامون کی خاصیتین بہت ہین جس کام پر کہ باندھے موثر ہووے یہ نام

یمین یملیخا مکسلمینا کشفوططط تبیونس اذرفطیونس کشافطیونس یوانس بوبس اسم کابھم قطمیر اور آخران ناموں کے وعلی اللہ قصد السبیل ومنھا جائر ہ پڑھے یا لکھے دیگر واسطے دفع ہونے ماندگی و گرسنگی و زوال وحشت سفر کے فرمایا اللہ تعالیٰ نے اَلَّذِيْ خَلَقَنِيْ فَهُوَ يَهْدِيْنِ ہ وَالَّذِيْ هُوَ يُطْعِمُنِيْ وَيَسْقِيْنِ وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ ہ وَالَّذِيْ يُمِيْتُنِيْ ثُمَّ يُحْيِيْنِ ہ وَالَّذِيْٓ اَطْمَعُ اَنْ يَّغْفِرَ لِيْ خَطِيْٓـَٔتِيْ يَوْمَ الدِّيْنِ ہ رَبِّ هَبْ لِيْ حُكْمًا وَّاَلْحِقْنِيْ بِالصّٰلِحِيْنَ وَاجْعَلْ لِّيْ لِسَانَ صِدْقٍ فِي الْاٰخِرِيْنَ ہ وَاجْعَلْنِيْ مِنْ وَّرَثَةِ جَنَّةِ النَّعِيْمِ وَاغْفِرْ لِاَبِيْٓ اِنَّهٗ كَانَ مِنَ الضَّاۗلِّيْنَ ہ وَلَا تُخْزِنِيْ يَوْمَ يُبْعَثُوْنَ ہ يَوْمَ لَا يَنْفَعُ مَالٌ وَّلَا بَنُوْنَ ہ اِلَّا مَنْ اَتَى اللّٰهَ بِقَلْبٍ سَلِيْمٍ حکیم نے کہا جو کوئی سفر میں دفع ہونا زوال وحشت و ماندگی و گرسنگی و تشنگی کا چاہے پس وضو یا تیمم کرکے دو رکعت نماز گزارے اور آیات مذکورہ کو ساتھ مرتبہ یا آٹھ مرتبہ یا اکیس مرتبہ پڑھے کہ گرسنگی و تشنگی فرو ہووے اور قوت آلہی حاصل ہو اور ساتھ رزق کے پہونچے اور سستی و ماندگی و وحشت جاتی رہے بعظمۃ اللہ تعالےٰ و عونہ ایضا واسطے دفع گرسنگی و تشنگی کے فرمایا اللہ تعالیٰ نے اِذَا وَقَعَتِ الْوَاقِعَةُ لَيْسَ لِوَقْعَتِهَا كَاذِبَةٌ ہ اِلیٰ قولہ تعالیٰ فِيْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ حکیم نے کہا کہ با طہارت صبح و شام آیاتِ مذکورہ کو پڑھے گرسنگی و تشنگی نہ ہو اور سیراب رہے اور ترس و فزع و خوف اوسکو نہ پہونچے اور رزق اوسکو حاصل ہو جہان سے کہ وہ نجانے اور نعمت دینی دل اوسکے مین پُر ہووے بعظمۃ اللہ تعالیٰ ایضا واسطے دفع گرسنگی و تشنگی کے سورۂ والعادیات کو بہت پڑھے خداے تعالیٰ اوسکو سیراب کرے بھوک و پیاس سے نقصان نہ پہونچا دے دیگر واسطے نگاہداشت کے سفر مین وقت چلنے راہ و منزل پر اوترنے کے سورۂ جن کو تین مرتبہ پڑھے آفاتِ سفر سے محفوظ دامن مین رہے بعظمۃ اللہ تعالیٰ و عونہ دیگر واسطے دفع ماندگی کے سورۂ واللیل کو کاغذ باریک مین لکھے اور کاتب و نقاش اوّل غسل کرکے

واسطے دفع ہونے ماندگی و گرسنگی و زوال وحشت سفر کے ۱۲

واسطے دفع گرسنگی و تشنگی کے ۱۲

واسطے نگاہداشت سفر کے ۱۲

روزہ رکھے اور بروز جمعہ شروع ماہ کے یہ عمل کرے اور پھر اوسکو نگینہ انگوٹھی لوہے مین کھدواکر پہنے اور روان ہوکر وہ جہان مین کوئی مکروہ اوسکے ساتھ نہ پہونچے اور زمین بچھیدہ ہوکر راہ تھوڑی ہو جاوے اور ماندگی نہ لاوے اور راہ چلنے سے نہ تھکے باذن اللہ تعالیٰ واللہ اعلم بالصواب

باب سی و دوم درباب نگاہداشت خزانہ ومال ودفینہ وغیرہ کے طریقہ واسطے نگاہ رکھنے مال وخزینہ ودفینہ کے سورۃ البینہ کو وقت دفن کرنے مال ومتاع اور وقت خزانہ مین رکھنے کے پڑھے اللہ تعالیٰ اوسکو نظر عیارون اور چورون سے پوشیدہ رکھے اور آفتون سے سلامت رہے باذن اللہ وقدرتہ ایضاً سورۃ والعصر کو چار سفال گلی ہین لکھے اور مال وخزانہ مین رکھدے تمام آفتون سے وہ مال وخزینہ محفوظ رہے اور چشم چور سے پوشیدہ رہے ایضاً واسطے نگاہداشت مال وخزینہ کے فرمایا اللہ تعالیٰ نے ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيهِ مَنْ يَشَاءُ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيمِ حکیم نے کہا کہ بروز جمعہ آیۃ مذکورہ کو صدف پر لکھے بعد نماز کے اور مال وخزینہ مین رکھدے تمام آفتون اور چورون سے وہ مال وخزینہ سلامت رہے بکرم اللہ تعالیٰ

باب سی و سوم درباب مدداوپر خیر اور دفع ہونے بیدینی وشینچنے نامہ وعرائض وتفتیش حاجت برآری سے طریقہ واسطے مدداوپر خیر ودفع غضب کے فرمایا اللہ تعالیٰ نے وَلَهُ مَا سَكَنَ فِي اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ حکیم نے کہا کہ یہ آیۃ فرو کرنیوالی غضب وسخت گیری وقلق اور مدد کرنیوالی خیر ونیکی کی ہے جو آدمی مدداوپر خیر ودفع ہونے غضب وسخت گیری وقلق کے چاہے اپنے واسطے یا دوسرے کے واسطے اگر بروقت غضب کے کھڑا ہو تو بیٹھ جاوے اور بیٹھا ہو تو لیٹ جاوے اور آیۃ مذکورہ کو بہت پڑھے کردیات اوس سے جاتی رہے اور صفائی نفس کی پیدا ہو اور مدد اوپر خیر کے پاوے بکرم اللہ تعالیٰ وفضلہ واللہ اعلم بالصواب دیگر واسطے دفع بیدینی کے فرمایا اللہ تعالیٰ نے يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا أَوْفُوا بِالْعُقُودِ أُحِلَّتْ لَكُم بَهِيمَةُ الْأَنْعَامِ إِلَّا مَا يُتْلَىٰ عَلَيْكُمْ غَيْرَ مُحِلِّي

واسطے نگاہ رکھنے مال وخزینہ ودفینہ ۳۲

واسطے مدداوپر خیر ودفع غضب ۳۳

واسطے دفع بیدینی ۳۴

وَاَنْتُمْ حُرُمٌ اِنَّ اللّٰهَ يَحْكُمُ مَا يُرِيْدُ ہ حکیم نے کہا جو کوئی دفع ہونا تدلیس اور شک
لبس ردی اور بدبینی کا چاہے تو آیۃ مذکورہ کو پیالۂ آبگینہ مین لکھے اور شہد تازہ آتش نارسیدہ
سے دھووے پھر جو کوئی اوس شہد کو کھاوے اوس سے تدلیسی و بدبینی و شک دفع ہو اور
اوسکو روزی ہو بس ردی کامون اور امر نیک کی بکرم اللہ تعالیٰ وفضلہ ویگر واسطے اثبات
اوپر خیر کے فرمایا اللہ تعالیٰ نے سَيُجَنَّبُهَا الْاَتْقَى الَّذِيْ يُؤْتِيْ مَالَهٗ يَتَزَكّٰى ہ آخر
سورہ حکیم نے کہا جو کوئی برتن گلی نجیۃ نومین آیۃ مذکورہ کو گلاب وزعفران سے لکھے اور
آب شیرین ندی روان سے دھووے اور تین روز نہار پیوے قبول کرے کامون کو اوپر
خیر کے اور مدد کرنیوالا ہو بفضل اللہ تعالیٰ وعونہ ویگر واسطے بھیجنے نامہ وعرائض بنا برحاجت
کے سورۂ ویل للمطففین سے فرمایا اللہ تعالیٰ نے كَلَّا اِنَّ كِتٰبَ الْاَبْرَارِ لَفِيْ عِلِّيِّيْنَ
الی قولہ تعالیٰ نَعِيْمِ ہ حکیم نے کہا جو کوئی کوئی مکتوب یا رقعہ یا عرضیہ لکھے اور غرض حاصل
ہونی اوسکی چاہے تو قلم ازنی فارسی وخشک یعنی بغیر درمیان ہر سطر کسی چیز کے یہ لکھے
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ہ اِنَّ اللّٰهَ وَعَدَ الصَّابِرِيْنَ نَصْرًا وَتَدَاوَلُ مَنْ تَوَكَّلَ
عَلَيْهِ يُسْرًا وَشَرَحَ لِمَنْ فَوَّضَ اَمْرَهٗ اِلَيْهِ صَدْرًا ہ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا
كَلَّا اِنَّ كِتٰبَ الْاَبْرَارِ لَفِيْ عِلِّيِّيْنَ ہ بعد اوسکے پیچیدہ کرے وہ رقعہ اور وہ مکتوبہ
اور وہ عرضیہ کو اور بھیجے ساتھ عظمت اللہ تعالیٰ کے اوسکی جلد حاجت برآوے اور یہ ایلچی
بار ان ہے اور ضائع نکرے دیگر واسطے طلب حاجت کے سورۂ جاثیہ مین فرمایا اللہ تعالیٰ
نے وَيْلٌ لِّكُلِّ اَفَّاكٍ اَثِيْمٍ ہ يَسْمَعُ اٰيٰتِ اللّٰهِ تُتْلٰى عَلَيْهِ ثُمَّ يُصِرُّ مُسْتَكْبِرًا
كَاَنْ لَّمْ يَسْمَعْهَا فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ہ وَاِذَا عَلِمَ مِنْ اٰيٰتِنَا شَيْئَا اتَّخَذَهَا
هُزُوًا اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ہ مِنْ وَّرَآئِهِمْ جَهَنَّمُ وَلَا يُغْنِيْ عَنْهُمْ
مَّا كَسَبُوْا شَيْئًا وَّلَا مَا اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْلِيَآءَ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ہ
حکیم نے کہا جو کوئی مانگے کسی سے حاجت پس آیات مذکورہ کو تین مرتبہ کف ہتھیلی اپنے کے پڑھے

در حاشیہ: [illegible]

بعدہ وقت مانگنے حاجت کے اپنے ہاتھ کو دیکھے یہ ہاتھ منھ پر کھولے اگر حاجت روا نہیں ہوتی
ہو تو فوراً روا ہوا اور غرض حاصل ہووے ایضاً واسطے طلب حاجت کے سورۂ نساء میں فرمایا
اللہ تعالیٰ نے مَنْ يَّشْفَعْ شَفَاعَةً حَسَنَةً يَّكُنْ لَّهٗ نَصِيْبٌ مِّنْهَا وَمَنْ يَّشْفَعْ شَفَاعَةً
سَيِّئَةً يَّكُنْ لَّهٗ كِفْلٌ مِّنْهَا وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ مُّقِيْتًا وَاِذَا حُيِّيْتُمْ بِتَحِيَّةٍ
فَحَيُّوْا بِاَحْسَنَ مِنْهَا اَوْ رُدُّوْهَا اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ حَسِيْبًا اَللّٰهُ لَا
اِلٰهَ اِلَّا هُوَ لَيَجْمَعَنَّكُمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ لَا رَيْبَ فِيْهِ وَمَنْ اَصْدَقُ مِنَ
اللّٰهِ حَدِيْثًا حکیم نے کہا جو کوئی بادری میں خطبہ کرے یا کوئی حاجت طلب کرے اور وہ منع
کریں یا لیت ولعل کریں اس وقت طلوع آفتاب کے آیات مذکورہ کو پارۂ جامہ و خترپاک
ہر جمعہ کو مشک و زعفران سے لکھے اور اپنے پاس رکھے کہ حاجت روائی اوسکی ہووے اور منع
کرنے والے باز رہیں اور اسیطور واسطے طلب حاجت کے ملوک و سلاطین سے ہر جمعہ کو رقعہ اوسکا
لیکر لکھے اور جبتک کہ حاجت اوسکی نہ نکلی لکھو اور وہ کہ لکھ گیا ہر جمعہ آیندہ کو دفن کریں تو عجائب دیکھے

باب سی و چہارم در باب ہدیہ طرف اموات و حفظ متاع وانی کے طریقہ واسطے ہدیہ
طرف اموات کے سورۂ التکاثر فرمایا اللہ تعالیٰ نے اَلْهٰكُمُ التَّكَاثُرُ حَتّٰى زُرْتُمُ الْمَقَابِرَ
الیٰ آخرھا حکیم نے کہا جو کوئی حضور قبر مردگان کے جاوے سورۃ التکاثر کو پڑھے تمام ارواح
حاضر ہوں اور دوسری مرتبہ سورۂ مذکور کو پڑھے اور ہدیہ کرے اموات کی طرف کہ انہوں سے
عذاب اوٹھایا جاوے اور ہدیہ نیک ہو اور جو کوئی اس سورۂ مبارکہ کو سات مرتبہ وقت نزول
باران کے پڑھے اوسکو ذخیرۂ عظیمہ ہووے اور جو کوئی آب باران کا جمع کرے اور سات
مرتبہ اوسکے اوپر پڑھے اور سر شروبی میں کرکے کھاوے اوس سے نفع عظیم ہو اور جو کوئی
وقت پہونچنے منزل کے پڑھے جملہ آفتوں سے امن میں رہے اور جو کوئی ہمیشہ سورۂ مذکورہ
کو نماز نفل میں پڑھا کرے اوسکو اللہ غنی کرے اور جو کوئی سات مرتبہ پڑھے اور کاغذ میں لکھکر
اور باندھے اوسکو بعد نماز عصر وقت غروب آفتاب کے تو وہ شخص محفوظ رہے اور جو کوئی ہمیشہ پڑھا

کرے عفو کرے اللہ تعالیٰ و حساب نکرے بکرم اللہ تعالیٰ و دیگر واسطے حفظ متاع و اوانی کے فرمایا اللہ تعالیٰ نے سورۃ الماعون مین آرا آیت اَلَّذِیْ یُکَذِّبُ بِالدِّیْنِ ۞ الی اخرہ حکیم نے کہا کہ اس سورہ کو واسطے حفظ متاع خانہ و اوانی و چیز نے و توڑنے کے پڑھے ہر روز استعمال کرے خاص اوسکا متاع و اوانی کا تعویذ ہووے اور جو کوئی ہمیشہ پڑھا کرے تو قبول ہو قول اوسکا اور قبولیت کو پہونچے حاجت اوسکی باب سی و پنجم در باب بیان سورہ اور قرأت اوسکی کہ معال قرآن کی ہین سورۂ یٰسٓ فرمایا اللہ تعالیٰ نے یٰسٓ ۞ وَالْقُرْاٰنِ الْحَکِیْمِ ۞ اِنَّکَ لَمِنَ الْمُرْسَلِیْنَ الیٰ اخرہا حکیم نے کہا کہ ہر چیز کا دل ہے اور دل قرآن کا سورۂ یٰسٓ ہے جو کوئی سورۂ یٰسٓ کو تین مرتبہ پڑھے تو گویا تمام قرآن پڑھا اور سورۂ مذکور کو تین مرتبہ پڑھے معادل قرآن کا ہے ثواب سے دیگر سورۃ الکافرون حکیم نے کہا پڑھنا سورۂ مذکور کا چار مرتبہ معادل تمام قرآن کا ہے ثواب و ثمرات سے اور جو کوئی سورۂ مذکورہ کو ہمیشہ وقت صبح کے پڑھا کرے میل شرک و بداعتقاد ایسے سے امین ہے اور جو کوئی بروز یکشنبہ وقت طلوع آفتاب دس مرتبہ پڑھے خدائی تعالیٰ سے جو حاجت کہ رکھتا ہو روا کیجاوے اور قبول ہووے دیگر دعوت سورۃ الاخلاص فرمایا اللہ تعالیٰ نے قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ الخ حکیم نے کہا کہ یہ سورۂ معادل ثلث قرآن کی ہے جو سورۂ مذکورہ کو تین مرتبہ پڑھے گویا تمام قرآن پڑھا اور یہ سورہ ہر درد پر پڑھے فوراً آرام ہو جاوے اور جو کوئی پڑھکر ہدیہ کرے طرف اموات کے اللہ تعالیٰ اونسے عذاب کو ہلکا کرے اور یہ تعویذ ہو جاوے آفت اور شر کا اور جو کہ سورۂ مذکور کو پڑھے کفارہ اوسکے تمام گناہونکا ہووے اور مغفرت پاوے اللہ مغفور مرے اور یہ سورہ ثانی ہے تمام وردون اور وضون کی بکرم اللہ تعالیٰ واللہ اعلم بالصواب اور خاصیت سورہ یٰسٓ کی ایک یہ ہے مولانا رمضان صاحب مہم والے فرماتے ہین کہ جو کوئی سورۂ یٰسٓ پڑھکر بخشے

خدا اون دونون شخصون کو بخشش دے بروقت نزع کے ع

باب سی و ششم در باب فائدۂ معوذتین کے فرمایا اللہ تعالیٰ نے قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۞ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ الیٰ اخرہا قولہ تعالیٰ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۞ مَلِكِ النَّاسِ

در واسطے حفظ متاع و اوانی کے ۱۲

بیان سورہ و قرأت اوسکی کہ معادل قرآن کی ہیں ۱۲

فائدہ پڑھنے سورۃ الکافرون کا ۱۲

بیان پڑھنے سورۃ اخلاص کا ۱۲

الی آخرہا حکیم نے کہاکہ یہ دو سورہ عوذہ ہین شر جن وانس اور ہر آفت اور وحشت ووجع ووہم سے جو کوئی ہر صبح وشام پڑھے امین رہے وہ ہر آفات سے دیگر اور جو کوئی پڑھے سورہ والتین کو وقت جانے پاس بادشاہ کے اور پیش نظر دشمنان کے عزیز رہے اور یہ اونکی ضرر رسانی سے بیخوف ہو اور جو کوئی لکھے اوپر کاغذ کے مشک و زعفران سے اور باندھے اوپر مصروع یعنی الواز گرفتہ کے نذا ہووے شفا اوسکی ہے اور اچھا ہووے اس مرض سے اور جو کوئی مشک و زعفران سے لکھے اور تعویذ مس یا آہن کا بنواکر اوس مین رکھے اور لڑکونکی گردن مین باندھے وہ لڑکا شرات ام الصبیان سے محفوظ اور آرام مین رہے اور اُس سورہ مین نفع و خاصیت ہا مالا عین

ولا اذن سمعت ولا خطر علی قلب بشر واللہ اعلم بالصواب

باب سی وہفتم درباب فوائد متفرقہ اوائل سورہ مقطعات بآیات اور بیچ فضیلت و اسناد دعا کے اور وظیفے کے بیان مین فرمایا اللہ تعالیٰ نے الٓمٓ ذٰلِکَ الْکِتٰبُ لَا رَیْبَ فِیْہِ هُدًی لِّلْمُتَّقِیْنَ الی قولہ تعالیٰ اُولٰٓئِکَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ و قولہ تعالیٰ الٓمٓ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ الی قولہ تعالیٰ وَاَنْزَلَ الْفُرْقَانَ و قولہ تعالیٰ الٓمٓصٓ الی قولہ تعالیٰ وَذِکْرٰی لِلْمُؤْمِنِیْنَ و قولہ تعالیٰ الٓرٰ تِلْکَ اٰیٰتُ الْکِتٰبِ الی قولہ تعالیٰ تَعْقِلُوْنَ قولہ تعالیٰ الٓمّٓرٰ تِلْکَ اٰیٰتُ الْکِتٰبِ وَالَّذِیْٓ اُنْزِلَ اِلَیْکَ مِنْ رَّبِّکَ الْحَقُّ وَلٰکِنَّ اَکْثَرَ النَّاسِ لَا یُؤْمِنُوْنَ قولہ تعالیٰ الٓرٰ کِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ اِلَیْکَ الی قولہ تعالیٰ الْحَمِیْدِ قولہ تعالیٰ کٓهٰیٰعٓصٓ ذِکْرُ رَحْمَتِ رَبِّکَ عَبْدَهٗ زَکَرِیَّا قولہ تعالیٰ طٰهٰ مَآ اَنْزَلْنَا عَلَیْکَ الْقُرْاٰنَ لِتَشْقٰی قولہ تعالیٰ طٰسٓمّٓ تِلْکَ اٰیٰتُ الْکِتٰبِ الْمُبِیْنِ قولہ تعالیٰ طٰسٓ تِلْکَ اٰیٰتُ الْقُرْاٰنِ وَکِتَابٍ مُّبِیْنٍ قولہ تعالیٰ یٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَکِیْمِ قولہ تعالیٰ صٓ وَالْقُرْاٰنِ ذِی الذِّکْرِ بَلِ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا فِیْ عِزَّةٍ وَّشِقَاقٍ قولہ تعالیٰ حٰمٓ تَنْزِیْلُ الْکِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِیْزِ الْعَلِیْمِ الی قولہ تعالیٰ الْمَصِیْرُ قولہ تعالیٰ حٰمٓ

عٓسٓقٓ ۝ كَذٰلِكَ يُوْحِيْٓ اِلَيْكَ وَاِلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكَ اللّٰهُ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ
قوله تعالی قٓ ۚ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِيْدِ ۝ قوله تعالی نٓ ۚ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُوْنَ
الی قوله تعالی خُلُقٍ عَظِيْمٍ حکیم نے کہا کہ جو لکھے بادین مقطعات سات آیات مذکورہ کو
پوست بچہ آہو مین شب جمعہ کو بعد نماز عشا زعفران و گلاب سے اور یہ کتابت شب جمعہ کو ہوا ہو
ہمراہ ہے ہو بعد ازان نگرد وین کرے اور پڑہے شب وروز اور جو کوئی اس تعویذ کو اپنے پاس
رکھے اوسکا دل دلیری کرے اور اگر فقیر ہو خداے تعالے اوسکو غنی کرے اور جو مدیون یعنی
قرضدار ہو تو سبکدوشی ہووے اور اگر ترسندہ ہو تو نڈر ہووے اگر مسحور ہووے یا مسجون ہو تو خدا
تعالی اوسکو خلاصی دیوے اور اگر اندوہگین ہو تو فراخ اور کشادگی کرے اوس کو خدای تعالی اور
اگر مسافر ہو تو پھرے طرف اہل اپنے کے اور جو حاجت کہ خدای تعالی سے چاہے روا ہووے اور جو دکان
کے دروازے پر چپکا دے تو بہت فائدہ اور برکت ہووے اور جو عورت بے شوہر باندھے تو خطبہ
ہو جاوے اور اگر تعویذ آہنی مین کرکے لڑکون کی گردن مین باندھے کہ بے خوف ہووین اور تمیع
چیز سے کہ اونپر نہ پہونچے اور اسمین منافع اور اسرار بہت ہین کہ لا تعد ولا تحصے فافہم دیگر
سورہ بنی اسرائیل مین فرمایا اللہ تعالے نے سُبْحٰنَ الَّذِيْٓ اَسْرٰى بِعَبْدِهٖ لَيْلًا مِّنَ
الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اِلَى الْمَسْجِدِ الْاَقْصَا الَّذِيْ بٰرَكْنَا حَوْلَهٗ لِنُرِيَهٗ مِنْ اٰيٰتِنَا اِنَّهٗ هُوَ
السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ ۝ وَاٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ وَجَعَلْنٰهُ هُدًى لِّبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ط
اَلَّا تَتَّخِذُوْا مِنْ دُوْنِيْ وَكِيْلًا ۝ ذُرِّيَّةَ مَنْ حَمَلْنَا مَعَ نُوْحٍ ط اِنَّهٗ كَانَ عَبْدًا
شَكُوْرًا حکیم نے کہا کہ یہ آیات صالح اور لائق ہین ہر کسیکو کہ چاہیے ثابت قدمی و قوت دلکی
کامون مین دشوار کے جو کوئی کہ درمیان ماہ محرم کے تین روز روزہ رکھے اور آیات مذکورہ
کو پوست بچہ آہو مذبوح مین مشک و زعفران سے لکھے بعد اوسکے دوسری مرتبہ اوپر دوسرے
ٹکڑے چرم لعل بلغاری کے لکھے اور ہر ایک کے اوپر دس دس مرتبہ پڑہے اور اوسکو گرد نباد
اور دھونی دیوے لبان یعنی کندر و مصطگی کی اور کمر مین باندھے اور پارۂ مکتوب آیات مذکورہ

واسطے ثابت قدمی و قوت دلکے کامون دشوار مین

اوپر باز و سیدھے کے باندھے ہرگز دشواری نہ دیکھے اور کسی چیز مین ماندہ نہووے اور یہ
عمل عجائب ہر چاہیے کہ یہ حرز و کتابت جسوقت کہ شرف عطارد کا ہو اور سعادت اوسکی خالی
و مستقیم ہو نحوست سے یعنی مقابلہ و مقارنہ نہو اور ہو سہم ربع مین زحل و مریخ سے نہو عجائب
لطیفہ و فوائد شریفہ دیکھے اور جو کچھ اسرار اس مین ہو اگر طول کیا جاوے تو ایک عمر دراز اور کاغذ
بافراخ چاہیے جب حاصل ہو مگر اختصار کیا گیا ہو وہو علی کل شئی قدیر و دیگر واسطے روبرو جانے
سلطان جابر و حاکم اور نہ ہو گواہی دروغ کے فرمایا اللہ تعالیٰ نے سُبۡحٰنَہٗ وَتَعٰلٰی عَمَّا
یُشۡرِکُوۡنَ ۝ وَ رَبُّکَ یَعۡلَمُ مَا تُکِنُّ صُدُوۡرُہُمۡ وَ مَا یُعۡلِنُوۡنَ ۝ وَ ہُوَ اللّٰہُ لَاۤ
اِلٰہَ اِلَّا ہُوَ ؕ لَہُ الۡحَمۡدُ فِی الۡاُوۡلٰی وَ الۡاٰخِرَۃِ ۫ وَ لَہُ الۡحُکۡمُ وَ اِلَیۡہِ تُرۡجَعُوۡنَ ۝ حکیم نے کہا
کہ روبرو حاکم کے واسطے حکم یا واسطے گواہی کے حاضر ہووے اور ڈرے ملحیہ مدعی سے گواہی دروغ
یا جور سلطان سے یا جسوقت اپنے نزدیک حاکم و بادشاہ کے یا جس کسی سے کہ ڈرتا ہے آیات
مذکورہ سات مرتبہ پڑھے پھر یہ کہے وَاللّٰہُ غَالِبٌ عَلٰۤی اَمۡرِہٖ تین مرتبہ شر اونکا دفع ہو جاوے
بفضلہ اللہ تعالیٰ **المقطعات** اوائل سورہ الٓمٓ ۔ الٓمٓ ۔ الٓمٓصٓ ۔ الٓرٰ ۔ الٓمٓرٰ ۔ کٓھٰیٰعٓصٓ
طٰہٰ طٰسٓ طٰسٓمٓ یٰسٓ صٓ حٰمٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ ۔ نٓ ۔ حکیم نے کہا کہ اس اوائل
سورہ مذکورہ کو نقش کرے اوپر نگینہ نقرہ کے اور پہنے اوس انگشتری کو اگر ترسندہ رہتا ہے
تو ترس سے بیخوف ہو اور جو نزدیک سلطان کے آوے اوسکی حاجت کو روا کرے اور دوست
رکھے و گرامی کرے اور ہیبت مین رہے اور جو کوئی مسح اوپر سر خنبان کے کرے خوشنود ہووے
اور جو پیاسا ہووے اور منھ مین رکھے سیراب ہو اور جو کوئی کرے آب باران مین کہ شب باریدہ
ہو نہار کھاوے حافظہ اوسکا قوی ہووے اور جو کوئی معطل پڑھے متصرف ہو اوپر معاش کے
اور جو کوئی اوپر سر مرگی والے کے پڑھے تو ہوش مین آوے اور جو مطلقہ کے دل پر مسح کرے
شتاب اقبول کرے اور اوسمین منافع لاتعد و لاتحصیٰ ہے اور یہ نقش ساعت مشتری
و سما مین انگشتری مین کرے منا جیس یعنی مقابلہ و تربیع اور نزدیکی زحل و مریخ کی نحو

واللہ اعلم بالصواب دیگر واسطے باندھنے ٹوٹے ہونے کے فرمایا اللہ تعالیٰ نے قَالَ مَنْ
يُحْيِ الْعِظَامَ وَهِيَ رَمِيمٌ قُلْ يُحْيِيهَا الَّذِي أَنْشَأَهَا أَوَّلَ مَرَّةٍ وَهُوَ بِكُلِّ
خَلْقٍ عَلِيمٌ الَّذِي جَعَلَ لَكُمْ مِنَ الشَّجَرِ الْأَخْضَرِ نَارًا فَإِذَا أَنْتُمْ مِنْهُ تُوقِدُونَ
حکیم نے کہا کہ روغن زیت و قسط یعنی کوٹھ پر چالیس مرتبہ پڑھے اور ایک جگہ کر کے خوب ملا دے
اور اوپر استخوان شکستہ و سست کے طلا کرے اچھا ہووے باذن اللہ تعالیٰ دیگر واسطے نکلنے
پانی کے کنوئیں سے و چشمہ جاری ہونے کے فرمایا اللہ تعالیٰ نے ارْكُضْ بِرِجْلِكَ هَذَا مُغْتَسَلٌ
بَارِدٌ وَشَرَابٌ حکیم نے کہا کہ کوئی ایک جگہ اور التماس کرے کہ چشمہ دار ہووے تب کھود کے پانی
مذکورہ بہت پڑھے تو مذکورہ کو چشمہ باہر آوے اور چشمہ نو پاوے باذن اللہ تعالیٰ و عونہ دیگر واسطے
باندھنے ٹوٹے ہوئے کے فرمایا اللہ تعالیٰ نے لَا أُقْسِمُ بِهَذَا الْبَلَدِ الی قولہ تعالیٰ وَهَدَيْنَاهُ
النَّجْدَيْنِ حکیم نے کہا جس کسی کی ہڈی ٹوٹ جاوے اور چاہے کہ اچھی ہو تو ہڈی باقی رہی
تو روغن زیت لیوے اور اوسکے ربع حصہ قسط یعنی کوٹھ اور نصف ربع شہد و زرد لبان یعنی
کندر لیوے اور ایک جگہ کرے اور سورۂ مذکورہ تک پڑھے اور عضو مذکور کو کسی چیز میں رکھے اور اوپر
شکستہ کے باندھے جلد اچھا ہووے باذن اللہ تعالیٰ و فضلہ دیگر واسطے دفع تشنگی کے
سے حکیم نے کہا کہ سورۂ إِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ تمام اوپر صفحہ ہموار کے لکھے اور دھووے اور
اور چارہ گھاس مشروب دابہ کے ڈالے تھوڑے پانی میں سیراب ہوا اور مرض تشنگی وغیرہ کا اوس
سے جاوے بکرم اللہ تعالیٰ اعلم ان هذه الخواص من اسرار المکنونة لا یحیط
بها الا من اخلصه وخصه بتوفیقه ومن خصه الله بها فلیرعاها حق رعایتها
فانها العلم المصون ومن تدابر حق یدابره ظهرت له العجائب الغرائب وعلم
الاسرار التی خفیت عن کثیر من الناس وادرك كل ما يريد وعلم ما لم
یعلم ویملك جميع ذلك بحسن القصد والاجتهاد والاخلاص فی الطاعة
والاجتناب من المعاصی والله الموفق والمعين لا اله سواه تمت

حکیم نے کہا جاننا چاہیے کہ اسرار اسکا خواص کمنونہ سے ہے قبول نکرے مگر یہ کہ خالص ہو اور خاص
عمل اللہ تعالےٰ کا پس رعایت کرے حق رعایت کا کہ وہ مصونہ ہے اور جو کوئی تدبر کرے کاموں کے
ساتھ قرآن کے حق تدبر اوسکو نہ ہو خاص اوسکو عجائب و غرائب و علم اسرار کہ پوشیدہ
ہے بیشتر آدمیون سے اور پاوے جو کچھ چاہے اور جانے جو کہ نہین جانتا ہے اور مالک ہو ساتھ
نیک قصد و اخلاص و اجتہاد اور فرمانبرداری و پرہیزگاری مین گنہ سے اللہ تعالےٰ توفیق
دینے والا اور مدد کرنے والا ہے اور امین ہے پروردگار جزاے کا واللہ اعلم بالصواب اور
اس ترجمہ مین اپنی طرف سے کچھ زیادہ نہین کیا گیا بلکہ عین نسخہ عربی کا ترجمہ ہوا ہے اور زیادہ
بھی مگر یہ کہ لاچار و لابد تھا وہ بھی یہ کہ منقول تھا خداے تعالےٰ سے چاہتا ہون مین اسرار اسکا
اوپر نااہل کے نہ کھولا جاوے اور اصلاح لاوے حال و بخشش اس ضعیف و نحیف شکستہ کو ساتھ
لطف و شفقت اپنی کے تمام ہوئی شرح خواص قرآن اور ایک باب فضائل سورۃ اور ختمات مین اسکا
تھا اسواسطے وہ بھی اس نسخہ مین شامل کیا گیا تاکہ طالب صادق نے مطالب اور مقصد کو پہونچے
بعونہ اللہ تعالیٰ و فضلہ **فضیلت** سورتہاے قرآن و ختمات ہر سورۃ و سواے اوسکے **فضیلت**

فضیلت سورۃ الفاتحہ ۱۲

سورۃ الفاتحہ ابی کعب روایت کرتے ہین پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے جو کوئی اس سورۃ کو
پڑھے ساتون دروازے دوزخ سے خلاص پاوے **ختم** اس سورۃ کو ساتھ نیت ہر ایک مہم کے
کہ دینی و دنیاوی سے ہو ایکہزار مرتبہ پڑھے **فضیلت** سورۃ البقرہ ابی کعب روایت کرتے ہین

فضیلت سورۃ البقرہ ۱۲

پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے جو کوئی اس سورہ کو پڑھے جو کہ چاہے پاوے **ختم** یہ سورہ سات
مرتبہ واسطے ہر نیت و برکت و ترک عسرت کے اور جو کوئی دشمن ہو اوسکو لکھکر اپنے پاس رکھے کوئی
دشمن او سپر قادر نہو **فضیلت** سورۂ آل عمران ابی کعب روایت کرتے ہین پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ

فضیلت سورۃ آل عمران ۱۲

وآلہ وسلم سے جو کوئی اس سورۃ کو پڑھے ثواب شہیدان و نمازیون کا پاوے **ختم** یہ سورہ تیرہ
مرتبہ واسطے گزارن بسیار و دام کے اور ہر درد اور علت کہ شکم مین ہو پڑھے صحت پاوے **فضیلت**

فضیلت سورۃ المائدہ ۱۲

سورۃ المائدہ ابی کعب روایت کرتے ہین پیغمبر خدا صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے جو کوئی اس سورہ کو پڑھے

اوسکو بعد و تمام جو دو ترسا نیکی لکھین اور دس بدی اوسکے دیوان سے دور کرین اور اوس قدر
بہشت مین درجات پاوین ختم یہ سورۃ اکتالیس مرتبہ واسطے اسکے کہ حق تعالی اوسکو اور اہلبیت
اوسکے کو عذاب بھوک سے نگاہ رکھے اور درمیان خلق کے عزیز ہو **فضیلت** سورۃ الانعام فرمایا
نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام نے مَنْ قَرَأَ سورۃ الانعام فی لیلۃ الجمعۃ اعطاہ اللہ تعالی
ثواب جمیع الشہداء جو کوئی اس سورۃ کو شب جمعہ جمعہ دیگر تک پڑھے اوسکو ثواب تمام شہیدون
کا اوسکے دیوان مین لکھین ختم یہ سورۃ اکتالیس خواہ بیالیس مرتبہ بہ نیت ہر مہم کے کہ پڑھے
کفایت ہو جو لشکر بیگانہ پہونچے سات روز متواتر یہ ختم کو نگاہ رکھے وہ لشکر مقہور ہووے **فضیلت**
سورۃ الاعراف جو کوئی اس سورۃ کو پڑھے درمیان اوسکے اور درمیان دوزخ کے پردہ پیدا ہو
ختم یہ سورۃ تین مرتبہ واسطے ندار ہونے کے اور صحت نفس کے پڑھے **فضیلت** سورۃ الانفال ابی
کعب روایت کرتے ہین پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے جو کوئی یہ سورۃ پڑھے ثواب حور و بہشت
کا پاوے اور پل صراط پر آسانی سے گزرے ختم اس سورۃ کو ساتھ مرتبہ واسطے خلاصی پانے بندو
زندان سے اور واسطے امن و امان کے ہاتھ ظالمون سے اور دفع ظلم و حسد کے پڑھے **فضیلت** سورۃ
التوبہ امیر المومنین علی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہین پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے
جو کوئی سورۂ توبہ کو پڑھے خدائے تعالی توبہ اوسکی قبول کرے جیسا کہ توبہ آدم اور داؤد علیہ السلام کی
قبول کی ختم یہ سورہ گیارہ مرتبہ واسطے بر آنے ہر مہم کے کہ بادشاہ کے ساتھ ہو پڑھے **فضیلت** سورۂ
یونس ابی کعب رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہین پیغمبر صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے جو کوئی اس سورۃ کو
پڑھے خدائے تعالی ثواب جملہ شہیدان اور ثواب حضرت خضر صلوٰۃ اللہ علیہ کا دیوے اور ہر حرف کے
عدد مین درجہ پاوے ختم اس سورۃ کو بہ نیت دفع جملہ دشواریون کے پڑھے دو مرتبہ **فضیلت** سورۂ ہود
روایت کرتے ہین ابی کعب رضی اللہ تعالی عنہ جو کوئی اس سورۃ کو پڑھے دنیا سے ایسا باہر آوے
کہ ماورزاد ختم یہ سورۃ بہ نیت جملہ مہمات کے ایکبار پڑھے **فضیلت** سورۂ یوسف ابی کعب روایت
کرتے ہین پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے جو کوئی اس سورۃ کو پڑھے نیکیان اوسکی ساتھ اوس کے قبول ہون

اور ہر آیۃ پر ثواب ولیون صابر کا پاوے **ختم** یہ سورۃ بہ نیت جملہ مہمات کے ہر روز ایکبار پڑھے
فضیلت سورۃ الرعد رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرمایا جو کوئی سورۂ رعد کو پڑھکر دم کرے
اوسکو ثواب کہ تا روز قیامت گزریگا **ختم** یہ سورہ اکیس مرتبہ واسطے خلاص بندیخانہ سے درمیان
نماز شام اور عشا کے پڑھے اور تین مرتبہ واسطے بدخوئی اور گریہ کودک کے گہواڑے مین ہو پڑھے
فضیلت سورۂ ابراہیم جو کوئی سورۂ ابراہیم کو پڑھے خدا تعالی نیکی اوسکو بے عدد دیوے
ختم یہ سورۃ سات مرتبہ بہ نیت دفع بیم دشمنی کے پڑھے **فضیلت** سورۃ الحجر رسول خدا صلی اللہ
علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو کوئی سورۃ الحجر کو پڑھے بے عدد مہاجر و انصار کا ثواب پاوے **ختم**
یہ سورۃ تین مرتبہ خرید و فروخت مین پڑھے تو ہر ایک چیز اوسپر مبارک نیک ہو **فضیلت** سورۃ
النحل رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جو کوئی سورۂ نحل کو پڑھے حساب نعمتہاے دنیا کا
اوسکے ساتھ نکرین **ختم** یہ سورۃ تین مرتبہ واسطے تفرقہ دشمنون کے پڑھے **فضیلت** سورۂ بنی اسرائیل
رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ جو کوئی سورۂ بنی اسرائیل کو پڑھے اوسکو قنطار بہشت مین
دیوین **ختم** یہ سورۃ دس بار واسطے خلاصی محبوس بدگویون حاسدون کے پڑھے اور جو جامہ حریر
سبز پر لکھیں اور قبضہ کمان باندھین وقت ڈالنے تیر کے خطا نہ ہو اور جو لڑکے کی زبان بات کہتے
وقت بچتی ہو تو مشک و زعفران سے لکھے اور دھوکر اوسے پلادے فصیح زبان ہو **فضیلت**
سورۃ الکہف رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جو کوئی سورۃ الکہف کو پڑھے فتنہ
دجال لعین سے نڈر رہو وے **ختم** یہ سورۃ ایک مرتبہ بروز جمعہ پڑھے دوسرے جمعہ تک حفظ اللہ تعالی
مین ہو وے **فضیلت** سورۂ مریم رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جو کوئی سورۂ مریم کو
ایک دفعہ پڑھے بعدد اسمای پیغمبران کہ اس سورۃ مین مذکور ہین ثواب پاوے **ختم** یہ سورۃ
اکتالیس مرتبہ بہ نیت تنگی معیشت کے پڑھے **فضیلت** سورۃ طہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
نے فرمایا کہ جو کوئی سورۂ طہ کو پڑھے بلا پرسش بہشت مین جاوے اور بشمار ثواب مہاجر و انصار
کا پاوے **ختم** یہ سورۃ اکیس مرتبہ واسطے کھلنے نشیبہ لڑکون کے اور بر آنے حاجات اور دفع سحر کے

اور فتیابی اوپر دشمنون کے پڑھے **فضیلت** سورۃ الانبیا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
نے فرمایا جو کوئی سورۃ الانبیا کو پڑھے اوسکو ثواب جملہ پیغمبرون کا روزی ہو ختم یہ سورۃ
پچیس مرتبہ واسطے دفع دشمنان کے پڑھے **فضیلت** سورۃ الحج رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
نے فرمایا کہ جو کوئی سورۃ الحج کو پڑھے ثواب حاجیان وغازیان کا پاوے ختم یہ سورۃ سات مرتبہ
وقت بیٹھنے کشتی کے پڑھے تا خداے تعالیٰ غرق ہونے سے نگاہ رکھے **فضیلت** سورۃ
المومنون رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جو کوئی سورۃ المومنون کو پڑھے فرشتے
اوسکو بشارت کرامت ونعمت وراحت بہشت کی دیوین ختم یہ سورۃ سات مرتبہ واسطے دفع
کاہلی نماز کے پڑھے **فضیلت** سورۃ النور فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا
جو کوئی سورۃ النور کو پڑھے خداے تعالیٰ گور کو اوسکی روشن کرے اور بروز قیامت منھ اوسکا
روشن ہو اور ثواب بھائی کا پاوے کہ وقت عبادت شکم مین مرے ہون ختم یہ سورۃ پچیس مرتبہ
جنگ وخصومت مین پڑھے **فضیلت** سورۃ الفرقان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا
کہ جو کوئی سورۃ الفرقان کو پڑھے مین گواہی دیتا ہون کہ وہ مومن ہے ختم یہ سورۃ اٹھائیس
مرتبہ واسطے ہلاک ہونے دشمن کے پڑھے **فضیلت** سورۃ الشعرا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ
علیہ وآلہ وسلم نے جو کوئی سورۃ الشعرا کو پڑھے مرگ شہیدان پاوے ختم یہ سورۃ سات مرتبہ
واسطے بخوف ہونے فراری بردہ سے پڑھے اور اگر یہ سورۃ جامۂ سفید مین لکھکر گردن بردہ
مین ڈالے ہرگز نہ بھاگے **فضیلت** سورۃ النمل فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
نے کہ جو کوئی سورۃ النمل کو پڑھے قبر سے آواز کرتا ہوا باہر آوے کہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ
رَّسُوْلُ اللّٰہِ اور ثواب متوکلان کا پاوے ختم یہ سورۃ دس مرتبہ واسطے گزارنے شکر نعمت کے
پڑھے **فضیلت** سورۃ القصص فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جو کوئی سورۃ القصص
کو پڑھے فرشتہ گواہی دیوین واسطے اوسکے کہ دنیا سے ساتھ ایمان کے باہر آیا ہے ختم یہ سورۃ ستائیس
مرتبہ واسطے سلامتی غائب اور پہونچنے اوسکے کے پڑھے **فضیلت** سورۂ عنکبوت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ

فضیلت سورۃ الانبیا
فضیلت سورۃ الحج
فضیلت سورۃ المومنون
فضیلت سورۃ النور
فضیلت سورۃ الفرقان
فضیلت سورۃ الشعرا
فضیلت سورۃ النمل
فضیلت سورۃ القصص
فضیلت سورۃ عنکبوت

وسلم نے فرمایا کہ جو کوئی سورۃ العنکبوت کو پڑھے گا اوسکو بعدد ہر ایک حرف کے نیکی دیجاویگی
ختم یہ سورۃ سات مرتبہ واسطے دفع اندوہ کے پڑھے اور اگر اس سورہ کو گلاب زعفران سے
لکھے دھوکر مویری یا پلاوے بنیم ہو **فضیلت** سورۃ الروم رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے
فرمایا کہ جو کوئی سورۃ الروم کو پڑھکر دم کرے اوسکو ثواب ہر فرشتہ کا کہ تسبیح کہے خداے
عزوجل کی بہت ملے **ختم** یہ سورۃ واسطے دشمن کے اکیس مرتبہ پڑھے **فضیلت** سورۃ لقمان
فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ جو کوئی سورۂ لقمان کو پڑھے اوسکے ساتھ رفیق ہو
ختم یہ سورۃ سات بار واسطے دفع ہر علت کے کہ شکم مین ہو پڑھکر دم کرے دفع ہو **فضیلت** سورۂ
الم سجدہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ جو کوئی سورۂ الم سجدہ شب آدینہ کو پڑھے
ثواب شب قدر کا پاوے **ختم** یہ سورہ اکیس مرتبہ واسطے کشادگی بخت دختر کے پڑھے اگرچہ کاطمہ
ہو دین **فضیلت** سورۃ الاحزاب فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ جو کوئی سورۃ
کو پڑھے اوسکی اور اوسکے اہل کی بخشش ہو اور امان مین وسکو عذاب دوزخ سے **ختم** یہ سورۃ سات
مرتبہ واسطے سازواری درمیان عورت وشوہر کے پڑھے **فضیلت** سورۃ السبا رسول خدا صلی اللہ
علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جو کوئی سورۃ السبا کو پڑھے اوس سے کوئی سوال نہو اور یار ورفیق اوسکی ہوئے
ختم یہ سورۃ دس مرتبہ واسطے دفع دشمنون کے پڑھے **فضیلت** سورۂ فاطر فرمایا رسول خدا صلی اللہ
علیہ وآلہ وسلم نے کہ جو کوئی سورۂ فاطر کو پڑھے روز قیامت دروازے بہشت کے اوسکو بلاوینگے
کہ جس دروازے سے چاہے اندر بہشت کے آوے **ختم** یہ سورۃ پچیس مرتبہ واسطے عرضہ وغیرہ بھیجنے و
عرض داشت و حاجت آگے بزرگان و حکام و بادشاہان کے پڑھے خداے تعالے اپنے فضل وکرم
سے حاجت اوسکی برلاوے **فضیلت** سورۂ یٰس فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا
کہ جو کوئی سورۂ یٰس کو پڑھے خداے تعالٰی عذاب گور اور قیامت کا اوسپر آسان کریگا اور جملہ فرز
اوسکی آمرزش چاہین اور جو حاجت کہ چاہے روا ہو اور وقت سکرات موت اوپر سرھانے
اوسکے پڑھین اور دکھا دین خازن بہشت اوسکو نہر تہاے بہشت پانچون حوض جو صفا بہشت سے

فضیلت سورۂ الروم
فضیلت سورۂ لقمان
فضیلت سورۂ الم سجدہ
فضیلت سورۂ الاحزاب
فضیلت سورۂ السبا
فضیلت سورۂ فاطر
فضیلت سورۂ یٰس

کہ پیغمبران محتاج ہون پلادے ختم یہ سورۃ پچہتر مرتبہ اور ایک روایت مین اکتالیس مرتبہ واسطے درخواست رحمت باران کے پڑہے اور واسطے خلاصی محبوسین کے پچہتر بار پڑہے اور واسطے کفایت جملہ مہمات کے سو مرتبہ پڑہے اور جو تمام کرے یہ دعا پڑہے دعا یہ ہے اَللّٰھُمَّ یَا اَحَدِیُّ یَا مُنْتَہِیْ طَلَبِیْ عَجِّلْ فَرَجِیْ بِحَقِّ النَّبِیِّ الْعَرَبِیِّ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ **فضیلت** سورۂ والصافات فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ جو کوئی سورۂ والصافات کو پڑہے تو جسقدر کہ دیو دپری جہان مین ہین ثواب اوسکے نام مین لکہین ختم یہ سورۃ سات مرتبہ واسطے برکت رزق اور واسطے فتح جملہ مہمات کے پڑہے **فضیلت** سورۂ ص فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ جو کوئی سورۂ ص کو پڑہے برابر وسعت امید دین کی اوسکو روز قیامت کے اور وہ عظمت خدای تعالی آگین ہووے ختم یہ سورہ سات مرتبہ واسطے دفع دشمن اور دفع چشم زخم کے پڑہے **فضیلت** سورۂ الزمر فرمایا جناب سالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ جو کوئی سورۃ الزمر کو پڑہے ثواب ترک دنیا کا پاوے ختم یہ سورۃ سات مرتبہ واسطے مرتبہ اور عزت اور بلندی کے پڑہے **فضیلت** سورۃ المومن فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ جو کوئی سورۃ المومن پڑہے کہ روح پیغمبران ومومنان کی صلوٰۃ بہیجین اور آمرزش اوسکے واسطے چاہین ختم یہ سورہ سو مرتبہ واسطے مہم بزرگ اور وقت درماندگی کے پڑہے **فضیلت** سورۂ حم السجدہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جو کوئی سورۂ حم السجدہ پڑہے خدای تعالی اوسکو عوض ہر حرف کے دس نیکی دیوے ختم یہ سورہ سات مرتبہ صبح کے وقت پڑہے کہ حاجت اوسکی برآوے **فضیلت** سورۂ حم عسق فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ جو کوئی سورۂ حم عسق کو پڑہے خدای تعالے اوسکو ثواب ختم جبرئیل ومیکائیل واسرافیل کا دیوے اور تمام فرشتے اوسکے واسطے آمرزش چاہین ختم یہ سورۃ تین مرتبہ واسطے دفع شر دشمنون کے پڑہے **فضیلت** سورۃ الزخرف فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ جو کوئی سورۃ الزخرف کو پڑہے جملہ آدمیون سے بہتر ہووے کہ وہ کہین لَا خَوْفٌ عَلَیْکُمُ الْیَوْمَ وَلَا اَنْتُمْ تَحْزَنُوْنَ اور بہشت مین بحساب لیجاوین ختم یہ سورۃ آٹھ مرتبہ واسطے حصول مراد اور

فضیلت سورۂ والصافات

فضیلت سورۂ ص

فضیلت سورۂ الزمر

فضیلت سورۂ المؤمن

فضیلت حم سجدہ

فضیلت حم عسق

فضیلت سورۂ زخرف

فائز ہونے مراد کے پڑھے **فضیلت** سورۃ الدخان فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے
کہ جو کوئی سورۃ الدخان پڑھے واسطے اوسکے ایک محل بہشت مین بنام اوسکے بنا کرین اور جو کوئی
شبِ آدینہ کو پڑھے صبح اوسکی بخشش کیا گیا ہو **ختم** یہ سورہ پچاس مرتبہ واسطے دفع بلاہا و تنگی جان
کندن و آسانی اوسکے کے پڑھے **فضیلت** سورۃ الجاثیہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
نے کہ جو کوئی سورۃ الجاثیہ کو پڑھے اوسکو اللہ تعالیٰ ساکن کرے نزدیک حسنات کے اور پوشیدہ
کرے گناہ اوسکے وقت حساب کے **ختم** یہ سورۃ اکتالیس مرتبہ واسطے دفع دشمنوں کے پڑھے
فضیلت سورۃ الاحقاف فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ جو کوئی اس سورۃ کو
پڑھے بعد ہر ایک کے دنیا مین نیکی پاوے **ختم** اس سورۃ کو تیرہ مرتبہ واسطے برسنے بارش کے
پڑھے بفرمان خدائے تعالیٰ باران برسے **فضیلت** سورۃ محمد فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ
وسلم نے فرمایا کہ جو کوئی سورۃ محمد کو پڑھے جو پیاسے بہشت سے پانی پیوے **ختم** اس سورۃ کو کتنی
مرتبہ واسطے بر آنے مہمات کے پڑھے **فضیلت** سورۃ الفتح فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے
کہ جو کوئی اس سورہ کو زیر درخت پڑھے ہون ستّر اوسکے دس ان کہ خدائے تعالیٰ گواہی دیوے
ساتھ بہشت کے **ختم** اس سورہ کو واسطے وفا عہد ناہد دان کے اکتالیس مرتبہ پڑھے **فضیلت**
سورۃ الحجرات رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جو کوئی اس سورہ کو پڑھے تمام آدمی
ہورت گرویدہ ہوکر اوسکی شفاعت چاہین اور ثواب طلب کرین **ختم** اس سورہ کو سات بار
واسطے دفع دشمن از جملہ علتوں پیٹ کے پڑھے **فضیلت** سورۃ ق فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ
وآلہ وسلم نے کہ جو کوئی اس سورہ کو پڑھے آسان ہوا وپر سکرات موت کے **ختم** اس سورۃ کو
تین مرتبہ واسطے روشنائی چشم و دفع عذاب ہر شب آدینہ کو پڑھے **فضیلت** سورۃ الذاریات
فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ جو کوئی اس سورۃ کو پڑھے ثواب پاوے بعد ہر
باد کے کہ بدن مین ہو **ختم** اس سورہ کو بارہ مرتبہ پڑھے واسطے دفع تنگی غلہ و قحط کے
فضیلت سورۃ الطور فرمایا رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ جو کوئی اس سورہ کو پڑھے خدائے تعالےٰ

فضیلت سورۃ الدخان
فضیلت سورۃ الجاثیہ
فضیلت سورۃ الاحقاف
فضیلت سورۃ محمد
فضیلت سورۃ الفتح
فضیلت سورۃ الحجرات
فضیلت سورۃ ق
فضیلت سورۃ الذاریات
فضیلت سورۃ الطور

عذاب گور سے اوسکو بےخوف کرے ختم یہ سورہ ہر شب کو تین مرتبہ پڑھے خدائے تعالیٰ پڑھنے والے
اس سورہ کو علت جذام سے نگاہ رکھے فضیلت سورہ والنجم فرمایا رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
نے فرمایا کہ جو کوئی اس سورہ کو پڑھے اللہ تعالیٰ ثواب بخشیگا اوسکو دیوے بعدد ہ کہ محمد
کو راست جانتے ہین ختم یہ سورہ اکیس مرتبہ واسطے پہونچنے جملہ مرادات کے ہے فضیلت سورۃ القمر
فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ جو کوئی اس سورہ کو پڑھے خدائے تعالیٰ روز قیامت
کے اوسکو اوٹھاوے منھ چمکتا ہوا مانند چودھوین رات کے چاند کے ختم اس سورۃ کو واسطے زکاء
دل کے اکیس مرتبہ پڑھے فضیلت سورۃ الرحمن فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ جو
کوئی اس سورہ کو پڑھے شکر نعمتہاے حق تعالیٰ کا گزارنے والا ہوئے ختم یہ سورہ اکتیس مرتبہ پڑھے
حور و قصور و نعیم پاوے فضیلت سورۃ الواقعہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ
جو کوئی اس سورہ کو پڑھے ہرگز اوسکو فاقہ نہو اور جو شب جمعہ کو ہمیشہ پڑھے ہرگز درویش نہووے
ختم یہ سورہ ہر مومن اکتالیس بار پڑھے شرف رزق مین قوت ہو اور اندر تمام عمر کے فاقہ
مین مبتلا نہووے جیسا کہ فرمایا نبی علیہ الصلاۃ والسلام نے مَنْ قَرَأَ سُوْرَۃَ الْوَاقِعَۃِ
کُلَّ لَیْلَۃٍ لَمْ تُصِبْهُ فَاقَةٌ اَبَدًا جو سورہ تمام کرے یہ دعا دس مرتبہ پڑھے دعا یہ ہے اَللّٰهُمَّ
اكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ فضیلت
سورۃ الحدید فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ جو کوئی اس سورہ کو پڑھے آتش سے
نڈر ہووے ختم رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہا کہ یہ سورہ واسطے کشادگی کام کے تین مرتبہ
پڑھے فضیلت سورۃ المجادلہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جو کوئی یہ سورہ
پڑھے روز قیامت کو عصمت خدائے تعالیٰ کی مین ہووے ختم یہ سورہ سہ بار خاک پر اوپر پڑھ کر
دم کرے او سیطرف کہ دشمن ہووین ڈالے اور واسطے برآنے مہمات و کام دشوار و سخت بائیس
مرتبہ روز پڑھے بیشک حاجت اوسکی روا ہو فضیلت سورۃ الحشر فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ
وسلم نے کہ جو کوئی اس سورہ کو پڑھے جملہ مخلوقات اوسپر رحمت بھیجیں اور آمرزش مانگیں ختم یہ سورہ

فضیلت سورہ والنجم
فضیلت سورۃ القمر
فضیلت سورۃ الرحمن
فضیلت سورۃ الواقعہ
فضیلت سورۃ الحدید
فضیلت سورۃ المجادلہ
فضیلت سورۃ الحشر

ہر مہم کے چالیس مرتبہ ہر روز بلا ناغہ پڑھے جملہ حاجات اوسکی برآوین **فضیلت** سورۃ الممتحنہ
رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جو کوئی اس سورہ کو پڑھے جملہ گروندگان بروزقیامت
شفاعت اوسکی چاہین **ختم** یہ سورہ پانچ مرتبہ واسطے نرام وکارہاے ناشایستہ کے پڑھی شیطان
نفاق اوسکے دل مین راہ نپاوے **فضیلت** سورۃ الصف رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جو
کوئی سورۃ الصف کو پڑھے کل مطیع ساتھ اوسکے دنیا مین رفیق ہون اور اوسکی شفاعت چاہین
ختم یہ سورہ ستر مرتبہ واسطے فرزندون اور اہل اپنے کے پڑھے کہ مطیع ہووین **فضیلت**
سورۃ الجمعہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ جو کوئی اس سورہ کو پڑھے مین اوسکے
ساتھ رفیق ہون اور لکھہ نام اوسکے بہین نیکی بعدد اوسکے کہ شہرون سے مسلمانان نماز جمعہ کو جاوین
ختم یہ سورہ پانچ مرتبہ واسطے صلاح مرد وزن اور درمیان آپس کے پڑھین **فضیلت** سورۃ
المنافقون رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جو کوئی سورۃ المنافقون کو پڑھے
نفاق اس سے بیزار ہو **ختم** یہ سورہ آٹھہ سو مرتبہ واسطے غمازان اور ساعیان کے پڑھے **فضیلت**
سورۃ التغابن فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ جو کوئی اس سورہ کو پڑھے مرگ مفاجات
اوس سے اوٹھائی جاوے **ختم** یہ سورہ واسطے رکھنے دفینہ کے ساتھہ مرتبہ پڑھے کوئی چور اوسپر قادر
نہووے **فضیلت** سورۃ الطلاق فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جو کوئی اس سورہ
کو پڑھے مرگ اوسکا اوپر سنت پیغمبران کے ہووے **ختم** یہ سورہ تین مرتبہ واسطے ہونے دشمنان اور تفرقہ
ہونے دشمنون کے پڑھے **فضیلت** سورۃ التحریم فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ جو کوئی
اس سورہ کو پڑھے خدائے تعالی توبہ نصوح اوسکو کرامت کرے **ختم** اس سورہ کو اکیس مرتبہ واسطے بیزار
ہونے دشمن کے پڑھے **فضیلت** سورۃ الملک فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کہ جو کوئی
اس سورہ کو پڑھے عذاب گور اور سوال منکر نکیر کا آسان ہو اور ثواب اُن آدمیون کا پاوے
کہ اوپر خوے نیک کے مرے ہون **ختم** یہ سورہ ستر مرتبہ واسطے روشنائی گور کے پڑھے **فضیلت**
سورۃ القلم فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ جو کوئی اس سورہ کو پڑھے ثواب اُن آدمیون

پاوے جو اوپر خوف اپنے کے ورے ہین ختم یہ سورہ چھہتر مرتبہ واسطے بر آنے مہمات کے پڑہے

فضیلت سورۃ الحاقہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جو کوئی سورۃ الحاقہ کو پڑہے خدائے تعالےٰ حساب روز قیامت کا اوس سے آسان کرے **ختم** یہ سورۃ اکتہر مرتبہ واسطے آسان ہونے سوال گور کے پڑہے **فضیلت** سورۃ المعارج رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جو کوئی اس سورہ کو پڑہے ثواب اُن آدمیون کا پاوے کہ جنہون نے عہد اور امانتون کا دفا پہونچایا ہووے **ختم** یہ سورہ آٹھ سو مرتبہ نیت صلح جنگ کے پڑہے **فضیلت** سورۂ نوح فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ جو کوئی اس سورہ کو پڑہے جملہ گروندگان سے ہو اور دعوت نوح پیغامبر علیہ السلام کی پاوے **ختم** یہ سورہ اکہزار اکمرتبہ اور ایک روایت مین اکہزار چالیس مرتبہ واسطے ہلاکت دشمن کے پڑہے خدائے تعالےٰ اوسکے دشمن کو دفع کرے **فضیلت** سورۃ الجن رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جو کوئی اس سورہ کو پڑہے ثواب بعدد ہر تن کہ ساتھ محمد علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ہووے ہین پاوے **ختم** یہ سورہ ساٹھ مرتبہ واسطے دیو پری وچشم زخم کے پڑہے۔

فضیلت سورۃ المزمل رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جو کوئی اس سورہ کو پڑہے خدائے تعالیٰ اوس سے دشواری دنیا وآخرت کی دفع کرے **ختم** یہ سورہ ہزار بار واسطے آنے مہمات کے پڑہے **فضیلت** سورۃ المدثر رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جو کوئی اس سورہ کو پڑہے دس نیکی دیوین بعدد وہ کہ محمد علیہ الصلوٰۃ والسلام ساتھ راست گوئی کے جانے ہون **ختم** یہ سورہ سات سو مرتبہ واسطے دفع برہنگی کے پڑہے **فضیلت** سورۃ القیامۃ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جو کوئی اس سورہ کو پڑہے اوپر اوسکے گواہی دیوین کہ مومن ہے **ختم** اس سورہ کو واسطے روشنائی گور کے تین مرتبہ پڑہے **فضیلت** سورۃ الدہر فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ جو کوئی اس سورہ کو پڑہے بدلا اوسکا بہشت مین پاوے **ختم** یہ سورۃ بارہ مرتبہ واسطے پانے ثواب کے پڑہے حق تعالیٰ اتنا ثواب دیوے کہ جتنا بنی اسرائیل کو دیا ہو **فضیلت** سورۃ المرسلات فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ

کہ جو کوئی اس سورہ کو پڑھے نام اوسکا شاکرین مین لکھین ختم یہ سورہ سو مرتبہ پڑھے حق تعالی
اوسکو حلہ بہشت کو یون سے کرے **فضیلت** سورۃ النبا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے
کہ جو کوئی اس سورہ کو پڑھے حق تعالی اوسکو آب کوثر کا دیوے گرمی روز قیامت مین **ختم**
یہ سورہ ہر روز ایکمرتبہ بعد نماز دیگر کے پڑھے حق تعالی کور ہونے سے نگاہ رکھے اور جو شخص
پڑھے بعد عصر کے تین مرتبہ روشنی چشم کو مجرب ہی **فضیلت** سورۃ النازعات فرمایا رسول خدا
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ جو کوئی اس سورہ کو پڑھے تنگی قبر تا روز قیامت مقدار ایک فرض کے
روز ان مشقت سے ہووے **ختم** یہ سورہ اکیس مرتبہ واسطے آسانی نزع اور سلامت لیجانے ایمان
کے پڑھے اور واسطے سلامتی ایمان کے ہر روز اکیس مرتبہ پڑھے **فضیلت** سورۃ عبس فرمایا رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ جو کوئی اس سورہ کو پڑھے روز قیامت کے منہ اوسکا تازہ وشادان ہو
ختم یہ سورہ سات مرتبہ واسطے دفع گریۂ اطفال کے پڑھے **فضیلت** سورۃ کورت فرمایا رسول خدا
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ جو کوئی اس سورہ کو پڑھے خدا تعالی اوسکو فضیحت ہونے سے باز رکھے
اور نگاہ رکھے **ختم** یہ سورہ کشاد کی کام کے واسطے اکیس مرتبہ پڑھے اور وقت ماندگی کے ستر مرتبہ پڑھکے
بیمار پر دم کرے فائدہ ہو **فضیلت** سورۃ انفطرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جو
کوئی اس سورہ کو پڑھے روز قیامت کے کام اوسکا باصلاح ہو بشمار قطرۂ باران نیکی اوسکے
دیوان مین ثبت فرماوے اور کام اوس بندہ کا بفضل و کرم اپنے نیک کرے اور اگر کوئی حبس
مین ہو وہ اس سورہ کو پڑھے اوسکو خلاصی دیوین **ختم** اس معنی کو واسطے کراماً کاتبین کے سو مرتبہ
پڑھے اور واسطے حفظ ایمان کے ستر مرتبہ پڑھے **فضیلت** سورۃ المطففین فرمایا رسول خدا صلی اللہ
علیہ وآلہ وسلم نے کہ جو کوئی اس سورہ کو پڑھے خدائے تعالی اوسکو فضیحت ہونے سے نگاہ رکھے
اور اوسکو شراب رحیق مختوم روزی کرے **ختم** یہ سورہ ستر مرتبہ واسطے دردزہ فرزند جننے کے
پڑھے کہ آسان ہو اور واسطے دفع رونے لڑکے کے ستر مرتبہ پڑھے **فضیلت** سورۃ انشقت فرمایا
رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ جو کوئی اس سورہ کو پڑھے تو بچہ پس پشت دین خدا تعالی نگاہ رکھے

فضیلت سورۃ النبا
فضیلت سورۃ النازعات
فضیلت سورۃ عبس
فضیلت سورۃ کورت
فضیلت سورۃ انفطرت
فضیلت سورۃ المطففین
فضیلت سورۃ انشقت

ختم یہ سورہ ستر مرتبہ واسطے دردزہ کے پڑھے اور لکھے اور دھو کر پلا دے کہ فرزند کا جننا اوسپر
آسان ہووے **فضیلت** سورۃ البروج رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جو کوئی اس
سورہ کو پڑھے اوسکو ثواب ہر آدینہ و ہر عرفہ کا کہ دنیا مین ہوتا ہے دیوے اور بشمار ہر ستارہ کہ
آسمان مین ہے دس حصہ نیکی دیوے **ختم** یہ سورہ بیس مرتبہ واسطے دفع دشمنون کے اور بدگویان
اور دیو و پری کے پڑھے اور واسطے دفع بدگویون کے پانچ مرتبہ پڑھے **فضیلت** سورۃ الطارق
فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ جو کوئی اس سورہ کو پڑھے اللہ تعالیٰ بعدد ہر ستارہ
کہ آسمان مین ہین دس حصہ نیکی دیوے **ختم** یہ سورہ چالیس مرتبہ واسطے دیو و پری کے پڑھے اور
واسطے دفع دیو و پری کے تین مرتبہ پڑھ کر دم کرے **فضیلت** سورۃ الاعلیٰ فرمایا رسول خدا صلی اللہ
علیہ وآلہ وسلم نے کہ جو کوئی اس سورہ کو پڑھے بعدد ہر حرف کے بروز قیامت دس حسنات دیوین
ختم یہ سورہ اکیس مرتبہ واسطے سفر کے پڑھے تو بسلامت آوے اور بیچ جانے سفر کے تین مرتبہ
پڑھے سلامتی سے گھر آوے **فضیلت** سورۃ الغاشیہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے
فرمایا کہ جو کوئی اس سورہ کو پڑھے خدائے تعالیٰ اوسپر حساب آسان کرے **ختم** یہ سورہ اکیس مرتبہ واسطے
بادہائے مخالف کہ آدمی کو ظاہر آوے خاصہ سرخبادہ اور علتہا کے پڑھے اور واسطے دفع خیال
بد کے اکیس مرتبہ پڑھکر سورہے **فضیلت** سورۃ الفجر فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے
کہ جو کوئی اس سورہ کو شب آدینہ کو پڑھا کرے روز قیامت یہ سورہ اوسکو نور ہوا اور بخشا ہوا
اوٹھے **ختم** یہ سورہ سات مرتبہ واسطے دفع کل بلاہا کے پڑھے اور واسطے دفع ملیات سات بار پڑھے
اور واسطے پیدا ہونے لڑکے کے سو مرتبہ پڑھے **فضیلت** سورۃ البلد فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ
وسلم نے کہ جو کوئی اس سورہ کو پڑھے اللہ تعالیٰ بروز قیامت آگہہ اپنی سے بےخوف کرے **ختم** یہ سورہ
واسطے دفع پریشانی کے پڑھے اور جو کہ ہر روز پڑھے جملہ بلاہا سے نڈر رہو میدان عرصات مین اور وقت
نکلنے آفتاب کے ایکبار پڑھے تمام روز امن خدا مین ہیگا اور اکتالیس مرتبہ پڑھے تو عذاب قیامت
سے نجات پاوے **فضیلت** سورۃ الشمس فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ جو کوئی اس

سورہ کو پڑھے خداے تعالے اوس سے خوش ہو اور تمام دشواری اوسکی آسان ہووین **ختم** یہ
سورہ ہر روز ایکبار پڑھے جملہ بلاؤن سے نڈر ہووے اور وقت نکلنے آفتاب کے تین مرتبہ
پڑھے **فضیلت** سورۂ واللیل فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ جو کوئی اس سورہ کو پڑھے
خدای تعالی اوس سے خوشنود ہو اور تمام دشواریان اوسکی آسان ہووین **ختم** یہ سورہ پڑھے محمد
علیہ الصلوٰۃ والسلام اوسکے واسطے شفاعت کرین اور ایکسو آٹھ مرتبہ واسطے نگاہداشت اپنے مال کے
پڑھے اور واسطے حفاظت مال کے سات مرتبہ پڑھکر مال پر پھونکدے اور حاجت کو سات مرتبہ پڑھے
فضیلت سورۂ والضحی رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جو کوئی اس سورہ کو پڑھے
شفاعت اوسکی محمد علیہ الصلوٰۃ والسلام کرینگے اور شفاعت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
سے بے نصیب نہو **ختم** یہ سورہ واسطے نجات کے پڑھے بارہ مرتبہ جلد کامیاب ہووے اور واسطے
بھاگے ہوئے آدمی کے ہزار مرتبہ پڑھے خدا چاہے تو پھر آوے **فضیلت** سورۂ الم نشرح فرمایا
رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ جو کوئی اس سورہ کو پڑھے اپنی مراد کو پہونچے اور خوشی دیکھے
ختم یہ سورہ پچیس مرتبہ واسطے بر آنے مہمات کے اور کشادگی کامون کے پڑھے اور ہر روز سات مرتبہ
پڑھے صفائی سینہ کی حاصل ہو **فضیلت** سورۂ والتین فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
نے کہ جو کوئی اس سورہ کو پڑھے خصلت یقین اور عاقبت بخیر ہو **ختم** یہ سورۂ سات ہزار مرتبہ بہ نیت
ہر ملت دبر آنے مراد و مقصد کے پڑھے اور واسطے سرخروئی کے تین مرتبہ پڑھے روبرو بادشاہ
و امیرون کے عزیز ہو **فضیلت** سورۃ العلق فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی
اس سورہ کو پڑھے ساتھ ہر آیت مدینہ کے بنا کھینچین اوسکے لیے بہشت مین اور ساتھ ہر حرف کے
نور پاوے پلصراط پر **ختم** یہ سورہ تین مرتبہ واسطے جانے آگے بادشاہ و ملوک و بزرگان کے پڑھے
اور واسطے بیقراری دشمن کے سات مرتبہ پڑھے اور دعا مانگے **فضیلت** سورۃ القدر فرمایا
رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ جو کوئی اس سورہ کو پڑھے ثواب شب قدر کا پاوے
ختم یہ سورہ واسطے موے کی کہ پلک آدمی کی آنکھ پر اوگتا ہو اور واسطے روشنی چشم کے اکیس مرتبہ

فضیلت سورہ واللیل

فضیلت سورہ والضحی

فضیلت الم نشرح

فضیلت سورہ والتین

فضیلت سورہ العلق

فضیلت سورہ القدر

فضیلت سورۃ البینہ

ہر روز پڑھے **فضیلت** سورۃ البینہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ جو کوئی اس
سورہ کو پڑھے روز قیامت بہترین خلق سے ہو **ختم** یہ سورہ اکیس بار واسطے قبول طاعت کے

فضیلت سورہ زلزلت

پڑھے اور واسطے مقبولیت کے اکیس مرتبہ پڑھے **فضیلت** سورۂ زلزلت فرمایا رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وآلہ وسلم نے کہ جو کوئی اس سورہ کو پڑھے گویا ربع قرآن پڑھا ہو اور روز قیامت بہترین
خادمان سے ہو **ختم** یہ سورہ واسطے دفع غمان بزرگ کے ہزار مرتبہ پڑھے اور واسطے دفع اور

فضیلت والعادیات

ذلیل ہونے دشمن کے اکتالیس بار ہر روز پڑھے **فضیلت** سورۂ والعادیات فرمایا رسول خدا
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ جو کوئی اس سورہ کو پڑھے واسطے اوسکے بہشت میں باغ دیوین

فضیلت سورۃ القارعہ

ختم یہ سورہ ۳ بار واسطے دفع چشم زخم کے پڑھے **فضیلت** سورۃ القارعہ فرمایا رسول خدا
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ جو کوئی اس سورہ کو پڑھے پلہ نیکی کا اوسکی گران ہووے **ختم** یہ سورہ ہزار

فضیلت سورہ التکاثر

اکیسو آٹھ مرتبہ واسطے سازواری ہر کام کے پڑھے اور واسطے سازواری میان بی بی کے اکیسو بار
پڑھے **فضیلت** سورۃ التکاثر فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ جو کوئی اس سورہ
کو پڑھے اوسکے ساتھ حساب نیا کا نکرین **ختم** یہ سورہ ہر روز ستر بار واسطے نگاہ داشت و دفع
بلاہا کے پڑھے اور واسطے سلامتی ایمان کے تین مرتبہ ہر روز پڑھا کرے **فضیلت** سورۂ والعصر

فضیلت سورۃ العصر

فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ جو کوئی اس سورہ کو پڑھے بروز قیامت جملہ اصحاب کو
سے بہتر ہووے **ختم** یہ سورہ تیر مرتبہ واسطے خرسندی دیدار دوستون کے اور واسطے ہر دشمن کو
پڑھے اور جو کوئی اکیس بار اوپر پانی کے پڑھکر دم کرکے روبرو حاکم و مخالف اپنے کے جاوے

فضیلت سورۃ الہمزہ

سب اوسپر مہربان ہوں **فضیلت** سورۃ الہمزہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے
جو کوئی اس سورہ کو پڑھے بعدد ہر کسیکے کہ ساتھ رسول اللہ کے استہزا کیا ہو دس نیکی یاوے
ختم یہ سورہ اکیس بار واسطے بدگویون اور غمازون کے پڑھے اور واسطے زبان بندی
بدگویان کے نو مرتبہ ہر روز پڑھا کرے **فضیلت** سورۃ الفیل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

فضیلت سورۃ الفیل

فرمایا کہ جو کوئی اس سورہ کو پڑھے اوسکو بعدد وہ مسخ کے مبتلا نکرین **ختم** یہ سورہ اکیس بار

پچاس مرتبہ اور دوسری روایت مین چالیس مرتبہ واسطے ہلاکت عدو کے پڑہے اور واسطے
بلا کی بہیجنے کے اوسپر سات سو مرتبہ درمیان عصر و مغرب کے پڑہے **فضیلت** سورۂ قریش
رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جو کوئی سورۂ مذکورہ کو پڑہے ثواب طواف
کنندگان پاوے **ختم** یہ سورہ سات مرتبہ ہر روز واسطے ایمن ہونے بلاہا و دفع ہونے شر دشمنون
کے پڑہے اور واسطے دفع زہر کے وقت کہانا کہانیکے تین مرتبہ پڑہ لیا کرے **فضیلت** سورۂ الماعون
فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ جو کوئی اس سورہ کو پڑہے ثواب مردمان صالح و ترسندگان
و نمازیان کا پاوے **ختم** یہ سورہ اکتالیس مرتبہ واسطے اوسکے کہ حق تعالی فرزندان اہل بیت اوسکو
تمام بلاؤن و محتاجگی سے نگاہ رکہے پڑہے خداے تعالی محتاجی خلق سے نجات بخشے **فضیلت**
سورۂ الکوثر فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ جو کوئی اس سورہ کو پڑہے وہ جو نہرہاے بہشت
سے پانی پیوے **ختم** یہ سورہ پچیس مرتبہ واسطے میسر ہونے آب کوثر کے پڑہے اور وہ واسطے دفع
دشمنون اور بدگویون کے سات بار ہر روز پڑہے **فضیلت** سورۂ الکافرون فرمایا رسول خدا
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ جو کوئی اس سورہ کو پڑہے اللہ تعالی اوسکو ثواب دس نیکی کا ہر حرف
کا دیویگا اور شر دیو اور آسیب سے نڈر رہوے **ختم** یہ سورہ ہر روز تین مرتبہ واسطے سلامتی ایمان
کے پڑہے اور واسطے نگاہ رکہنے ایمان کے ہر روز سات بار پڑہے اور تین مرتبہ ہر روز ہمیشہ
پڑہے خوش رہے **فضیلت** سورۂ النصر فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ جو کوئی
اس سورہ کو پڑہے ایسا ہے کہ ساتھ رسول اللہ کے روز فتح مکہ حاضر ہوا ہو **ختم** یہ سورہ ہر روز
تین بار واسطے پینے آب کوثر کے پڑہے اور واسطے دفع دشمنون کے ہر روز سات مرتبہ پڑہے اور اگر
ہر روز پڑہتا رہے محتاج نہو **فضیلت** سورۂ تبت فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے
کہ جو کوئی اس سورہ کو پڑہے درمیان اوسکے اور درمیان ابولہب کے حائل ہو نہ ایک سرا کے
مین جمع نہ ہوان **ختم** یہ سورہ بارہ مرتبہ واسطے ہلاکت بداندیش کے پڑہے اور واسطے ہلاکی
دشمنون کے ہر روز سات مرتبہ پڑہے **فضیلت** سورۂ الاخلاص فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ

فضیلت سورۂ قریش
فضیلت سورۂ الماعون
فضیلت سورۂ الکوثر
فضیلت سورۂ الکافرون
فضیلت سورۂ النصر
فضیلت سورۂ تبت
فضیلت سورۂ الاخلاص

وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جو کوئی اس سورہ کو پڑھے گویا ثلث قرآن سے پڑھا ہو ختم یہ سورہ ہزار مرتبہ واسطے برآنے مہمات و حاجات و خلاصی زندان کے پڑھے جو تمام کرے اثر پیدا کرے انشاء اللہ تعالےٰ اور واسطے رہائی قید کے ایکہزار ایک مرتبہ **فضیلت** سورۃ الفلق فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ جو کوئی اس سورہ کو پڑھے ہر آیہ کے عوض خداے تعالےٰ اوسکو فرماوے یا لکھے نامۂ اعمال اوسکے مین بسبب اللہ عبادت اور دیوے اوسکو ثواب متقیون کا **ختم** یہ سورہ بعد نماز فریضہ صبح کے پڑھا کرے خداے تعالےٰ وسوسۂ شیطان سے اوسکو نگاہ رکھے اور واسطے دفع جمیع بلیات اور جادو کے تین مرتبہ پڑھا کرے **فضیلت** سورۃ الناس فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ جو کوئی اس سورہ کو پڑھے گویا تمام قرآن پڑھا **ختم** اس سورہ کو جو کوئی تین مرتبہ پڑھے خداے تعالیٰ اوسکو وسوسہ دیو و شیطان سے نگاہ رکھے اور شر حاسدان سے نڈر کرے اور واسطے دفع جادو اور بلیات کے ہر روز تین مرتبہ پڑھا کرے بعد ختم معوذتین کے یہ دعا پڑھے اَللّٰھُمَّ لَکَ الْحَمْدُ وَاِلَیْکَ الْمُشْتَکیٰ وَ عَلَیْکَ الْمُسْتَعَانُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ **خاصیت شش آیات** خاصیت چھہ آیتون کی کہ ہر ایک آیۃ دس خاصیت رکھتی ہے اول زیادتی عمر دوسرے فراخی رزق تیسرے دفع دشمن و ظالم چوتھے قرب سلطان اور ساتھ دولت کے پہونچنا پانچوین طریق و خواہش الٰہی چھٹے خلق نفع و قرایت ساتوین اوپر ہر کسی کے قاہر رہنا اور غالب ہونا آٹھوین سرخروئی تمام جگہ پانا نوین کسی کا محتاج نہونا دسوین طلب حق کی حاصل ہونا اور ترتیب شروع آیتون مذکور کی اسوجہ پر ہے کہ انگشت خنصر دست راست سے شروع کرے اور اوپر انگشت کلان دست چپ کے ختم کرے اور آیۃ اول پڑھکر جانب راست اوپر اپنے دم کرے اور آیۃ دوم پڑھکر پیش رو پر اپنے دم کرے اور آیۃ سوم کو جانب چپ اور آیۃ چہارم آسمان کی طرف اور آیۃ پنجم جانب تحت سوے زمین اور آیۃ ششم کو اپنے عقب مین دم کرے اور مداومت اکیس مرتبہ وظیفہ رکھے بلاناغہ اور اگر حاجت غسل کی رکھتا ہو وقت مقررہ سے اگر قضا ہو تو دوسرے وقت

فضیلت سورۃ الفلق

فضیلت سورۃ الناس

پڑھے اور واسطے پڑھنے کے بوقت نماز صبح بعد ادائے نماز دوگانہ صبحی یا بعد ادائے نماز عشا
کے وظیفہ رکھے اور وقت پڑھنے کے کسی کے ساتھ کلام دنیاوی نکرے بکرم اللہ تعالیٰ تمام مرادات
حاصل ہوویں اور آیۃ مذکورہ یہ ہین جو لکھی جاتی ہین **آیۃ اول** در سیقول واقع اوسکے وقت
ہر بطرف دست راست دم کرے اَلَمْ تَرَ اِلَی الْمَلَاِ مِنْ بَنِیْ اِسْرَآئِیْلَ مِنْ بَعْدِ مُوْسٰی
اِذْ قَالُوْا لِنَبِیٍّ لَّهُمُ ابْعَثْ لَنَا مَلِكًا نُّقَاتِلْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ ؕ قَالَ هَلْ عَسَیْتُمْ اِنْ
كُتِبَ عَلَیْكُمُ الْقِتَالُ اَلَّا تُقَاتِلُوْا ؕ قَالُوْا وَمَا لَنَآ اَلَّا نُقَاتِلَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ وَقَدْ
اُخْرِجْنَا مِنْ دِیَارِنَا وَاَبْنَآئِنَا ؕ فَلَمَّا كُتِبَ عَلَیْهِمُ الْقِتَالُ تَوَلَّوْا اِلَّا قَلِیْلًا مِّنْهُمْ ؕ
وَاللّٰهُ عَلِیْمٌۢ بِالظّٰلِمِیْنَ **آیۃ دوم** آخر سورۂ آل عمران مین اس ثلث پارہ لن تنالوا
کے واقع ہے پڑھکر پیش رو ہر اپنے دم کرے لَقَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّذِیْنَ قَالُوْۤا اِنَّ اللّٰهَ
فَقِیْرٌ وَّنَحْنُ اَغْنِیَآءُ ۘ سَنَكْتُبُ مَا قَالُوْا وَقَتْلَهُمُ الْاَنْۢبِیَآءَ بِغَیْرِ حَقٍّ ۙ وَّنَقُوْلُ
ذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِیْقِ **آیۃ سوم** سورۂ انبیا مین واقع ہے پڑھکر طرف دست راست
کے پھونکے اَلَمْ تَرَ اِلَی الَّذِیْنَ قِیْلَ لَهُمْ كُفُّوْۤا اَیْدِیَكُمْ وَاَقِیْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ ۚ
فَلَمَّا كُتِبَ عَلَیْهِمُ الْقِتَالُ اِذَا فَرِیْقٌ مِّنْهُمْ یَخْشَوْنَ النَّاسَ كَخَشْیَةِ اللّٰهِ اَوْ اَشَدَّ
خَشْیَةً ۚ وَقَالُوْا رَبَّنَا لِمَ كَتَبْتَ عَلَیْنَا الْقِتَالَ ۚ لَوْلَاۤ اَخَّرْتَنَاۤ اِلٰۤی اَجَلٍ قَرِیْبٍ ؕ قُلْ
مَتَاعُ الدُّنْیَا قَلِیْلٌ ۚ وَالْاٰخِرَةُ خَیْرٌ لِّمَنِ اتَّقٰی ۫ وَلَا تُظْلَمُوْنَ فَتِیْلًا **آیۃ چہارم**
سورۂ مائدہ نصف پر واقع ہے پڑھکر جانب آسمان دم کرے وَاتْلُ عَلَیْهِمْ نَبَاَ ابْنَیْ اٰدَمَ بِا
لْحَقِّ ۘ اِذْ قَرَّبَا قُرْبَانًا فَتُقُبِّلَ مِنْ اَحَدِهِمَا وَلَمْ یُتَقَبَّلْ مِنَ الْاٰخَرِ ؕ قَالَ لَاَقْتُلَنَّكَ ؕ
قَالَ اِنَّمَا یَتَقَبَّلُ اللّٰهُ مِنَ الْمُتَّقِیْنَ **آیۃ پنجم** سورۂ رعد مین نزدیک نصف کے وما ابرئ
نفسی مین واقع ہے دو زانو بیٹھکر پڑھے اور طرف زمین کے دم کرے قُلْ مَنْ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضِ ؕ قُلِ اللّٰهُ ؕ قُلْ اَفَاتَّخَذْتُمْ مِّنْ دُوْنِهٖۤ اَوْلِیَآءَ لَا یَمْلِكُوْنَ لِاَنْفُسِهِمْ
نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا ؕ قُلْ هَلْ یَسْتَوِی الْاَعْمٰی وَالْبَصِیْرُ ۙ اَمْ هَلْ تَسْتَوِی الظُّلُمٰتُ وَالنُّوْرُ

أَمْ جَعَلُوا لِلّٰهِ شُرَكَاءَ خَلَقُوا كَخَلْقِهٖ فَتَشَابَهَ الْخَلْقُ عَلَيْهِمْ قُلِ اللّٰهُ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ وَّهُوَ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ۝ **آیت ششم** از سورهٔ مزمل مین واقع ہے پڑھکر اپنے عقب مین پھونکے إِنَّ رَبَّكَ يَعْلَمُ أَنَّكَ تَقُومُ أَدْنٰى مِنْ ثُلُثَيِ اللَّيْلِ وَنِصْفَهٗ وَثُلُثَهٗ وَطَائِفَةٌ مِّنَ الَّذِيْنَ مَعَكَ وَاللّٰهُ يُقَدِّرُ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ عَلِمَ أَنْ لَّنْ تُحْصُوْهُ فَتَابَ عَلَيْكُمْ فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْاٰنِ عَلِمَ أَنْ سَيَكُوْنُ مِنْكُمْ مَّرْضٰى وَاٰخَرُوْنَ يَضْرِبُوْنَ فِي الْأَرْضِ يَبْتَغُوْنَ مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ وَاٰخَرُوْنَ يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنْهُ وَأَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَأَقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا وَمَا تُقَدِّمُوْا لِأَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللّٰهِ هُوَ خَيْرًا وَّأَعْظَمَ أَجْرًا وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ إِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ کتاب سعیدی مین روایت ہے کہ ایک فرشتہ فرشتگان خدا سے ہے کہ اوس فرشتے کے لاکھ سر ہین اور ہر ایک سر مین لاکھ منھ ہین اور ہر ایک منھ مین دس لاکھ زبانین ہین ہر زبان سے جدی جدی تسبیح اور حمد اللہ تعالی کی بیان کرتا ہے ایک روز اوس فرشتے نے جناب الٰہی مین عرض کی کہ یا الٰہی مانند میرے کوئی ایسا بندہ اور بھی تیرا ہے کہ مجھ سے زیادہ تیری عبادت کرتا ہو حکم ہوا کہ اے فرشتے بندہ ہمارا فرزندان آدم سے ہے کہ وہ مانند تیرے ہے بلکہ تجھ سے ہزار درجے بہتر ہے عبادت کرنے مین فرشتہ نے اجازت مانگی کہ الٰہی اوسکی زیارت کا مجکو بھی حکم ہووے فرمان باری ہوا کہ جا فلانے گاؤن مین وہ بندہ ہمارا رہتا ہے جب وہ فرشتہ بشکل انسان اوس گاؤن مین آیا ایک دہقانی کو دیکھا اوس فرشتے نے اوس دہقانی کو کہا کہ اے شخص مین چاہتا ہون کہ اس رات تیرے ہمراہ رہون دہقانی نے منظور کیا جب رات ہوئی تو کھانا آگے اوس فرشتے کے رکھا تو فرشتے نے جواب دیا کہ مین نے ایک نذر مانی ہے کہ تین دن تک کھانا نہ کھاؤنگا پس تین روز تک وہ فرشتہ اوس دہقان کے پاس رہا اور چاہا کہ تحقیق کرون مجھ سے کیا زیادہ عبادت کرتا ہے جب رات ہوئی تو دیکھا اوس فرشتے نے اوس مرد کو کہ اپنے نماز پنجگانہ اور

اور کچھ بھی نہین پڑھتا مگر بعد نماز صبح کے ایک ساعت تک بیٹھا رہتا ہے اور کچھ دعا مخفی پڑھتا ہے پھر سبب دہقانی کے گھر کو روانہ ہوا فرشتے نے بعد تیسرے روز کے اوس دہقانی سے سوال کیا کہ بعد نماز فجر کے کیا پڑھتے ہو اوس دہقانی نے کہا کہ اس دعا کو دس بار پڑھ لیا کرتا ہون وہ دعا یہ ہے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ سُبْحَانَ اللّٰہِ اَضْعَافًا مَا سَبَّحَ جَمِیْعُ خَلْقِہٖ کَمَا یُحِبُّ رَبُّنَا وَیَرْضٰی وَکَمَا یَنْبَغِیْ لِکَرَمِ وَجْھِہٖ رَبِّنَا وَعَزَّ جَلَالِہٖ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ اَضْعَافًا مَا حَمِدَہٗ جَمِیْعُ خَلْقِہٖ کَمَا یُحِبُّ رَبُّنَا وَیَرْضٰی وَکَمَا یَنْبَغِیْ لِکَرَمِ وَجْھِہٖ وَعَزَّ جَلَالِہٖ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اَضْعَافًا مَا ھَلَّلَہٗ وَیُھَلِّلُہٗ جَمِیْعُ خَلْقِہٖ کَمَا یُحِبُّ رَبُّنَا وَیَرْضٰی وَکَمَا یَنْبَغِیْ لِکَرَمِ وَجْھِہٖ رَبِّنَا وَعَزَّ جَلَالِہٖ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ اَضْعَافًا مَا کَبَّرَہٗ وَیُکَبِّرُہٗ جَمِیْعُ خَلْقِہٖ کَمَا یُحِبُّ رَبُّنَا وَیَرْضٰی وَکَمَا یَنْبَغِیْ لِکَرَمِ وَجْھِہٖ رَبِّنَا وَعَزَّ جَلَالِہٖ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ اَضْعَافًا مَا مَجَّدَہٗ وَیُمَجِّدُہٗ جَمِیْعُ خَلْقِہٖ کَمَا یُحِبُّ وَیَرْضٰی کَمَا یَنْبَغِیْ لِکَرَمِ وَجْھِہٖ وَعَزَّ جَلَالِہٖ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ یعنے جو کوئی اس دعا کو پڑھے لکھتا ہے اللہ تعالے واسطے اوسکے ثواب اسی برس کی عبادت کا اوسکے اعمال مین اور فضیلت اور اسناد اس دعا کی بہت بڑی ہے لیکن بسبب طول ہونے کتاب کے اس جگہ مختصر لکھی گئی اور روایت ہے کہ ایک روز نبوت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مسجد پاک مین بیٹھے تھے شیطان بھی اوس جگہ کھڑا تھا جب حضرت نے اوس ملعون کو دیکھا تو حضرت نے پوچھا کہ اے بدبخت ملعون تو اسجگہ کسواسطے کھڑا ہے ابلیس نے کہا کہ اے سرور کائنات مین بدبخت نہین ہوان بلکہ نیک بخت ہون کہ اللہ تعالیٰ مجکو سب سے پہلے جنت مین داخل کریگا حضرت نے پوچھا کہ تیری بخشش ہونیکا کیا باعث ہے اوس ملعون نے جواب دیا کہ مجکو ایک دعا گنجینۂ اسرار الٰہی سے یاد ہے اوس دعا کے سبب بخشا جاونگا تب حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بہت متحیر ہوے اوسی وقت جبرئیل حضرت کے پاس آنحضرت لائے اور فرمایا اے ختم رسل یا رسول اللہ شیطان سچ کہتا ہے کہ اس دعا کا پڑھنے

ضرور بخشا جاویگا اور یہ دعا اوس سے سیکھ لیجئے پہلے موت سے اور وحی بھیجی اللہ تعالی نے
حضرت کو کہ ای حبیب میرے یہ شیطان اپنی بخشش کی امید رکھتا ہے اس دعا کی برکت سے مگر
جب یہ مرنیگا اسکی زبان سے مین اس دعا کو بھلا دونگا اور دوزخ مین داخل کرونگا ہان اگر
آپ اپنی امت کے واسطے اس دعا کو اوس سے یاد کرلین اور بعضون نے روایت کی ہے کہ حضرت
جبرئیل نے یہ دعا حضرت کو سکھلائی کہ آپ کی امت اس دعا کو پڑھا کرے اس دعا کی برکت سے
اللہ تعالی حرام کردیگا آگ دوزخ کی اوپر تمھاری امت کے وہ دعا یہ ہے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ
الرَّحِيْمِ يَا اِلٰهَ الْبَشَرِ وَيَا عَظِيْمَ الْخَطَرِ وَيَا سَرِيْعَ الظَّفَرِ وَيَا مَعْرُوْفَ الْاٰثَارِ وَيَا عَظِيْمَ
الْمَنِّ وَيَا مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ بِحَقِّ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ
ارشاد الطالبین مین لائے ہین کہ بروز قیامت حضرت جبرئیل جنت سے ایک براق لاوینگے
فرشتے کہین گے کہ یہ براق کسکے واسطے ہے جبرئیلؑ فرماوینگے کہ یہ براق اوسکے واسطے ہے کہ جسنے
یہ دعا اپنی تمام عمر مین بارہ مرتبہ پڑھی ہو وہ دعا یہ ہے اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ بِرَحْمَتِكَ يَا
اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ اوس شخص کو سوار کرکے آگے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیجاوینگے وہ شخص
حضرت کے ساتھ جنت مین داخل ہوگا اور یہ بھی روایت اوسی کتاب مین ہے کہ جو شخص اس دعا کو
اکیس بار پڑھکر آسمان کی طرف دیکھے اللہ تعالی نظر رحمت سے ستر دفع اوسکی طرف دیکھتا ہے
وہ دعا یہ ہے اَشْهَدُ اَنَّ لَكَ رَبًّا وَّخَالِقًا اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ اور حضرت امام اعظم رضی اللہ
عنہ سے روایت ہے کہ جو شخص اس دعا کو بعد ہر نماز کے دس دس بار پڑھے تمام علم اولین وآخرین
اوسکو روشن ہونگے اور پھر فرمایا کہ ہم نے بھی حاصل کیا ہے علم کو اس دعا کی برکت سے وہ دعا یہ ہے
اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْتَعِيْنُكَ بِكَ طَاعَتِكَ **حکایت** ہے کہ سلطان سکندر ذوالقرنین جو سارے
جہان کا بادشاہ تھا تمام جہان کے عالم جمع کئے اور فرمایا کہ میرے واسطے ایسی چیز پیدا کرو کہ
مجکو احتیاج قلعہ کی نہو وے تمام جہان کے عالمون کا اتفاق اوپر اس اسمار کے ہوا کہ جو کوئی
ان اسما کو ہر روز سات بار یا اکیس بار بعد ہر نماز کے پڑھے اوسکو کچھ احتیاج قلعہ کی نہ ہوگی

کہ حق تعالیٰ توریت مین فرماتا ہے کہ اسی ہزار فرشتے فرشتگان الٰہی سے ہین کہ چالیس ہزار
فرشتے اوسکو دن مین نگاہ رکھتے ہین اور چالیس ہزار رات کو حفاظت رکھتے ہین کہ جو کوئی اس
دعا کو پڑھے وہ یہ ہے صَبرًا صَبرًا اِبنَ صَاصَعۡصَعًا کہتے ہین کہ بعد سکندر ذو القرنین نے قلعہ کو
درست کیا اور جو کوئی ہر روز بعد ہر نماز کے تین دفعہ یہ دعا پڑھے اَللّٰھُمَّ بَارِکۡ لِیۡ فِی المَوتِ
وَفِیۡمَا بَعۡدَ المَوۡتِ اِلٰھِیۡ ھَوِّنۡ عَلَیۡنَا سَکَرَاتِ المَوۡتِ پڑھنے والا اس کا وقت
مرنیکے حضرت عزرائیل علیہ السلام کو نہ دیکھیگا اور تلخی جان کندنی کی نہ چکھے گا روح اوسکی بدن سے
ایسی نکلے گی جیسے کہ بچہ اپنی ماں کا دودھ پیتا ہوا سو جاتا ہے اور جو ہر روز پچیس بار اسی کو جانا
کو پڑھے ثواب شہید ذلکا پاویگا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص اپنی موت
کو پچیس بار یاد کریگا ثواب شہید ذلکا پاویگا اور روایت ہے کہ جو کوئی اس دعا کو پچیس بار
ہمیشہ پڑھا کرے ثواب برابر تمام اولاد آدم کے پاویگا وہ دعا یہ ہے اَللّٰھُمَّ اغۡفِرۡ لِیۡ وَ
لِوَالِدَیَّ کَمَا رَبَّیَانِیۡ صَغِیۡرًا اَوۡ کَبِیۡرًا وَلِجَمِیۡعِ المُؤمِنِیۡنَ وَالمُؤمِنَاتِ وَالمُسۡلِمِیۡنَ
وَالمُسۡلِمَاتِ الاَحۡیَاءِ مِنۡھُمۡ وَالاَمۡوَاتِ بِرَحۡمَتِکَ یَا اَرۡحَمَ الرَّاحِمِیۡنَ اور قعدہ اخیر کے
بعد التحیات اور درود کے اس دعا کے پڑھنے کا بھی حکم ہے اور مستحب ہے اور حدیث شریف مین
ہے کہ حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک روز حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو فرمایا تھا
کہ اے علی اللہ تعالیٰ کے سات نام ہین کہ وہ سبع آسمان خزانہ عرش پر لکھی ہین اور یہ سبع آسمان
تسبیح ہے فرشتگان آسمان و زمین اور حاملان عرش کے کہ جو کوئی بندہ مومن کہ ان نامون کو
ہمیشہ بعد نماز پنجگانہ کے ایکبار یا دوبار پڑھا کرے اوسکو اللہ تعالیٰ پچیس چیز عنایت فرماتا ہے
اول ہر آفتون دینی و دنیوی سے امان مین رہتا ہے دوسرے لوگونکی نظر مین عزیز ہوتا ہے
تیسرے خدائے تعالیٰ کا تابعدار ہوتا ہے چوتھی خدائے تعالیٰ دولت دین اور دنیوی اوسکو عنایت
کرتا ہے اور پانچوین دشمن کی لڑائی مین فتحیاب ہوتا ہے اور چھٹے بیچ وصف آدمی نیکیون کے
سرخرو رہتا ہے اور ساتوین بلائے ناگہانی سے اور دہشت بادشاہ کی سے اور دہشت شیطان

دشمنون کی اور تلوار تیز اور تیر اور تبر اور گرز اور بندوق اور آگ جلانے والے اور پانی چلنے
والے یعنی ڈوبنے سے اور آسیب اور دیو و پریان اور گناہ صغیرہ و کبیرہ اور صحت بدون
و خبر ظالمون وغیرہ سے ان اسمار کے پڑھنے والے کو اللہ تعالیٰ نگاہ رکھتا ہے اور آٹھوین دعا
اوسکی درگاہ الٰہی مین مستجاب ہوتی ہے اور نوین مہماتین اوسکی آسان ہوتی ہین اور دسوین
سختی موت کی اوسپر آسان ہوتی ہے اور گیارھوین قبر اوسکی کشادہ ہووےگی اور دروازہ جنت
کا اوسکی قبر مین کھولا جاویگا اور بارھوین سوال منکر نکیر کا اوسپر آسان ہو جاویگا اور تیرھوین
قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اوسکو جماعت نیکون مین اوٹھائیگا چودھوین نامۂ اعمال
اوسکے قیامت کے دن داہنے ہاتھ مین دئے جاوینگے پندرھوین آگ دوزخ اوسکی اوپر حرام
ہوگی سولھوین پڑھنے والا ان اسما کا ثواب چہار پیغمبران مرسل کا پاویگا سترھوین دیدار
خدا سے محروم نرہیگا اٹھارھوین قیامت کے دن منھ اوسکا چودھوین رات کے چاند کے مانند
روشن ہوگا اونیسوین اوسکو شراب طہور پلائی جاویگی اور بیسوین اوسکو ثواب چالیس شہیدونکا
اور چالیس عالمون کا دیا جاویگا اور اکیسوین اوسکو فرشتے اللہ تعالیٰ کی بزرگی دینگے اور
بائیسوین ستر فرشتے پر نور اور حلہ ہاے بہشتی کہ اوپر ہر ایک حلہ کے یہ اسما لکھے ہون گے
اوپر قبر اوسکی کے نازل کرینگے اور تئیسوین اوپر پل صراط کے برق کے مانند گذر جاویگا اور
جنت مین داخل ہوگا اور چوبیسوین ثواب فرشتگان کا پاویگا اور پچیسوین آٹھو دروازے بہشت کے
اوسکے واسطے کھولے جاوینگے یعنی جس دروازے سے چاہے جنت مین داخل ہووے یا علی جو کوئی
اوپر بیمار کے پڑھے اور دم کرے اللہ تعالیٰ اوسکو شفا بخشیگا اور اگر یہ دعا باعتقاد کامل اوپر
پہاڑ کے پڑھی جاوے تو پہاڑ جنبش کھا جاوے اور اگر نمازی اس دعا کو پڑھکر پانی پر دم کرلے
اگر بحر شبانہ روز کافرون سے جنگ کرے ایک بال ان نمازیون کا بقدرت الٰہی کافرونسے
نہ اوکھڑے اور اوپر کافرون کے فتح پاوے اور فضیلت ان نامون کی بہت ہی اگر تمام فضیلتین
ان نامونکی لکھی جاوین تو تمام نامہ ادا ہو جاوے ہاتھو زہر کا تنبیہ بھیجین یا علی جو کوئی ان نامونکو

ستر دفعه اپنی تمر مین پڑھے تمام گناہ اوسکے صغیرہ ہوں یا کبیرہ بخشے جاوین اور اوی علی اگر کل گھاس روی زمین کا قلم بنایا جاوے اور کل روی زمین کے درختون کے پتون پر تمام والا آدم اور جنات اور دیو وغیرہ ثواب ان اسما کا قیامت تک لکھین تب بھی ثواب پورا نہو وے اور یہ دعا حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت ابوبکر صدیق اور حضرت علی رضی اللہ عنہما کو سکھائی تھی یہ اسکو پڑھا کرین اور یون بھی روایت ہے کہ کوئی ان نامونکو پڑھتے پڑھتے مرجائے اور اسکو قبر مین دفن کرین تو قیامت تک اوسکی ہڈیاں اور گوشت اور پوست عنود سے جدا نہو وینگی اور شعلین نور کی اوسکی قبر مین روشن ہووین گی اور جو کوئی اس دعا مین شک لاوے خوف کفر ہے اور اسناد اسکی بہت ہے مگر بیان مختصر لکھی گئی اور وہ سات نام اللہ کے یہ ہین

اسم اول بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَللّٰهُمَّ يَا مَنْ تَجَلَّلَتْ بِالْجَلَالِ وَالْجَلَالِ ذِى الْجَلَالِ جَلَالُكَ يَا جَلِيْلُ يَا دَائِمُ الْمَقْبُوْلُ وَيَا مُنْعِمُ الْمُصَدِّقُ يَا مَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ يَا اَحْكَمُ الْحَاكِمِيْنَ اسم دوم اَللّٰهُمَّ يَا لَطِيْفُ بِاَوْصَافِ كَمَالِهِ بِاللَّطَائِفِ وَاللَّطَائِفَ فَتِرِّنِى لِلَّطَافَةِ لَطَافَتِكَ يَا لَطِيْفُ اِنَّا سَمِعْنَا كِتَابًا اُنْزِلَ مِنْ بَعْدِ مُوْسٰى مُصَدِّقًا لِمَا بَيْنَ يَدَيْهِ يَهْدِيْ اِلَى الْحَقِّ وَاِلٰى طَرِيْقٍ مُّسْتَقِيْمٍ يَا خَيْرَ الرَّازِقِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ اسم تیسرا اَللّٰهُمَّ يَا سَرِيْعَ الْبُرْهَانِ وَلَقَدْ صَرَّفْنَا اِلَيْكَ مِنَ الْحَقِّ يَسْتَمِعُوْنَ الْقُرْاٰنَ تَسَمَّعْتَ بِالتَّسْمِيْعِ وَالسَّمِيْعُ فِى السَّمِيْعِ سَمِيْعُكَ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَاٰمَنُوْا بِمَا نُزِّلَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَهُوَ الْحَقُّ الْيَقِيْنُ يَا الْحَقُّ الْحَاقِقِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ اسم چوتھا اَللّٰهُمَّ يَا مُقَرِّبِيْنَ مِنَ الْمُذِلِّ يَا عَلِيْمُ الْعَظِيْمُ تَعَظَّمْتَ بِالْعَظَمَةِ فِى عَظَمَةِ عَظَمَتِكَ يَا عَظِيْمُ اَنَّهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاسْتَغْفِرْ لِىْ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ فَسَيِّدُ خَيْرِ النَّاصِرِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ اسم پانچوان اَللّٰهُمَّ يَا رَحِيْمُ تَرَحَّمْتَ بِالرَّحْمَةِ وَالرَّحْمَةُ فِى الرَّحْمَةِ رَحْمَتُكَ يَا رَحِيْمُ يَا مُنْبَسِطُ

خود اسم ... مغفرت

تَحَفَّظْتَ بِالْحِفْظِ وَالْحَفِيظُ فِي حَفِيظِ حَفِيظِكَ يَا حَفِيظُ بِصِلَاتِ يَا مُنْعِمُ الْحَافِظِيْن **اسم چھٹا** اَللّٰهُمَّ يَا كَرِيْمُ تَكَرَّمْتَ بِالْكَرَامَةِ وَالْكَرَامَةُ فِي كَرَامَتِكَ كَرَامَتَهُ يَا كَرِيْمُ اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ غَيْبَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌ بِمَا تَعْمَلُوْنَ يَا اَصْدَقَ الصَّادِقِيْنَ **اسم ساتوان** اَللّٰهُمَّ يَا غَفُوْرُ تَغَفَّرْتَ بِالْمَغْفِرَاتِ وَالْمَغْفِرَةُ فِي مَغْفِرَتِكَ يَا غَفُوْرُ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ اور **خواجہ امام عماد الدین** یونس سجاوندی قدس سرہ العزیز نے فرمایا ہے کہ جس کسی کو کوئی مہم یا حاجت دنیوی درپیش ہو تو چاہیے کہ اس دعا کو گیارہ بار لکھو اور اندر دریا رواں کے ڈالدے اوس ہفتہ مین مراد اوسکی پوری ہو گی یا کرمی آبے اوسکو گیارہ روز تک تو کہا ہی حضرت خواجہ علیہ الرحمتہ اللہ نے کہ گیارہ روز نہ گزرینگے مراد اوسکی حاصل ہوگی وہ دعا یہ ہے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الْمَلِكِ الْحَقِّ الْمُبِيْنِ ٥ مِنَ الْعَبْدِ الذَّلِيْلِ اِلَى الْمَوْلَى الْجَلِيْلِ وَمَسَّنِيَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ ٥ اور جو کوئی بعد نماز صبح کے سو مرتبہ اس دعا کو پڑھے مگر درمیان پڑھنے کے بات نکرے اسباب دینی اور دنیوی اللہ تعالی اوسکے برلاویگا وہ دعا یہ ہے يَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ يَا مُفَتِّحَ الْاَبْوَابِ وَيَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَالْاَبْصَارِ يَا دَلِيْلَ الْمُتَحَيِّرِيْنَ يَا غِيَاثَ الْمُسْتَغِيْثِيْنَ تَوَكَّلْتُ عَلَيْكَ وَفَوَّضْتُ اَمْرِيْ اِلَيْكَ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ اور حضرت امام اعظم کوفی رضی اللہ عنہ نے ننانوی دفعہ اللہ تعالی کو خواب مین دیکھا امام نے فرمایا اے رب العالمین جب نزدیکی انکی ساتھ میرے دکھلا اللہ کی طرف سے ہزار مرتبہ یہی جواب سنا کہ امام المسلمین اور اے مصباح الامت محمدی کہہ یعنے پڑھا کہ یہ دعا سُبْحَانَ اللّٰهِ الْاَزَلِيِّ الْاَزَلِ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْاَبَدِيِّ الْاَبَدِ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْوَاحِدِ الْاَحَدِ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْفَرْدِ الصَّمَدِ سُبْحَانَ اللّٰهِ الَّذِيْ رَافِعِ السَّمٰوٰتِ بِغَيْرِ عَمَدٍ سُبْحَانَ اللّٰهِ الَّذِيْ لَمْ يَتَّخِذْ صَاحِبَةً وَّلَا

رہا وہ خط صاحب نزار الی ہے
اور دوسرا نسخہ نہیں ہو

ہفتہ مالک ... شیری
نسخہ ... دو قربا

قرابت نشان
عطیہ مغفرت

وَلَدًا سُبْحٰنَ اللّٰهِ الَّذِیْ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّهٗ کُفُوًا اَحَدٌ اور جس
کسیکو بیماری برص اور جذام کی ہووے پس چاہیے کہ اس دعا کو سات بار اوپر پانی کے پڑھے
اور آفتابہ سرخ یعنے نئے مین اوس پانی کو ڈالے اور اوس پانی کو وہ مریض سات روز تک
پیوے یا چالیس روز تک پیوے ہر علت کہ جو اوسکے وجود مین ہوگی دفع ہو جاویگی وہ
دعا یہ ہے بسم اللہ الرحمن الرحیم ۝ لا الہ الا اللہ العلی العظیم لا الہ الا
اللہ الحق القیوم ۝ لا الہ الا اللہ الواسع الرحیم لا الہ الا اللہ محمد رسول
اللہ لا الہ الا مالک یوم الدین نجتی ایاک نعبد وایاک نستعین اللہم
صل علی النبی الامی برحمتک یا ارحم الراحمین **روایت ہے** کہ جو کوئی بعد نماز
عشا کے سورہ ملک یعنی تبارک الذی کو پڑھیگا جب قبر مین اوسکو دفن کرینگے منکر اوس سے سوال
کرینگے اور نکیر اوسکو منع کرینگے کہ اوس سے سوال مت کر یہ شخص سورہ ملک بعد نماز عشا کے پڑھا کرتا ہے

روایت ہے کہ دوزخ مین ایک دریا ہے پانی اوسکا نہایت سیاہ اور زہر قاتل بودار ہے اگر
ایک قطرہ بھی اوس پانی کا دنیا مین ڈالا جاوے تمام دریا جہان کی بودار ہو جاوین اور سب
پانی دریاؤن کا تلخ ہو جاوے اور سب مخلوق خدا اوسکی بو سے مر جاوین پس قیامت کو وہ پانی
اوسکو پلایا جاویگا جو درمیان مغرب اور عشا کے سوتا ہوگا اور **روایت ہے** کہ فرشتے
بعد نماز عشا کے دفتر بندون نیکون اور برون کے آسمان پر لیجاتے ہین اور جناب باری مین عرض
کرتے ہین پس جو شخص درمیان مغرب اور عشا کے خواب کرتا ہے وہ فرشتے اوسکو کہتے ہین کہ لعنت
خدا کی اوپر تیرے ہو جیوے بندے اور درمیان دوزخ کے ڈالا جاوے تو جیسا کہ ہمکو آسمان مین
معلق کیا تونے خداے تعالی تجکو بھی دوزخ کے اندر معلق کرے اور اوسکو کہتے ہین کہ اے بندے
اٹھ اور نماز عشا کی ادا کر تاکہ ہمکو آسمان پر رستہ ہووے اور **حدیث** شریف مین آیا ہے کہ جو کوئی بعد نماز
مغرب پہلی بات کرنے سے سات بار اللہم اجرنی من النار پڑھے اگر اوس رات مین مرے تو شہید مریگا

اوراگ روز بخ کی اوسپر حرام ہوگی اور اگر صبح کو سات بار پڑھیگا جو اوس روز مریگا تو شہید مریگا
روایت ہی کہ جو بندۂ مومن وضو سے سووے فرشتے اوسکی ارواح کو آسمان کے اوپر لیجاتے
ہین اور بیچ عرش کے سجدہ کرواتے ہین اور جب وہ بندہ سونے سے بیدار ہوتا ہی اوسکی ارواح
کو فرشتے اوسکے مقام مین داخل کرتے ہین اور جو بندہ بے وضو سوتا ہے آسمان والی اوسکی ارواح
کو رستہ نہین دیتے بلکہ اوس روح کو لعن کرتے ہین پس چاہیے کہ ہمیشہ وضو سے سویا کرے کیونکہ روایت
مین آیا ہی کہ جو شخص وضو سے سوتا ہی بدلے مین ہر دم کے دفتر اعمال مین نیکی اوسکی لکھتی ہین اور جاننا چاہیے
کہ نماز تہجد بھی ایک بڑی عبادت ہے کہ اوسکو ادا کرے حدیث شریف مین آیا ہے کہ نماز تہجد کا پڑھنے
والا جب یگا تو قبر اوسکی ستر گز کشادہ ہوگی اور اوسکی روشن مثال نور علی نور کے زیادہ تر ہوگی نماز
تہجد قبر کا چاند نا ہی پس چاہیے بعد آدھی رات کے اوٹھے اور وضو کرے اور نماز تہجد ادا کرے یعنے بارہ
رکعت پڑھے اور بعد الحمد کے قل ہو اللہ تین تین بار پڑھے اور بعضی روایت مین بجاے قل ہو اللہ
کے الم نشرح کا بھی پڑھنا آیا ہے اور بعضے مشایخون نے بعد الحمد کے آیۃ الکرسی ایکبار اور آمن
الرسول ایکبار یہ بھی لکھا ہے پس چاہیے کہ بعد نماز تہجد رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ
الْعَلِيْمُ ایک تسبیح یا اس سے کم پڑھے اور بعد اوسکے رَبَّنَا اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّ فِي
الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا رَبَّنَا عَذَابَ النَّارِ ایک تسبیح یا اوس سے کم پڑھے اور بعد اس آیت
کے رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً اِنَّكَ اَنْتَ
الْوَهَّابُ ایک تسبیح یا اس سے کم پڑھے اور بعد اسکے رَبَّنَا اِنَّكَ جَامِعُ النَّاسِ لِيَوْمٍ
لَّا رَيْبَ فِيْهِ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ایک تسبیح یا اس سے کم پس جو کہ یہ چار دن
آیتین بعد نماز تہجد ہمیشہ پڑھکر سو جاوے ملاقات اوسکی خواب مین ساتھ انبیا اور اولیا اللہ
کے ہودیگی کیونکہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے اَلصَّلٰوةُ بَيْنَ النَّوْمَيْنِ اس حدیث
سے معلوم ہوتا ہے کہ بعد نماز تہجد کے سونا بھی اچھا ہے اگر نماز تہجد قضا ہو جاوے تو دن نکلے
ادا کرے کیونکہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس نماز کو کبھی ترک نہین کیا اسواسطے پڑھنا

اسکا سنت موکدہ ہے اور کتاب ارشاد الطالبین مین وارد ہے کہ جو شخص اس دعا کو ایک
وقت معین کر کے ستر بار ہمیشہ پڑھکر مگر ہاتھہ داہنا اپنے سینے پر رکھہ کر پڑہے جو کچھہ کہ کلام
بزرگون کا سُنے گا اوسکو یاد رہیگا اور اس دعا کی برکت سے اللہ تعالے اوسکو اسطرح سے روزی
دیگا کہ کوئی نجانیگا کہ کہانسے کہاتا ہے اور وہ دعا یہ ہے اَلْعَلِیْمُ الَّذِیْ یَعْلَمُ الْجَهْرَ وَالْاِخْفَا
اور سو مرتبہ اسم یا فتاح کو دست راست اپنے سینے پر رکھکر پڑہے اگرچہ کند ذہن ہو لیکن اوسکا
برکت اسم یا فتاح کے سے روشن ہو ہیگا ہر مراد دینی و دنیوی حاصل کرتا ہے یعنی اول سو مرتبہ
کلمہ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ الْمُبِيْنُ پڑہے اور بعد اوسکے سو بار درود اَللّٰهُمَّ صَلِّ
عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ وَصَلِّ عَلَيْهِ اور بعد اسکے سو بار سورہ
اخلاص پڑہے اور بعدہ سو بار عالم الغیب والشہادۃ پڑہے باطن اوسکا ایسا روشن ہو ویگا
کہ جو سنے گا اوسکو یاد رہیگا اور دوسری روایت مین پڑھنا ان دعاؤنکا بھی آیا ہے یعنے ستر بار
لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ اور پچاس بار اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى كُلِّ
حَالٍ اور سو بار یَا رَحْمٰنُ اور سو بار یَا رَحِیْمُ اور سو بار یَا وَارِثُ اور سو بار یَا وَهَّابُ
اور سو بار یَا بَارِئُ پڑہے حساب کل نعمتون کا اوسکے اوپر آسان کیا جاویگا او رشک اور حسد
اور کینہ اوسکے دل سے دور ہو ویگا اور کوئی دشمن عداوت اوسکی نکریگا اور لاتے ہین کہ بعد ہر
نماز کے تین ہزار مرتبہ اور اگر اتنا نہو سکے تو ایک ہزار اسم اللہ کو کہ اوسکو اسم ذات بھی کہتے
ہین پڑہے تو کل فرشتے آسمان و زمین کے اوس شخص کو ذاکر اکبر کہتے ہین اور بعد اوسکے
جب آفتاب بلند ہووے چار رکعت نماز اشراق پڑہے ہر رکعت مین بعد الحمد کے پانچ پانچ مرتبہ
سورۂ اخلاص پڑہے بعد سلام کے سورۂ مزمل پانچ بار پڑہے مع درود گیارہ گیارہ مرتبہ اول
و آخر اور جب دن پہر بھر چڑہے تو نماز چاشت کی گزارے بارہ رکعات یا چھہ رکعت یا چار رکعت
پڑہے ہر رکعت مین بعد الحمد کے تین تین دفعہ قل ہو اللہ پڑہے اور بعد نماز کے فراغت پاکر
ایک دفعہ سورۂ یٰسین اور ایک بار سورۂ ملک اور ایک بار سورۂ مزمل پڑہے ہمیشہ اسکا ورد رکھے

اگرچہ کیسا ہی گنہگار ہو گا کل گناہ صغیرہ اور کبیرہ اوسکے بخشے جاوینگے اور کتاب عوارف
المعارف مین لکھا ہر کہ جو کوئی ان دس نمازون کو بطور مذکورہ کے پڑھے اوسکو قیامت کے
دن پیغمبرون کی صف اور اولیاء اللہ کی صف مین کھڑا کرینگے اور حضرت بایزید بسطامی
رضی اللہ عنہ فرماتے ہین کہ جو کوئی نماز اشراق اور چاشت کو ادا کرے اور کبھی ترک نکرے
اوس شخص کو اللہ تعالے اپنے دوستون مین قیامت کے دن اوٹھاویگا اور اولیاء اللہ کی
صف مین کھڑا کیا جاویگا اور امن و امان سے بغیر حساب جنت مین داخل ہویگا اور جاننا چاہیے
کہ جب شب ہفتہ کی ہووے تو چار رکعت نماز وقت چھ گھڑی رات گئے ادا کرے اور اس نماز کو
نماز ہفتہ کہتے ہین ثواب اس نماز کا بہت اور حد سے زیادہ ہے رکعت اول مین بعد الحمد کے آیۃ
الکرسی ایکبار اور سورۂ اخلاص ایکبار یا سات بار اور دوسری رکعت مین بعد الحمد سورۂ والشمس
ایکبار پڑھے اور جب قعدۂ اولے سے اوٹھے اور رکعت تیسری مین بعد الحمد کے آیۃ الکرسی ایکبار
اور سورۂ اخلاص تین بار اور رکعت چوتھی مین بعد الحمد کے آیۃ الکرسی ایکبار اور سورۂ اخلاص
تین بار پڑھے اور سلام پھیرے بعد قعدۂ اخیرہ اور پھر جب شب یکشنبہ یعنی اتوار کی ہووے تو
چار رکعت نماز نفل بیک سلام بعد نماز عشا کے ادا کرے رکعت اول مین بعد الحمد کے آمن
الرَّسُوْلُ آخر تک ایکبار پڑھے اور بعد اوسکے سو بار یہ تسبیح لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْعَزِیْزُ الْجَلِیْلُ
یَا عَزِیْزُ الْجَلِیْلُ پڑھے اور رکعت دوسری و تیسری اور چوتھی مین بھی اسیطرح سے پڑھے
اور بعد التحیات کے سلام پھیرے مگر وہ تسبیح مذکور ہر رکعت مین سو سو بار اور بعد سلام کے دعا
جناب الٰہی مین مانگے اور جب شب دوشنبہ کی ہووے تو دو رکعت نماز نفل وقت چار گھڑی رات
گئے ادا کرے ہر رکعت مین بعد الحمد کے سورۂ اخلاص ایکبار اور قل اعوذ برب الفلق ایکبار اور قل
اعوذ برب الناس ایکبار پڑھے اور دوسری رکعت مین بھی اسیطرح سے پڑھے اور بعد سلام کے
یہ تسبیح سو بار ادا کرے اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ اور جب شب سہ شنبہ یعنی منگل
کی رات ہووے بعد نماز عشا کے دو رکعت نماز نفل ادا کرے دونون رکعتون مین بعد الحمد کے اِذَا جَآ

نصر اللہ تین بار تین بار پڑھے پھر بعد سلام کے سات بار الحمد پڑھ کر پھر دو رکعت نماز ادا کرے پھر دونوں رکعتوں میں بعد الحمد کے سورۂ قل ہو اللہ تین تین بار پڑھے پھر بعد سلام کے سو بار لا الٰہ الا اللہ خالصا مخلصا پڑھے اور جب چہار شنبہ یعنی بدھ کی ہووے تو اوس دن بارہ رکعت نماز نفل وقت چھ گھڑی رات گئے بعد عشا کے پڑھے اور ہر رکعت میں بعد الحمد کے تین تین بار سورۂ اخلاص پڑھے مگر دو دو رکعت پڑھکر سلام پھیرے اور بعد سلام اخیر کے سو بار لا الٰہ الا اللّٰہُ الخَالِقُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیءٍ قَدِیرٌ پڑھے اور دعا مانگے پھر جب شب پنجشنبہ کی ہووے تو دو رکعت نماز نفل ادا کرے ہر دونوں رکعتوں میں بعد الحمد کے قل یا ایہا الکافرون پانچبار اور سورۂ اخلاص دس بار پڑھے اور بعد سلام کے یہ دعا سو بار پڑھے وہ دعا یہ ہے سُبحَانَ اللّٰہِ وَالحَمدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکبَرُ وَلَا حَولَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ العَلِیِّ العَظِیمِ اور پھر جب دن جمعہ کا ہووے تو اول وقت دن چڑھے نماز اعرابی ادا کرے کہ وہ مسطور ہے کہ ایکروز رسولخدا صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تھا کہ جو کوئی پانچ جمعہ قصدًا ترک کرے وہ شخص درجۂ کفر میں ہو چکا ہے ایک اعرابی اوسجگہ حاضر تھا اوسنے عرض کیا کہ ای رسول اللہ میں نہایت دور ہوں مجھ سے نماز میں جمعہ کی حاضر نہیں ہوا جاتا حضرت نے اوسکو فرمایا کہ ای اعرابی جو کوئی بعد نماز اشراق دن جمعہ کے دو رکعت نماز ادا کرے نفل اور رکعت اول میں بعد الحمد سورہ قُل اَعُوذُ بِرَبِّ الفَلَقِ ایکبار اور رکعت دوسری میں قُل اَعُوذُ بِرَبِّ النَّاسِ ایکبار پڑھے اور بعد سلام کے سات بار سورۂ الحمد کو پڑھے ثواب نماز جمعہ کا اوس سے ادا ہوگا اور کہیں نزدیک نماز جمعہ کے ہوتی ہو تو اوس میں حاضر ہووے اور نہیں تو گنہگار ہوویگا اور بعد اوسکے یہ دوگانہ نفل نہ کور دن جمعے کے ادا کرے اور جب اُس دوگانہ سے فراغت پاوے تو آٹھ رکعت نماز نفل بدو سلام ادا کرے اور ہر رکعت میں بعد از فاتحہ اِذَا جَآءَ نَصرُ اللّٰہِ آخر تک ایکبار اور سورۂ اخلاص پچیس بار ہر رکعت میں اسیطرح سے پڑھے پھر بعد سلام اخیرہ کے نماز سے فراغت پاکر ستر بار لَا حَولَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ العَلِیِّ العَظِیمِ پڑھے ثواب بہت ہے اور فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ

وسلم نے کہ گزارنے والا ان نماز ون کا نہ مریگا جب تک جگہ اپنی بہشت مین نہ دیکھ لیویگا اور حضرت
بایزید بسطامی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ جو کوئی ان نماز ون اسباع الایام کو ادا کریگا
ضرور دیکھیگا آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خواب مین پس عاشقان الٰہی کو چاہیے کہ جو نمازین
سات دن کی بیان کی ہین اوسمین کوشش کرکے پڑھتے رہین اور فرمایا حضرت شیخ محی الدین
عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کو رسول خدا نے کہ جو کوئی صلوٰۃ اسباع الایام کو ادا کریگا مین
اوسکی بخشش کا ضامن ہون جنت مین اور پڑھنا اُن نماز ون اسباع الایام کا طریقہ حضرات نقشبندیہ
اور قادریہ اور چشتیہ اور سہروردیہ ان چارون خاندانون سے ثابت ہے اور کتاب حدیث سے بھی
پڑھنا ان نماز دن نفلون کا ثابت ہے اور حضرت امام حسن نوری سے روایت ہے کہ جو کوئی ہر روز
سو بار یَا قَهَّارُ پڑھے اللہ تعالیٰ اوسکے دل کو محبت دنیا سے پھیر دیویگا یعنے طبیعت اوس کی
محبت دنیا سے منقطع ہو جاویگی اور جو کوئی وقت آدھی رات کے اور وقت آدھی دن کے سو سو بار یَا
رَافِعُ پڑھے درجہ اوسکا بہت بلند ہوگا اور چاہیے کہ بعد زوال کے وضو کرے اور دو رکعت نفل
تحیۃ الوضو کی پڑھے اور دونون رکعتون مین الحمد کے بعد سورہ سورہ اخلاص ایک ایک بار پڑھے اور سلام
پھیرے اور پھر چار رکعت نماز نفل زوال کی ادا کرے ہر رکعت مین بعد الحمد کے دس دس بار سورہ
اخلاص پڑھے اور بعد سلام کے سو بار یَا مَالِكُ کہے اور جب وقت ظہر کا ہووے مسجد مین جاوے
دوگانہ نفل تحیۃ المسجد ادا کرے پھر چار رکعت سنت ظہر کی ادا کرے رکعت اول مین بعد الحمد کے
سورہ کافرون اور دوسری رکعت مین بعد الحمد کے سورہ قل ہو اللہ اور تیسری رکعت مین بعد
الحمد کے قل اعوذ برب الفلق اور چوتھی رکعت مین بعد الحمد کے قل اعوذ برب الناس پڑھے اور بعد سلام
کے سو بار اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ پڑھے اور
حضرت خواجہ بایزید بسطامی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جو کوئی اس درود کو ایکبار پڑھے
گناہ اوسکے بخشے جاوین اور جو کوئی قبرستان مین جاکر اس درود شریف کو ایکبار یا دوبار
یا تین بار پڑھے کل مردے قبرستان کے بخشے جاوین اور جس کسی کے مان باپ بیٹے ہون ناراض

هو کر مر گئے هون تو اوس درود شریف کو بیس بار پڑهکر اپنے مان باپ کو بخشے اگرچه ناخوش
هون مگر اس درود کے پڑهنے سے روح مان باپ کی اوسکے خوشنود هوگی وه درود یه هے بسم الله
الرحمن الرحیم اللهم صل علی محمد ما دامت الصلوات صل علی محمد ما دامت
البرکات وصل علی اسم محمد فی الاسماء وصل علی روح محمد فی الارواح وصل
علی نفس محمد فی الانفاس وصل علی قبر محمد فی القبور وصل علی تربة محمد
فی التراب وصل علی روضة محمد فی الریاض وصل علی نور محمد فی الانوار
وصل علی اجساد محمد فی الاجساد وصلی الله تعالی علی خیر خلقه محمد واله
واصحابه اجمعین اور یون بهی روایت آئی هے که جو کوئی قبرستان مین جا کر سورهٔ
اخلاص کو گیاره دفعه پڑهے گا الله تعالے اوس جگه کے تمام مردون کو برکت اس سورهٔ شریف
سے بخشے گا اور پڑهنا الهٰکم التکاثر کا بهی آیا هے که اندر قبرستان کے جا کر گیاره مرتبه سورهٔ
الهاک کو پڑهے ارواح مردگان کو بخشے ثواب بهت عظیم هے اور پڑهنا بسم الله الرحمن الرحیم
کا بهی روایت سے ثابت هے که دس دفعه یا بیس دفعه پڑهکر ارواح مردگان کو بخشے چنانچه مروی
هے که ایکروز رسول خدا صلی الله علیه وآله وسلم اوپر قبرستان کے گئے اور وهان ایک قبر دیکهی
که اوس قبر مین ایک آدمی کو نهایت عذاب سخت هو رها هے حضرت رسول خدا صلی الله علیه وآله
وسلم نهایت غمگین هوئے اوسوقت جبرئیل علیه السلام آسمان پر سے نازل هوئے اور کها یا رسول
الله اگر دس مرتبه بسم الله الرحمن الرحیم کو پڑهکر اوس مردے کے ارواح کو بخشین گناه اوسکے
معاف هو جاوینگے جب حضرت نے بسم الله الرحمن الرحیم کو پڑها اور بخشا اوس مرده کو قبر اوس مرد
کی شق هوئی اور فی الحال دس حوران بهشتی اوسکی قبر مین داخل کی گئین حضرت نے خاص اون
حورون کو پوچها که تم کسطرح آئی هو اون حورون نے کها یا رسول الله بسم الله کی برکت سے
واسطے اوس شخص کے نازل کی گئین قیامت تک هم اوس کی ساتھ رهینگے اور بروز قیامت اوپر
پل صراط کے هم اوسکے ساتھ جنت مین جاوینگے اور چشمهٔ آب حیات سے بدن اوسکا دهوینگی هم اوس

ساتھ باون اینٹ کے اسکے بدن کو جھاڑینگے ہم اون باون ہارے سے کہ جو قطرہ پانی ٹپکے ہر قطرہ پانی سے ایک حور پیدا ہووینگی جب سب حورین اوسکے واسطے ہووینگی اور روایت ہے حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بی بی خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو خواب مین دیکھا اور کہا کہ تمہارے واسطے کیا عمل کرون مین فرمایا کہ بسم اللہ الرحمن الرحیم بہت پڑھا کرو اور دیر بار کلمہ طیبہ کو پڑھنا قبر کے اوپر بہتر ہے اور روایت ہے کہ عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کا ایسا حکم تھا کہ جو کوئی آدمی مرتا تو فرماتے کہ تمام اقربا اور عزیز اوسکے جمع ہووین اور واسطے اوس مردے کے ایک لاکھ بار کلمہ طیبہ پڑھین کہ کوئی سختی عذاب اوسکے اوپر اوس مردہ کی نرہیگی اور بخشا جاویگا روایت ہی کہ جو کوئی اس دعا کو ایکبار پڑھے تمام اہل مقبرہ عذاب سے نجات پاوین اور تمام قبرین پر نور ہووین اور کتاب ارشاد الطالبین والے کہتے ہین کہ برابر ہر حرف کے نیکی اوسکی دفتر اعمال مین لکھی جاویگی اور چندان بدی اوسکی دور ہوگی اور بہشت مین بنا دیگا وہ دعا یہ ہے لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ وَهُوَ حَيٌّ لَّا يَمُوْتُ اَبَدًا اَبَدًا ذُو الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ اور جو شخص اوپر قبر کے جاوے تھوڑی مٹی اوس قبر سے اوٹھا اور اوپر اوس مٹی کے یہ دعا پڑھے يَا حَبِيْبَ الْفُقَرَاءِ يَا اَنِيْسَ الْغُرَبَاءِ يَا مُعِيْنَ الضُّعَفَاءِ يَا دَلِيْلَ الْمُتَحَيِّرِيْنَ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا حَنَّانُ يَا مَنَّانُ يَا بَدِيْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ اور اوس خاک کو پھر اوپر اوس قبر کے ڈالدے اللہ تعالےٰ رہنے والے اوس مقبرہ کو بخشدیگا اور تمام قبرین اوس جگہ کی پر نور ہووینگی اور یون بھی روایت ہی کہ اگر اونگلی شہادت کی برابر ناف میت اوپر قبر اوسکی کے رکھو اور تین دفعہ یہ دعا پڑھے اَللّٰهُمَّ لَا تُعَذِّبْ هٰذَا الْمَيِّتَ بِحُرْمَةِ النَّبِيِّ عَلَيْهِ السَّلَامُ عذاب اوس قبر کا معاف ہوگا اور بخشا جاویگا اور روایت ہی عبداللہ بن مسعود سے اگر سورہ یٰسٓ کو حالت نزع جان کندنی مین پڑھو برابر ہر حرف کی نیکی میت کی دفتر اعمال مین

لکھی جاویگی اور برابر ہر حرف کی بدی اوسکی دور ہوگی **نقل ہے** کہ ایک روز بیٹے سفیان ثوری
قدس سرہ کی بازار کی طرف گئے اور چاہا کہ خربزہ خرید کر ثواب ارواح پدر بزرگوار کو پہونچاوین
تمام بازار مین پھرے خربزہ کہین ہاتھ نہ آیا مگر پوست خربزہ کا بازار مین پڑا تھا اوس پوست
کو اٹھا کر آگے ایک گدھے کے ڈالا اوس رات اپنے پدر بزرگوار کو خواب مین دیکھا کہ اوپر تخت بہشتی
کے بیٹھے ہوئے خربزہ کھا رہے ہین کہا کہ ای بابا خربزہ کہانسے کھاتے ہو کہا ای جان پدر جو کچھ کہ پوست
خربزہ کا تو نے تصدق کیا تھا اجر اوسکا میرے ہاتھ پہونچا جب بیدار ہوئے جانا کہ وہی پوست
خربزہ کا کام آیا **نقل ہے** کہ دو شخص نیچے ایک دیوار سایہ دار کے بیٹھے تھے ناگاہ بقدرت
الٰہی وہ دیوار اونپر گر پڑی مگر کوئی زخم اونکے اوپر نہ آیا دونون آدمی درمیان اوس خربزہ
کے صحیح وسلامت رہ جاتے تھے وہ کہ کسی طرح اس دیوار سے نکلین مگر کہین رستہ نہ ملتا تھا
جب ایکسال اونپر گذرا لوگون نے جانا کہ مر گئے ہونگے بعد ایک برس کے اوسجگہ بارش بشیار
ہوئی بسبب پانی کے اوس دیوار مین ایک شگاف ہو گیا جب دیوار نے اوس پانی کو توڑا
اون دونون شخصون نے شکل آفتاب کی دیکھی وہ آدمی دیوار سے باہر ہوئے اور اپنے گھر آئے
سب وہان متحیر ہوئے اور کہنے لگے کہ کس چیز نے تمکو پرورش کیا اور زندہ رکھا اون دونون
آدمیون نے کہا کہ بعد گرنے دیوار اوپر ہمارے کے جو کھانا ہمارے گھر کے لوگ فقیرونپر تصدق
کرتے تھے وہی کھانا ہمارے پاس جنت سے آتا تھا اور ہم کھاتے تھے اسی سبب سے زندہ رہے
بعد ایکسال کے ہمکو اللہ تعالےٰ نے زندہ باہر نکالا اور دوسری **حکایت** یہ ہے کہ ایک بڑھیا
نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت مین آکر کہا کہ یا رسول اللہ بہت روز ہوئے ہین کہ
لڑکی میری نے وفات پائی ہے اوسکو خواب مین نہین دیکھا ہے چاہتی ہون کہ اوسکو خواب مین
دیکھون حضرت نے فرمایا کہ شب جمعہ چار رکعت نماز پڑھ رکعت اول مین بعد الحمد کے والشمس ایکبار اور رکعت
دوسری مین واللیل ایکبار اور رکعت تیسری مین والضحیٰ ایکبار اور چوتھی رکعت مین الم نشرح ایکبار اور بعد
سلام مین سجدہ مین جاکر دعا مانگ کہ الٰہی میت میری مجکو دکھلا پس روایت کرتے ہین کہ اوس بڑھیا نے

حسب الارشاد رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم چار رکعت نماز نفل پڑھی اور وقت صبح کے وہ بڑھیا
گریہ کنان بدرگاہ رسول خدا حاضر ہوئی اور کہا یا رسول اللہ لڑکی اپنی کو دس طرح کے عذاب مین
گرفتار ہوتے دیکھا مینے کہ لڑکی میری کہتی ہے کہ زنان امت محمدی سے کہدو کہ گناہون سے باز آوین
اگر تمنے گناہ کیا تو موافق میرے تمپر عذاب کیا جاویگا حضرت نے پوچھا کہ وہ دس طرح کے عذاب
تیری لڑکی پر کیسے ہین اوس بڑھیانے کہا کہ یا رسول اللہ اول عذاب تو یہ تھا کہ لڑکی اپنی کو
مینے دیکھا کہ آگ دوزخ مین جلتی ہے مین نے کہا کہ ای جان مادر کیونکر عذاب دوزخ کا تجھپر ہوا
یا رسول اللہ میری بیٹی نے کہا کہ بسبب ترک کرنے نماز رکوع اور سجدہ بجا نہ لائی تھی اس عذاب
مین گرفتار ہوئی اور دوسرا عذاب یہ ہے کہ آگ دوزخ کی اوسکے سر پر ڈالی جاتی ہے مینے کہا
بیٹی یہ عذاب کس سبب سے ہے اوس نے کہا کہ اے عزیز مین دنیا مین اپنے سر کو ننگا رکھتی تھی اور نامحرم
میرے بال کو دیکھتے تھے اور تیسرے سیخین آگ کی فرشتے ایک کان مین مارتے ہین دوسرے کان تک
نکلتی تھی مین نے کہا ای بیٹی یہ عذاب کس سبب سے ہے اوس لڑکی نے کہا کہ ای مادر مین دنیا مین سخن
چینی بہت کرتی تھی یعنی بات ایک کی ساتھ دوسرے کے پہونچاتی تھی اس سبب سے عذاب مین گرفتار
ہون اور چوتھے دیکھا کہ دونون آنکھون مین اوسکی آگ بھرتے ہین مین نے کہا ای بیٹی یہ کیا
ہے اوس نے کہا ای مادر نامحرمون کو دیکھا کرتی تھی اور پانچوین یا رسول اللہ اوپر منھ اوسکے
ایک آبلہ سیاہ دیکھا کہ تمام منھ کو ڈھانک رہا ہے مینے کہا کہ یہ عذاب کیسا ہے اوسنے کہا کہ ای
مادر دنیا مین مین اپنے منھ کو نامحرمون سے نہین ڈھکتی تھی اسی سبب سے عذاب مین گرفتار ہون
اور چھٹے دیکھا کہ آگ کی قینچی سے دونون ہونٹھ اوسکے کاٹے جاتے ہین اور زبان اوسکی گدی کی طرف
سے کھینچی جاتی ہے مین نے کہا کہ اے جان مادر یہ کیسا عذاب ہے کہا ای مادر مین اپنے خاوند
کو برا کہتی تھی اور تکلیف پہونچاتی تھی اس سبب سے آگ مین گرفتار ہون اور ساتوین زنجیرون
آگ کے سے ہاتھ پیر اوسکے باندھکر کوڑے اوسکے سر پر مارتے ہین مین نے کہا ای بیٹی یہ عذاب
کیا ہے اوس نے کہا کہ ای مادر مال خاوند اپنے کا بغیر اجازت اوسکی بیجا خرچ کرتی تھی اس سبب سے عذاب

مین گرفتار ہون اور آٹھوین یارسول اللہ دوزخ مین دو سانپ کالے دیکھے مین نے کہ میری
بیٹی کے پستان مین لگتے ہین اور کاٹتے ہین مین نے کہا کہ اے بیٹی یہ کیسا غضب ہی اوس نے کہا
کہ اے مادر دنیا مین پستان اپنے سے بغیر اجازت اپنے خاوند کے بیگانے لڑکون کو دودھ پلاتی تھی
اسی سبب تو عذاب مین گرفتار ہون نوین پیٹ اوسکا مانند ڈھول کے سوجا ہوا تھا اور آواز اوس
پیٹ مین سے آتی تھی مین نے کہ اے بیٹی یہ کیسی آواز ہے اوس نے کہا کہ اے مادر مہربان مین دنیا مین
حرام کھایا کرتی تھی کہ پیٹ میرا سیر تھا مگر کھانا دوسرونکا کھاتی تھی اسواسطے اندر اس پیٹ کے سانپ
اور بچھو بھر گئے اور دسوین تیر ہاے آتشین اوسکے سر پہ مارتے تھے اور عذاب مین گرفتار ہی
مین نے کہا اے بیٹی یہ کیسا عذاب ہی اوس نے کہا کہ اے مادر مہربان بغیر اجازت خاوند کے باہر آتی تھی
مین پھر کہا کہ اے مادر رسول خدا کو میری طرف سے عرض کر کہ عورتون کو ان خصلتون سے خبردار
کرین کہ ان خصلتون سے بچین اور اے مادر خاوند میرے کو کہہ کہ قصور میرا معاف کرے جب اوس پیرزن
نے یہ باتین آگے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کہین چند صحابی بیہوش ہو گئے اور رسول اللہ صلے
علیہ وآلہ وسلم نے اوسکے خاوند کو بلایا اور کہا کہ قصور اپنی بی بی کا معاف کر اوس جوان نے جواب دیا
کہ یا رسول اللہ مین اپنی بی بی سے بہت رنجیدہ ہون حضرت نے فرمایا کہ اگر شفاعت میری کی امید
رکھتا ہی تو تو قصور اپنی بی بی کا معاف کر تب اون نے قصور اپنی بی بی کا معاف کیا دوسری دن پھر اوس
پیرزن نے اپنی بیٹی کو خواب مین دیکھا کہ اوپر تخت بہشتی کے بیٹھی ہے اور تاج مرصع اوسکے سر پر
رکھا ہوا ہی مان اپنی کو بغل مین پکڑا اور کہا کہ سلام میرا اوپر رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پہونچا
کہ بسبب حضرت کے عذاب میرا معاف ہوا اور جو خاوند میرے نے قصور میرا معاف کیا تھا تب مین اعدر خبر
کو پہونچی نہین تو مین اسی عذاب مین قیامت تک گرفتار رہتی اور روایت ہی کہ جو کوئی اس درود
معظم کو ایکبار پڑھے ثواب ایک لاکھ درود کا پاوے اور آگ دوزخ کی اوسکے اوپر حرام ہووے
اور روز قیامت کے چہرہ اس درود کے پڑھنے والے کا مانند چودھوین رات کے چاند کے چمکتا ہوگا
اور مجلس مین حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اوپر حوض کوثر کے بیٹھیگا اور یون مین روایت

آیا ہو کہ جو کوئی اس درود معظم کو سو بار بعد نماز عشا کے یا بعد نماز مغرب کے پڑھے دیکھیگا خواب مین
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو انشاء اللہ تعالیٰ اور فضیلت اس درود کی بہت ہو مگر اسجگہ مختصر
کرکے لکھی گئی درود معظم یہ ہے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ اَنْفَاسِ
الْمَخْلُوْقَاتِ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ اَشْعَارِ الْمَوْجُوْدَاتِ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ سَوَاكِنِ
الْاَرَضِيْنَ وَالسَّمٰوٰتِ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ حُرُوْفِ اللَّوْحِ وَالدَّعَوَاتِ وَصَلِّ
عَلٰى مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ كُلِّ الْمَعْدُوْدَاتِ وَالْمَعْلُوْمَاتِ مِنْ اَوَّلِ اٰدَمَ وَاَوْسَطِ حَشْرِهٖ
وَاٰخِرِ بَقَائِهٖ وَاٰلِهِ الطَّيِّبِيْنَ الطَّاهِرِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ اور فرمایا
رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ جو کوئی اس عہدنامہ کو اپنی تمام عمر مین سو بار پڑھیگا بیشک
خدا جاوے دنیا سے ایمان کے ساتھ جاویگا اور اوسکے بہشتی ہونیکا مین ضامن ہون اور حضرت جابر
رضی اللہ تعالیٰ کہتے ہین کہ مین نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا کہ آدمی کے بدن مین خدای
تعالیٰ نے تین ہزار بیماریان پیدا کی ہین ایک ہزار بیماریون کو تو حکیم جانتے ہین اور دوا کرتے ہین
اور دو ہزار بیماریون کو سوا خدا کے کوئی نہین جانتا جو کوئی اس عہدنامہ کو اپنے پاس رکھے اور
ایکبار یا دو بار پڑھ لیا کرے خدای تعالیٰ اوسکو دو ہزار بیماریون سے محفوظ رکھیگا اور حضرت
ابا بکر صدیق رضی اللہ عنہ سے روایت ہو کہ جو کوئی اس عہدنامہ کو اپنے پاس رکھیگا سانپون اور
بچھوؤن سے امن مین رہیگا اور جادو کا اثر اوسپر کارگر نہوگا اور اگر اس عہدنامہ کو لکھکر کسی بیمار کو
پلاوے انشاء اللہ شفا دیوےگا اور حضرت خاتون جنت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا فرماتی ہین کہ مین نے
اپنے باپ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا ہے کہ جو کوئی اس عہدنامہ کو شفیع لاوے
تو حاجت اوسکی برآویگی اور جو کوئی اس عہدنامہ کو مشک زعفران سے لکھے اور مینہ کے پانی مین
دھوکر تین دن تک وقت صبح کے پلاوے اوسے فہم اور عقل زیادہ ہوگا اور جو کچھ سنے گا یاد رہیگا
فراموش نہوگا اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہین کہ مین نے سنا ہے رسالت مآب صلی اللہ
علیہ وآلہ وسلم سے کہ فرماتے تھے کہ جو کوئی اس عہدنامہ کو پڑھے اور مردون کو بخشے تو خدا

اون مردون کا موقوف ہو جاویگا اور بخشے جاوینگے اور جو کوئی اس عہدنامہ کو دنیا مین بہ خشوع کے پڑھیگا تو قیامت کے دن منھ اوسکا چودھوین رات کے چاند کے مانند چمکتا ہوگا لوگ کہینگے کہ یہ کوئی پیغمبر ہے یا فرشتہ یا کوئی صدیق ہے کہ ایسی بزرگی سے آتا ہے فرشتے بہشتی کہینگے کہ یہ پیغمبر نہین ہی بندہ خدا کا اور امت محمدی ہی دنیا مین عہدنامہ کو پڑھا کرتا تھا آج اوس عہدنامہ کی برکت سے یہ خوشی اسپر ہو رہی ہے اور فضیلت اس عہدنامہ کی بہت ہے مگر اس جگہ مختصر لکھی گئی وہ عہدنامہ یہ ہے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَللّٰهُمَّ يَا فَاطِرَ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ عَالِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ۝ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعْهَدُ اِلَيْكَ فِيْ هٰذِهِ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا بِاَنِّيْ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُكَ وَرَسُوْلُكَ فَلَا تَكِلْنِيْ اِلٰى نَفْسِيْ فَاِنَّكَ اِنْ تَكِلْنِيْ اِلَيْهَا تُقَرِّبُنِيْ اِلَى الشَّرِّ وَتُبَاعِدُنِيْ مِنَ الْخَيْرِ وَاِنِّيْ لَا اَثِقُ اِلَّا بِرَحْمَتِكَ فَاجْعَلْ لِّيْ عِنْدَكَ عَهْدًا حَتّٰى تُوَفِّيَهُ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ فَاِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ۝ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ ۝ اور یون بھی روایت ہی کہ جب چاند نیا دیکھے تب گیارہ بار یا باسط کو پڑھے اور اوپر ہاتھون کی اونگلیون کے دم کرے اور اون اونگلیون کو اوپر آنکھون کے رکھے اللہ تعالی اوسکو رزق حلال عنایت فرمائیگا اور روزی اوسکی کشادہ ہوگی اور کتاب ارشاد الطالبین مین روایت ہی کہ جو کوئی اس دعائے نور کو بعد نماز عشا کے پانچ بار یا سات بار پڑھے لکھتا ہے اللہ تعالی واسطے اوسکے ثواب ستر برس کی عبادت کا اور کھڑا کیا جاویگا وہ شخص روز قیامت کو اولیاء اللہ کی جماعت مین اور جو کوئی اس دعاء نور کو ہر روز بعد نماز عشا ایکبار یا تین بار مع درود شریف اول و آخر گیارہ گیارہ بار پڑھیگا پس اللہ تعالی اوسکو رزق حلال دیگا اور کسی کو معلوم نہوگا کہ کہان سے کھاتا ہی اور کاٹنے سانپ اور بچھو اور تلوار اور بندوق سے امن مین رہیگا اور جادو اثر نکریگا اور فضیلت اور خاصیت اس دعا کی بہت ہی مگر ہمنے یہان مختصر کرکے

فضیلت پڑھنے عہدنامہ کی ۱۲

وقت دیکھنے چاند کے پڑھے یا باسط گیارہ دفعہ ۱۲

لکھی ہے وہ دعا یہ ہے بسم اللہ الرحمن الرحیم اللّٰھم یا نور تنورت بالنور والنور
فی نور نورک یا نور اللّٰھم یا عزیز تعززت بالعزۃ والعزۃ فی عزۃ عزتک
یا عزیز اللّٰھم یا جلیل تجللت بالجلال والجلال فی جلال جلالک یا جلیل
اللّٰھم یا جمیل تجملت والجمال بالجمال فی جمال جمالک یا جمیل اللّٰھم یا واحد
توحدت بالوحدانیۃ والوحدانیۃ فی وحدانیۃ وحدانیتک یا واحد
اللّٰھم یا فرد تفردت بالفردانیۃ والفردانیۃ فی فردانیۃ فردانیتک
یا فرد اللّٰھم یا علیم تعلمت بالعلم والعلم فی علم علمک یا علیم اللّٰھم
یا رفیع ترفعت بالرفعۃ والرفعۃ فی رفعۃ رفعتک یا رفیع اللّٰھم یا
حفیظ تحفظت بالحفظ والحفظ فی حفظ حفیظک اللّٰھم یا واصل توصلت
بالوصل والوصل فی وصل وصلک یا واصل اللّٰھم یا فاعل تفعلت
بالفعل والفعل فی فعل فعلک یا فاعل اللّٰھم یا فارض تفرضت بالفرض
والفرض فی فرض فرضک یا فارض اللّٰھم یا حلیم تحلمت بالحلم و
الحلم فی حلم حلمک یا حلیم اللّٰھم یا عظیم تعظمت بالعظمۃ والعظمۃ
فی عظمۃ عظمتک یا عظیم اللّٰھم یا مالک تملکت بالملک والملک فی
ملک ملکک یا مالک اللّٰھم یا قدوس تقدست بالقدس والقدس
فی قدس قدسک یا قدوس اللّٰھم یا رحمن ترحمت بالرحمۃ والرحمۃ
فی رحمۃ رحمتک یا رحیم اللّٰھم یا حنان تحننت بالحنان والحنان فی
حنان حنانک یا حنان اللّٰھم یا منان تمننت بالمنان والمنان فی منان
منانک یا منان لا الٰہ الا انت علیک توکلت والیک انیب وصلی
اللہ تعالیٰ علی خیر خلقہ محمد وآلہ واصحابہ اجمعین برحمتک یا ارحم الراحمین
اور جب پڑھ چکے اس دعا کو بس تہ اٹھا کر خواب [illegible] با اثر ضرور قبول ہووے گی دعا و

فضیلت در فہرست دعا نور کی

انشاءاللہ تعالیٰ جان اے طالب خدا مہینہ محرم کا سب مہینون مین سعید ہی چاہیے
کہ جب محرم کا چاند دیکھے اوس شب کو تمام شب ذکر اور شغل مین رہے خواب غفلت دل سے دور
کرے یعنی اوس رات کو غسل کر کے تین دفعہ سورۂ یٰس پڑھے اول رات کو ایک بار پھر آدھی رات
کے وقت ایکبار پھر رات اخیر مین ایکبار اور جب دن یعنی پہلی تاریخ ہو بوقت اشراق غسل کر کے
اور بعد دوگانہ تحیۃ الوضو کے چار رکعت نماز نفل ادا کرے ہر رکعت مین بعد الحمد کے بارہ مرتبہ سورہ
اخلاص چارون رکعتون مین پڑھے اور حضرت امام حسن اور امام حسین کی ارواح مبارک کو ثواب اوسکا
بخشے اور جب رات عشرۂ محرم کی آوے تو اوس رات کو پچاس نفل یا سو نفل پڑھے بعد الحمد کے سورہ
قل ہو اللہ تین تین بار اور ثواب اوسکا حضرت امام حسین علیہ السلام کو بخشے اور جب دن عشرہ کا
ہووے تو اوس روز بھی وقت چاشت کے پچاس رکعت نماز نفل پڑھے بعد از فاتحہ قل ہو اللہ تین تین
بار پڑھے اور دعائین بھی پڑھنی وارد ہین مگر سمجھا اسواسطے نہ لکھین کہ دعائین یاد ہونی مشکل ایسا ہووے
کہ بسبب نہ یاد ہونے دعا کے نفل عاشورہ بھی چھوڑ بیٹھے مگر اسیطرح جسے پڑھے غنیمت ہے ثواب اون
نفلون کا ایسا ہے کہ جسکی کچھ حد نہین ہے اور اسیطرح سے کتاب غنیۃ الطالبین مین لکھا ہے نقل ہے
کہ سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہین کہ مین نفل عاشورہ کی پڑھکر ثواب اون نفلون کا
حضرت امام حسین علیہ السلام کو بخشا کرتا تھا ایک روز مین نے خواب مین حضرت امام حسین رضی
اللہ عنہ کو دیکھا کہ مجکو گود مین لیے بیٹھے ہین اور میرا منھ چومتے ہین مین نے کہا یا امیر المومنین ایسی
نیکی مجھ سے کیا ہوئی کہ آپ پیار سے مجکو ایسا کرتے ہین اور مین اسکے لائق نہ تھا حضرت امام حسین
علیہ السلام نے فرمایا کہ اوپر ہمارے حق تمہارا ہے کہ سب سے پہلے دن قیامت کے تمکو جنت مین
داخل کرینگے ہم سبحان اللہ ان نفلون کا کیا ثواب ہے اور یہی ہے مذہب سنت جماعت کا اے
مسلمان بھائیو ذرا گوش دل سے اس کلام کو سنو کہ اس زمانہ مین عوام الناس اور جہلا اہل
اسلام نے کیا کیا اختراعات اپنے دل سے نکالے ہین جنسے سستی مذہب اسلام کی پائی جاتی
ہے اور اگر بنظر غور دیکھو تو وہ مراسم جو دوسرے لوگ اپنے عقائد کے بموجب ضروریات مذہبی جانکر

ثواب پڑھنے نفل عاشورہ محرم کی ۱۲

منجر بکفر ہونے جاتے ہین حالانکہ وہی لوگ اپنے کو سچا مسلمان بتاتے ہین اور یہ نہین جانتے
ہین کہ ہم لوگ بوجہ ان بدعات ناشائستہ کے دائرۂ اسلام سے خارج ہوئے جاتے ہین دیکھو
قرآن شریف مین اللہ تعالیٰ ایسی باتون کو صاف صاف رد فرماتا ہی قال اللہ تعالیٰ اَتَعْبُدُوْنَ
